AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

Code 8603

صدائے انقلاب

Elmas Ali

کریکولم ڈویلپمنٹ

(تدوین نصاب)

CURRICULUM DEVELOPMENT



بی۔ایڈ

نگرانی ونظرثانی: شمس العالم
ڈائریکٹر: انقلاب ایجوکیشنل ریسرچ سنٹر

ترتیب وتدوین
بورڈ آف انقلاب ایجوکیشنل ریسرچ سنٹر

صدائے انقلاب پبلیکیشنز
اُردو بازار لاہور (پاکستان) 042-37245454-3736141

AIOU LIBRARY
aioulibrary.com



باب 1

نصاب کا تعارف
Introducing Curriculum

سوال 1: کم از کم تین مفکرین کے حوالے سے نصاب کی مختلف تعریفیں تحریر بیان کریں۔

Q1: Write down different definition of curriculum quoting at least three educational theorists.

جواب: نصاب کی اہم تعریفیں (Important Definitions of Curriculum):

دنیا کے مختلف سکالرز اور ماہرین تعلیم نے لفظ نصاب (Curriculum) کی اپنے اپنے الفاظ میں تعریفیں کی ہیں۔ان میں سے چند مشہور تعریفیں درج ذیل ہیں۔

i- جیمز مائیکل (James Michael) کے مطابق:

"درس و مدرسہ سے متعلق ہونے والی سرگرمیوں کے لائحہ عمل کو نصاب کہتے ہیں۔"

ii- البرٹی (Alberty) کے مطابق:

"مدرسہ کی وہ تمام نصابی سرگرمیاں جو وہ اپنے طلبہ کیلئے مہیا کرتا ہے نصاب کہلاتی ہیں۔"

iii- کیس ویل (Casewell) کے مطابق

"نصاب وہ ذریعہ ہوتا ہے جو طلبہ کی ضروریات کی تکمیل اور ان ذمہ داریوں کیلئے فرد کو تیار کرتا ہے"۔

iv- جارج پائین (George Payne) کے مطابق:

"نصاب ایسی تمام سرگرمیوں پر مبنی ایسا لائحہ عمل ہوتا ہے جن کا انتخاب مدرسہ کرتا ہے اور جن کی تنظیم طلبہ کی کردار سازی اور ان کی شخصیت کی گروومنگ کے لیے ہوتی ہے۔"

v- ولیم بی ریگن (William B-Regon) کے مطابق:

"تعلیمی نصاب ایسے تمام مشاہدات اور تجربات پر مشتمل ہوتا ہے جن کی ذمہ داری مدرسہ اٹھاتا ہے۔"

صدائے انقلاب پبلیکیشنز اُردو بازار لاہور 042-37245454, 37361414

فہرست

باب نمبر	عنوان	صفحہ نمبر
1-	نصاب کا تعارف	1
2-	پاکستان میں نصاب سازی کی تاریخ	5
3-	نصاب کی بنیادیں	72
4-	تدوین نصاب کا تصوراتی ڈھانچہ	106
5-	تعلیم کے ایمز، اہداف اور مقاصد	134
6-	مواد کا انتخاب اور تنظیم اصول اور طریقہ ہائے کار	162
7-	نصاب کا جائزہ	189
8-	نصاب اور ترقی (ارتقاء)	204
9-	نصاب سازی کا انقلابی تناظر	230

Elmas Ali

AIOU LIBRARY

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

vi- جی۔اے بیچ (G.A Beachamp) کے مطابق:

"نصاب ایک ایسا منظم منصوبہ بندی ہوتا ہے جو کوئی معاشرہ مدرسے میں اپنے بچوں کی تعلیمی سرگرمیوں کیلئے تیار کرتا ہے۔ وہ تمام تعلیمی سرگرمیاں جو مدرسہ کی راہنمائی میں انفرادی صورت میں یا اجتماعی شکل میں سکول کے اندر یا سکول کے باہر منظم کی جاتی ہیں نصاب کہلاتی ہیں۔"

"A Curriculum is a designed plan of a social group for the educational experiences of their children in school".

vii- جے۔ایف کر (J.F. Kerr) کے مطابق:

"وہ تمام تعلیمی سرگرمیاں جو سکول کی رہنمائی میں انفرادی شکل میں یا اجتماعی طور پر، سکول کے اندر یا سکول سے باہر منظم کی جاتی ہیں۔"

Elmas Ali

viii- ایچ رگ (H.Rugg) کے مطابق:

نصاب حقیقت میں مدرسہ کی سرگرمیوں کا مربوط پروگرام ہوتا ہے یہ تعلیم کا انتہائی ضروری اور اہم جزو ہے اس میں ہر وہ بات شامل ہوتی ہے جو آپ یا آپ کے معلم کرتے ہیں لہٰذا یہ بنیادی طور پر دو طرفہ طرز عمل ہوتا ہے۔ تعلیمی سرگرمیاں یا ان سرگرمیوں میں استعمال ہونے والے تمام حاضر یا اشیاء۔"

ix- کروا ینڈ کرو (Crow and Crow) کے مطابق:

نصاب طلبہ کے سکول کے اندر یا باہر وقوع پذیر ہونے والے تجربات پر مبنی ایک باقاعدہ پروگرام ہوتا ہے جو اس کی ذہنی جسمانی اور روحانی جذباتی اور اخلاقی پہلوؤں کی گروتھ میں معاونت کرتا ہے۔"

x- گڈ (Good) کے مطابق:

نصاب ایک خاص قسم کے مدرسی مواد پر مبنی ایک جامع منصوبہ ہوتا ہے۔ جس کے ذریعے مدرسہ طلبہ کو کوئی ڈگری یا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے قابل بناتا ہے۔ تاکہ وہ کسی شعبے یا پیشے کا انتخاب کر سکیں۔"

xi- رالف ٹیلر (Ralph Tyler) کے مطابق:

تعلیمی مقاصد حاصل کرنے کیلئے مدرسہ اپنے طلبہ کو جو کچھ بھی ایک منصوبے اور ہدایات کے مطابق پڑھاتا ہے وہ نصاب کہلاتا ہے۔"

xii- ارگ نگ (Irrgang) کے مطابق:

"نصاب معلومات اور مہارتوں کا ایسا مجموعہ ہوتا ہے جو ممکن حد تک طلبہ کی گروتھ کے حصول میں راہنمائی کرتا ہے۔ یہ انہیں ایسی معلومات فراہم کرتا ہے اور مہارتیں سکھاتا ہے جن سے طلبہ ایک ذمہ دار شہری بن کر اپنا وجود برقرار رکھ سکتے ہیں۔"

نصاب (Curriculum) کی مندرجہ بالا تعریفوں کے جائزے سے نصاب سے متعلق چند اہم امور جو ہمارے سامنے آتے ہیں۔ وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

1- نصاب ہر قسم کی تعلیمی، نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں پر مشتمل باضابطہ پروگرام کا نام ہوتا ہے۔

2- یہ تمام سرگرمیاں سکول کے اندر یا باہر ہوں اساتذہ کی رہنمائی سے اور طلباء کے اشتراک و تعاون سے ہی سرانجام پاتی ہیں۔

3- نصاب کی ترتیب اور منصوبہ بندی کا بڑا مقصد طلباء کی تعلیم و تربیت اور ان کے اخلاق و کردار کی تعمیر و تشکیل کرنا ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال نمبر 2۔ نصاب کی مختلف تعریفیں اور نظریات سامنے رکھتے ہوئے نصاب کے مفہوم کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

Q:2 After considering various definitions and views of curriculum, write down your own ideas about meaning of curriculum

اب تعلیم کے جدید تصور کے مطابق نصاب سے مراد محض درسی کتابوں کا علم یا معلومات کی منتقلی نہیں ہوتا۔ بلکہ تعلیم و تعلم کے دوران مدرسہ کے لئے منظم کی گئی ایسی سرگرمیاں ہوتی ہیں جو استاد اور شاگرد مل کر عمل میں لاتے ہیں۔ اس طرح نصاب (Curriculum) کا جدید تصور ایک سرگرم اور متحرک نظریہ ہے۔ اور نصاب (Curriculum) سے مراد وہ پورا ماحول ہے جس میں ایک طالب علم تعلیم حاصل کرتا ہے۔ اس میں وہ تمام نصابی اور ہم نصابی سرگرمیاں شامل ہوتی ہیں۔ جو بچے کی متوازن شخصیت کی نشوونما کے لئے ضروری ہوتی ہیں۔ دوسرے لفظوں میں لفظ نصاب (Curriculum) ان تمام سرگرمیوں پر پھیلا ہوا ہے۔ جو مدرسہ کے اندر اور باہر مدرسہ یا بیرون مدرسہ بچے کی زندگی متاثر ہوتی ہے۔

1- نصاب کا تصور (Concept of Curriculum):

نصاب کی اصطلاح شروع ہی سے تعلیم کے نظام میں استعمال ہوتی چلی آرہی ہے اسی وجہ سے ہر ایک نے اسے اپنے اپنے نقطہ نظر کے مطابق بیان کیا ہے۔

اس مرحلے پر نصاب کی نوعیت، تصور اور حدود کا شعور حاصل کرنے کے لئے یہ بڑی اہمیت کا حامل ہو سکتا ہے کہ ماضی اور حال کے کچھ مستند اور معتبر ماہرین تعلیم کی طرف سے پیش کردہ تصورات کا جائزہ لیا جائے مثلاً:

1- جان ڈیوی (John Dewy):

"نصاب، تعمیر نو کا ایک ایسا مسلسل عمل ہے جو بچے کی موجودہ سرگرمیوں سے اخذ کیا جاتا ہے اور اسے سچائی کے منظم اداروں کے ذریعے منعکس کیا جاتا ہے جسے ہم پروگرامز کہتے ہیں۔۔۔ مختلف قسم کے مضامین کی تقسیم بذات خود ایک تعلیمی اور نصابی تجربہ ہوتی ہے۔"

2- ہولس کاسویل (Hollis Caswell) کے مطابق

"نصاب ایسی تمام قسم کی سرگرمیوں پر مبنی ہوتا ہے جو بچے استاد کی راہنمائی میں انجام دیتا ہے۔۔۔ لہٰذا، نصاب کو ایک ایسا شعبہ تعلیم تصور کیا جاتا ہے جو لازمی طور پر پیچیدار مندرجات کے ایک مجموعے پر پھیلا ہوا ہے بلکہ ایک عمل یا طریقہ بھی ہے۔"

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com



کریکولم ڈویلپمنٹ / تدوین نصاب (8603) برائے بی۔ایڈ

-2 نصاب کا قدیم تصور (Concept of old Curriculum):

بنیادی تعلیمی نظریہ اور قدیم تصور کے مطابق پڑھنے، لکھنے اور حساب کتاب کو ہی نصاب سمجھا جاتا تھا یعنی استاد اپنے طالب علم کو کچھ اور مار پیٹ سے جو کچھ پڑھا دیتا یا زبانی یاد کراتا اور طالب علم رٹ کر علم کا جتنا ذخیرہ جمع کر لیتا اسی کو نصاب سمجھا جاتا تھا۔ دوسرے لفظوں میں نصاب سے مراد "درسی کتاب" کا علم تھا۔ جس میں جسمانی، جذباتی یا معاشرتی گروہنگ کو کوئی دخل حاصل نہ تھا۔ اس لئے ماضی قریب تک کھیل کود یا دیگر پروگراموں کو غیر نصابی سرگرمیوں میں شمار کیا جاتا تھا۔ قدیم تصور نصاب کے مطابق نصاب کا دائرہ اختیار محض چند سرگرمیوں تک محدود تھا۔ مثلاً

- طلباء کی یادداشت اور قوت حافظہ کو تیز کرنا تاکہ وہ رٹا کر سبق یاد کر سکیں اور استاد کے کہنے پر فر فر سنا سکیں۔
- مختلف مضامین مثلاً انگلش، ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس وآرٹ وغیرہ کے مضامین میں مہارت حاصل کرنا۔
- تعلیمی عمل کا محور اور مرکز استاد تھا اور طالب علم کی پسند و ناپسند، ذہنی صلاحیت یا طبعی میلان سے کوئی سروکار نہ تھا۔
- تمام طلباء کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکا جاتا تھا اور ان کے انفرادی اختلافات کو بھی نظر انداز کر دیا جاتا تھا۔
- استاد کا کردار محض درسی مواد کی منتقلی اور معلومات کی فراہمی تھا۔
- تدریس زیادہ تر کتاب خوانی، تقریری یا املا پر مشتمل ہوتا تھا۔ اور درسی مواد یاد کروانے کے لئے جبر و تشدد سے بھی کام لیا جاتا تھا۔

-3 نصاب کا جدید تصور (Concept of Modern Curriculum):

شروع ہوا جو طویل عرصے تک نصاب سے مراد مطالعاتی پروگرام (Program of Studies) ہی لیا جاتا رہا ہے۔ حتیٰ کہ 1950ء کے عشرے میں جب روس نے خلائی تحقیقات میں امریکہ کو پیچھے چھوڑ دیا۔ تو امریکیوں نے اپنے تعلیمی معیارات پر شدید تنقید کا اظہار کیا۔ اور تعلیمی اداروں میں تدوین نصاب کے عمل کو منفرد جامع اور جدید ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے لئے سرگرمی کے مقصد پیش رفت شروع کر دی۔ جس کے مثبت اثرات دیگر ممالک پر بھی پڑے۔ اور دنیا بھر میں نصاب کے تصور میں ترتیب و تدوین وسعت اور پھیلاؤ پیدا ہوا۔ جدید تصور کے مطابق نصاب سے مراد محض درسی کتاب کا علم یا معلومات کی فراہمی نہیں بلکہ تعلیم، تعلم، تدریس و تدریس کے لئے منظم کی گئی ایسی تمام سرگرمیاں ہوتی ہیں جو اساتذہ اور شاگرد مل کر عمل میں لاتے ہیں۔ اس طرح نصاب (Curriculum) کا جدید تصور ایک متحرک نظریہ ہے۔ اور نصاب (Curriculum) سے مراد وہ پورا ماحول ہے جس میں ایک طالب علم تعلیم حاصل کرتا ہے۔ اس میں وہ تمام نصابی اور غیر نصابی سرگرمیاں شامل ہیں۔ جو بچے کی سوا رن تخلیقی نشوونما کے لئے ضروری ہیں۔ دوسرے لفظوں میں لفظ نصاب (Curriculum) اب تمام سرگرمیوں پر پھیلا ہے۔ جو اسکول مدرسہ یا بیرون مدرسہ کی زندگی متاثر ہوتی ہے۔

سوال 3: نصاب سازی کے اہم اصول کون سے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

Q3. What are the principles of curriculum construction? Explain.

جواب: نصاب سازی کے اہم اصول (Basic Principles of Curriculum Development):

جدید دور میں بچوں کو معاشرے میں مل جل کر زندگی گزارنے کا فن سکھانے کیلئے نصاب استاد کی دسترس میں

کریکولم ڈویلپمنٹ / تدوین نصاب (8603) برائے بی۔ایڈ

-3 رالف ٹیلر (Ralph Tyler) کے مطابق:

"نصاب ایسی تمام تعلیمی سرگرمیوں پر مشتمل ہوتا ہے جو منصوبہ بندی کے ذریعے وجود میں آتی ہیں اور انہیں سکول کی راہنمائی میں انجام دیا جاتا ہے تاکہ سکول اپنے تعلیمی مقاصد حاصل کر سکے۔"

-4 کیتھرین کارنبلیتھ (Catherine Cornbleth):

"نصاب کوئی ٹھوس چیز نہیں ہوتی بلکہ یہ تو طلباء، اساتذہ اور علم کے درمیان رابطہ کاری کا اشتراک عمل ہوتا ہے۔"

-5 ہلدا تابا (Hilda Taba) کے مطابق:

"نصاب میں مقاصد اور مخصوص اہداف شامل ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس کے ذریعے مواد معلومات کے انتخاب اور تنظیم کی منصوبہ بندی بھی ہوتی ہے، اس سے تدریس و تعلم کے مخصوص قسم کے طریقوں سے روشناس ہوا جاتا ہے۔ اور بالآخر نصاب نتائج کے تجزیوں کے ایک منصوبے پر بھی مشتمل ہوتا ہے۔"

-6 جے۔ایف۔کر (J.F.Kerr) کے مطابق:

"ہر قسم کی تعلیمی سرگرمیاں جن کی منصوبہ بندی سکول کی جانب سے کی جاتی ہے اور انہیں انجام بھی سکول کی طرف سے دیا جاتا ہے، خواہ یہ سرگرمیاں کسی گروہ کے لیے یا کسی ایک فرد کے لیے ہوں، نصاب میں شامل ہیں، اس کے علاوہ یہ سرگرمیاں سکول کے اندر یا باہر بھی انجام پا سکتی ہیں۔"

-7 جی۔اے۔بیچمپ (G.A.Beanchamp) کے مطابق:

"نصاب کسی سماجی گروہ کا ایک ایسا طریقہ کار ہوتا ہے جو سکول میں اس گروہ کی تعلیمی سرگرمیوں کے لیے انجام پاتا ہے۔"

پیٹوؤں کے لحاظ سے نصاب کی تعلیمی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کے جائزے کے علاوہ ان تمام سرگرمیوں پر بھی مشتمل سمجھا جاتا ہے جو سکول کے اندر اور باہر وقوع پذیر ہوتی ہیں۔ نصاب کی ایک تعریف کے مطابق نصاب ان تمام سرگرمیوں پر مبنی ہوتا ہے جو اساتذہ اور طلباء انجام دیتے ہیں۔

بہرحال، نصاب سکول کی ان تمام کوششوں کا مجموعہ ہوتا ہے جو کہ ایک جماعت، کھیل کے میدان یا سکول سے باہر انجام پائیں اور بچے کے تعلم اور رجحانات پر اثر ڈالیں۔ حقیقت میں نصاب کو ایک متحرک اور سرگرم ماحول کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ دوسری طرف آج کا بچہ کل کا معمار ہوتا ہے۔ محض ایک بہتر طور پر وضع کردہ اور موثر طور پر نافذ کردہ نصاب کے ذریعے ہی بچے میں وہ صلاحیت پیدا کی جا سکتی ہے جس کے ذریعے وہ اپنی خوابدہ صلاحیتوں کا شعور حاصل کرنے کے علاوہ قومی ترقی میں ایک بامقصد کردار بھی ادا کر سکتا ہے۔ طالبعلم کی جمالیاتی، جذباتی، اخلاقی، ذہنی، طبعی، سماجی، روحانی اور پیشہ ورانہ گروہنگ کے لیے نصاب ایک بنیادی عنصر ہے۔ اگر استاد را نہما ہے تو نصاب ایک لائحہ عمل ہے۔ بہرحال مختصر طور پر تو یہی کہا جا سکتا ہے کہ نصاب، سکول کا ایک ایسا منصوبہ ہوتا ہے جس میں طلبہ کی تمام سرگرمیاں شامل ہوتی ہیں۔ یہ ایک ایسا ذریعہ ہے جو علم کے مقاصد کے حصول کا باعث بھی بنتا ہے۔ طلبہ کو مفید تعلیمی اور تعلمی سرگرمیوں کی فراہمی کے سلسلے میں سکول کا عمل ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس کے علاوہ نصاب کے ذریعے ایک ایسی دیرپا بنیاد رکھی جا سکتی ہے جس کے ذریعے طلبہ زیادہ سے زیادہ مستعد اور ذمہ دار افراد کی صورت میں ڈھل جائیں گے۔

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



موجود اہم ذریعہ ہوتا ہے۔ یہ ایک ایسا ذریعہ ہے جس کے ذریعے ان اخلاقی معیارات کو اجاگر کیا جا سکتا ہے جن کے بغیر کامیاب معاشرتی زندگی کا تصور ممکن نہیں ہوتا۔ انہی کی وجہ سے فرد معاشرتی فوائد سے استفادہ کرتا ہے اور سکون محسوس کرتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ ٹھوس اصولوں پر نصاب (Curriculum) کی تشکیل کی جائے۔

جب بھی کوئی نصاب (Curriculum) تیار کیا جائے تو مندرجہ ذیل اصولوں کو ضرور ذہن میں رکھیں۔

-i قدامت واعتدال کا اصول:

(The Conservative and Moderate Principle):

دانشوروں کا کہنا ہے کہ قومیں اپنے مستقبل کے لئے ماضی کی بنیاد پر حال میں جیتی ہیں [illegible] کا مطلب [illegible] حال میں خاص طور پر ماضی اور مستقبل کی ضروریات کا خاص طور پر خیال رکھا جانا چاہئے۔ حال کے لئے [illegible] راہنمائی کرتا ہے، اس سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ کون سے اقدامات جدید دور کیلئے مفید ہونگے اور کون سے بیکار [illegible] "Handbook of Suggestion for Teachers" میں اس اصول کی وضاحت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ "تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ کسی بھی نصاب میں پیش کئے گئے مضامین میں کئی مہارتیں اور علوم ایسے ہوتے ہیں جو کہ مخصوص نسلوں کے تجربات میں بڑی اہمیت رکھتے ہیں اس لئے انہیں نئی نسل تک منتقل کرنا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔" اس نقطہ نظر کے مطابق دیکھا جائے تو مدرسے پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ایسی سماجی روایات، علوم اور معاشیات جن پر تہذیب کی عمارت کھڑی ہے، کا تحفظ کرتے ہوئے اسے آگے منتقل کرے۔

یہ اصول تبھی معاون ثابت ہو سکتا ہے جب ہم بڑی احتیاط کے ساتھ ماضی کی ایسی چیزوں کا انتخاب کریں گے جو واقعی جدید دور میں مفید اور کارگر ہوں گی۔ کیونکہ تمام روایات ایسی نہیں ہوتیں جو کہ بدلتے ادوار میں بھی ماضی کی طرح موزوں ترین رہیں، اس لئے ہمیں صرف ان روایات اور تجربات کا انتخاب کرنا پڑتا ہے جو کہ نئے دور میں نئی نسل کی واقعی ضرورت بن سکیں۔

اس اصول کو مختلف ماہرین تعلیم نے کافی تنقید کا نشانہ بھی بنایا ہے، ان کا نکتہ اعتراض یہ ہے کہ یہ اصول طلبہ سے زیادہ مضمون کو اہمیت دیتا ہے۔ مخالفین کا کہنا ہے کہ جدید دور میں جب یہ تسلیم کیا جا چکا ہے کہ تعلیم، سکولز اور نصاب ایسے ہونے چاہئیں جن میں بچوں کو مرکزی حیثیت حاصل ہو تو کیا یہ اصول ہمیں اپنے اس مقصد سے دور نہیں کر دے گا؟ ناقدین کا جواب دیتے دیتے ہوئے بعض ماہرین کہتے ہیں کہ ایک نقطے کو بنیاد بنا کر پورے اصول کو ہی ٹھکرا دینا مناسب نہیں ہوتا، خاص کر جب ہم ایسی اقوام میں نصاب کی تشکیل کر رہے ہوں، جن کا ماضی انتہائی شاندار رہا ہے تو ہمیں اسی اصول کی طرف رجوع کرنے کی ضرورت پڑے گی۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی غلط ہے کہ ماضی میں دوران تعلیم بچے کو مرکزی اہمیت بالکل نہیں دی گئی۔ ہاں ماضی میں کچھ غلط کام بھی ہوئے ہوں گے اس لئے انہیں چھوڑ کر اچھی روایات کو اپنانے میں کوئی مضائقہ نہیں، اس اصول میں انتخابات کو اہمیت دی گئی ہے، جب ہم اچھی اور بہترین روایات کا انتخاب کرنے اور انہیں آگے منتقل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے تو یقیناً ہمیں اور نئی نسل کو اس سے فوائد بھی حاصل ہوں گے۔

-ii مستقبل بینی کا اصول (The Forward-looking Principle):

حقیقتاً ہم سمجھتے ہیں کہ جدید نصاب میں مستقبل کی ضروریات کا بھی خیال رکھا جانا چاہئے اور انہیں جائز مقام ملنا

چاہئے۔ چونکہ آج کی نوجوان نسل نے ہی مستقبل میں ملک کی باگ دوڑ سنبھالنی ہے اس لئے انہیں عملی زندگی کے لئے تیار کرنا ہر دور کی ضرورت رہی ہے۔ اس لئے تعلیم کو ایسا ہونا چاہئے جس سے بچوں میں ترقی پسند سوچ فروغ پائے، انہیں ایسے احساسات خیالات اور علم کی ایسی بنیاد فراہم کی جائے جس پر وہ عمل کر کے مستقبل میں اپنے ماحول کو اپنی ضروریات کے مطابق تبدیل کر سکیں۔

Elmas Ali

-iii تخلیقی اصول (The Creative Principle):

نصاب سازی کے وقت نصاب میں ایسی سرگرمیاں شامل کی جانی چاہئے جس سے بچے کو اپنی تخلیقی اور تعمیری صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا موقع مل سکے۔ تعلیم کا مقصد فرد کی خصوصی دلچسپیوں اور رجحانات کو تلاش کرنا اور ان کی صحیح سمت میں نشوونما کرنا ہوتا ہے۔ ویلر (Weeler) کا کہنا ہے "کسی بھی ذہنی رجحان کے فرد کی آمادگی آہستہ آہستہ غائب ہو [illegible] ہے جب تک کہ آمادگی کے ساتھ مواقع فراہم نہیں کئے جاتے، ایک ایسا نصاب جو کہ دور حاضر اور مستقبل کی ضروریات کو پورا کرتا ہو کو تخلیقی سرگرمیوں سے ضرور مزین ہونا چاہئے۔

-iv سرگرمی کا اصول (The Activity Prinpile):

ہمیشہ [illegible] پر سرگرمیوں اور تجربات کی صورت میں غور و فکر کیا جانا چاہئے، بجائے اس کے کہ دیکھا جائے کہ کتنا علم دیا جا رہا ہے اور [illegible] محفوظ [illegible] جا رہے ہیں۔ کیونکہ نشوونما اور تعلم تبھی وقوع پذیر ہوتا ہے جب کوئی سرگرمی انجام دی جاتی ہے۔ "John Dewey" کے بیان سے بھی یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ زبانی ترتیب اور کتابوں کے ذریعے مضامین کی تشکیل اور تعلیم کا رجحان اب [illegible] ہو گیا ہے اب بچے کی دلچسپیوں کو سامنے رکھتے ہوئے انفرادی سرگرمیوں پر توجہ دی جاتی ہے۔

کھیل کے میدان، کارخانے، ورکشاپس [illegible] صرف نوجوانوں کے رجحانات اور رویوں کو ایک نئی سمت دیتی ہیں بلکہ اس سے ابلاغ اور باہمی تعاون کو بھی [illegible] ہے۔

ایبٹ (Abbott) اور ووڈ (Wood) نے بھی [illegible] رپورٹ میں سرگرمی کے اصول پر زور دیا ہے، انتہائی اہم بات یہ ہے کہ بچوں کو زیادہ عرصے تک ایک جگہ پر بٹھانا ضروری نہیں ہوتا۔ [illegible] بچوں کو آرام کی بھی ضرورت ہوتی ہے لیکن کھیلنا، اپنی صلاحیتوں کا اظہار کرنا اور جسمانی طور پر متحرک [illegible] کے لئے انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ المختصر طالبعلم کو تربیت اور ہدایات سے زیادہ سرگرمیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ نصاب میں جسمانی اور ذہنی دونوں قسم کی سرگرمیوں کو مرکزی اہمیت دی جائے۔ تدریس کے تمام جدید طریقے مثلاً کنڈر گارٹن، مرکیسوری، پروجیکٹ وغیرہ سرگرمی کے اصول پر مبنی ہوتے ہیں۔

-v عملی زندگی کی تیاری کا اصول (Principle of Preparation for Life):

نصاب کی تشکیل کے حوالے سے یہ انتہائی اہم اصول ہے کہ تعلیم کو ایسا ہونا چاہئے کہ وہ فرد کو بھرپور انداز میں زندگی گزارنے کے لئے تیار کر دے، اس کے لئے ضروری ہے کہ نصاب میں خاص طور پر ایسی سرگرمیوں کو شامل کیا جائے جسے انجام دینے سے طلبہ میں ایسی صلاحیتیں پیدا ہوں جن سے وہ بلوغت کو پہنچ کر زیادہ مؤثر انداز میں اور امن و آشتی کے ساتھ معاشرتی زندگی گزار سکیں۔ طلبہ کی تعلیم و تربیت اس انداز کے ساتھ ہونی چاہئے کہ وہ مستقبل کی عملی زندگی میں پیش آنے والے چیلنجز اور مسائل و مشکلات کا جوانمردی اور دلیری کے ساتھ مقابلہ کر سکیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

-vi مرکزی حیثیت کا نصاب(Child-Centred Curriculum):

یقیناً طلبہ و مستقبل کی عملی زندگی کیلئے تیار کرنا انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے لیکن اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ [illegible] ی حالیہ، پچھلوں کو بہتر مستقبل کے لئے قربان کر دیا جائے۔ اچھی زندگی گزارنے کیلئے بچے کو تیار کرنے کا مقصد یہ ہے کہ [illegible] ہ بعد کو اس کی عمر کے مطابق بھرپور زندگی گزارنے میں اس کی معاونت کی جائے۔ اس طرح طالبعلم خود بخود اگلے مرحلے میں بھرپور اور عملی زندگی گزارنے کیلئے تیار ہو جاتا ہے۔ ہیریسن (Harrison) کے نزدیک تعلیم فرد کو اس کے اپنے ماحول اور دنیا میں عملی زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرنے کا نام ہے جس سے وہ بالغ عمر [illegible] زندگی میں قدم رکھ سکے اور ذاتی سرگرمیوں کے ساتھ

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کے تمام پہلوؤں کا عمل بغور پرا عاطہ کیا گیا ہو، یعنی نصاب کے مطابق انجام دی جانے والی سرگرمیوں سے فرد کے جسم اور دل
دماغ اور روح کی ہمہ جہت نشوونما ہونی چاہیے۔ ان سرگرمیوں کو ایسا ہونا چاہیے جو کہ فرد کی صلاحیت کو درجہ کمال تک
پہنچانے میں مددگار ثابت ہو۔

سوال 4: نصاب کے مفہوم اور خصوصیات کا تذکرہ کیجیے۔
Q4. The meanings and Caracteristics of Curriculum:

Meanings of Curriculum(نصاب کا مفہوم)

جواب:1- انگریزی کا لفظ کریکولم (Curriculum) لاطینی زبان کے لفظ کیریئر (Currere) سے ماخوذ ہے۔ جس کے
معنی ہیں۔ "راستہ یا راستے پر دوڑنا" یعنی ایک ایسا راستہ جس پر چل کر کوئی فرد اپنی منزل مقصود تک پہنچتا ہے۔
میں نصاب سے مراد وہ مضامین (Subjects) یا درسی مواد ہے جو کہ تعلیمی اداروں میں اساتذہ اپنے طلباء کو پڑھاتے ہیں۔
آکسفورڈ ایڈوانس لرنرز ڈکشنری (Oxford Advanced Learners Dictionary) کے مطابق
"Curriculum" یا نصاب کے معنی میں مطالعاتی کورس کے وہ مضامین جو کسی سکول یا کالج میں پڑھائے جاتے ہیں۔
عام طور پر ابتدائی سکولوں اور کالجوں میں اب بھی لفظ "نصاب" (Curriculum) سے مراد مضامین یا تعلیمی کورسز کا وہ مجموعہ
سمجھا جاتا ہے جو طلباء کے پڑھنے کیلئے تیار کیا گیا ہو۔ اسی لئے سائنس کا نصاب (Science Curriculum) یا پری
میڈیکل کا نصاب (Pre-Medical Curriculum) جیسے الفاظ عام استعمال ہوتے ہیں۔ ایک طویل عرصے تک
نصاب سے مراد مطالعاتی پروگرام (Program of Studies) ہی لیا جاتا رہا۔ لیکن 1950ء کے عشرے میں دنیا بھر
میں نصاب کے تصور میں وسعت اور گہرائی پیدا ہوئی۔ رسمی طور پر نصاب کے مختلف مضامین اور درسی مواد پر مشتمل ایک منظم
منصوبہ ہوتا ہے جو جزوی طور پر یا پورے کا پورا ایک یا اختیار ادارے کی طرف سے تیار اور فراہم کیا جاتا ہے۔ جیسے کہ
پاکستان میں جنٹل کریکولم ونگ یعنی قومی اور صوبائی نصاب اور برطانیہ میں نیشنل کریکولم فار انگلینڈ نصاب ساز ادارے ہیں۔

Characteristics of Curriculum(نصاب کی خصوصیات)

i- Totality of Activities(سرگرمیوں کی مجموعیت)

معیاری نصاب سے مراد سکول کی وہ تمام سرگرمیاں ہیں جو کہ طلب کی گرومنگ کو فروغ دینے کیلئے انجام دی جاتی
ہیں۔ اس میں نفس مضمون، سرگرمیاں اور تجربات شامل ہوتے ہیں جو کہ طلبا کی سکول کی زندگی کو تشکیل دیتے ہیں۔ نتائج و
عملیت پسندوں (Pragmatists) نے بھی نصاب میں متعلمین کی تمام سرگرمیوں کو شامل کیا ہے کیونکہ ان کے خیال میں
بچے جب کوئی کام کرتے ہیں تبھی سیکھتے ہیں۔

ii- A Means to an End(حصول مقصد کا ذریعہ):

ہم جانتے ہیں کہ نصاب بذات خود کوئی مقصد نہیں بلکہ مقصد کی طرف بڑھنے کا ایک ذریعہ ہے۔ نصاب حقیقت
میں تعلیم کے مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے تشکیل دیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے جس کی بنیاد پر ماہرین تعلیم تعلیم کا سبب بننے والے
عوامل اور اہداف کی تکمیل کیلئے مختلف قسم کے نصاب تجویز کرتے ہیں۔ یوں جب مقاصد میں کسی قسم کی تبدیلی وقوع پذیر

Elmas Ali

ہوتی ہے تو نصاب میں بھی تبدیلی ضروری ہو جاتی ہے۔

iii- Total School Environment(مکمل مدرسہ کا ماحول):

سکول کا پورا ماحول نصاب پر اثر انداز ہوتا ہے۔ کام کے دوران متعلم کے اردگرد موجود اشیاء سے ہی نصاب
تشکیل پاتا ہے۔ اس سے مراد سکول کا مکمل تعلیمی پروگرام ہے جس میں تمام تجربات، سرگرمیاں اور تعلم شامل ہوتا ہے۔ اسی
کی بنیاد پر متعلم سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اس پر عملدرآمد کرتے ہوئے ترقی پائے گا اور تعلیمی مقاصد کو حاصل کر لے گا۔

iv- Totality of Experiences(تجربات کی مجموعیت):

نصاب کا تعلق سکول و بیرون سکول میں متعلم کو حاصل ہونے والے تمام تر تجربات سے ہوتا ہے جبکہ سکول میں
کلاس رومز، لائبریری، لیبارٹری، ورکشاپ، کھیل کا میدان اور اساتذہ شاگرد کے درمیان ہونے والے متعدد غیر روایتی روابط
شامل ہوتے ہیں۔ یہ تجربات متعلم کی شخصیت سازی میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ کریکولم (Curriculum) سے مراد
صرف سلیبس (Syllabus) اور کتب نہیں بلکہ سکول کے اندر اور باہر متعلمین کو جن تجربات اور مشاہدات سے واسطہ پڑتا
ہے وہ بھی نصاب میں شامل ہوتے ہیں۔ اس لئے حکام کی طرف سے طے کردہ سلیبس (Syllabus) کو نصاب
(Curriculum) سمجھنا درست نہیں ہو سکتا۔

v- نصابی و ہم نصابی رجحانات کا آئینہ:
(Mirror of Curriculum and Co-curricular Trends):

نصاب (Curriculum) نصابی و ہم نصابی رجحانات کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ جو کہ تدریسی اداروں میں رائج
نصابی و ہم نصابی رجحانات کی عکاسی کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ ان رجحانات میں مطالعہ کے کورسز، تعلیم کے
مقاصد اور اہداف، تدریسی حکمت عملی، تعلیمی آلات اور جائزے کی تکنیک شامل ہوتی ہیں۔

vi- تعلیمی رجحانات کا آئینہ (Mirror of Educational Trends):

نصاب (Curriculum) تعلیمی رجحانات کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ یہ موجود نظام کی مکمل عکاسی کرتا ہے۔ تعلیمی
نظام کے پیچھے موجود مقاصد پروگرامات روشنی ڈالتے ہیں جو کہ نصاب میں شامل کئے گئے ہوتے ہیں۔

vii- متوازن شخصیت کی تشکیل(Development of Balanced Personality):

متوازن شخصیت کی تشکیل میں نصاب (Curriculum) کافی معاون ثابت ہوتا ہے۔ نصاب میں شامل
جسمانی، عقلی، جذباتی، سماجی، معاشرتی، جمالیاتی اور روحانی شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی سرگرمیوں کا متوازن حصہ شخصیت سازی
میں بڑا اہم کردار ہوتا ہے۔

viii- جینے کا عمل (Process of Living):

نصاب ایک طرح کا جینے کا عمل ہے۔ جس میں فرد اور ماحول کے درمیان معاملات وقوع پذیر ہوتے ہیں۔
نصاب کا فرد کی زندگی اور اس کے ماحول دونوں سے تعلق ہوتا ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

-ix متحرک و اثر آفرین (Dynamic):

اچھا نصاب (Curriculum) وہ ہوتا ہے جو متحرک اور اثر آفرینی کے لحاظ سے مؤثر ہو۔ وقت کے ساتھ ساتھ متعلمین کی ضروریات اور دلچسپیاں تبدیل ہوتی رہتی ہیں۔ ان بدلتی ضروریات کے پیش نظر مختلف قسم کی سرگرمیوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس رجحان کی وجہ سے ضرورت اس امر کی ہے کہ نصاب میں تبدیلی لائی جائے۔ نصاب کبھی ساکن و جامد نہیں ہوتا، اسے مختلف طلباء، مختلف کلاسز اور مختلف سکولوں کیلئے مختلف ہونا چاہئے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ طلبہ کی بدلتی ضروریات، دلچسپیوں، رجحانات اور زندگی کے اطوار کا احاطہ کرنے کیلئے نصاب متحرک نوعیت کا ہو۔

-x فلسفۂ زندگی کا آئینہ (Mirror of Philosophy of Life)

نصاب کو زندگی کے فلسفے کا آئینہ بھی کہا جاتا ہے۔ زندگی کا جمہوری یا آمرانہ انداز نصاب میں جھلکتا ہے۔ زندگی کے انداز کے پیچھے اگر جس فلسفہ کا فرما ہوتا ہے، جس کی وجہ سے تعلیم کے مقاصد اور اہداف بھی اسی فلسفے کی روشنی میں متعین ہوتے ہیں۔

-xi اہداف کا حصول (Achievement of Goals):

تعلیم کے طے شدہ مقاصد اور اہداف کو حاصل کرنے کیلئے نصاب (Curriculum) تشکیل دیا جاتا ہے۔ یہ وہ اہداف ہوتے ہیں جنہیں معاشرہ طے کرتا ہے اور انہیں حاصل کرنے میں نصاب (Curriculum) مدد فراہم کرتا ہے۔

سوال5۔ نصاب کی اہمیت کے بارے میں تفصیلی نوٹ لکھیں۔

Q5. Discuss an importance of curriculum.

جواب: Elmas Ali

نصاب کی ضرورت و اہمیت

1- نصاب۔ تدریسی عمل کی بنیاد:

ہم نصاب کی تعریفات سے نصاب کی ضرورت و اہمیت کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ اساتذہ طلباء کو کیا پڑھائیں، کیسے پڑھائیں؟ اور کن مقاصد کے تحت پڑھائیں؟ ان سارے سوالات کا جواب "نصاب" فراہم کرتا ہے نصاب کا مسئلہ سارے تعلیمی عمل کا مرکزی مسئلہ ہے اور مدرسے کا سب سے بڑا اور اہم ترین فریضہ نصاب میں طے کردہ اہداف کا حصول ہوتا ہے۔ مدرسے کے تعلیمی مقاصد اس وقت تک حاصل نہیں کئے جا سکتے جب تک اس کے سامنے کوئی متعین نصاب نہ ہو۔

2- مقاصد کا تعین:

آج کی معاشرتی زندگی میں تعلیم محکمہ تعلیم کی ذمہ داری ہے۔ ہر ملک میں تعلیمی پالیسی بنتی ہے اور ہر جگہ اس بات کا تعین سب سے پہلے کیا جاتا ہے کہ (ابتدائی تعلیم سے لے کر اعلیٰ تعلیم تک) ہم اپنے معاشرے کے افراد کو کن مقاصد کیلئے تعلیم دیں۔ آج کے دور کے تقاضے کیا ہیں اور کس سطح کے طلبہ کیلئے کونسا تعلیمی نصب العین مقرر کیا جائے۔ نصب العین مقرر کئے بغیر تعلیمی سفر یا کوئی بھی سفر شروع کرنے کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ اس طرح قومی اور ملکی سطح پر قومی اہداف کا مقرر کرنا، پھر اس کو حاصل کرنے کا لائحہ عمل، اس کا مواد اور پڑھانے والے اساتذہ کے فرائض کی ادائیگی کے قوائد و ضوابط تیار کئے بغیر تعلیمی سفر شروع نہیں ہو سکتا۔ اگر مقاصد تعلیم واضح نہ ہوں تو ان کے حصول کا سوچا بھی نہیں جا سکتا۔ گویا نصاب ایک ایسا

راستہ ہے جس پر گامزن ہو کر کوئی قوم اپنی منزل کی طرف بڑھتی ہے۔ مختلف تعلیمی ادارے اور تنظیمیں بھی نصاب کے ذریعے ہی اپنے مقاصد حاصل کرتے ہیں۔ تعلیمی عمل میں اگرچہ اساتذہ، امارات، وسائل اور دیگر تعلیمی سہولتوں کی اپنی اپنی اہمیت ہے۔ مگر بچے کی تربیت میں مرکزی حیثیت نصاب کو حاصل ہے۔ نصاب ان مختلف ذہنی، جسمانی، معاشرتی اور مذہبی سرگرمیوں کا مجموعہ ہے۔ جن کا کوئی تعلیمی ادارہ انتظام کرتا ہے۔ نصاب نظام تعلیم میں ایک ایسا لائحہ عمل ہے جس سے نظام تشکیل پاتا ہے۔ یہ انفرادی زندگی سے اجتماعی قومی زندگی کے مقاصد زیست، اعتقادات، معیشت، معاشرے کے تقاضوں سے ہم آہنگی کا تقاضا کرتا ہے۔ اس لئے نصاب سازی کے عمل میں سب سے پہلے مقصدیت کو پیش نظر رکھا جاتا ہے اور اسے دستاویز کی شکل میں مرتب بھی کیا جاتا ہے۔

3- تدریسی منصوبہ بندی:

معیاری نصاب قومی ضروریات و ترجیحات کا آئینہ دار اور نصب العین تک پہنچنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ نصاب ایک [illegible] ہے جس کا پہلا حصہ مقاصد کا تعین ہے۔ اس کے بعد طلبہ کی ذہنی سطح (ابتدائی، ثانوی اور اعلیٰ) کے مطابق تدریسی [illegible] سہولیات اور سکول، اساتذہ اور دیگر سہولیات کا خاکہ تیار ہوتا ہے۔ جب ہم اس بات کو سمجھنے لگتے ہیں کہ طلبہ کی تعلیم کے لئے مرحلہ [illegible] ضروریات کس طرح بڑھتی جاری ہیں تو ہمیں احساس ہوتا ہے کہ یہ سب کچھ یقیناً ایک خاص نظام یا خاص عمل کے [illegible] ہی سرانجام دیا جا سکتا ہے اور یہ سب کچھ کئے بغیر ممکن نہیں ہے۔ اس طرح ہم پر نصاب کی اہمیت واضح ہو جاتی ہے۔ نصاب [illegible] اس کے بغیر طلبہ کی ذہنی، علمی، نصابی، ہم نصابی سرگرمیوں کا تعین کرنا ناممکن ہے۔ تدریسی مواد، مدرسے کے نظام [illegible] اساتذہ کی تربیت یہ سب کچھ نصاب کے بغیر ناممکن ہے۔ مختصر انہیں کہہ سکتے ہیں کہ یہ نصاب ہی ہے ممکن ہے [illegible] تعلیم [illegible] میں تنظیم، جامعیت اور مقصدیت کے مقاصد پورے ہوتے ہیں۔

4- منزل کی جانب رہنمائی:

معیاری تعلیم کے عمل میں استاد کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں لیکن اساتذہ کے حدود کار اور مختلف سطحوں پر تعلیم کے انداز اور مقاصد کا تعین بھی نصاب میں کیا جانا ضروری ہے۔ طلبہ کو اور اساتذہ کو منزل مقصود پر پہنچنے کیلئے نصاب ہی رہنمائی کرتا ہے۔ طلبہ اس [illegible] العین کو حاصل کرنے کی کوشش کریں اور اساتذہ اپنے طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق نصاب کی تفصیلات سے نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کا انتخاب کرتے ہیں۔ نصاب کی روشنی میں تدریسی رکاوٹوں کا حل تلاش کر کے تدریس اور طریقہ تدریس کو بدل کر مقاصد تعلیم اور اہداف حاصل کئے جاتے ہیں۔ نصاب تعلیمی عمل میں طلبہ اور اساتذہ کیلئے ہمہ جہت راہنمائی کا سامان مہیا کرتا ہے۔

5- مرحلہ وار اور ہمہ پہلو نشوونما:

مثالی نصاب میں افراد کی عمر کے حوالے سے ذہنی، جسمانی، معاشرتی اور معاشی پہلوؤں کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ ماہرین تعلیم جانتے ہیں کہ ان تمام پہلوؤں کی نشوونما ضروری ہے۔ اور ان کو مکمل احاطہ کئے بغیر تعلیمی سرگرمیوں کا چناؤ نہیں کیا جا سکتا۔ اس لئے نصاب اس ذمہ داری کو قبول کرتا ہے۔ نصاب کی روشنی میں اساتذہ، سکول یا نظام تعلیم طلبہ کی ذہنی سطح، فطری تقاضوں، انفرادی اختلافات اور طبعی میلانات کے پیش نظر سرگرمیوں کا انتخاب کرتے ہیں تاکہ بچے کی صلاحیتوں میں فطری نشوونما ہو اور بچہ مختلف درجات میں تسلسل کے ساتھ نشوونما پائے۔ اس طرح طلبہ ایک درجے سے دوسرے

AIOU LIBRARY

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



درجے میں بڑھتے ہی چلے جاتے ہیں اور ان کی شخصیت کی تکمیل کے مراحل طے ہوتے ہیں۔ اس طرح جامع اور متوازن نشوونما کیلئے نصاب انتہائی ضروری ہے۔

6- تدریس کا جائزہ:

تدریس کیلئے ادارے قائم کرنا ایک بامقصد عمل ہے۔ اس سے خاطر خواہ فوائد حاصل کرنے اور کوشش کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے نصاب سب سے اہم عنصر ہے جس سے تدریس کا مقصد حاصل کیا جاتا ہے۔ اس تدریسی عمل سے آگاہی کیلئے نہ صرف طلبہ بلکہ تدریسی مواد، طریقہ کار اور اساتذہ کے کردار کا جائزہ لینا اور ان [illegible] کی روشنی میں طلبہ کے درجوں میں بلندی، مواد تعلیم و تدریس کا ماحول، اساتذہ کی کارکردگی کے بارے میں مزید [illegible] جاتے ہیں۔ جائزہ نصاب ہی کا حصہ ہے اور اہم سرگرمی ہے۔ جائزہ سے نصابی عمل سے قومی [illegible] میں رائے قائم ہوتی ہے اور آئندہ کا لائحہ عمل ترتیب دیا جاتا ہے۔ یہ سب عمل نصاب کی اہمیت کو واضح کرتے ہیں۔

7- معاشی اور معاشرتی ضروریات کی تکمیل:

فی زمانہ تعلیم کے اولین مقاصد میں معاشی اور معاشرتی ضرورت سب سے اہم مقصد ہے جس کیلئے [illegible] تدریس کا سلسلہ شروع ہوتا ہے۔ ملکی اور قومی سطح کے لحاظ سے دیکھا جائے تو نظام تعلیم اور اس کے اداروں کا ملک میں پھیلا ہوا جال اسی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے بچھایا گیا ہے جس کی کامیابی کا دارومدار نصاب پر ہے۔ انفرادی طور پر طلبہ ان کے والدین اور معاشرہ معاشی اور معاشرتی ضروریات کی تکمیل کیلئے تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ تعلیمی اداروں میں داخلہ لیتے ہیں، علم اور مہارتیں سیکھتے ہیں۔ ان کی تحصیل علم و فن کا دارومدار نصاب پر ہے۔ نصاب ہی افراد کو معاشی و معاشرتی ضروریات سے آگاہ کرتا ہے اور پیداواری سرگرمیوں میں شامل ہونے کے قابل بناتا ہے۔ اچھے نصاب ہی کی بدولت انفرادی و قومی مقاصد حاصل ہوتے ہیں۔ معاشی و معاشرتی لحاظ سے دیکھا جائے یا اعتقادی لحاظ سے مسلمانوں کے ممالک میں اسلامی تعلیمات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ دینی تعلیمات وہ سنہری اصول فراہم کرتی ہیں جن کے بغیر دین و دنیا کی ترقی ناممکن ہے۔ اس لئے ہمارے نصاب کے تمام عمل میں اسلامی نظریہ حیات شامل رہتا ہے۔

8- مدرسے اور سماج کے درمیان تعاون کا ذریعہ:

اچھے نصاب میں وہ تمام سرگرمیاں موجود ہوتی ہیں جو اعلیٰ تعلیمی مقاصد کی تکمیل کرتی ہیں جو مدرسے اور معاشرے کے درمیان تعاون بڑھاتی ہیں۔ اور جو افراد اور معاشرہ دونوں کی ترقی کا ذریعہ بنتی ہیں۔ نصاب تعلیم ہی وہ محور ہے جس پر تعلیم کا سارا نظام قائم ہے۔ یہ قوم کے نوجوانوں کی تربیت بھی کرتا ہے۔ اور ان کی سماجی ضرورتوں کو پورا بھی کرتا ہے۔ نصاب اس منزل تک پہنچنے کا ذریعہ ہے۔ جس کی طرف پورا معاشرہ بڑھ رہا ہوتا ہے۔ نصاب کے مختلف عناصر طلبہ کو اپنے اردگرد کے ماحول کو سمجھنے میں مدد دیتے ہیں۔ اگر مدرسے کا نصاب کسی وجہ سے معاشرتی زندگی سے لاتعلق ہو جائے تو مدرسے کی تعلیم بے مقصد اور بے روح ہو جاتی ہے۔ اگر مدرسے کے پاس معاشرے کی ضروریات سے ہم آہنگ اور اچھا ترتیب دیا ہوا نصاب نہ ہو تو بہت ممکن ہے کہ مدرسہ اور طلبا ایک بے مقصد اور بے منزل سرگرمی میں مشغول ہو جائیں اور اگر نصاب مخصوص کر دیا جائے تو منزل متعین ہو جائے گی۔ اور بھٹکنے کا اندیشہ کم ہو جائے گا۔

9- معلم کی حدود کا تعین:

ایک جامع اور معیاری نصاب ہی معلم کی حدود کار کا تعین کرتا ہے۔ نصاب ہی کو مدنظر رکھ کر معلم اپنے طلباء کے لئے سرگرمیوں کا انتخاب کرتا ہے۔ نصابی تفصیلات معلم کو اس بات سے آگاہ کرتی ہیں کہ مخصوص مقاصد کے حصول کے لئے کس قسم کی تدریسی سرگرمیوں طریقہ تدریس اور تدریسی لوازمات کی ضرورت ہوگی۔ نصاب کی وجہ سے ہی معلم کو مختلف کلاسز کے طلباء کی نفسیاتی ضروریات اور ذہنی معیار کا اندازہ ہوتا ہے۔ جس کو مدنظر رکھ کر وہ تدریسی مواد کو مؤثر انداز میں پیش کر سکتا ہے۔

10- جدید تقاضے اور ان کی تکمیل:

پوری دنیا کے حالات لمحہ بہ لمحہ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ قدیم اور جدید کی اصطلاحیں بھی پرانی لگنے لگتی ہیں۔ موجودہ دور کی سائنسی ترقی نے انسان کی ضروریات اور سوچ تک کے انداز بدل کر رکھ دیئے ہیں۔ آج سے کچھ سال پہلے یا شاید ایک سال پہلے کا نصاب جو ابھی جدید ہی تھا قدیم سمجھا جانے لگا ہے۔ اس کی وجہ وقت کے بدلتے ہوئے تقاضوں پر پورا [illegible] کی ضرورت ہے۔ انسان، معاشرہ اور قوم کیلئے وقت کے تقاضوں کو پیش نظر رکھنا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ اس کیلئے سب سے پہلے انفرادی و اجتماعی تعلیم و تربیت کیلئے نصاب کی اہمیت پر نظر رکھی جاتی ہے۔ نصاب میں موجود جائزے کا عمل فوری [illegible] چاہتا ہے اور اسی طرح صنعتی و سائنسی ترقی کے مطابق قومی مقاصد حاصل کرنے کیلئے نصاب میں تبدیلیاں [illegible]

11- ضروریات کی تعیین (Satisfaction of Needs):

نصاب [illegible] اس بات [illegible] ہوتا ہے کہ وہ تعلیم کی تعلیمی، نفسیاتی اور پیشہ ورانہ ضروریات کو پورا کرے۔ طلبہ کی ضروریات، رویے، [illegible] صلاحیتیں، مہارتیں اور ضرورتیں مختلف نوعیت کی ہوتی ہیں۔ اچھا نصاب وہی ہوتا ہے جو سب کیلئے موزوں ہو۔

12- موزوں اساتذہ کا معیار (Criteria of Suitable Teachers):

ہمیں نصاب ہی بتاتا ہے کہ سکول میں کس قسم کا استاد [illegible] ہے۔ ہمیں پتہ ہونا چاہئے کہ استاد سکول میں کیسی ذمہ داریاں انجام دے گا اس کا تعین نصاب سے ہی ہوتا ہے۔ کیونکہ [illegible] ذمہ داریاں [illegible] کے مطابق ہی ادا کی جاتی ہیں۔

13- شخصیت سازی (Development of Personality):

نصاب طلبہ میں جسمانی، ذہنی، جمالیاتی، ثقافتی، اخلاقی، روحانی، [illegible] اور پیشہ ورانہ [illegible] کو بڑھانے میں مددگار ہوتا ہے۔ شخص کی مکمل اور متوازن نشوونما کیلئے موزوں ترین نصاب کی اشد ضرورت ہوتی [illegible]

14- ایجادات اور دریافتیں (Discoveries and Inventions):

اعلیٰ تعلیم اور یونیورسٹیز میں نصاب کا اہم ترین مقصد طلبہ کو ایجادات اور تحقیق کے لئے [illegible] ہے۔ مندرجہ بالا نکات سے واضح ہوتا ہے کہ نصاب سکول [illegible] پروگرام میں دل کی حیثیت رکھتا [illegible] تعلیمی کوششوں کو منظم کرنے میں بڑا نمایاں کردار ادا کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سوال6: نصاب کی مؤثر منصوبہ بندی پر تبصرہ کریں؟

Q6. Write a note on Effective curriculum planning.

جواب

نصاب کی مؤثر پابندی۔یا۔کریکولم پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ

نصاب کی طرح نصاب کی منصوبہ بندی (Curriculum Planning) کی بھی مختلف طریقوں سے تعریف کی گئی ہے۔جیسا کہ:۔

1- نصاب کی منصوبہ بندی (Curriculum Planning) ایک ایسا عمل ہے جس میں [illegible] درجات پر اس بات کا فیصلہ کرتے ہیں کہ تعلیم کے مقاصد کیا ہونے چاہئیں؟ تدریس و تعلم کس صورتحال میں [illegible] کیسے حاصل کیا جائے گا؟ نیز مقاصد اور ان کو حاصل کرنے والے ذرائع دونوں کیا موزوں [illegible] ہیں؟

2- نصاب کی منصوبہ بندی میں وہ تمام امور شامل ہیں جو کہ نصاب کی منصوبہ بندی اور اسے قابل عمل بنانے کے لیے ضروری ہیں۔

3- کریکولم پلاننگ مختلف ذرائع سے حاصل ہونے والی متعلقہ معلومات کے اجتماع، ترتیب، انتخاب، توازن اور ترکیب کا نام ہے تاکہ اس سے ایسی سرگرمیاں مرتب کی جاسکیں جو کہ نصاب کے اہداف کو حاصل کرنے میں طلبا کی مدد کریں۔

4- نصاب کی منصوبہ بندی بیان کردہ مقاصد کی روشنی میں بڑے سلیقے سے کیے گئے مطالعہ اور سکولنگ کی بہتری کا نام ہوتا ہے۔

5- نصاب کی منصوبہ بندی نصاب کی تیاری کا ابتدائی مرحلہ ہے جس میں نصاب کیلئے کام کرنے والے کارکن فیصلہ سازی کرتے ہیں اور طلبا اور اساتذہ سے قبول کرانے کیلئے منصوبہ تشکیل دینے کا کام کرتے ہیں۔

6- نصاب کی منصوبہ بندی ایک ایسا عمل ہے جس میں تعلیمی مواقعوں کے انتظامات کیے جاتے ہیں یا پھر نصابی منصوبے تشکیل دیے جاتے ہیں۔

Elmas Ali

1- کریکولم پلاننگ کی خصوصیات:

(Characteristics of Curriculum Planning):

نصاب کی منصوبہ بندی یعنی کریکولم پلاننگ کی خصوصیات مندرجہ ذیل نکات کی صورت میں بیان کی جاسکتی ہیں۔

i- نصاب کی منصوبہ بندی کا بنیادی طور پر معلمین کے تجربات سے گہرا تعلق ہوتا ہے۔

ii- نصاب کی منصوبہ بندی میں منصوبہ بندی اور اشاعتی مواد دونوں کے بارے میں فیصلہ کیا جاتا ہے۔

iii- نصاب کی منصوبہ بندی میں اور بھی کئی طرح کے مسائل کے بارے میں فیصلے کیے جاتے ہیں۔

iv- نصاب کی منصوبہ بندی کا عمل کئی سطحوں پر وقوع پذیر ہوتا ہے۔

v- نصاب کی منصوبہ بندی میں مختلف قسم کے گروہ شامل ہوتے ہیں۔

vi- نصاب کی منصوبہ بندی ایک مسلسل اور لگاتار جاری رہنے والا عمل ہے۔

2- نصاب سازی کا لائحہ عمل (Process of Curriculum Development):

نصاب سازی کا عمل مندرجہ ذیل طریق کار سے شروع ہوتا ہے۔

i- سب سے پہلے تعلیم کے مقاصد طے کئے جاتے ہیں، جن کا دارومدار بنیادی طور پر زندگی کے مقصد، سیاسی و سماجی فلسفے اور ملک کی بنیادی ضروریات پر ہوتا ہے۔

ii- سکول ایجوکیشن کے مختلف درجات، مضامین، سرگرمیوں کے حوالے سے تعلیمی مقاصد کی تفصیلات بیان کی جاتی ہیں۔

iii- مطالعے کی سکیم اور سلیبس وغیرہ کا تعین کیا جاتا ہے۔

iv- تربیتی مواد و متعلقہ درسی کتب، مطالعے کی اضافی کتب، عملی کام کی کتابیں، رہنمائے اساتذہ وغیرہ تیار کی جاتی ہیں۔

v- سکولوں میں معیاری نصاب کو نافذ کرایا جاتا ہے۔

vi- نصاب میں موزوں ردوبدل کیلئے اور معیار قائم رکھنے کیلئے نصاب کے جائزے کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔

3- نصاب سازی کا طریقہ کار:

نصاب سازی کا عمل مندرجہ ذیل طریق کار کے ساتھ شروع ہوتا ہے۔

i- سب سے پہلے تعلیم کے مقاصد طے کئے جاتے ہیں، جن کا دارومدار بنیادی طور پر زندگی کے مقصد، سیاسی و سماجی فلسفے اور ملک کی بنیادی ضروریات پر ہوتا ہے۔

ii- مدرسے کے مختلف درجات، مضامین، سرگرمیوں کے حوالے سے تعلیمی مقاصد کی تفصیلات بیان کی جاتی ہیں۔

iii- مطالعے کی سکیم اور سلیبس وغیرہ کا تعین کیا جاتا ہے۔

iv- تربیتی مواد و متعلقہ درسی کتب، مطالعے کی اضافی کتب، عملی کام کی کتابیں، رہنمائے اساتذہ وغیرہ تیار کی جاتی ہیں۔

v- سکولوں میں نصاب کو نافذ کرایا جاتا ہے۔

vi- معیاری نصاب میں موزوں ردوبدل کیلئے اور معیار قائم رکھنے کیلئے نصاب کے از سر نو جائزے کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔

4- نصاب کی مؤثر منصوبہ بندی (Effective Curriculum Planning):

نصاب کی مؤثر منصوبہ بندی میں جن عوامل کا اہم کردار ہے وہ درج ذیل ہیں۔

i- معیاری نصاب کی منصوبہ بندی زندگی کو بہتر بنانے کے واضح تصور پر مبنی ہونی چاہیے۔

ii- نصاب کی پلاننگ میں معاشرے کے ماضی اور حال کا خصوصی خیال رکھا جانا چاہیے اور مستقبل میں ہونے والی متوقع تبدیلیوں کو مدنظر رکھ کر نصاب کی بہتر منصوبہ بندی کی جاتی ہے۔

iii- معیاری نصاب کے ایسے اہداف متعین کئے جانے چاہئیں جو کہ فرد اور معاشرے کی ضروریات اور دلچسپیوں کا مکمل طور پر احاطہ کرسکیں۔

iv- نصاب کی منصوبہ بندی میں متعلمین میں پائے جانے والے تنوع کو تسلیم کرنا چاہیے اور حوصلہ افزائی بھی کرنی چاہیے۔

v- نصاب کی منصوبہ بندی میں تدریس و تعلم کی ہر طرح کی صورتحال کیلئے خاص اقدامات تجویز کئے جانے چاہئیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

منصوبہ سازوں کو چاہئے کہ وہ مجوزہ سرگرمیوں، مواد، وسائل اور آزمائشی آلات کو بھی اس میں شامل کریں۔

-vi نصاب کی منصوبہ بندی متعلمین کی خصوصیات کی روشنی میں کی جانی چاہئے۔

-vii نصاب کی منصوبہ بندی میں مضمون سے ہٹ کر بھی طریق کار اختیار کرنا چاہئے۔

-viii نصاب کی منصوبہ بندی میں لچک کا عنصر موجود رہنا چاہئے تاکہ اساتذہ اور طلبہ وقت اور حالات کے تقاضوں کے مطابق اس میں ردوبدل اور تبدیلی کر سکیں۔

-ix نصاب کی معیاری منصوبہ بندی میں دوران تعلیم استاد اور متعلمین کے درمیان [illegible] اشتراک کے ذریعے اچانک سامنے آنے والے خیالات کا نچوڑ پیش کیا جانا چاہئے۔

-x نصاب کی منصوبہ بندی کو متعلم کی شعوری اور نفسیاتی حرکی ضروریات میں توازن [illegible] عکاسی کرنی چا[illegible]

-xi معیاری نصاب کی منصوبہ بندی میں غور و فکر، اقدار اور قدر شناسی، عزت نفس اور جذبہ خودی کو [illegible] کرنے [illegible] اقدامات شامل کئے جانے چاہئیں۔

-xii نصاب کی منصوبہ بندی میں تجربات کے ادغام شدہ سیٹ پر توجہ دینی چاہئے بجائے اس کے کہ [illegible] میں سرگرمیوں کا مجموعہ پیش کر دیا جائے۔

-xiii نصاب کی منصوبہ بندی میں نصاب کے تمام پہلوؤں کا مسلسل جائزہ پیش کیا جانا چاہئے۔

☆☆☆☆☆

سوال 7۔ نصاب سازی کے اصول بیان کریں، موجودہ نصاب میں خامیوں کی بھی وضاحت کیجئے؟

جواب: نصاب سازی کے بنیادی اصول:

(Basic Principles of Curriculum Development):

بنیادی طور پر کلاس روم کی ثقافت معاشرے کی ثقافت کی واضح عکاس ہوتی ہے۔ اس لئے اس میں معاشرے میں موجود مشکلات منعکس ہوتی ہیں۔ نصاب کی تشکیل میں درج ذیل اجزاء شامل ہوتے ہیں۔

1- فلسفہ:

بنیادی طور پر فلسفہ کے بغیر نصاب ترتیب نہیں دیا جا سکتا۔ یہ ہمیں جواب مہیا کرتا ہے کہ کس طرح سے اچھی زندگی گزاری جائے؟ فلسفہ کچھ نظریات رکھتا ہے جو پورے سسٹم کو کنٹرول کرتے ہیں اگر تدوین نصاب کا کام کرنے والوں کے درمیان فلسفہ کے بارے میں اختلافات پائے جاتے ہوں تو نصاب ہمیشہ ناپائیدار ہوگا۔ فلسفہ کی روح کے مطابق نصاب کا بنیادی مقصد فرد میں تبدیلی لانا ہوتا ہے۔ اگر فلسفہ کو سامنے نہ رکھا جائے تو یہ فیصلہ کرنا انتہائی مشکل ہوتا ہے کہ کلاس روم میں کیا کام کروانا ہے، کس چیز پر زور دینا ہے کون سا مواد منتخب کرنا ہے اور یہ کہ کن تعلیمی تجربات کا مشاہدہ کرنا ہے؟

معیاری تعلیمی مقاصد قومی تصورات اور نظریات سے اخذ کئے جاتے ہیں۔ اگر تعلیمی مقاصد واضح انداز میں بیان کئے جائیں گے تو مختلف ادوار میں پائے جانے والے تصورات کا انتخاب کرنے میں مدد حاصل ہوگی۔

Taba کے مطابق: "مقاصد کیلئے پلیٹ فارم ضروری ہے تاکہ مختلف قسم کی سرگرمیوں پر یکساں، مستقل طور پر فوکس کیا جا سکے اور انہی سرگرمیوں کو ہم نصاب کہتے ہیں"۔

یہ بات یقینی ہے کہ گزشتہ پندرہ برسوں میں کسی بھی تنازع نے نصاب میں اتنی توجہ حاصل نہیں کی جتنا مقاصد کی قدر و قیمت نے کی ہے اور وہ طریقہ جس کے مطابق مقاصد بیان کئے جاتے ہیں۔ یہ ایک فلسفیانہ مسئلہ ہے۔

1- یہ ضروری ہے کہ مقصد رویے کو ظاہر کرے جس کا سیکھنے والا یعنی طالب علم آخر میں مظاہرہ کرتا ہے۔

2- تعلیمی مقصد کو اس رویے یا پیداوار کی نشاندہی ضرور کرنی چاہئے جو یہ ظاہر کرے کہ مقصد حاصل ہو چکا ہے یا نہیں ہوا۔

Elmas Ali

2- مواد:

ہمیشہ مقاصد ہی تجزیاتی عمل میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ تدوین نصاب میں کیا پڑھانا ہے کس طریق کار کے ساتھ پڑھانا ہے؟ اور تجزیہ سے کیا نتائج اخذ کئے جاتے ہیں؟ جیسے سوالات بہت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ عام طور پر تجزیہ کی وسعت یا دائرہ کار مقاصد کی وسعت سے کم ہوتا ہے۔ مواد کا چناؤ، تعلیمی تجربات اور مقاصد کے درمیان ایک مربوط اور گہرا تعلق ہونا چاہئے مگر اس عمل کے دوران بھی مشکلات حائل ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر اس بات کا جائزہ لینا کہ کیا مواد متعین کئے گئے مقاصد کے حصول کے لئے کام کرے گا اور اسی طرح سے نافذ ہوگا۔ جس طرح سے ترتیب دیا گیا ہے مواد اہمیت اور [illegible]صیت، معاشرتی حقائق کے ساتھ تسلسل، توازن، گہرائی اور گنجائش یہ وہ تمام معاملات ہیں جس میں مشکلات درپیش [illegible] ہیں۔

مواد کی تنظیم کے مسائل [illegible] انتہائی اہم ہوتے ہیں۔ تعلیم کی اقسام اور اُن کے نفاذ کے بارے میں پائے جانے والے اختلافات [illegible] غلط فہمیاں [illegible] مختلف [illegible] کا سبب بن سکتی ہیں۔

Taba کے [illegible] بار [illegible] درج ذیل سوالات اُٹھائے ہیں۔

1- مواد کی منطق سے کیا مراد ہے؟

2- منطق یا دلیل اس حقیقت [illegible] سے مقابلہ کر سکتی ہے کہ تعلیمی عمل میں نفسیات کا انتہائی اہم کردار ہوتا ہے۔

3- معیاری تعلیمی مواد کس طرح منظم کیا جا سکتا ہے [illegible] ایک ہی وقت میں مختلف قسم کے رویے اور مقاصد تشکیل دیئے جا سکیں۔

4- ذہنی رجحان کے ساتھ معیار پیدا کرنے میں مواد [illegible] مشکلات [illegible] جن کی پیمائش کی جا سکے؟

تدوین نصاب کے دوران کئی دیگر مشکلات کا سامنا بھی ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر:

1- تعلیمی مواقع طالب علم کے پس منظر ماحول اور اس کی ذہنی صلاحیت کے [illegible] نہیں ہوتے۔

2- نئے تجربات، حقائق، سرگرمیاں اس طرح فراہم نہیں کی جاتیں جیسا کہ ایک [illegible] علم حاصل [illegible] چاہتا ہے۔

3- ہمت افزائی کے اصول جیسے McNail [illegible] کہا ہے کہ جب تک مناسب [illegible] تشکیل نہیں دیئے جاتے انتخاب، ضروریات، دوسری قدر و قیمت سے تعلق، [illegible] نمونے وغیرہ کو کامیابی کی نظر سے [illegible] دیکھا جا سکتا۔

4- مدرسین کی دلچسپیاں اور صلاحیتیں معیاری مواد کے مطابق [illegible] ہوتیں۔

3- دیگر متنازعہ امور:

ان مشکلات کا تعلق فلسفیانہ، نفسیاتی، ٹیکنیکل، سیاسی اور دیگر شعبہ جات سے بھی ہو سکتا ہے جن کو مدنظر نہیں رکھا

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com



جاتا۔ اس کے ساتھ ساتھ نصاب کی منصوبہ بندی میں ایک بڑی خالی تعلیمی سرگرمیوں کے نمونوں کے بارے میں خیالات
اساتذہ کی تیاری کے بارے میں رہنمائی کے خیالات کے درمیان فاصلہ بھی ہوتا ہے۔ مدرّسین کے بارے میں مثالیں عموماً
مخصوص حالات سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ اسی طرح اساتذہ کی تربیت کے پروگرام اساتذہ کو اس انداز سے تربیت نہیں دیتے
جو تعین شدہ نصاب پڑھانے کے لئے ضروری ہوتی ہیں۔ اسی طرح تجرباتی میدان بھی اضافات سے بھرپور ہوتے ہیں۔
ماہرین نصاب، اساتذہ اور انتظامیہ اکثر تجربہ کے لئے استعمال کئے جانے والے ذریعہ سے اتفاق نہیں کرتے۔

4- ماہرین تعلیم اور اساتذہ کی تربیت:

نصاب سازی انتہائی پیچیدہ عمل ہوتا ہے اور اس عمل میں کسی بھی طبقے یا معاشرے سے تعلق رکھنے والے تمام پیشہ ور اور دیگر تمام اسٹیک ہولڈرز (متعلقہ افراد اور ادارے) شامل ہوتے ہیں اور مختلف گروپس کی ضرورت کے مقاصد، نصاب کے اہم حصوں کا چناؤ، سیکھنے کے تجربات کا انتخاب اور جائزہ کے عمل کے بارے میں فیصلے کیے جاتے ہیں یہ کام مختلف شخصیات سرانجام دیتی ہیں۔ نصاب کے تصور میں پھیلاؤ پیدا ہونے کے بعد یہ فیصلے مختلف سطح پر کئ

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سبولتوں کی اپنی اپنی الگ اہمیت ہے۔ مگر بچے کی تربیت میں مرکزی کردار نصاب کو حاصل ہے۔ نصاب ان مختلف ذہنی، جسمانی، معاشرتی اور مذہبی سرگرمیوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ جن کا کوئی تعلیمی ادارہ انتظام کرتا ہے۔ نصاب نظام تعلیم میں ایک ایسا لائحہ عمل ہے جس سے معیاری نظام تعلیم تشکیل پاتا ہے۔ یہ انفرادی زندگی سے اجتماعی قومی زندگی کے مقاصد، زیست، اعتقادات، معیشت، معاشرے کے تقاضوں سے ہم آہنگی کا تقاضا کرتا ہے۔ اس لئے نصاب سازی کے عمل میں سب سے پہلے مقصدیت کو پیش نظر رکھا جاتا ہے اور اسے دستاویز کی شکل میں مرتب بھی کیا جاتا ہے۔

3- تدریسی منصوبہ بندی:

ایک جامع اور معیاری نصاب ہی قومی ضروریات و ترجیحات کا آئینہ دار اور نصب العین تک پہنچنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ نصاب ایک ایسا عمل ہے جس کا پہلا حصہ مقاصد کا تعین کرتا ہے۔ اس کے بعد طلبہ کی ذہنی سطح (ابتدائی، ثانوی اور اعلیٰ) کے مطابق تدریسی منصوبہ بندی بشمول درسی مواد اور سکول، اساتذہ اور دیگر سہولیات کا شیڈول تیار کیا جاتا ہے۔ جب ہم اس بات کو سمجھنے لگتے ہیں کہ طلبہ کی تعلیم کیلئے مرحلہ وار ضروریات کس طرح بڑھتی ہیں تو ہمیں احساس ہوتا ہے کہ یہ سب یقیناً خاص نظام یا خاص عمل کے تحت سرانجام دیا جاسکتا ہے اور یہ سب کچھ منصوبہ بندی کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ اس طرح ہم پر نصاب کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔ نصاب اس قدر اہم ہے کہ اس کے بغیر طلبہ کی ذہنی، علمی نصابی، ہم نصابی سرگرمیاں تعین کرنا ممکن ہے۔ تدریسی مواد، مدرسے کے نظام الاوقات، اساتذہ کی تربیت یہ سب کچھ نصاب کے بغیر ناممکن ہے۔ کہا جاسکتا ہے کہ یہ نصاب ہی سے ممکن ہے کہ تعلیمی عمل میں تنظیم، جامعیت اور مقصدیت کے مقاصد پورے ہوتے ہیں۔

4- منزل کی طرف رہنمائی:

یقینی طور پر تعلیم کے عمل میں استاد کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں ہے لیکن استاد کے حدود کار اور مختلف سطحوں پر تعلیم کے انداز اور مقاصد کا تعین کرنا نصاب میں کیا ضروری ہوتا ہے۔ طلبہ کو اور استاد کو منزل مقصود پر پہنچنے کیلئے نصاب ہی راہنمائی کرتا ہے۔ طلبہ اس نصب العین کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اساتذہ اپنے طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق نصاب کی تعلیمات سے نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کا انتخاب کرتے ہیں۔ نصاب کی روشنی میں تدریسی مشکلات کا حل تلاش کر کے تدریس اور طریقہ تدریس میں ردوبدل کرکے مقاصد تعلیم و اہداف حاصل کئے جاتے ہیں۔ نصاب تعلیمی عمل میں طلبہ اور اساتذہ کیلئے سمت راہنمائی کا فریضہ انجام دیتا ہے۔

5- مرحلہ وار اور ہمہ پہلو نشوونما:

ایک معیاری نصاب میں افراد کی ترقی کے حوالے سے ذہنی، جسمانی اور سماجی پہلوؤں کو سامنے رکھا جاتا ہے۔ ماہرین تعلیم جانتے ہیں کہ ان تمام پہلوؤں کی نشوونما انتہائی ضروری ہے۔ اور ان کا مکمل احاطہ کئے بغیر تعلیمی سرگرمیوں کا انتخاب نہیں کیا جاسکتا۔ اس لئے نصاب اس ذمہ داری کو قبول کرتا ہے۔ نصاب کی روشنی میں اساتذہ، سکول نظام تعلیم طلبہ کی ذہنی سطح، فطری تقاضوں، انفرادی اختلافات اور طبعی میلانات کے پیش نظر سرگرمیوں کا انتخاب کرتے ہیں تاکہ بچے کی صلاحیتوں میں فطری نشوونما ہو اور بچہ مختلف درجات میں تسلسل کے ساتھ نشوونما پائے۔ اس طرح طلبہ ایک

10- اساتذہ کے درمیان تبادلہ خیال:

فی زمانہ بعض تعلیمی ادارے اپنے اساتذہ کو یہ مواقع فراہم کرتے ہیں کہ وہ اپنے مضامین سے متعلقہ دوسرے اساتذہ کے ساتھ ملاقاتیں کرسکیں۔ اور وہ دوران تدریس پیش آنے والے مسائل اور مشکلات کے بارے میں آپس میں تبادلہ خیال کرسکیں۔ اس تبادلہ خیال کے نتیجے میں ایک مضمون سے متعلق اور پھر طلبا کے بارے میں مختلف نوعیت کے سرگرمی کی نشاندہی کرنے میں مدد ملتی ہے اور ان مسائل کا کوئی قابل عمل حل بھی سامنے آجاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بڑے تعلیمی ادارے ایسی سرگرمیوں پر وقت صرف کرتے ہیں۔ اس قسم کی ملاقات کے لئے ایک سمیسٹر کے دوران ایک پورا دن یا آدھا دن مختص کیا جاسکتا ہے۔ لیکن اس پر بھی اعتراض کیا جاتا ہے کہ اتنی مختصر ملاقاتوں سے دوسرے سے کیا کچھ حاصل ہوسکتا ہے۔ اس لئے اس طرح کے دوروں سے وقت اور وسائل ضائع کرنے کے علاوہ اور کچھ حاصل نہیں ہوسکتا۔

☆☆☆☆☆

سوال 9۔ نصاب کی خصوصی اہمیت پر اظہار خیال کریں؟

Explain the importance of curriculum?

جواب: Elmas Ali

نصاب کی ضرورت و اہمیت

1- نصاب۔ تدریسی عمل کی بنیاد:

معیاری نصاب کی تعریفوں سے ہم نصاب کی ضروریات اور اہمیت کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ اساتذہ طلباء کو کیا پڑھائیں کیسے پڑھائیں؟ اور کن مقاصد کے تحت پڑھائیں؟ ان سارے سوالات کا جواب "نصاب" فراہم کرتا ہے نصاب کا مسئلہ سارے تعلیمی عمل کا مرکزی مسئلہ ہے اور مدرسے کا سب سے بڑا اور اہم ترین فریضہ نصاب میں طے کردہ اہداف کا حصول ہوتا ہے۔ مدرسے کے تعلیمی مقاصد اس وقت تک حاصل نہیں کئے جاسکتے جب تک اس کے سامنے کوئی متعین اور معیاری نصاب نہ ہو۔

2- مقاصد کا تعین

سوال 8۔ نصاب کیلئے مثالی اقدار کی اقسام کی وضاحت کریں؟

جواب: اقدار پر مبنی نصاب (Values Based Curriculum):

ثقافت کی طرح اقدار بھی ابہام پیدا کرنے والا ایک پیچیدہ تصور ہے۔ طلبہ میں مطلوبہ اقدار اجاگر کرنے کے لئے مندرجہ ذیل اقسام کے تجربات اور سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کی جاسکتی ہے۔

- ☆ اساتذہ کا مثالی رویہ
- ☆ مختلف اقسام کی ہم نصابی سرگرمیوں کے ذریعے اقدار کی تشکیل، یعنی سکول کے انتظامی امور، سماجی خدمت کے پروگرام، ہفتہ مزدور اور ہسپتالوں کے دورے وغیرہ کے ذریعے طلبہ کو معاشرتی اقدار سے روشناس کرانا۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



- لیکچرز یا مقالہ جات
- سکول میں طلبہ کے لئے نفسیاتی طور پر محفوظ ماحول تشکیل دینا
- سکول میں پڑھائے جانے والے مختلف مضامین میں اقدار پر مبنی مواد کی تدریس۔

اقدار کی درجہ بندی (Classification of Values):

اقدار کی مختلف انداز میں درجہ بندی کی جا سکتی ہے۔

1- آلہ کار قدر (Instrumental Value):

کوئی مضمون اس وقت آلہ کار قدر کا حامل ہوتا ہے جب وہ صرف اپنی حد تک ہی نہیں رہتا بلکہ اپنے مضمون سے ہٹ کر بھی نتائج کا تعاقب کرتا ہے۔ آلہ کار قدروں میں ابتدائی یا تعارفی، عملی یا افادی، سماجی اور روایتی قدریں شامل ہوتی ہیں۔

2- ابتدائی یا تیار کرنے والی قدر (Preparatory Value):

ابتدائی یا تیار کرنے والی قدر کا حامل مضمون وہ ہوتا ہے جو کہ دیگر اقسام کے مطالعہ جات کے لئے راہ ہموار کرتا ہے، جیسے الجبرا کے مطالعہ کیلئے حساب کا کردار بڑا اہم ہوتا ہے۔

3- تعارفی قدر (Introductory Value):

ایسا مخصوص مطالعہ جو کہ متعدد مضامین کے بارے میں تعارف پیش کرے، تعارفی قدر کا حامل ہوتا ہے، یہ ابتدائی یا تیار کرنے والی قدر سے مشابہت بھی رکھتا ہے، وضاحت کیلئے ہم طبعی جغرافیہ کا انتخاب کر سکتے ہیں جو کہ نباتات، حیوانیات، طبیعات، اور کیمیا کے مضامین کے بارے میں ہمیں تعارف فراہم کرتا ہے۔

4- عملی یا افادی قدر (Practical or Utilitarian Value):

یہ اقدار ہمیں ایسے مضمون میں ملتی ہیں جو کہ متعدد خواہشات اور ضروریات کی تسکین کے لئے انفرادی طور پر اور براہ راست مفید ثابت ہوتا ہے۔ انفرادی طور پر اور براہ راست مفید ہونے کا تعلق اس بات سے ہے کہ مضمون کے علم کا اطلاق متعلم کس حد تک براہ راست اپنے اوپر کرتا ہے۔ ایک شخص چیچک سے بچنے کے لئے صحت و صفائی سے متعلق علم کو بروئے کار لا سکتا ہے۔ یہی علم سماج کے ذریعے دیگر اداروں کے بھی کام آ سکتا ہے، سماجی قدر کا حامل مضمون وہ ہوتا ہے جو کہ سماجی طور پر مطلوب عادات کو فروغ دے یا معاشرے اور اس کی پیچیدگیوں کو سمجھنے میں مدد فراہم کرے۔ سماجی قدروں میں اخلاقی قدریں بھی شامل ہوتی ہیں، یہ اخلاقی اقدار ان اخلاقی عادات پر مشتمل ہوتی ہیں جنہیں معاشرہ تعلیم کے ذریعے اپنے افراد میں پنپتے ہوئے دیکھنا چاہتا ہے۔

5- روایتی اقدار (Conventional Value):

روایتی اقدار کا اطلاق ایسی قدر پر ہوتا ہے جو کہ مضمون میں روایتی طور پر بیان کردہ اور مطلوب ہو۔ بیشتر مضامین اس لئے زیر مطالعہ رہتے ہیں کیونکہ ان مضامین میں پیش کیا گیا علم مخصوص طبقے کے لوگوں کی امیدوں کے مطابق ہوتا ہے۔

علم سماجی تفریح کا سبب بھی بنتا ہے۔ سماجی ماحول میں چونکہ لاطینی، یونانی اور جرمن زبانوں کی اہمیت ہے اس لئے نوجوانوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اس کے بارے میں علم حاصل کریں گے۔

6- داخلی یا باطنی قدر (Intrinsic Value):

"Dewey" نے اسے قدر دان مطالعہ جات (Appreciative Studies) کے طور پر بیان کیا ہے۔ ان مضامین میں نتیجے کے طور پر حاصل ہونے والے تجربات اپنی ایک خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ مطالعہ سے حاصل ہونے والی یہ قدریں خوشی اور ذہنی سکون کی صورت میں ہوتی ہیں۔

7- ابندیوں سے آزاد اور جذباتی قدریں:

(Liberalizing and Sentimental Values):

ابندیوں سے آزاد کرنے والی قدریں ایسی مسرت و شادمانی پر مشتمل ہوتی ہیں جو کہ اپنے ساتھ عقلی بصیرت بھی لئے ہوئے ہوتی ہیں۔ جبکہ جذباتی قدر کا تعلق اس مسرت سے ہے جس کا استخراج محسوسات سے ہوتا ہے۔ جمالیات، مزاج، سماج اور اخلاقی صورتیں ہمارے احساسات کو ابھارتی ہے، ڈرامہ، ادب، موسیقی، مصوری، مجسمہ سازی اور مذہب کا ان اقدار میں الگ الگ مقام ہے۔

8- ناگزیر اقدار (Essential Values):

ان اقدار میں انسان کی بنیادی فطرت اور ابتدائی جسمانی صلاحیتیں، بنیادی سماجی مہارتیں، زبان اور اعداد جیسی علامتوں کے استعمال کی قابلیت صلاحیت اور اہلیت شامل ہوتی ہے۔

9- شخصی اقدار (Personal Values):

یہ اقدار شخص کو ہمیشہ اپنی ذات کے لئے اچھا بنانے کی کوشش اور جدوجہد کرتی ہیں۔

10- سماجی اقدار (Social Values):

یہ اقدار سماج کی بھلائی کے لئے ہوتی ہیں اس کی بنیاد پر فرد معاشرے کے دیگر افراد کے ساتھ خوشگوار تعلقات قائم کرتا ہے۔

11- ادارہ جاتی اقدار (Institutional Values):

ان میں وہ اقدار شامل ہیں جو کہ ادارے قائم کرتے ہیں۔

12- عالم گیر اقدار (Global Values):

ان اقدار کا مکمل طور پر سکول کے باہر تعین ہوتا ہے۔

وقت اور جگہ کے ساتھ ساتھ اقدار میں تبدیلیاں اور ردوبدل بھی ہوتا رہتا ہے تاہم سچائی اور محبت ایسی اقدار ہیں جو مستقل طور پر ہمیشہ قائم رہتی ہیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سوال 9۔ معاشرہ اور ثقافت نصاب پر کیسے اثر انداز ہوتے ہیں، ثقافتی تعصبات کیا ہیں۔ اور نصاب پر اُن کے اثرات بیان کریں؟

جواب: نصاب پر معاشرے اور ثقافت کے اثرات:

(Infuences of Society and Culture of Curriculum):

1- تدوین نصاب میں معاشرے کا کردار:

تدوین نصاب میں سب سے اہم اور بنیادی کردار معاشرہ (سماج) ہی ادا کرتا ہے۔ نصاب کو مرتب کرنے والے ہمیشہ سماج میں پائی جانے والی اقدار کو خصوصی اہمیت دیتے ہیں تاکہ معاشرتی تقاضوں کو پورا کیا جاسکے۔ بچوں کی تعلیم اور معاشرے میں مطابقت کا ہونا بھی لازمی امر ہے جس کا بنیادی مقصد بچوں میں معاشرتی شعور اور فہم اجاگر کرنا ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ معاشرتی اقدار ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوتی رہتی ہیں اور تعلیم ہی اس مقصد کے حصول کے لئے اہم ترین ذریعہ ہے۔ تعلیمی نظام کا انحصار ہمیشہ نصاب پر ہوتا ہے۔ چنانچہ کوئی بھی نصاب ترتیب دیتے وقت اس معاشرے کی ضروریات، مسائل سیاسی و جغرافیائی حالات، اقدار اور نظریات وغیرہ سامنے رکھے جاتے ہیں۔ ہمارا معاشرہ ایک مسلم معاشرہ ہے جہاں اقلیتوں کو بھی مذہبی آزادی حاصل ہوتی ہے۔ اور ہماری قومی زبان ہمارے ملی تشخص کی علامت ہے۔ زراعت ہماری معیشت کی بنیاد ہے۔ یہ ہماری وہ تمام معاشرتی اقدار ہیں جنہیں ہمارے نصاب کی بنیاد بننا چاہئے۔ اس کے علاوہ نصاب میں ایسی سرگرمیوں کا بھی اہتمام کیا جانا چاہئے۔ جو طلبہ کو معاشرے سے ہم آہنگی پر آمادہ کریں، اور طلبہ میں اخوت، ہمدردی، مساوات و انصاف اور نظم و ضبط جیسی سماجی خوبیاں پیدا کر کے انہیں عملی زندگی میں اپنے سماجی فرائض کی انجام دہی کیلئے تیار کرے۔

سماجی اور ثقافتی اثرات شعوری اور غیر شعوری دونوں صورتوں میں نصاب سازوں کو متاثر کرتے ہیں، ان کا کافی گہرا اثر ہوتا ہے۔ تعلیم ہمیشہ نصاب کے ذریعے آشکار ہوتی ہے جو کہ معاشرے اور ثقافت کی بھرپور عکاسی کرتی ہے۔ یہ عکس اس لئے دکھائی دیتا ہے کیونکہ نصاب ساز بھی اسی معاشرے اور ثقافت کا حصہ ہوتے ہیں۔ نصاب اور معاشرہ ایک دوسرے پر دو طرفہ اثر انداز ہوتے ہیں، جہاں معاشرہ نصاب کو متاثر کرتا ہے وہاں نصاب کی وجہ سے ہی معاشرے میں تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں۔

2- نصاب پر ثقافت کے اثرات:

معاشرہ اور ثقافت بالواسطہ انداز میں نصاب سازوں کو متاثر کرتے ہیں کیونکہ وہ خود معاشرے کا حصہ ہوتے ہیں اور ہر فرد شعوری اور غیر شعوری طور پر اپنے معاشرے کی ثقافتی اقدار، رویے، رجحانات اور عقائد کو اپناتا ہے۔ جب یہی معاشرتی خصوصیات نصاب ساز اپناتا ہے تو اس کے اثرات نصاب کے مقاصد، مواد، طریقہ کار، جائزہ وغیرہ پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔

3- ثقافتی تعصبات اور نصاب(Cultural Bias and the Curriculum):

نصاب پر سماجی و ثقافتی اثرات کا انتہائی توجہ طلب پہلو ثقافت کی بنیاد پر قائم ہونے والا تعصب ہوتا ہے۔ معاشرے اپنا وجود برقرار رکھنے کیلئے اپنی اقدار کو سکول جیسے اداروں کے ذریعے نئی نسل تک منتقل کرنے کی کوشش اور جدوجہد

کرتے ہیں، لیکن یہ ضروری نہیں کہ یہ اقدار غیر متعصب ہوں بلکہ ان میں سے کچھ اقدار کے متعصبانہ ہونے کا غالب امکان موجود رہتا ہے، حقیقتاً یہ اقدار اتنے مؤثر انداز میں معاشرے اور سکول میں مدغم ہو جاتی ہیں کہ اس بات کا احساس ہی نہیں ہوتا کہ یہ متعصبانہ ہیں بلکہ انہیں معاشرے کے مقبول جزو کے طور پر قبول بھی کر لیا جاتا ہے۔

اس کی مثال خواتین سے متعلق سوچ کی ہے، ایک عرصے تک خواتین کو خانہ داری اور بچوں کی دیکھ بھال کیلئے مخصوص تصور کیا جاتا رہا ہے، پھر نرسنگ، تدریس اور آفس کے اندر کام کرنے کی کچھ ذمہ داریاں خواتین کے لئے موزوں خیال کی جاتی رہیں، حتیٰ کہ آج سے 30 سال قبل کا معاشرہ دیکھ لیں تب بھی کسی خاتون کے وکیل، پائلٹ، جج یا اعلیٰ کاروباری شخصیت بننے کے حوالے سے سوچا بھی نہیں جاسکتا تھا۔

حالیہ دور میں ماضی کے تصورات کو مضحکہ خیز تصور کیا جاتا ہے، لیکن یہ نئی فکر آسانی سے قائم نہیں ہوگئی بلکہ یہاں پہنچنے کیلئے کئی رکاوٹیں عبور کرنا پڑی ہیں کیونکہ ماضی میں جنسی تفریق پر مبنی عقائد سماج میں اچھی طرح رچ بس چکے تھے، انہیں معاشرتی اقدار کے طور پر انتہائی ضروری خیال کیا جاتا تھا۔ البتہ ان متعصبانہ اقدار کے خلاف جامع اور معیاری نصاب نے بڑا اہم کردار ادا کیا اور تعلیم کے ذریعے عورتوں کو معاشرے میں اہم مقام ملنے لگا۔

نصاب ساز کا کام سماجی اور ثقافت کی متعصبانہ اقدار کا احساس کرتے ہوئے اس سے معاشرے کو پاک کرنے کے لئے نصاب ترتیب دینا ہوتا ہے، لیکن معاشرے کی اچھی اور سودمند اقدار سے نئی نسل کو متعارف کرانا بھی نصاب سازوں کی ایک اہم ذمہ داری ہوتی ہے۔ غرض دونوں صورتوں میں نصاب پر ثقافتی اور سماجی اثرات کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا، غور کیا جائے تو ثقافت کے بغیر نصاب کا تصور بھی ناممکن ہے۔

☆☆☆☆

El Aqua Philosophies of Curriculum

Scop

Curriculum Development

Role and responsibilities of teacher in Curriculum Development

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

باب 4

تدوین نصاب کا تصوراتی ڈھانچہ

Conceptual Framework of Curriculum Development

سوال ۱۔ تدوین نصاب کیلئے تصوراتی ڈھانچہ کیوں ضروری ہے، اظہار خیال کیجئے؟

جواب: تدوین نصاب کے تصوراتی ڈھانچے کی ضرورت واہمیت:

تدوین نصاب ایک انتہائی مشکل مرحلہ ہوتا ہے جس میں بہت سے پہلوؤں کے بارے میں بڑے غور وفکر کے بعد دانش مندانہ فیصلے کرنے پڑتے ہیں۔ ان فیصلوں کا تعلق تعلیم کے عمومی اہداف اور تدریس کے خصوصی مقاصد سے ہوتا ہے۔ نصابی مواد کے انتخاب کے سلسلے میں بڑے پیمانے پر خصوصی توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ تعلیمی تجربات کے انتخاب کے سلسلے میں ہمیشہ یہ یقین رکھنا چاہئے کہ متن کا حصول، اس کی تفہیم اور دوسرے بڑے مقاصد اچھے انداز میں حاصل ہو سکیں۔ اس بارے میں بھی فیصلے کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے کہ طلباء کے تعلم کا جائزہ کس طرح لیا جائے اور مطلوبہ نصابی اہداف اور مقاصد کے حصول کو کیسے جانچا اور پرکھا جائے اور آخری فیصلہ اس مرحلے کا کہ نصاب کے انتخاب کو مجموعی طور پر کیسے پرکھا جائے؟ یہ فیصلے مختلف سطحوں پر کئے جاتے ہیں۔

عموماً کہا جاتا ہے کہ نصاب سماجی، تہذیبی اور ثقافتی بنیادوں پر مشتمل ہوتا ہے اور ثقافت کی عکاسی بھی کرتا ہے۔ نصاب کی بناء میں پروان نہیں چڑھتا بلکہ اس کا تعلق ایسے سوالات سے ہوتا ہے مثلاً لوگ کیسے سیکھتے ہیں؟ اُن کو کیسے ہونا چاہئے؟ اور سماج کیا ہے؟ اس طرح کہا جا سکتا ہے کہ نصاب معاشرے کے تانے بانے سے مربوط ہوتا ہے۔ تدوین نصاب کے فیصلوں کی بنیاد بہت سے مسائل پر رکھی جاتی ہے۔ اگر تدوین نصاب کا عمل بہترین طریقے سے انجام دیا مقصود ہو تو یہ تمام فیصلے بڑے سوچ بچار کے بعد کئے جانے چاہئیں۔ یعنی تدوین نصاب کی بنیاد ہمیشہ پائیدار بنیادوں پر رکھی جانی چاہئے۔

نصاب بنانے والوں کے پیش نظر ان بچوں کی صلاحیت، اہلیت اور عمر کا درجہ ہوتا ہے جن کے لئے نصاب تیار کرنا مقصود ہوتا ہے۔ یعنی اس نصاب سے پہلے وہ کیا کچھ جانتے ہیں؟ اور اس کے بعد وہ کس درجے میں داخل ہو کر مزید کیا کچھ سیکھیں گے؟ اسی طرح بچوں کو تعلیم دینے والے اساتذہ اور سکول کا ماحول، وسائل، طرز معاشرت اور ثقافت، عقائد اور روایات یہ سب کچھ نصاب بنانے والوں کی نظر میں ہونا چاہئے۔

ان فیصلوں کی پیچیدگیاں، مشکلات اور جس سطح پر یہ فیصلے کئے جاتے ہیں۔ ان کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ بات اور

بھی اہم ہو جاتی ہے کہ تدوین نصاب کا تصوراتی ڈھانچہ انتہائی مؤثر ہونا چاہئے۔ لہٰذا اس بات کی یقین دہانی کی ضرورت ہے کہ فیصلہ سازی میں نہ تو کچھ پہلوؤں پر ضرورت سے زیادہ زور دیا جائے اور نہ ہی کچھ دوسرے ضروری پہلو نظر انداز کئے جائیں۔ لہٰذا تصوراتی ڈھانچے کی حیثیت سمندر کے کنارے ایک روشنی کے مینار کی سی ہے۔ اس کا مقصد نقل وحرکت کو روکنا نہیں بلکہ خطرے کے مقامات پر حرکات وسکنات میں رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ جیسا کہ ہلڈا تابا (Hilda Taba) نے بیان کیا ہے کہ تصوراتی فریم ورک ایک طرح سے تدوین نصاب سے متعلق عام معاملات کے بارے میں سوچ وبچار کرنا اور حالات کی ایک ایسی تنظیم ہے۔ جو کہ تدوین نصاب کیلئے انتہائی ضروری ہے۔ وہ مزید وضاحت کرتا ہے کہ یہ فریم ورک [illegible] کا بیان ہوتا ہے جو نصاب کے عناصر کی تشخیص کرتا ہے، ان کے ایک دوسرے کے ساتھ روابط کو بیان کرتا ہے اور [illegible] اصولوں کی نشاندہی بھی کرتا ہے۔ اور جن انتظامی حالات کے تحت اس نے بروئے کار آنا ہے اُس کے بارے میں [illegible] اس تصوراتی ڈھانچے کی ایک منطقی بنیاد ہونی چاہیے جو زیر غور آنے والے ذرائع کی نشاندہی کرے اور [illegible] کے بارے میں آگہی اور شعور فراہم کرے۔ نصاب کے بارے میں ان تمام پہلوؤں پر فیصلہ سازی کی ضرورت ہوتی ہے۔

Elmas Ali

تدوین نصاب میں تصوراتی ڈھانچے کا کردار:

نصاب کے [illegible] سے مراد نصابی ترقی کیلئے درکار تمام اہم ترین عوامل کے بارے میں سوچ اور غور وفکر ہے، اس بات کو ہمیشہ مدنظر رکھا جائے کہ نصاب کس قسم کے مواد پر مشتمل ہوگا، اس کے اہم ترین عناصر کون سے ہوں گے اور ان کو کیسے ترتیب دیا جائے گا، نصابی فیصلوں میں معلومات اور معیار کو کیسے استعمال کیا جائے گا؟

نصاب سے متعلق لٹریچر میں ہمیں تصوراتی ڈھانچے کے حوالے سے [illegible] چند ایک مباحث ہی ملتے ہیں۔

1- ہیرگ نے اس کیلئے نصابی تھیوری کا لفظ استعمال کیا ہے اور مندرجہ ذیل میں اہم نکات تجویز کئے ہیں۔

2- نصابی ترقی کے عمل میں حساس ترین موضوعات اور نکات کی نشاندہی کرنا اور انہیں [illegible] کے طور پر پیش کرنا۔

i- حساس نکات اور ان کی نشاندہی کرنے والے ڈھانچے کے درمیان تعلق [illegible]؟

ii- حساس مسائل کے حل کیلئے مختلف قسم کے طریقے تجویز کرنا

iii- گڈلاڈ تصوراتی نظام کی اصطلاح استعمال کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اس نظام میں تحقیق کے ایسے طریقے [illegible] ہونے چاہئیں جن سے نصابی ترقی کے حوالے سے بنیادی سوالات کے بہتر جواب تلاش کئے جا سکیں۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل سوالات تجویز کئے جا سکتے ہیں۔

1- نصاب کیا ہے؟ نصاب میں کیا ہونا چاہئے؟ اور نصاب کے مسائل اور طریقہ تدریس میں کیا فرق ہے؟

2- نصاب کے بنیادی عناصر کون کون سے ہیں؟ ان کے انتخاب اور کردار کی تعیین کیلئے ہونے والی فیصلہ سازی میں کس قسم کے اصول تجویز کئے جائیں گے؟

3- نصاب کے بنیادی عناصر کے درمیان کیسا تعلق ہونا چاہئے؟ نیز اس تعلق کو قائم رکھنے کے لئے کیا معیار ہونا چاہئے؟

4- نصاب کی ترتیب میں کس قسم کے مسائل اور رکاوٹیں پیش آتی ہیں؟ تدوین نصاب کیلئے فیصلہ سازی کے دوران کس قسم کا معیار اپنایا جانا چاہئے؟

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

نصابی دھانچے کا عملی اور انتظامی حالات کے ساتھ کیا تعلق ہوتا ہے؟

-5 نصابی دھانچے کے حوالے سے فیصلوں کی واضح ترتیب کیا ہونی چاہیے اور ان کی ایک سے دوسرے کی طرف حرکت کیسے ممکن ہو؟

-6 تدوین نصاب کے حوالے سے فیصلوں کی واضح ترتیب کیا ہونی چاہیے اور ان کے باہمی تعلق کو بھی بیان کریں۔

نصابی فریم ورک حقیقت میں نصاب میں موجود عناصر کی نشاندہی کرتا ہے اور ان کے باہمی تعلق کو بھی بیان کرتا ہے۔ اس کے علاوہ اس نصاب نے جن حالات کا سامنا کرنا ہے ان کی تنظیم اور ضروریات کے حوالے سے بھی نشاندہی کی جاتی ہے۔

سوال 2۔ تدوین نصاب کے نقطہ نظر بیان کریں؟

جواب: تدوین نصاب کے ماڈل:

1- رالف ٹیلر کا تجویز کردہ تصوراتی ماڈل:

نصاب کی تدوین اور تجزیے پر پہلی رالف ٹیلر کا تجویز کردہ تصوراتی ماڈل ہمیں مندرجہ ذیل چار بنیادی سوالات کے جوابات مہیا کرتا ہے۔

i- مدرسے کو کن تعلیمی مقاصد حاصل کرنے چاہئیں۔

ii- ان مقاصد کے حصول کیلئے کون سے تعلیمی تجربات درکار ہیں؟

iii- ان تعلیمی تجربات اور سرگرمیوں کو موثر انداز میں کیسے منظم کیا جائے؟

iv- ہم کیسے یہ فیصلہ کریں کہ آیا یہ مقاصد حاصل کیے جا رہے ہیں یا نہیں؟

ٹیلر کے یہ سوالات چار مراحل پر مبنی ایک ترتیب پیش کرتے ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہے۔

i- مقاصد کی شناخت
ii- تجربات اور سرگرمیوں کا انتخاب
iii- تجربات اور سرگرمیوں کو منظم کرنا
iv- نتائج کا جائزہ

ان چاروں مراحل کو نیچے کی ڈایاگرام میں واضح کیا گیا ہے۔



رالف ٹیلر کا تدوین نصاب کا تجویز کردہ تصوراتی ماڈل

تعلیمی مقاصد کے ذرائع:

رالف ٹیلر تجویز کرتا ہے کہ تعلیمی مقاصد کے تین بڑے ماخذ ہیں۔

i- کسی معاشرے کے بارے میں مطالعہ
ii- سیکھنے والوں یعنی طلبہ کا مطالعہ

نصابی مواد کے ماہرین

iii- تاہم سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ معاشرہ اور سیکھنے والے اور نصابی مواد کے ماہرین اپنا یہ مطالعہ کن ذرائع سے حاصل کرتے ہیں؟ کیا کوئی ان تینوں ذرائع کو اکٹھا کرنے والا ربط موجود ہے؟ ٹیلر کے سوالات کی اس ترتیب میں یقیناً کچھ نقص ضرور موجود ہے کیونکہ اس کے تجویز کردہ سوالات کی یہ ترتیب اس اہم سوال کا جواب پیش کرنے میں ناکام رہتی ہے۔

2- یونیورسٹی آف مینوسوٹا (Minnesota) کا تجویز کردہ نصابی ماڈل:

یونیورسٹی آف مینوسوٹا کا تجویز کردہ نصابی ماڈل ایک مثلث نما ڈھانچہ کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس مثلث کا ارتفاع [illegible] سب سے وسیع تر مقاصد کو بیان کرتا ہے۔ اس کا ایک ضلع تعلیم، زندگی اور فلسفے کو ظاہر کرتا ہے جبکہ مثلث کا دوسرا ضلع سکول [illegible] دائرہ کار اور معاشرے کی ضروریات کو نمایاں کرتا ہے۔ یہ ماڈل اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ نصاب ان [illegible] مشتمل ہوتا ہے جو طلباء اور سماج کی ضروریات کی درست سمت کا تعین کرتے ہیں۔



نصابی ماڈل یونیورسٹی آف مینوسوٹا

جیسا کہ ماڈل کی تصویر سے ظاہر ہے کہ [illegible] ماڈل تجربات اور سرگرمیوں کی انتہائی اہم حیثیت کو یکسر نظر انداز کر دیتا ہے جو کہ مقاصد کے حصول کیلئے انتہائی ضروری ہوتا ہے۔

3- تھرٹی سکول ایکسپیریمنٹ ماڈل:

ایک اور ماڈل بھی تجویز کیا گیا ہے جس کو تھرٹی سکول ایکسپیریمنٹ (Thirty School Experiments) بھی کہا جاتا ہے۔ یہ ماڈل چار باہم مربوط عناصر کو بیان کرتا ہے۔

i- مقاصد
2- مضمون
3- تدریس کا طریقہ کار
4- تنظیم اور جائزہ

اس ماڈل میں ان سوالات کے جوابات دیئے ہیں کہ

i- کیا کچھ کیا جانا چاہیے؟
ii- کونسا نفسِ مضمون اختیار کیا جائے؟
iii- نتائج کی جانچ پڑتال کیسے کی جائے؟

یہ سوالات اُن اقدامات کو بیان کرتے ہیں جو ترتیب وار تو نہیں [illegible] ایک دوسرے کے ساتھ قریبی طور پر مربوط اور جڑے ہوئے ہیں۔ تاہم یہ ماڈل اس بات کی نشاندہی نہیں کرتا کہ اس کی بنیاد پر کیے جانے والے فیصلوں کی بنیاد کیا ہوگی۔

4- ہلڈا تابا (Hilda Taba) کا تجویز کردہ ماڈل:

ہلڈا تابا (Hilda Taba) نے نصاب کے بارے میں ایک زیادہ مربوط طریقہ کار تجویز کیا ہے۔ اُس کے مطابق تدوینِ نصاب کے لئے مندرجہ ذیل مراحل درکار ہوتے ہیں۔

AIOU LIBRARY



کریکولم ڈویلپمنٹ/ تدوین نصاب (8603) برائے بی۔ایڈ 110

-1 ضروریات کی تشخیص
-2 مقاصد کی تشکیل
-3 مواد کا انتخاب
-4 مواد کی تنظیم
-5 تدریسی تجربات اور سرگرمیوں کی تنظیم
-6 تدریسی تجربات اور سرگرمیوں کا انتخاب
-7 اس بات کا فیصلہ کہ کس چیز کا جائزہ لینا چاہتے ہیں اور اس کیلئے کونسا طریقہ کار اختیار کیا جائے؟
-8 ہلڈا تابا کا تجویز کردہ یہ ماڈل نصاب کی تدوین کے بنیادی اصولوں کا تعین کرتا ہے اور عمل کو آسان بھی کرتا ہے۔

اس ماڈل کیلئے تدوین نصاب کے بارے میں بہت سے مواد کی ضرورت پیش آتی ہے۔

-5 ہگلے اینڈ ایونز کا تجویز کردہ تصوراتی ماڈل: (Hagley and Evans Conceptual Model):

اس ماڈل میں مندرجہ ذیل اقدامات تجویز کیے گئے ہیں۔

-1 نصابی کمیٹی کی تشکیل
-2 تدریسی مقاصد، اہداف اور مقصود کا انتخاب
-3 موزوں مواد، تدریسی تجربات، سرگرمیوں اور تدریسی معاونت کا انتخاب
-4 تدریس کے بہترین طریقے کار کا انتخاب
-5 مقرر کردہ مقاصد، اہداف اور مقصود کے مطابق جائزے کے طریقہ کار کا انتخاب
-6 مواد، تدریسی سرگرمیوں، تجربات اور طریقہ تدریس کی آزمائش
-7 رہنمائے نصاب کی تیاری کا عمل
-8 مسلسل مطالعہ، جائزے اور نصابی اصلاح پر مبنی طریقہ کار کی فراہمی

مندرجہ بالا تصوراتی ڈھانچہ میں ایک نصابی اور معیاری نصاب تیار کرنے میں مدد دیتا ہے جو تدوین نصاب کے تمام عناصر پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ ماڈل نصابی مواد کے انتخاب اور اس کے مختلف ذرائع کو واضح کرتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی وضاحت کرتا ہے کہ یہ سب کچھ کہاں سے حاصل کیا جائے۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ کونسے عنصر کیلئے کونسا طریقہ کار اختیار کیا جائے؟ کیونکہ اگر ایسا نہ کیا جائے تو انتخاب کے مختلف پہلوؤں کے سلسلے میں متنازعہ امور بھی سر اٹھا سکتے ہیں۔

سوال 3۔ رالف ٹیلر کے تدوین نصاب کے ماڈل کی وضاحت کیجئے؟

جواب: رالف ٹیلر (Ralph Tyler) کا تدوین نصاب کا ماڈل:

نصاب کی تدوین اور تجزیے پر مبنی رالف ٹیلر کا تجویز کردہ تصوراتی نمونہ مندرجہ ذیل چار بنیادی سوالات کے جوابات فراہم کرتا ہے۔

-1 مدرسے کو کون سے تعلیمی مقاصد حاصل کرنے چاہئیں؟
-2 ان مقاصد کے حصول کیلئے کونسے تعلیمی تجربات، مشاہدات اور سرگرمیاں مہیا کی جانی چاہئیں؟
-3 ان تعلیمی تجربات اور سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں کیسے منظم کیا جائے؟
-4 ہم یہ فیصلہ کیسے کریں کہ آیا یہ مقاصد حاصل کیے جا رہے ہیں یا نہیں؟

ٹیلر کے یہ سوالات چار مراحل پر مشتمل ایک ترتیب پیش کرتے ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہے۔

کریکولم ڈویلپمنٹ/ تدوین نصاب (8603) برائے بی۔ایڈ 111

-ii مقاصد کی شناخت
تجربات اور سرگرمیوں کا انتخاب
تجربات اور سرگرمیوں کو منظم کرنا
-iv نتائج کا جائزہ:

ان چاروں مراحل کو نیچے ڈایاگرام میں واضح کیا گیا ہے۔

رالف ٹیلر کا تدوین نصاب کا تجویز کردہ تصوراتی ماڈل

سوال 4۔ تدوین نصاب کیلئے ہلڈا تابا (Hilda Taba) نے کون کون سے اقدامات اٹھانے کی تجویز پیش کی ہے؟ وضاحت کیجئے۔

جواب: ہلڈا تابا (Hilda Taba) کا تجویز کردہ ماڈل:

ہلڈا تابا (Hilda Taba) نصاب کے بارے میں ایک زیادہ مربوط طریقہ کار تجویز کیا گیا ہے۔ اُس کے مطابق تدوین نصاب کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات درکار ہیں۔

-1 ضروریات کی تشخیص
-2 مقاصد کی تشکیل
-3 مواد کا انتخاب
-4 مواد کی تنظیم
-5 تدریسی تجربات اور سرگرمیوں کا انتخاب
-6 تدریسی تجربات اور سرگرمیوں کی تنظیم
-7 اس بات کا فیصلہ کہ کس چیز کا جائزہ لینا چاہتے ہیں اور اس کیلئے کونسا طریقہ کار اختیار کیا جائے؟

ہلڈا تابا کا تجویز کردہ یہ ماڈل نصاب کی تدوین کے بنیادی اصولوں کا تعین کرتا ہے اور عمل کو آسان بھی کرتا ہے۔ اس ماڈل کیلئے تدوین نصاب کے بارے میں بہت سے مواد کی ضرورت پیش آتی ہے۔

سوال 5۔ تدوین نصاب کے عناصر بیان کریں، یہ آپس میں کس طرح جڑے ہوئے ہیں روشنی ڈالیں۔

جواب: تدوین نصاب کے عناصر:

مختلف نصابی نمونوں کے تجزیے سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ تدوین نصاب کے بنیادی عناصر درج ذیل قرار دیے جا سکتے ہیں۔

-i مقاصد
-ii مواد
-iii طریقہ تدریس
-iv جائزہ

ان میں سے مقاصد سماج کی اقدار اور ضروریات، علم کی نوعیت اور سیکھنے والوں کے کلچر اور ضروریات کو بیان

AIOU LIBRARY
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کرتے ہیں۔ دوسری طرف مواد جس مضمون کے بارے میں فیصلہ مدرسے میں پیش کردہ مضامین اور تدریس کے طریقہ کار کے تجزیے میں سے اخذ کیے جاتے ہیں۔ ان تصورات کی ترتیب اور صورت گری میں تعلیمی فلسفہ اور نفسیات بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، نصابی مقاصد کے حصول اور طریقہ تدریس کی سرگرمیوں اور تجربات کے انتخاب اور تنظیم کا کیسے ہے؟ تعلم کے نظریات، تدریسی اصول اور نفسیات کس طرح تدریسی سرگرمیوں اور تجربات کے انتخاب معاون اور مددگار ثابت ہوتے ہیں؟

نصاب کا چوتھا عنصر یعنی جائزہ اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک کہ نصابی مقاصد کا جائزہ لے کر فیڈ بیک (feed back) فراہم نہ کی جائے۔ نصاب کے بنیادی عناصر میں ایک ایسا ماڈل تیار کرنے کے قائل بناتے ہیں جس کی مدد سے مندرجہ ذیل سوالات کا جواب مہیا کر سکے۔

i- نصاب کا مقصد کیا ہے؟
ii- کونسا نصابی مواد استعمال کیا جائے؟
iii- کونسے تعلیمی تجربات اور سکول کی سرگرمیاں فراہم کی جائیں؟
iv- نتائج کی جانچ پڑتال کیسے کی جائے؟

نصابی عناصر کا تعلق:

تدوین نصاب میں نصابی عناصر ایک دوسرے کے ساتھ بڑا گہرا تعلق رکھتے ہیں اور ایک دوسرے پر انحصار بھی کرتے ہیں۔ ہلڈا تابا (Hilda Taba) کے مطابق نصاب کے کسی ایک عنصر کے بارے میں کیا ہوا فیصلہ جس کا تعلق دوسرے عناصر کے ساتھ نہ ہو۔ لازمی طور پر ناقص ہوگا۔ ہر نصابی عنصر صرف اسی وقت بامعنی اور مفید ثابت ہوگا جب اس کو دیگر عناصر کے ساتھ باہم مربوط کر کے دیکھا جائے گا۔ مثال کے طور پر تعلیم کے خصوصی مقاصد، تعلیم کے عمومی مقاصد میں سے ہی اخذ کیے جاتے ہیں۔ اگر تعلیم کا عام مقصد بہتر شہریوں کی نشوونما ہے تو سوچ بچار کی صلاحیت پیدا کرنا اسی مقصد کا حصہ ہے۔ غور و فکر کی اس اہلیت کے لیے ضروری ہے کہ تعلیمی تجربات کے انتخاب اور تنظیم پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ جائزے کے پروگرام ایک بامقصد شکل اختیار کر سکیں۔

اس کی وضاحت یوں کی جا سکتی ہے کہ نصاب کے مقاصد مقرر کرتے وقت معاشرے کے حالات کا تجزیہ لازمی شرط ہے کہ اس کے تقاضے اور ضروریات کس نوعیت کی ہیں۔ یہاں کس قسم کی ثقافتی اقدار موجود ہیں۔ اس کے بعد نصاب مضمون کے انتخاب اور تنظیم کا مرحلہ آتا ہے۔ نفس مضمون کی تنظیم کے بعد یہ فیصلہ کیا جائے گا کہ اسے کس انداز میں طالب علموں تک پہنچایا جائے۔ مواد کو طلبہ تک پہنچانے کے لئے طریقہ تدریس ایک اہم کردار ادا کرتا ہے اور مؤثر اور دلچسپ طریقہ تدریس کے ذریعے ہی مواد کو طلبہ کے ذہنوں میں منتقل کیا جا سکتا ہے۔ غرضیکہ نصابی اجزاء کے باہمی میلاپ کے باعث نصابی تجربے اور جائزہ کا عمل ہمیشہ اپنے مخصوص طریق کار میں جاری رہے گا اور یوں نصابی اجزاء اپنے کل یعنی تدریسی عمل کو بہتر سے بہتر انداز میں جاری رکھنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ جس طرح ایک مشین بہت سے کل پرزوں پر مشتمل ہوتی ہے اور ان کا باہمی روابط و ہم آہنگی مشین کی درست کارکردگی کا باعث بنتی ہے۔ بالکل اسی طرح مختلف نصابی اجزاء کے درمیان کامل روابط و ہم آہنگی نصاب کو بہ صلاحیت بخشتی ہے کہ وہ کامیاب عمل آموزش یعنی (Learning) سیکھنے کے درست عمل کا ذریعہ ثابت ہو۔ نصابی اجزاء کے درمیان تعلق کو گرافک کی شکل میں پیش کرنے کا ایک انداز درج ذیل ہے، اس کے علاوہ یہ بھی یاد رکھا جائے کہ ہر نصابی جزو دیگر اجزاء سے منسلک ہوتا ہے اس لیے کسی بھی جزو کے بارے میں



سوال:۔ آپ تدوین نصاب سے متعلق بخوبی علم رکھتے ہیں آپ کی نظر میں پاکستان میں تدوین نصاب کے کس ماڈل کو خصوصی ترجیح دی جائے اور کیوں؟

جواب: پاکستان کے لئے تدوین نصاب کا مجوزہ تصوراتی ڈھانچہ:

A Proposed Conceptual Framework of Curriculum Development for Pakistan

تدوین نصاب کے مختلف تصوراتی ماڈلز کا جائزہ لینے کے بعد، اور ان کے ایک دوسرے پر انحصار کے مطالعے سے تدوین نصاب کے ایک موثر اور بہتر ماڈل کی تصویر سامنے آتی ہے۔ اس سے ہم تدوین نصاب کا ایک ایسا ماڈل تجویز کر سکتے ہیں جو کہ صرف ہماری سائنسی ضروریات کو پورا کرنے کے بلکہ دیگر نظریاتی ضروریات کے بھی عین مطابق ہو۔ ذیل میں پیش کیے گئے تصوراتی ڈھانچے میں اقدار کو مرکزی حیثیت حاصل ہے البتہ جدید ماڈلوں کا پہلے مطالعہ کیا گیا ہے ان میں یا تو اقدار کو نظر انداز کر دیا گیا ہے یا پھر ان کی حیثیت نہ ہونے کے برابر ہے۔ یہ ڈھانچہ مقاصد کے تعین، مواد کے انتخاب، طریقہ کار اور جائزہ کے حوالے سے اقدار کی اہمیت کو بڑا واضح کرتا ہے۔ پہلے جن ڈھانچوں کا مطالعہ کیا گیا ہے ان میں فلسفے اور عقائد کے اثرات کو تسلیم کرنے کے باوجود اقدار کے تصور پر خاص توجہ دی گئی ہے اور یہ اقدار ہمیشہ عقائد اور فلسفیانہ نظریات کی ہی عکاسی کرتی ہیں اور مطلوب رویے اور مہارتوں کے انتخاب پر اثر انداز ہوتی ہیں۔

طبعی ماحول، طالبعلم، تعلیمی مقاصد، مواد، تعلیمی تجربات اور جائزے کے طریقوں کی اقدار سے ساخت ہونی چاہیے تاکہ اجزائے نصاب کو آپس میں اکٹھا رکھا جا سکے۔ پورے ماڈل میں اقدار آگے منتقل ہوتی ہیں۔ ان اشکال میں ظاہر بھی ہوتی ہیں۔ جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہے اس لئے ہماری بعض بڑی سمی خدار ہیں جن میں کبھی کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہوتی جیسا کہ نیکی، سچائی، ایمانداری وغیرہ۔

یہ اقدار کورس کے تعلیمی مقاصد کے تعین کے لئے مکمل ڈھانچہ فراہم کرتی ہیں، جس میں دیگر سماجی ضروریات کا بھی خیال رکھا گیا ہوتا ہے۔ مقاصد کی تشکیل کے بعد مواد اور طریقہ تدریس کا تعین کرتے ہیں اور آخر میں جائزے کے طریقہ کار کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ جائزے کے بعد ضرورت پڑنے پر ہم طریقہ کار، مواد، مقاصد اور آخر میں اقدار کی جانب

AIOU LIBRARY

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

دوبارہ ورجوع کرتے ہیں۔تاہم اس وقت رجوع اقدار کے اصل سرچشمے کی جانب نہیں بلکہ اس کے صرف ظاہری حصے اور تشریح کی طرف ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال7۔ تدوین نصاب کا طریقہ کار کی وضاحت کیجئے؟

جواب: تدوین نصاب کا طریقہ عمل:

(Process of Curriculum Development):

تدوین نصاب کا عمل چار مرحلوں پر مشتمل ہوتا ہے جو کہ درج ذیل ہیں۔

1- مقاصد کا انتخاب 2- مواد کا انتخاب وترتیب 3- تعلیمی تجربات (طریقے) کا انتخاب وترتیب 4- جائزہ

تدوین نصاب کوئی ایسی سرگرمی نہیں جو کہ ایک ہی مرتبہ شروع کر کے ختم کر دی جائے۔ بلکہ یہ ایک مسلسل عمل ہے۔مثلاً جائزہ جو کہ بظاہر اختتامی مرحلہ نظر آتا ہے، حقیقت میں نصاب میں ردوبدل اور ترامیم کی جاتی ہیں اور مزید بہتری لائی جاتی ہے۔تدوین نصاب کے تمام مراحل کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1- مقاصد کی تشکیل (Formulating Objective):

اقدار کے ساتھ تدوین نصاب کا پہلا مرحلہ مقاصد کی تشکیل کا ہے۔ ہمیشہ مقاصد ہی نصاب کا ڈھانچہ متعین کرتے ہیں۔پورے تعلیمی پروگرام کی وسعت، پھیلاؤ اور تعلیمی سرگرمیوں کی نوعیت اس میں شامل ہوتی ہے۔اگر مقاصد کو ٹھیک ٹھیک اور واضح انداز میں بیان کیا جائے تو تعلیمی سرگرمیوں کا انتخاب اور ترتیب آسان ہو جاتی ہے۔اگر مقاصد عامیانہ اور مبہم ہوں تو مواد، تعلیمی سرگرمیوں کا انتخاب اور مطلوبہ نتائج کا جائزہ انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔مقاصد کی درجہ بندی یوں کی جا سکتی ہے۔

i- مختصر طویل المدت مقاصد (Short and Long Term Objectives):

مقاصد مختصر اور طویل المدت دونوں طرح کے ہو سکتے ہیں، اول الذکر تھوڑے عرصے کے لئے ہوتے ہیں جبکہ طویل المدت مقاصد فرد کے پورے تعلیمی دور پر محیط ہوتے ہیں۔

ii- مخصوص اور عمومی مقاصد (Specific and General Objectives):

خاص خاص مقاصد کا تعلق نصاب کے ایک مخصوص حصے سے ہوتا ہے جبکہ عمومی مقاصد کے لئے کسی مضمون کی تخصیص نہیں ہوتی۔

iii- کرداری اور عمومی مقاصد (Behavioural and General Objectives):

مقاصد کو کردار، رجحان اور رویے کی شکل میں بھی پیش کیا جا سکتا ہے اور عمومی طریق کار سے بھی سامنے لایا جاتا ہے۔کردار اور رویے کی شکل میں مقاصد کو پیش کرنے کی تحریک کا سہرا ٹیلر (Tyler) کے سر ہے۔ٹیلر (Tyler) نے

مقاصد کو ایسے بیان کی صورت میں پیش کرنے پر زور دیا ہے جس میں طلبہ کے رجحانات میں مطلوب تبدیلی کی نشاندہی کی گئی ہو۔پھر ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے تعلیمی سرگرمیاں ترتیب دی جائیں، کرداری مقاصد اس شکل میں ہوتے جس سے پتا چلتا ہے کہ طالبعلم کورس کے اختتام پر کیا کچھ کرنے کے قابل ہو سکے؟

2- مواد کا انتخاب (Selection of Content): (4)

تدوین نصاب کے مرحلے میں مواد کے انتخاب اور اس کی ترتیب میں عمومی مقاصد سے مخصوص مقاصد کی جانب بڑھا جاتا ہے یعنی اس بات پر غور کیا جاتا ہے کہ مطلوبہ مقاصد مخصوص افراد (مثلاً آٹھویں جماعت کے طلبہ) کیسے حاصل کیے جائیں گے۔مخصوص مقاصد کو کھول کر بیان کیا جانا ضروری ہے، مثال کے طور پر اگر عمومی مقصد طلبہ کو مسلسل تعلم جاری رکھنے کی مہارت دینا ہے تو اس سے متعلق مخصوص مقاصد میں پڑھنے، سننے، سوال کرنے اور معلومات کو ترتیب دینے کی مہارت دینا شامل ہوگا۔

[illegible] میں مواد کی ہر اس قسم کی نشاندہی کی جاتی ہے جو کہ مختلف مضامین کے حوالے سے مخصوص مقاصد کو حاصل کرنے میں [illegible] ہوتا ہے۔پھر سوال اٹھتا ہے کہ اس مواد کو کیسے ترتیب دیا جائے، تابا (Taba) کے مطابق مواد کو ترتیب دیتے [illegible] مواد کی وسعت، تسلسل، ہم آہنگی اور ربط کو مدنظر رکھنا چاہئے۔ وسعت سے مراد اس بات کی نشاندہی کرنا ہے کہ مواد میں کہ [illegible] کتنی گہرائی میں اسے سیکھا جائے گا؟ اس سلسلے میں الجھن اور ابہام سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ طلبہ کی [illegible] قابلیتوں کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ تسلسل کا تعلق طلبہ کے سامنے پیش کیے جانے والے مواد اور طریقہ عمل [illegible] ربط سے ہوتا ہے، یہاں پر بھی صرف مواد اور طریق عمل کے درمیان تعلق پر اکتفا نہیں کرنا چاہئے بلکہ حاصل کی جانے والی [illegible] تعلیمیتوں کے درمیان بھی ہمیشہ تسلسل قائم رہنا چاہیے۔ جبکہ ہم آہنگی و ربط (Integration) کو نصاب کے مختلف شعبوں میں ایک ہی وقت پر وقوع پذیر ہونے والے تعلم کے درمیان تعلق سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

مواد کے انتخاب کو لازمی طور پر ایسے معیارات پر مشتمل ہونا چاہیے جو کہ دیگر کے مقابلے میں زیادہ اہم ہوں، کورس میں مخصوص قسم کا مواد شامل کرنے سے قبل اس [illegible] کا جائزہ لے لینا [illegible] اہمیت، دلچسپی اور سیکھنے کی قابلیت کے معیارات پر ہر لحاظ سے پورا اترتا ہے یا نہیں؟

مواد کی ترتیب و تنظیم:

تدوین میں اجزائے نصاب کے انتخاب کے بعد ان کی تنظیم کا مرحلہ آتا ہے۔نصاب کی ترتیب و تنظیم بھی ایک خاص انداز میں کرنی چاہیے تا کہ طلبہ کو زیادہ سے زیادہ آسانیاں میسر ہوں اور وہ آسانی سے علم حاصل کر سکیں۔اس کیلئے ایک ماہر تعلیم ٹائلر نے 1949ء میں تین اصول وضع کئے۔

1- تسلسل یا دہرانا 2- ترتیب

3- ہم آہنگی

Elmas Ali

1- تسلسل:

تدوین نصاب کی اہمیت میں تسلسل سے مراد یہ ہے کہ ایسے مقاصد جن کے عمل میں جستجو و تحقیقی مہارتیں شامل

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



ہوں ان کو اس طرح سے مرتب کیا جائے کہ طالب علم کو ان سے بار بار واسطہ پڑے۔ یہ عمومی سفر یا سیڑھی پر چڑھنے یا قدم بہ قدم ہدایات کو سمجھنے اور سیکھنے کا عمل ہے۔ بتدریج یہ ایک ایک قدم سیڑھی پر بلندی کی طرف لے جاتا ہے۔ قدم صدق اس طرح کی ترتیب سے طالب علم کو بار بار مواقع ملیں گے اور بہتر طور پر اس میں کامل مہارت حاصل کرے گا اور نیچے کی سطح سے اوپر کی سطح تک بآسانی بڑھتا جائے گا۔

2- ترتیب:
تدوین نصاب میں مواد کو مرتب کرتے وقت یہ نظریہ بھی در اصل اسی تسلسل ہی کی کڑی ہے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ اس میں ترقی پسندانہ طریقہ اختیار کیا جائے۔ یہ عمومی سیڑھی (عمومی سیڑھی پر قدم بہ قدم چڑھنے کی طرح) نہ صرف یہ کہ وہ محض دہرائی جاری ہے۔ اس میں ترقی بھی ہو رہی ہے۔ اس میں اور باتیں اور جہتیں بھی شامل ہوتی ہیں اس طرح ایک ترتیب کے ساتھ علم کا حصول قدم قدم پروقتاً فوقتاً بڑھتا چلا جائے گا۔ یہ عمل دنوں، ہفتوں اور مہینوں میں ختم نہیں ہوتا بلکہ سکول کے دورانیہ تک جاری رہتا ہے۔

3- ہم آہنگی:
یہ مرکز یا تیسرا اصول عمودی کی بجائے اجزائے نصاب کے افقی تعلق اور شعور کے حوالے سے ہے۔ مثلاً لٹریچر کا طالب علم نہ صرف لفاظی سیکھتا ہے بلکہ سماج، ملک اور حالات کی نزاکتوں میں کئی ہم رنگی، جغرافیائی اور نفسیاتی مضامین سے بھی واقفیت حاصل کرتا ہے اور نہ اس کا علم ادھورا اور نامکمل رہتا ہے۔ یہ مضامین کی ہم آہنگی (سائنس اور فنون) طلبہ کے لئے علم حاصل کرنے میں بڑی معاون ثابت ہوتی ہے۔

4- طریقہ تدریس کا انتخاب:
تعلیمی سرگرمیوں میں اجزائے نصاب کا اہم پہلو جس کو مدنظر رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے وہ اس کا طریقہ تدریس ہوتا ہے۔ اس میں یہ کہنا مشکل ہوتا ہے کہ جہاں سے کسی ایک کام کا آغاز ہوتا ہے وہاں پر کسی دوسرے کا اختتام ہو۔ ہو سکتا ہے کہ مواد اختیار کئے گئے طریقہ تدریس کے درمیان تعلق نہ ہونے کی وجہ سے متعین کردہ مقاصد کو حاصل نہ کیا جا سکے۔ طریقہ تدریس نصاب کے کسی بھی دوسرے عنصر سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ مقاصد طریق تدریس کو متاثر کرتے ہیں، مواد طریق کار، اساتذہ، متاثر کردوں، مدرسے میں پائی جانے والی سہولیات کو متاثر کرتا ہے اور ماحول طریق تدریس کے انتخاب کو متاثر کرتا ہے۔ تجربے، مشاہدے اور تحقیق سے ثابت ہوتا ہے کہ متاثر کن تدریس کے لئے مختلف طریق کار کا ہونا یا استعمال کرنا انتہائی اہم ہوتا ہے۔ اس ضمن میں نہیں داخل دیے جا سکتے ہیں۔

1- جب تمام طلباء کے لئے ایک ہی قسم کی تدریسی حکمت عملی یا طریقہ کار اپنایا جائے گا تو ضروری نہیں کہ تمام طلباء کو اس سے فائدہ پہنچے۔ مثال کے طور پر بعض طلباء یہ پسند کرتے ہیں کہ اُن سے سوالات پوچھے جائیں تو دوسری طرف بعض طلباء ذاتی طریقے کو پسند کرتے ہیں۔

2- بعض مخصوص حالات میں کئی طریق تدریس مفید نہیں ہوتے یا اُن کو استعمال میں نہیں لایا جا سکتا۔ مثال کے طور پر جب طلباء میں شخصی نظریہ (Self Concept) کو فروغ دینا ہو تو ایسی صورتحال میں لیکچر کا طریقہ کار مفید ثابت نہیں ہو سکتا بلکہ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے گروپ کی شکل میں کام کرنا اہم اور مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

3- کوئی بھی طریقہ تدریس دوسرے سے بہتر نہیں ہوتا۔ بلکہ زیادہ اہمیت استاد کا حاصل ہے جو کہ صورت حال کے

مطابق طریقہ تدریس کا انتخاب کرتا ہے۔ اور اپنی مہارت و اہلیت اور صلاحیت سے طریقہ تدریس کو کامیاب بناتا ہے۔ اسی طرح ہر طریقہ ہر جگہ کام نہیں دیتا۔ مثال کے طور پر لیکچر کا طریقہ درس و تدریس کے عمل میں انتہائی اہم ہے تاہم یہ کسی مہارت کے استعمال یا سائنس کے تجربے کے لئے مفید ثابت نہیں ہوتا۔

جائزہ:
5- ایک معیاری اور جامع نصاب کو ترتیب دیتے وقت نصابی جائزہ تدوین نصاب کے عمل کا آخری اور ایک لازمی پہلو ہوتا ہے اور یہ نصابی جائزہ ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے نصاب کا خاکہ تیار کرنے میں، نصاب کے مقاصد حاصل کرنے میں اور نصاب کے بارے میں مفید معلومات مہیا کرنے کے ساتھ ساتھ فیصلہ کرنے میں بھی مدد ملتی ہے۔ نصابی تعلیمی جائزے سے ایک مختلف اصطلاح ہوتی ہے کیونکہ اس کا استعمال یہ جاننے کے لئے کیا جاتا ہے کہ اساتذہ جائزہ ایک مخصوص نصاب کے بارے میں کس قسم کے ردعمل کا مظاہرہ کرتے ہیں؟ نصابی جائزے میں مقاصد کی جانچ ... لئے نصاب اور ان تمام سیاق و سباق کا مطالعہ کرنا کہ طلباء نے اس مخصوص نصاب کے بارے میں کس قسم کے رد... کا اظہار کیا ہے شامل ہے۔

جائزہ کے مقاصد:
- نصابی جائزہ سے ... کرنے والے اور سیکھنے والے کو فیڈ بیک حاصل ہوتا ہے۔
- اس بات کا تعین کرنا ... سکتا ہے کہ سیکھنے والا کتنے اچھے انداز سے تعلیمی مقاصد حاصل کر رہا ہے۔
- نصاب کو مزید بہتر سے ... رہتا ہے۔
- سیکھنے والے کو فیصلہ کرنے میں ... ہے۔
- بیان کردہ مقاصد کو واضح کرنے میں ... ت ملتی ہے۔
- نصاب سازوں کو طلبا کے بارے میں فیصلہ ... نے میں ... ں ملتی ہے۔
- نصابی جائزے کی مختلف اقسام درج ذیل ہیں

Elmas Ali

i- تشکیلی جائزہ:
تشکیلی جائزہ تعلیمی عمل کے دوران معلم کی عملی کارکردگی سے ... کرتا ہے۔ اس سے ... ان مناسب سرگرمیوں کا چناؤ کرنا ضروری ہوتا ہے جن کے ذریعے یہ معلوم کیا جائے کہ طلبا کا تعلیمی عمل کیسا جا رہا ہے اور اس کے بارے میں انہیں فیڈ بیک دی جائے۔ ہم طلبا کا تعلیمی میدان میں جائزہ لیتے ہیں یہ جاننے کے لئے کہ طالب علم کتنا کارکرد کسی ہے اور اس میں کون کونسی تبدیلیاں لانے کی ضرورت ہے۔

ii- تکمیلی جائزہ:
تدوین نصاب کا کام مکمل ہونے کے بعد نصاب کا وسیع پیمانے پر از سر نو جائزہ لیا جاتا ہے اور یہ عمل اُس وقت کیا جاتا ہے جب نصاب مکمل طور پر تیار ہو چکا ہو اور اسے آزمائشی طور پر نافذ کیا جا چکا ہو۔ اس کا بنیادی مقصد یہ جائزہ لیا جاتا ہے کہ طلبا نے کورس کے اختتام پر کیا حاصل کیا ہے؟ کیا نصاب سے مطلوبہ نتائج حاصل کئے جا سکے ہیں یا نہیں؟ وسیع جائزہ کے عمل کے دوران نصاب میں پائی جانے والی خامیوں کو دور کرنے کی کوشش بھی کی جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبا اور اساتذہ

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کے مجموعی رد عمل کو بھی نوٹ کیا جاتا ہے۔

iii- **تشخیصی جائزہ:**

جائزے کے اس عمل کے ذریعے تدریسی مسائل کی تشخیص کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ظاہر ہے کہ مرتب کردہ نصاب میں کچھ خوبیاں اور کچھ خامیاں بھی ضرور ہوتی ہیں لہٰذا ان خامیوں کو دور کرنے کے لئے تدریسی طریق کار اپنانے کی ضرورت ہوتی ہے جو اس تشخیصی جائزے کے عمل کے ذریعے اپنائے جاتے ہیں۔

سوال 8۔ تدوین نصاب کا انتہائی اہم ترین مرحلہ کونسا ہوتا ہے، تنظیم مواد کے خاص خاص طریقے بیان [illegible] میں کونسا طریقہ کار زیادہ بہتر ہے؟

جواب: مواد کی ترتیب کے طریقے:

(Approaches to Content Organization):

تدوین کے طریق کار میں اعلیٰ تعلیمی مقاصد کے حصول کے لئے مواد کو ترتیب دینے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ تدوین نصاب کے تمام مراحل میں سب سے اہم مواد کی ترتیب کا انداز ہوتا ہے۔ محض غیر موزوں اور غیر ضروری مواد ہی کسی نصاب کو غیر مؤثر نہیں بناتا بلکہ اکثر اوقات مواد کی ترتیب درست نہ ہونے سے بھی نصاب مطلوبہ نتائج نہیں دے پاتا۔ کیونکہ مواد کی بے ڈھنگی ترتیب تعلم کو مشکل بنا دیتی ہے۔ تابا (Taba) کے مطابق مواد کے منتشر ہونے کی وجہ سے اہم تعلیمی مقاصد میں کوئی ایک بھی حاصل نہیں ہو پاتا۔

مواد کی ترتیب انتہائی مشکل اور پیچیدہ ترین عمل ہوتا ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ نصاب بنانے والے علم کی نوعیت، بچے کی نشوونما اور تعلم سے متعلق تمام معلومات کو بروئے کار لائیں۔ مواد کی ترتیب کے طریقے مندرجہ ذیل ہیں۔

i- مضمون پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے مواد ترتیب دینا۔
ii- طلبہ کی مخصوص صلاحیتوں پر توجہ دیتے ہوئے مواد ترتیب دینا۔
iii- سماجی سرگرمیوں اور مسائل کو سامنے رکھتے ہوئے مواد ترتیب دینا۔
iv- عملی صلاحیتوں پر توجہ دیتے ہوئے مواد ترتیب دینا۔
v- انفرادی ضروریات اور دلچسپیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مواد ترتیب دینا

Elmas Ali

i- **مرکز ترتیب مواد:**

(Organization Focussed on Disciplines/Subjects):

ایک جامع اور معیاری نصاب کے حوالے سے یہی خیال ہمیشہ رائج رہا ہے کہ سکول کے مضامین کو اساتذہ پڑھاتے ہیں اور طلبہ سیکھتے ہیں۔ مضمون کی ترتیب کی سب سے نمایاں ترین اور کلیدی خوبی اس کا اسی تصور کے تحت باترتیب ہونا ہے۔ ہر نصابی منصوبہ واضح طور پر مختلف قسم کے مضامین میں منقسم ہوتا ہے، جنہیں بعد ازاں گریڈز کے حوالے سے مزید تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ مضامین کا یہ ڈھانچہ اور ترتیب تدریسی اصول پر مشتمل ہوتی ہے۔ سیلر (Saylor) اور الیگزینڈر (Alexander) کے مطابق:۔

"مضمون یا شعبے کے ڈھانچے سے مراد ان بنیادی کلیات کا سیٹ ہے جو کہ علمی میدان کو ایک باب میں سمیٹتے ہیں۔ تحقیق کی حدود متعین کرتے ہیں اور جو کچھ اس شعبے میں موجود ہے، کو دریافت کرنے کے لیے بنیاد مہیا کرتے ہیں۔"

اس لئے مدرسے کا ہر روایتی مضمون جیسا کہ ریاضی، کیمسٹری اور فزکس وغیرہ کی اپنی الگ ذاتی نمایاں ترتیب موجود ہوتی ہے۔ اس لئے نصاب کی منصوبہ بندی کرنے والے کو محض یہ تعین کرنا پڑتا ہے کہ اس ترتیب میں سے کیا کچھ، کب اور کہاں استعمال کرنا ہے؟ البتہ دیگر مضامین کا ڈھانچہ اتنا واضح نہیں ہوتا، مثال کے طور پر پاکستان میں ایک اہم نظریاتی مضمون "مطالعہ پاکستان" کئی ایک بنیادی مضامین جیسا کہ تاریخ، شہریت، جغرافیہ وغیرہ سے ماخوذ ہے۔ مختلف بنیادی مضامین کے مواد کی آمیزش کی وجہ سے یہاں پر خصوصی ترتیب کی ضرورت پیش آتی ہے۔ اسی طرح کئی معاملات میں ایسا ہوتا ہے کہ پیش کردہ مضامین طلبہ کو یہ مواقع فراہم نہیں کرتے کہ وہ زندگی کے مسائل کو بہتر طریقہ کار سے حل کرنا سیکھ سکیں۔ اس لئے ضرورت اس امر کی ہوتی ہے کہ ایک نیا مضمون تشکیل دے کر مواد ترتیب دیا جائے۔ مثلاً بزنس ایجوکیشن (Business Education)، ماحولیاتی تعلیم (Environmental Education)، صنعتی فنون کی تعلیم (Industrial Arts Education) اور جسمانی تعلیم (Physical Education) ایسے ہی اختراعی مضامین میں شامل ہیں۔ [illegible] مضمون [illegible] قائم شدہ ہو یا اختراعی دونوں کی اپنی ترتیب اور ڈھانچہ ہوتا ہے۔ البتہ کئی نام نہاد مضامین کی اپنی موروثی ترتیب نہیں ہوتی جس [illegible] نصاب کا مجموعی تاثر الجھ کر رہ جاتا ہے۔ نصاب پر لکھی جانے والی کتب مضامین پر مشتمل مواد کی ترتیب کے حق [illegible] میں پیش کئے جانے والے دلائل سے بھری پڑی ہیں۔ ترتیب کی مذکورہ قسم کے حق میں جس دلیل کا سب سے زیادہ [illegible] ہے وہ تعلیمی سہولیات سے متعلق ہے۔ کیونکہ جب علوم کو مضامین میں تقسیم کر لیا جاتا ہے تو سکول کے لئے نصاب [illegible] کرنا انتہائی [illegible] ہے، نیز طلبہ، اساتذہ اور والدین بھی اس ترتیب سے سہولت محسوس کرتے ہیں۔

1960ء میں جیروم برنر (Jerome Burner) نے بھی [illegible] مضمون پر مشتمل ترتیب کے طریق کار کی حمایت کی ہے۔ وہ لکھتا ہے:۔

"مضمون کے نصاب کا تعین انتہائی بنیادی شعور کے ساتھ ہونا چاہئے جسے مضمون کو ساخت فراہم کرنے والے بنیادی اصولوں کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ تیزی سے بھول جانے [illegible] شرح کو کم کر [illegible] واحد معلوم طریقہ حقائق کو اصولوں اور نظریات کی شکل میں ترتیب دینا ہے۔"

ڈھانچے پر زور دیتے ہوئے برنر کا کہنا ہے کہ یہ زیادہ سے زیادہ شعوری ترقی میں [illegible] کی معاونت کرے گا، اور یہ پہلے سے معلوم اور بعد میں علم میں آنے والی اشیاء کے مابین [illegible] کو بھی قائم رکھے گا۔

تاہم اس طریقہ کار کی کچھ حدود و قیود بھی ہیں، جسے اس کی خامیاں بھی کہا جا سکتا ہے جو کہ درج ذیل [illegible]:۔

i- مضمون کا چونکہ غیر تغیر پذیر ہونے کی جانب رجحان ہوتا ہے جس کی وجہ سے نصاب بھی غیر لچکدار ہو [illegible]
ii- اس طریقہ کار میں ترتیب شدہ نفس مضمون کے طلبہ کی دلچسپیوں اور مسائل کے ساتھ براہ راست تعلق کا فقدان ہوتا ہے۔

ان خامیوں کی وجہ سے برنر (Burner) نے خود 1971ء میں اپنے بیان پر نظر ثانی کی اور ترتیب کے اس طریقے کے ساتھ فوری حل طلب مسائل کے حل پر غور کرنے کا کہا۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

-ii مخصوص صلاحیتوں پر مرکز ترتیب مواد:

(Organization focussed on Specific Comptencies):

خاص صلاحیتوں پر مبنی مواد کی ترتیب کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ اس میں مقاصد، تعلیمی سرگرمیاں اور کارکردگی کے درمیان براہ راست تعلق پایا جاتا ہے۔ اس میں مطلوبہ کارکردگی کا جائزہ ایک مقصد سے دوسرے تعلیمی سرگرمیاں، مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے بنائی جاتی ہیں اور طلبہ کی کارکردگی کا جائزہ ایک مقصد کی طرف بڑھنے کی بنیاد پر لیا جاتا ہے۔ اسی لئے مطالعہ پاکستان میں طالبعلم مخصوص جغرافیائی متغیرات کے حوالے سے مقاصد کو حاصل کر سکتے ہیں کہ صلاحیتوں پر مبنی ہیں مخصوص مہارتوں کو ظاہر کرنے کا طریقہ سیکھنے سے عملی تجربہ کو بڑھا سکتا ہے۔ یعنی ہم کہہ

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



صدائے انقلاب پبلیکیشنز اُردو بازار لاہور 042-37245454, 37361414

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



انقلاب: کریکولم ڈویلپمنٹ، تدوین نصاب(8603) برائے بی۔ایڈ

-iii اس ترتیب میں انفرادی صلاحیتوں کے حصول میں کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

خامیاں: اس طریقہ کار میں بھی بعض خامیاں پائی جاتی ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

-i اس طریقہ کار کی سب سے بڑی خامی سماجی مقاصد کا نظر انداز ہونا ہے، اگر تعلمی مواقع طلبہ کی جانب سے محرک کی گئی ضروریات کے مطابق نہ ہوں تو اس بات کو یقینی نہیں بنایا جا سکتا کہ وہ سماجی سرگرمیوں میں [illegible] شریک ہوں گے۔

-ii یہ بات مشکوک ہی ہے کہ آزاد اور متبادل تدریس کی نام نہاد اشکال طلبہ کی ضرورتوں اور دلچسپیوں کے [illegible] پورا اتریں گی۔

☆☆☆☆☆

سوال 9۔ صلاحیت پر مشتمل مواد کی ترتیب کے بارے میں آپ کا نقطہ نظر کیا ہے نیز اس کی خوبیوں اور خامیوں پر بھی اظہار خیال کریں؟

جواب: اہلیت مرکز اپروچ:

(Organization focussed on Specific Competenceis):

اہلیت کا مرکز اپروچ۔ یا صلاحیتوں پر مبنی مواد کی ترتیب کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ اس میں مقاصد، تعلمی سرگرمیوں اور کارکردگی کے درمیان براہ راست تعلق پایا جاتا ہے۔ اس میں مطلوبہ کارکردگی کردار مقاصد یا صلاحیتوں سے مشروط ہوتی ہے۔ تعلمی سرگرمیاں ہمیشہ مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے طے کی جاتی ہیں، اور طلبہ کی کارکردگی کا جائزہ ایک مقصد سے دوسرے مقصد کی جانب بڑھنے کی بنیاد پر لیا جاتا ہے۔ اسی لئے مطالعہ پاکستان میں طالبعلم مخصوص جغرافیائی مقام اور اس کے تعلق کو ظاہر کرنے کا طریقہ سیکھنے سے قبل نقشے کو پڑھنا سیکھتا ہے۔ یعنی ہم کہہ سکتے ہیں کہ صلاحیتوں پر مبنی ترتیب مخصوص ایک ایسی سلسلہ وار اور قابل مظاہرہ تعلمی سرگرمیوں یا مہارتوں پر مشتمل ہوتی ہے جو کہ ایسے امور تشکیل دیتی ہیں جنہیں طالبعلم سیکھتا اور عملی مظاہرہ بھی کرتا ہے۔

صلاحیتوں پر مبنی نصاب کے حامی مقاصد کو نفس مضمون سے پہلے رکھتے ہیں اور ایسا نصابی منصوبہ تجویز کرتے ہیں جو کہ بالغ طلبہ کی عملی زندگی کی مخصوص صلاحیتوں اور قابلیتوں سے تعلق رکھتا ہے۔ ان کا اصرار ہوتا ہے کہ مقاصد میں اس بات پر توجہ مرکوز کی جائے کہ طالبعلم نے کیا کچھ سیکھنا ہے اور کیا کرنا ہے؟ بجائے اس کے کہ یہ دیکھا جائے کہ طالبعلم نے کیا سیکھا ہے؟ اسے کیا کیا تجربات اور مشاہدات حاصل ہوئے ہیں؟ اور وہ کیا جانتا ہے؟ اس کے علاوہ وہ مقاصد کو کارکردگی کی طرف واضح نشاندہی اور ہدایات کے لئے عمومی اصولوں کے طور پر لیتے ہیں۔ صلاحیتوں پر مبنی ترتیب کا ایک خاص پہلو کام کے جائزے کا طریقہ ہوتا ہے جس میں کسی کام یا پیشے کی بنیادی مہارتوں کی تفصیل اور سلسلہ وار انتظامات میں مہارتوں کے لئے خاص تدریس کا اہتمام شامل ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ سکولز طلبہ کو جس ملازمت کے لئے تیار کرتے ہیں اس حوالے سے جاب ٹریننگ (Job Training) لازمی ہوتی ہے۔ نصاب کی یہ ترتیب جاب یا ملازمت کی قابلیت اور صلاحیت پیدا کرنے میں مؤثر کردار ادا کرتی ہے۔

خامیاں: تاہم مواد کی صلاحیتوں پر مبنی ترتیب کی کچھ حدود و قیود دائرہ کار اور خامیاں بھی ہوتی ہیں، ان میں سے چند ایک درج ذیل ہیں:

-i صلاحیتوں پر مشتمل نصاب سازی کے طریقہ کار کی چند ایک مقاصد کے لئے افادیت بہت زیادہ ہے البتہ تنقیدی مطالعہ اور بحث و تمحیص یا بحثی طریقہ کے حوالے سے یہ طریقہ کار ناکام رہتا ہے۔

-ii طریقہ کار سے جعلی کارکردگی اور دھوکہ دہی کو بھی ترغیب ملتی ہے خصوصاً جب اس طریقہ کار کو مارکس (Marks) اور انعام و سزا کے لئے بروئے کار لایا جاتا ہے تب اس کا امکان مزید بڑھ جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 10۔ ایک مؤثر طریقہ تدریس کے انتخاب کی بنیادیں کونسی ہیں، اہم طریقہ تدریس اور اس کی نمایاں خصوصیات پر بحث کریں۔

جواب: طریقہ تدریس کا انتخاب اور ترتیب:

(Selection and Organization of Methods):

مختلف قسم کے تدریسی طریقے تعلمی عمل کا انتہائی اہم [illegible] حصہ ہوتے ہیں۔ ایک ہی طریقہ تدریس تمام طلبہ کے لئے یکساں طور پر مفید نہیں ہو سکتا۔ نہ ہی ایک طرح کی سرگرمی ایک ہی قسم کے طریقے کا استعمال تمام طلبہ کے لئے سود مند ثابت ہوتا ہے۔ بعض طلبہ کو کتب سے تحریک ملتی ہے [illegible] مقصد گروہی بحث و تمحیص سے حاصل کرتے ہیں۔ [illegible] طلبہ کو اپنی شخصیت کی گروہنگ کے لئے مختلف قسم کی تعلمی سرگرمیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ شرمیلے طالبعلم کو اپنی جھجک [illegible] پانے کے لئے گروپ میں شریک ہونا چاہیے۔ حد سے زیادہ عام قسم کے طالبعلم کو چاہیے کہ وہ ڈیٹا کا تجزیہ کر کے [illegible] نتائج اخذ کرنے کا تجربہ بھی حاصل کرے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ہر طالبعلم کو یکساں تعلمی مواقع فراہم کرنے کے لئے ضروری ہے کہ طلبہ کی تعلیم و تربیت اور بہتر راہنمائی کیلئے مختلف قسم کے تدریسی طریقے کو اختیار کیا جائے۔ کلاس روم میں مندرجہ ذیل طریقہ تدریس استعمال کئے جا سکتے ہیں۔

لیکچر یا زبانی اظہار کا طریقہ:

(Lecture and Verbal Presentation Method):

یہ طلبہ کو علم منتقل کرنے کا قدیم اور عام روایتی طریقہ ہے۔ اس میں گفتگو، نظریات یا زبانی اظہار کے کسی اور طریقے کو اختیار کیا جاتا ہے، اس طریقہ کار میں طالبعلم کا کام محض سننا، اہم نوٹس لینا اور امتحان میں پوچھے گئے سوالات کا جواب دینا ہوتا ہے۔ یعنی طالبعلم کافی حد تک غیر متحرک رہتا ہے۔ دوسری جانب استاد کی سرگرمی بولنے، پڑھنے اور [illegible] تک محدود ہوتی ہے، جبکہ تدریسی ذرائع استاد، چاک بورڈ اور چند ایک سمعی و بصری اعانات پر مشتمل ہوتے ہیں۔ [illegible] معلومات کو پیش کرنے، اشیاء اور واقعات کی وضاحت کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ انداز پانچویں قسم کے نصابی ڈیزائن میں استعمال ہو سکتا ہے۔ البتہ اس کا زیادہ استعمال مواد کی مضامین پر مبنی ترتیب میں کیا جاتا ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

ii- بحث وسوال کا طریقہ (Discussion-Questioning Method):

دانش ور اور منجھے ہوئے مدرسین کئی سکولوں میں مباحثی طریقے کار کو لیکچر ٹیکنیک کے ساتھ ملا کر استعمال کیا کرتے ہیں۔ پیش کئے گئے مواد یا موضوعات سے متعلق سوال و جواب، اور زیر مطالعہ اسباق پر کمرہ جماعت کے ارکان اور استاد کے درمیان بحث و مباحثہ اس طریقہ کار کی اہم خصوصیت ہے۔ اس طریقہ کار میں طلبہ کافی سرگرم ہوتے ہیں اور ان کی سرگرمیاں زیر مطالعہ موضوعات کے حوالے سے تبدیل بھی ہوتی رہتی ہیں۔ تاہم کمرہ جماعت میں بعض طلبہ زیادہ تر خاموش ہی رہتے ہیں۔ اس طریقہ کار کے تحت ہونے والے تدریسی عمل میں استاد کا کردار طالب علموں پر غالب رہتا ہے اور زیادہ وقت وہ بیان کرتا ہے۔ اس طریقہ کار کے مقاصد درج ذیل ہیں:-

i- معلومات کو ترتیب دینے، تصورات تشکیل دینے اور کلیات اخذ کرنے میں طلبہ کی معاونت کرنا۔

ii- موضوعات کی تفہیم کو درست سمت دینا اور طلبہ کی مختلف موضوعات پر بولنے کی صلاحیت کو مزید بڑھانا۔

iii- افکار کو ترتیب دینا اور مؤثر طور پر اس کا اظہار بھی کرنا۔

iii- مشق اور ڈرل کا طریقہ (Practice and Drill Method):

جب طلبہ کو کوئی مہارت سکھانا مقصود ہو تو عموماً مشقی طریقے کو اختیار کیا جاتا ہے۔ اکثر اس طریقے کے ساتھ مباحثی طریقے کو بھی ملا لیا جاتا ہے، جیسے غیر ملکی زبان کی تدریس میں اکثر دیکھنے کو ملتا ہے۔ اس طریقے کی اہم خوبی سیکھے جانیوالے عمل کو بار بار دہرانا ہے تاکہ موضوع پر مکمل گرفت حاصل ہو سکے۔ یہ مشق زبانی، تحریری یا عملی کسی بھی طرح کی ہو سکتی ہے، مثلاً غیر ملکی زبان بولنے کی مشق، لکھ لکھ کر ہجے درست کرنا اور عملی طور پر کسی فعل کی مشق کرنا وغیرہ۔ اس سلسلے میں بعض اوقات طلبہ کو کسی مشین کے استعمال کی ضرورت بھی درپیش ہوتی ہے جیسا کہ کمپیوٹر پروگرام پر مشتمل تدریسی مشین۔ استاد کا کام زبانی طور پر یا عملاً مظاہرہ کرتے ہوئے سکھائے جانے والے عمل کی وضاحت کرنا بھی ہوتا ہے، جبکہ مشق کے دوران طلبہ کی جانب سے کی جانے والی غلطیوں کی نشاندہی کرنا اور طلبہ کی اصلاح کرنا ہوتا ہے۔ اس کے لئے استاد مشق کرتے ہوئے طلبہ کا مشاہدہ کرتا ہے اور کامیابیوں کو نوٹ بھی کرتا جاتا ہے تاکہ اس کی بنیاد پر مزید تدریس اور مشق کا تعین کیا جا سکے۔ اس طریقے میں استعمال ہونے والے تدریسی ذرائع میں ماڈلز، سامان ویڈیو ٹیپ، ریکارڈنگ، مشین، آلات، کمپیوٹر، اور تدریسی مشینیں شامل ہوتی ہیں، یہ طریقہ کار مطلوبہ مہارت اور خاص آلات کا استعمال سکھانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Elmas Ali

iv- دیکھنے سننے اور جواب دینے کا طریقہ:

(Viewing, Listening, Answering Method):

دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کے مدرسوں میں تعلیمی ٹیکنالوجی کا استعمال عام ہے۔ اس ٹیکنالوجی کو عام طور پر طلبہ انفرادی طور پر یا چھوٹے گروپ کی صورت میں استعمال کرتے ہیں، جس میں پڑھانا، دیکھنا، سننا اور مشاہدہ کرنا شامل ہوتا ہے۔ مشینیں عام طور پر سوالات اور استخراجی جوابات پیش کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں۔ اس طریقہ کار میں طلبہ کی سرگرمیاں متحرک اور غیر متحرک دونوں نوعیت کی ہو سکتی ہیں۔ یعنی ان کی سرگرمیاں محض ٹیلی ویژن یا فلم کو دیکھنا یا ریکارڈنگ ٹیپ کو سننے تک بھی محدود ہو سکتی ہیں اور دوسری جانب وہ ان مشینوں کو انتہائی فعال انداز میں بھی بروئے کار لا سکتے ہیں جیسا

[illegible] دورے کا اہتمام کرنا اور حقائق سے متعلق ڈیٹا کو ریکارڈ کرنا اور اعداد و شمار جمع کرنا۔ ان وسائل کے حوالے سے [illegible] کافی متحرک ہوتا ہے وہ طلبہ کے استعمال کے لئے سامان اور مواد کا انتظام کرتا ہے۔ وہ سامان کے استعمال کے [illegible] میں وضاحت بھی کرتا اور اس کا عملی مظاہرہ بھی کر کے بتاتا ہے۔ نیز ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے جہاں کسی [illegible] مشکل پیش آتی ہے یا وہ اس کا غلط استعمال کرتا ہے تو استاد درست استعمال کے حوالے سے طالبعلم کی راہنمائی بھی [illegible] اس طریقہ کار میں مندرجہ ذیل پانچ قسم کے تدریسی ذرائع استعمال ہوتے ہیں:

شائع شدہ کتب، اخبارات، انسائیکلوپیڈیا، اٹلس

آوازوں کے ساتھ حرکی تصاویر کو دیکھنا، ویڈیو ٹیپ، ٹیلی ویژن، چارٹ، گراف، نقشے، ماڈلز

آواز کی ریکارڈنگ، ریڈیو، تمام اقسام کے مطالعاتی دورے

استعمال کی چیزیں بنانے کے لئے خام چیزوں کا استعمال

تعلیمی یا تدریسی مشینیں، کمپیوٹر، الیکٹرانک سامان کی حامل تدریسی لیبارٹریاں (جنہیں زبان سکھانے یا دیگر [illegible] کے لئے استعمال میں لایا جاتا ہے)

[illegible] تدریسی [illegible] کار انفرادی تربیت اور معالجاتی اقدامات کے لئے بروئے کار لایا جاتا ہے۔ اسے ہر طرح کے [illegible] استعمال کیا جا سکتا ہے۔ تاہم یہ طریقہ پسماندہ ذہن رکھنے والے اور پڑھائی میں کمزور طلبہ کو مختلف [illegible] میں زیادہ [illegible] ہوتا ہے۔

تحقیقی مسئلے کو حل کرنے والا اور دریافتی طریقہ:

(Heuristic, Problem Solving and discovery Method):

تدریسی طریقہ چاہے تحقیقی ہو یا دریافتی، [illegible] مسئلے کو حل کرنے والا طریقہ ہو یہ سبھی ایک ہی درجے میں شمار کئے جاتے ہیں، تحقیقی تدریس (Heuristic Teaching) سے مراد [illegible] تدریسی انداز ہے جس میں از خود سیکھنے پر زور دیا جاتا ہے۔ اس میں طلبہ بتائی گئی معلومات کو ذہن میں محفوظ کرنے کی بجائے خود دریافت کرتے ہیں، اس سے طلبہ کو محقق کا کردار ادا کرنا ہوتا ہے، اس طریقہ کار کے تحت سکولوں کا کام طلبہ کی جذباتی و سماجی اور [illegible] نشوونما کو یقینی بنانا ہے۔

اس طریقہ کار کی اہم خوبی طلبہ کا اساتذہ کی نگرانی میں خود مسئلے کو حل کرنا ہوتا ہے۔ اس کے لئے وہ شعوری غور و فکر کرتے ہیں اور مسائل کا موزوں حل دریافت کرتے ہیں۔ وہ مسائل اور [illegible] پر تحقیق بھی کرتے ہیں، اور تجرباتی و مشاہداتی ڈیٹا کی بنیاد پر تحقیقاتی رپورٹ تیار کرتے ہیں۔ جس میں مسئلے کے حل کے لئے تجاویز اور [illegible] سفارشات پیش کی گئی ہوتی ہیں۔ اس کے لئے طلبہ کو مختلف سرگرمیاں مثلاً مطالعہ، بحث و تمحیص، ڈیٹا کا حصول [illegible] اور جائزہ وغیرہ انجام دینا پڑتی ہیں۔ اکثر تحقیق کے لئے طلبہ [illegible] مسئلے کا انتخاب اور سرگرمیاں [illegible] استاد کا کردار ان سرگرمیوں میں طلبہ کی رہنمائی کرنا ہوتا ہے۔ وہ گروپ میں ہر فرد کی کارکردگی پر نظر رکھتا ہے اور جہاں اصلاح کی ضرورت ہو اس کے لئے تجاویز بھی فراہم کرتا ہے۔ یہ طریقہ کار طلبہ کو از خود علم حاصل کرنے کا گر سکھاتا ہے۔ نیز انہیں اہم سماجی مسائل پر عقلی طور پر غور و فکر کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



لیبارٹری اور انکوائری کا طریقہ (Laboratory and Inquiry Method): -vi

یہ ایک روایتی طریقہ کار ہے جسے سائنس کی مدرسیں میں بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔ تاہم جدید دور میں ان سرگرمیوں کی نوعیت کافی حد تک تبدیل ہو چکی ہے، اب اس میں زیادہ زور انکوائری کے سائنسی طریقے کے استعمال پر ہوتا ہے۔ لیبارٹری اور انکوائری کے طریقے ایسے مختلف ہوتے ہیں، کیونکہ اول الذکر کے لئے جاتا ہے۔ لیبارٹری اور انکوائری کے طریقے سے حل کرنے کے طریقے سے مختلف ہوتے ہیں، کیونکہ اول الذکر کے لئے یا قاعدہ طور پر لیبارٹری میں براہ راست کام ضروری ہوتا ہے۔ یہ اس طریقہ کار کی اہم خوبی ہے اس میں طلبہ خام انکوائری کے سائنسی طریقے کو استعمال کرتے ہوئے تجربہ کرتے ہیں۔ تاہم اس عمل کے دوران طلبہ خام رہنما اصولوں کی پیروی کرتے ہیں۔ اس میں طلبہ پہلے مفروضہ تشکیل دیتے ہیں پھر اس پر تحقیق کرتے ہیں اور تجربے سے حاصل ہونے والے اعداد و شمار کی بنیاد پر نتائج اخذ کرتے ہیں۔ سماجی علوم میں انکوائری کا طریقہ کافی حد تک دریافتی طریقے سے مطابقت رکھتا ہے تاہم اس میں زیادہ زور تحقیق پر ہوتا ہے۔ طلبہ براہ راست تحقیق، تفتیش اور رپورٹ کی تیاری میں شریک ہوتے ہیں۔ اساتذہ لیبارٹری میں کام کے لئے طلبہ پر مختلف ذمہ داریاں عائد کرتے ہیں اور طلبہ کے کام کی نگرانی بھی کرتے ہیں، اور جہاں ضروری ہو طلبہ کی صحیح اور رہنمائی بھی کرتے ہیں۔ آخر میں وہ لیبارٹریاں، سرکاری ریکارڈ، ڈیٹا کے حصول کے لئے مختلف ذرائع اس طریقہ کار میں استعمال ہوتے ہیں۔ یہ طریقہ طالبعلم کے ذوقی علم، معلومات، اقدار، عقلی استدلال کی مہارتوں اور سائنسی و سماجی تحقیق میں دلچسپی کو بڑھانے میں کام آتا ہے۔

رول پلے انگ، اخذی اور کھیل (Role Playing, Simulation and Games): -vii

بعض اساتذہ رول پلے انگ، اخذی اور کھیل کو تدریسی طریقے کے طور پر استعمال کرتے ہیں، یہ طریقے تدریس میں حقیقت کا رنگ بھر دیتے ہیں، اس سے کئی تعلیمی مقاصد حاصل کرنے میں بھی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ اس طریقہ کار میں طلبہ حقیقی زندگی کے کرداروں کا بہروپ اختیار کرتے ہیں، اور حقیقی زندگی سے ملتے جلتے ماحول میں موزوں ترین رویے کو اختیار کرتے ہیں، اس طریقہ کار سے طلبہ کو بولنے اور دوسروں کے سامنے کوئی فعل انجام دینے کا حوصلہ ملتا ہے۔ اس طریقہ کار کو ہر طرح کے تعلیمی ڈیزائن میں استعمال کیا جا سکتا ہے تاہم عملی مہارتوں پر مبنی نصابی ڈیزائن کے لئے یہ زیادہ کارآمد اور مفید ہوتا ہے۔

Elmas Ali

2- غیر روایتی حالات کے تعلیمی طریقے:

(Instructional Methods for Ustructured Situations):

مذکورہ بالا تعلیمی و تدریسی طریقے صرف روایتی کمرہ جماعت یا کسی اور روایتی صورتحال میں اختیار کئے جا سکتے ہیں۔ تاہم غیر روایتی صورتحال کے لئے تدریسی طریقے درج ذیل ہیں۔

کھیلنا، چیزیں پکڑنا اور جوڑنا (Playing, Handling, Manipulating): -i

یہ طریقہ کار ابتدائے بچپن کے سکولوں یعنی نرسری سکول، کنڈرگارٹن اور ابتدائی گریڈز وغیرہ میں اختیار کیا جاتا ہے۔ اس طریقہ کار میں مندرجہ ذیل امور شامل ہیں۔

کھلونوں، بلاکس، آلات اور دیگر سامان کے ساتھ کھیلتے ہوئے سیکھنا۔

اشیاء کے ٹکڑوں کو جوڑنا، مختلف اشیاء کے درمیان رنگ، حجم، وزن وغیرہ کے حوالے سے تفریق کرنا۔

معمہ (Puzzle) حل کرنا اور چیزیں بنانا۔

ان سرگرمیوں میں عام طور پر پورا گروپ شریک ہوتا ہے۔ جو طالب علم اس میں شریک نہیں ہوتا وہ کم از کم اسے دیکھ ضرور رہا ہے۔ استاد کا کام ان سرگرمیوں کی نگرانی کرنا ہوتا ہے۔

سکول ایکٹیویٹیز پروگرام (School Activities Programme): -ii

تعلیمی سرگرمیوں کے پس منظر میں نصاب پر مملر آمد کے حوالے سے سکول کی جانب سے ہم نصابی سرگرمیوں کا ... اہم کردار ادا کرتا ہے۔ سکول کی سرگرمیوں پر مبنی پروگرام (School Activities Programme) کمرہ ... زیادہ مؤثر بنا دیتا ہے۔ اس سے طالبعلم کی جسمانی اور ذہنی نشوونما میں مدد ملتی ہے۔ اس طریقہ کار میں ... روابط قائم کرنے اور طلبہ کو ذاتی و سماجی مطابقت اختیار کرنے کا موقع مہیا کیا جاتا ہے۔ اس طرح کی ... میں سیکنڈری ... اہم کی جاتی ہیں۔ ان کی براہ راست منصوبہ بندی کی جانی چاہیے۔ جبکہ ان میں تمام ... کی شمولیت ... ان سرگرمیوں میں منتظم کا کردار ادا کرتا ہے اور سرگرمیوں کے قواعد و ضوابط ترتیب ... ہے۔ اس کے علاوہ وہ مختلف سرگرمیوں ... کے لئے نئے خیالات بھی فراہم کرتا ہے۔ سکول ایکٹیویٹیز پروگرام ... ہے جو کہ ... (Affective Domain) کے حوالے سے بھی بڑا اہم کردار ادا کرتا ہے۔

آزادانہ تعلیم اور از خود ... (Independent Learning ... nd Self-Instruction): -iii

تدریسی پروگرام میں کچھ بھی سیکھنا ایک انفرادی عمل ہوتا ہے۔ ہر طالبعلم سیکھنے کے لئے منفرد طریقہ اختیار کرتا ہے۔ اس اصول کی بنیاد پر انفرادی تعلیم (Individual Instruction) کے نظام کی ترقی و ترویج ہوتی ہے۔ حالیہ ... سالوں میں آزادانہ مطالعے نے سکول کی تعلیم میں بہت اہم رخ اختیار کر لیا ہے۔ اس طریقہ کار میں طالبعلم کو کوئی تحقیقی یا ... تحقیقی کام (Study project) تجویز کر دیا جاتا ہے۔ استاد کی جانب سے اس کی ... کی جاتی ہے۔ وہ ... میں ... ہدایات ... ہے۔ ... ہدایات ... ہے۔ ... ہدایات ... ہے۔

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



میں شریک ہوتے ہیں، استاد کی ذمہ داری محض پروگرام کی منصوبہ بندی، جانکاری اور طلبہ کی ذمہ داریوں کی نگرانی تک محدود ہوتی ہے۔ یہ سرگرمیاں طلبہ کو پیشے کے انتخاب، کیریئر کے مسائل کو سمجھنے اور انہیں حل کرنے میں مدد فراہم کرتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال 11۔ بہتر تدریسی طریقہ کن اصولوں کی بنیاد پر اختیار کیا جا سکتا ہے؟
یا۔ مؤثر طریقہ تدریس کے ضروری عوامل عوامل کی وضاحت کیجیے؟

جواب: تدریسی طریقوں کے انتخاب کی بنیادیں:
(Bases for Selecging Instructional Methods):

تعلیمی سرگرمیوں میں مختلف تدریسی طریقوں کی موجودگی میں استاد کو جس مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ جوزوں تعلیمی طریقہ مختص طریقوں کے چناؤ کا ہے۔ مقاصد کے حصول کے لئے ایک سے زائد نصاب ڈیزائن کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے اسی طرح طریقہ تدریس میں بھی اس اصول کا اطلاق ہوتا ہے۔ تدریسی طریقوں کے انتخاب کے لئے مندرجہ ذیل رہنما اصولوں کو اختیار کیا جانا چاہیے۔

i- مقاصد کا حصول (Achievement of Objectives):

تدریسی منصوبہ بندی کے حوالے سے سب سے پہلا تعلیمی مقاصد کے حصول کو زیر غور لایا جاتا ہے۔ اس لئے تدریسی منصوبہ بندی کے لئے گئے مقاصد، سرگرمی یا کام کا یونٹ تعلیمی منصوبہ بندی کا بنیادی عمل قرار پاتے ہیں، کوئی بھی عمومی کورس کے لئے طے کئے گئے مقاصد، سرگرمی یا کام کا یونٹ تعلیمی منصوبہ بندی کا بنیادی عمل قرار پاتے ہیں، کوئی بھی عمومی مقصد مختلف تدریسی طریقوں سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ تاہم خصوص مقاصد حاصل کرنے کے لئے خاص طریقہ تدریس اختیار کرنا پڑتا ہے۔

ii- سیکھنے کے اصول (Principles of Learning):

تعلیمی مقاصد کے انتخاب کے لئے تعلم کے اصولوں اور نظریات کا مکمل علم ہونا بہت ضروری ہوتا ہے، اس سے پتہ چلتا ہے کہ کون سا طریقہ تدریس ان اصولوں، خیالات اور نظریات پر پورا اترتا ہے۔ اس سے انفرادی ضروریات کے مطابق درست طریقہ تدریس اختیار کرنے میں بھی مدد ملتی ہے۔ نیز اس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ کون سا طریقہ پورے گروپ کے لئے سودمند اور مفید رہے گا۔

iii- انفرادی تدریسی انداز (Individual Learning Styles):

لی کرون باخ (Lee Cronbach) اور رچرڈ سنو (Richard Snow) کے مطابق انتہائی مؤثر تدریس تب وقوع پذیر ہوتی ہے جب سیکھنے کے انفرادی انداز کے مطابق طریقہ تدریس اختیار کیا جاتا ہے۔ ایک طالبعلم کے لئے علم کا انتہائی موزوں ماحول کسی دوسرے طالبعلم کے لئے بھی انتہائی موزوں ہوگا، ایسا ممکن نہیں ہے۔ ریینڈ کارپوریشن سٹڈی (Rand Corporation Study, 1971) نے بھی اس موقف کی تائید کی ہے۔ استاد، طالبعلم، تدریسی طریقہ، اور تعلیمی عمل کے دیگر پہلو ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، استاد ایک طالبعلم کو جس طریقے سے پڑھا کر بہتر نتائج حاصل کرتا ہے وہ طریقہ تدریس دوسرے طالبعلم پر اختیار کر کے ویسے ہی نتائج حاصل کرنا آسان نہیں۔ اس لئے ضرورت اس امر

کے حالات کے مطابق اور طلبہ کی سیکھنے کی صلاحیت کو مدنظر رکھتے ہوئے طریق تدریس میں ردوبدل کیا جائے۔

توقعات کے مطابق مظاہر کا وقوع اور تعلیمی درجہ/طبقہ بندی:
(Self-fulfilling Prophecies and Educational Stratification):

کلاس روم میں کارکردگی کی بنیاد پر طالبعلم کی قابلیت کے بارے میں اساتذہ کی رائے اور وہ کیسے طلبہ پر اثر انداز ہوتے ہیں، دونوں کا تدریسی انداز اور تعلیمی مواد کے ساتھ بڑا گہرا تعلق ہوتا ہے، ان اختلافات کی بنیاد پر تعلیمی عمل کو تقسیم کیا جانا چاہیے۔ تاہم کرون بیک (Cronback) اور سنو (Snow) ایسی تفریق کے خلاف ہیں جو کہ مصنوعی بنیادوں، یا ماضی کے سکول پروگرامز میں کامیابی کی بنیاد پر کی گئی ہو اور جس کا نتیجہ تعلیمی طبقہ بندی کی صورت میں [illegible] سکنر (B.F. Skinner) کے مطابق ہمیں ایسا تدریسی انداز تلاش کرنے کی ضرورت ہے جس میں تمام [illegible] بہترین تدریسی انداز سے سیکھ سکیں اور تمام طلبا اپنی صلاحیت، اہلیت اور استعداد کے مطابق بہترین تعلیم حاصل کر سکیں۔ [illegible] رجحانات، رغبتوں اور صلاحیتوں کا مالک ہوتا ہے، انہیں بدرجہ کمال تک پہنچانا لازمی ہے۔ یہ سکولوں کی ذمہ [illegible] کہ وہ [illegible] مواقع مہیا کریں۔

سہولیات اور وسائل:
(Facilities, Equipment and Resources):

تعلیمی منصوبہ بندی جامع [illegible] انتظامی ڈھانچہ اور سکول کی ساخت سے بھی اثر قبول کرتی ہے۔ استاد کو [illegible] عظیم پُر اعتماد اور ذہین ہونا چاہیے جو [illegible] کے جس سے طلبہ کے متحرک کردار کو تقویت دی جا سکے۔

احتساب یا جواب طلبی (Accountability):

اساتذہ، منتظمین اور دیگر عملے کے ارکان [illegible] کام اس معیار کے مطابق کرنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں، جن کا تعین نصاب میں کیا گیا ہو وہ اس سلسلے میں پوری طرح جوابدہ ہوتے ہیں۔ احتساب (Accoutability) سے مراد کسی کا کسی دوسرے کے سامنے رپورٹ پیش کرنا، وضاحت کرنا اور تجزیہ پیش کرنا ہوتا ہے۔ اس احتساب مالک اور ملازم، آجر اور اجیر کے تعلق کا غماز ہوتا ہے۔ اس میں ایک فریق دوسرے کو جوابدہ ہوتا ہے۔ اس میں تشخیص، [illegible] اور جائزہ وغیرہ شامل ہوتا ہے۔ یہ تعلیمی منصوبہ بندی کے عمل کا ایک جزو ہے، جس میں اساتذہ اور [illegible] شامل ہوتے ہیں۔ اس کا تجزیاتی انداز پر زیادہ زور دیا جاتا ہے۔ لیسی گنیر (Lessigner) کے مطابق کسی بھی سکول [illegible] اس کی کارکردگی کو دو پہلوؤں سے جانچا اور پرکھا جاتا ہے، ایک طرف وہاں [illegible] حاصل کرنے والے طلبہ کی استعداد [illegible] صلاحیتوں اور [illegible] کو دیکھا جاتا ہے جبکہ دوسری جانب ان نتائج کے حصول پر آنے والی لاگت کا حساب لگایا جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں [illegible] تدریسی طریقہ ایسا ہو جو باکفایت اور کم خرچ بھی ہو اور اس سے طے شدہ مقاصد کا حصول بھی ممکن ہو۔

سوال 12۔ نصابی جائزے کی تعریف کریں، اس کی اہم اقسام کے بارے میں تفصیلی نوٹ لکھیں؟

جواب: نصابی جائزہ (Curriculum Evaluation):

جائزہ (Evaluation) نصاب سازی کی مختلف سطحوں پر فیصلہ سازی میں سہولت کے لئے معلومات مہیا کرتا

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



ہے۔ یہ معلومات پروگرام کے لئے کلی اور جزوی دونوں حیثیتوں کی حامل ہو سکتی ہیں۔ جائزے میں معیار کا انتخاب، ڈیٹا کا حصول اور ان کا تجزیہ شامل ہوتا ہے۔ اس میں پروگرام، پیداوار اور طریقہ کار کے جائزے کے لئے معلومات حاصل کی جاتی ہیں۔

مفہوم اور اہمیت (Meaning and Significance):

جائزہ (Evaluation) نصاب سازی کے عمل کا ایک مکمل اور لازمی حصہ ہوتا ہے [illegible] جاری [illegible] عمل ہے، جس کا کوئی اختتام نہیں ہوتا۔ جائزہ اور منصوبہ ایک دوسرے کے لئے لازم و ملزوم ہیں یہ دونوں ساتھ ساتھ چلتے ہیں اور مسلسل جاری رہتے ہیں۔ جائزہ کی بنیاد پر منصوبہ بندی تشکیل پاتی ہے اور منصوبہ بندی کی بنیاد پر [illegible] رہ لیا جاتا ہے تاہم جائزہ اپنی الگ سے بھی ایک شناخت رکھتا ہے۔

جائزہ کی اہمیت مسلم ہے اس سے نصاب کی قدر و قیمت اور اہمیت کا پتہ چلتا ہے، یہ بتاتا ہے کہ جس گروپ کے لئے نصاب تیار کیا گیا ہے اس کے لئے یہ موزوں بھی ہے یا نہیں؟ کیا انتخاب کئے جانے والے طریقہ تدریس طے شدہ مقاصد کے مطابق بھی ہیں؟ کیا منتخب کیا گیا مواد اعلیٰ پائے کا ہے؟ اس میں کوئی خامی تو نہیں؟ اور کیا تجویز کیا گیا سامان تدریس مقاصد کے حصول میں سازگار اور آسانی سے دستیاب ہے؟

نصابی جائزے کی اقسام (Designs for Curriculum Evaluation):

سیری ون (Seriven) کے مطابق نصابی جائزہ دو طرح کا ہوتا ہے، یعنی تشکیلی جائزہ (Formative Evaluation) اور تکمیلی جائزہ (Summative Evaluation)۔

1- تشکیلی جائزہ (Formative Evaluation):

تشکیلی جائزہ نصاب سازی کے دوران لیا جاتا ہے۔ اس کا مقصد تعلیمی پروگرام میں بہتری لانا ہوتا ہے۔ پروگرام جب عملدرآمد کے مرحلے میں ہوتا ہے تو اس کی خوبیوں اور خامیوں کا اچھی طرح جائزہ لیا جاتا ہے، اس سے حاصل ہونے والی معلومات پروگرام کی خامیوں پر قابو پانے میں نصاب سازوں کی مدد کرتی ہیں۔ سٹین ہاؤس (Stenhouse) کے مطابق اس جائزے سے حاصل ہونے والے نتائج فیڈ بیک اور رہنمائی کا کام کرتے ہیں۔

جائزے کے اس مرحلے میں تین قسم کے شواہد استعمال کئے جاتے ہیں:۔

i- عقل و بصیرت پر مبنی (Judgmental) ii- مشاہدے پر مبنی (Observational)، اور
iii- طلبہ کا تعلم (Student Learning)

i- عقل و بصیرت پر مبنی ڈیٹا (Judgmental Data):

جائزے کے لئے استعمال ہونے والے شواہد کی ابتدائی قسم عقل و بصیرت پر مبنی شیڈول پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس میں ماہرین، اساتذہ، نگران اور طلبہ (جس نے نصابی مواد اور طریقوں کا استعمال کیا ہو) نصاب کے حوالے سے اپنی آراء، عقلی توجیہات، اور ردعمل مہیا کرتے ہیں۔ اس قسم کے شواہد ریٹنگ (Ratting)، سوالنامے (Questionaris) اور انٹرویوز (Interviews) کے ذریعے اکٹھے کئے جاتے ہیں۔

مشاہداتی ڈیٹا (Observational Data):

شواہد کی دوسری قسم مشاہداتی ڈیٹا کی ہے جس کے لئے تربیت یافتہ یا غیر تربیت یافتہ مبصرین درکار ہوتے ہیں، مبصرین کلاس روم یا کسی اور جگہ تدریس و تعلم کے عمل کے دوران باقاعدہ اور مربوط انداز میں اعداد و شمار جمع کرتے ہیں، اس قسم کے شواہد آزادانہ اور براہ راست مشاہدے سے حاصل کئے جاتے ہیں۔

مشاہداتی ڈیٹا کا حصول نسبتاً مہنگا عمل ہوتا ہے، کیونکہ اس کے لئے ایک یا زیادہ مبصرین کی ضرورت پڑتی ہے [illegible] معیاری ڈیٹا خاص وقت کے لئے مستقل بنیادوں پر جمع کیا جا سکے۔ مشاہداتی ڈیٹا کو جب عقل و بصیرت اور شعور سے [illegible] والے ڈیٹا کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو صورتحال کا نیا رخ دیکھنے کو ملتا ہے اور اصل مسائل کا پتہ چلتا ہے۔

طالبعلم کا تعلم (Student Learning):

[illegible] اس قسم سے پتہ چلتا ہے کہ نصاب کے مواد اور طریق کار کو جب بہتر انداز میں عمل میں لایا گیا تو طلبہ کیا [illegible] ہوئے، یہ شواہد طلبہ کے انٹرویو، ان کی رپورٹس اور مشاہدے سے اکٹھے کئے جاتے ہیں، اکثر و بیشتر [illegible] اور [illegible] امتحان وغیرہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ تاہم تشکیلی جائزے سے بہتر نتائج حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ شواہد کی تینوں اقسام کو ساتھ استعمال کیا جائے، تبھی ہم کسی منطقی نتیجے پر پہنچ سکتے ہیں۔

2- تکمیلی جائزہ (Summative Evaluation):

تکمیلی جائزے میں نصاب کے [illegible] پر نصاب کو طے شدہ مقاصد کے تناظر میں جانچا اور پرکھا جاتا ہے، یہ جائزہ تب لیا جاتا ہے جب نصاب [illegible] پر تیار [illegible] کے بعد حتمی شکل میں پیش کر دیا جاتا ہے، تکمیلی جائزے کے ذریعے نصاب کا مجموعی تاثر اور معیار جانچنے کے [illegible] نصاب کی بہتری کے لئے مطابقت وغیرہ سے متعلق تجاویز بھی دی جاتی ہیں، پھر اس کے بعد اسے سکولوں میں متعارف کرا دیا جاتا ہے، [illegible] جائزے سے نتائج صرف اسی صورت میں حاصل کئے جا سکتے ہیں جب نصاب مکمل طور پر تیار ہو چکا ہوتا ہے اس لئے اس کی مدد [illegible] کام انجام نہیں دیا جا سکتا۔ تکمیلی جائزہ ٹیسٹ کے نتائج، تعلیم کے حوالے سے طلبہ کے ردعمل، تدریس کی [illegible] پذیری کے حوالے سے اساتذہ کی رائے، تدریسی پروگرام میں شریک ہونے والے طلبہ پر تحقیق، والدین کے تاثرات [illegible] دیگر اقسام کے شواہد کی بنیاد پر لیا جاتا ہے۔

تکمیلی جائزے میں جائزہ کار کا کردار تشکیلی جائزہ کار سے تھوڑا سا مختلف ہوتا [illegible] موخر الذکر میں جائزہ کار آزادانہ کردار ادا کرتا ہے اس پر نصاب ساز اثر انداز نہیں ہوتا، جائزہ کار کسی مداخلت کے بغیر صرف حقائق اور شواہد کی بنیاد پر نصاب کی کامیابی یا ناکامی کو جانچتا ہے۔ اس کے علاوہ تکمیلی جائزے میں جائزہ کار کا کردار تشکیلی [illegible] طرح محدود نہیں ہوتا، کیونکہ تکمیلی جائزہ کار پروگرام کی صرف کامیابی اور ناکامی کو نہیں جانچتا بلکہ وہ ان مقاصد کو بھی زیر غور [illegible] ہے جن کے بارے میں توقع کی جاتی ہے کہ کیا اساتذہ مطلوبہ اہداف حاصل کر پائیں گے یا نہیں جیسا کہ تصورات پر مکمل [illegible] جائزہ کار ان امور کا بھی اچھی طرح سے جائزہ لیتا ہے۔

☆☆☆☆☆

Elmas Ali

042-37245454, 37361414 پبلیکیشنز اردو بازار لاہور

AIOU LIBRARY
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



باب 5

تعلیم کے ایمز اہداف اور مقاصد

Aims, Goald and Objectives of Education

سوال 1۔ ایمز اور مقاصد کی اہمیت بیان کریں، مقاصد منصوبہ بندی کرنے والوں اور معلمین کیلئے کیوں ضروری ہوتے ہیں؟

یا۔ کسی بھی نظام تعلیم کی تشکیل اس نظام کے بنیادی ایمز (مقاصد) کے ذریعے ہوتی ہے، اظہار خیال کیجئے؟

جواب: ایمز، اہداف اور مقاصد کی اہمیت:

(The significance of Aim, Goals and Objectives):

1- ایمز (Aims):

ہم تعلیم سے کیا توقعات رکھتے ہیں؟ اس بارے میں ایمز (Aims) اجمالی نقطہ نظر پیش کرتے ہیں۔ ایمز (Aims) کا اہم کام پورے تعلیمی نظام کو ایک بامقصد اور درست سمت مہیا کرنا ہوتا ہے۔ جب تک ایمز (Aims) واضح طور پر بیان نہ کیے جائیں تعلیمی پروگرامز کا بامعنی انداز میں شعور، منصوبہ بندی اور آغاز ممکن ہی نہیں ہوتا۔ درحقیقت ایمز (Aims) رہنما اصولوں کا کام کرتے ہیں اور نظام کے ان معاملات پر روشنی ڈالتے ہیں جو کہ انتہائی توجہ کے مستحق ہوتے ہیں۔ اس لئے ایمز (Aims) کا علم ہونا نصاب سازوں اور منتظمہ گروپس کے لئے انتہائی ضروری ہوتا ہے۔

معیاری تعلیمی سرگرمیوں میں تعلیمی نظام کی حتمی شکل ہمیشہ مرکزی ایمز (Aims) ہی متعین کرتے ہیں۔ ہر قوم کے ایمز (Aims) مختلف ہو سکتے ہیں۔ جیسا کہ روایتی اسلامی تعلیم "Aims" اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے والے حقیقی مسلمان تیار کرتا ہے۔ امریکیوں کی تعلیم جمہوری اور عملی افراد پیدا کرنے کے "Aims" کے گرد گھومتی ہے۔ جبکہ اشتراکی نظام (Socialist System) میں تعلیم کا مقصد حقیقی اشتراکیت پسند پیدا کرنا ہوتا ہے۔ اگر آپ مختلف تعلیمی نظاموں کا بغور مطالعہ کریں تو آپ کو اس پر کسی نہ کسی قومی نظریہ کی چھاپ ضرور نظر آئے گی۔ بعض اوقات ایک ہی ملک میں مختلف مکاتب فکر کے مختلف سوشل سسٹم بھی رائج ہوتے ہیں، ایسا اس لئے ہوتا ہے کیونکہ ایمز (Aims) مختلف تعلیمی پروگرامز اور مقاصد (Objectives) کو تحریک کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ اب جامعہ اشرفیہ اور فورمین کرسچن کالج (ایف سی کالج) کی ہی مثال لے لیں جو کہ ایک ہی شہر میں ایک دوسرے کے قریب واقع ہیں تاہم دونوں مختلف مکاتب فکر کی

نمائندگی کرتے ہیں۔ دونوں اپنے نقطہ نظر کے مطابق نوجوانوں کی شخصیت سازی کا کام کرتے ہیں۔ ان دونوں اداروں کے ایمز (Aims) مختلف ہیں اس سے تعلیم کے میدان میں ایمز کے طاقتور کردار کا پتہ چلتا ہے یعنی تعلیم مشرقی ہوگی یا مغربی، سرکاری ہوگی یا نجی۔ مختلف ایمز تعلیم کو مختلف رخوں میں ڈھالتے ہیں۔ نصاب سازوں اور اساتذہ کو ان رخوں کا بخوبی شعور ہونا چاہیے۔

2- اہداف (Goals):

دوسری جانب اہداف (Goals) کا تعلق سکول کی سطح پر حاصل ہونے والے نتائج سے ہوتا ہے۔ ایمز (Aims) سے ہی اخذ کئے جاتے ہیں اور یہ اس بات کی زیادہ بہتر انداز میں وضاحت کرتے ہیں کہ ایمز (Aims) کا مقصد کیا ہے۔ درحقیقت یہ تعلیمی پروگرامز کی شاہراہ پر لگے اشارے ہوتے ہیں۔ ڈیوئز (Davies) کے مطابق اہداف نصابی منصوبہ بندی کرنے والوں کو اصل منزل کی جانب توجہ مرکوز رکھنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ ایمز (Aims) اور اہداف (Goals) پرائمری سے ہائر سیکنڈری تک تمام تعلیمی سرگرمیوں کو ترتیب دینے کے لئے بہترین حکمت عملی مہیا کرتے ہیں ان کا کردار انتہائی اہم ہوتا ہے۔

3- مقاصد (Objectives):

بلوم (Bloom) کے بقول محض ایمز (Aims) اور اہداف (Goals) کلاس روم کی تربیت اور جائزہ کو فوری سمت مہیا کرنے کے لئے کافی نہیں ہوتے، اس لئے ان مقاصد (Objectives) کا تعین بھی ضروری ہوتا ہے۔ مقاصد (Objectives) علم، مہارت، رویہ، عقائد اور نمونہ وغیرہ کی شکل میں ہر ہدف (Goal) کی مکمل تفصیل مہیا کرتے ہیں۔ نصابی منصوبہ سازوں، اساتذہ اور منتظمین کے لئے ان مقاصد کو بروئے کار لانا یقیناً لازمی ہوتا ہے۔

مخصوص مقاصد (Objectives) کو کئی طریقوں سے بیان کیا جا سکتا ہے۔ سب سے پہلے تو یہ مواد اور تعلیمی تجربات کے انتخاب میں رہنمائی کرتے ہیں، پھر یہ سرگرمیوں کی ترتیب اور صلاحیتوں کی درجہ بندی کرتے ہیں جنہیں طلبہ میں پیدا کیا جانا مقصود ہوتا ہے۔ پھر یہ اس بات کی بھی وضاحت کرتے ہیں کہ کس طرح اور کس مقصد کے تحت استعمال کرنا ہے۔ نیز یہ مختلف سرگرمیوں پر خصوصی نقطہ نظر کے تحت توجہ مرکوز رکھنے میں بھی مدد کرتے ہیں۔ ان سے امید کی جاتی ہے کہ مختلف مضامین اور مختلف تدریسی طریقہ مربوط انداز میں باہم مربوط تعلیمی نظام کی کامیابی کا ذریعہ بنیں گے۔ آخر میں یہ حاصل ہونے والے نتائج کا جائزہ لینے کے لئے معیار بھی قائم کرتے ہیں۔ مختصر ایمز (Aims)، اہداف (Goals) اور مقاصد (Objectives) تینوں منصوبہ سازوں، ماہرین تعلیم اور اساتذہ کرام کے لئے انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

Elmas Ali

ایمز، اہداف اور مقاصد کی درجہ بندی:

(The Classification of Aims, Cols and Objectives)

عام طور پر نصاب اور تعلیم کے موضوع پر تیار ہونے والی کتب میں ایمز، اہداف اور مقاصد کو عمودی سلسلہ مراتب کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ تاہم کئی نامور مصنفین خصوصاً نصاب کے شعبے میں کام کرنے والوں نے مقاصد کی تشکیل کے

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

لئے اصلاحوں کے جوڑے استعمال کرنے کو ترجیح دی ہے، جیسا کہ ایمز اور مقاصد (Aims and Objectives) اور اہداف ومقاصد (Goals and Objectives)۔ بلڈاتابا (Hilda Taba)، بلوم (Bloom) اور ان کے ساتھیوں، "Michealis"، "Grossmjan" اور سکاٹ (Scott) نے اسی انداز میں مقاصد کی وضاحت کی ہے۔

مرکزی وزارت تعلیم کی دستاویز بعنوان تعلیم کے ایمز اور اہداف (Goals and Aims of Education) میں ایمز (Aims) کو مقاصد (Objectives) اور اہداف (Goals) کی درمیانی شکل کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ ایمز (Aims) کا تعلق تعلیم کی اہم سطحوں سے رہا ہے۔ جبکہ اہداف (Goals) کی اصطلاح کو پاکستان میں تعلیم کے مقاصد کے مجموعی اور عمومی بیان کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ دوسری جانب کئی نصابی ماہرین [illegible] بات کو بھی تسلیم کرتے ہیں کہ ایمز (Aims) کو اہداف (Goals) سے زیادہ عمومیت حاصل ہے۔ آئیور کے (Ivor K) ڈیویز (Davies)، روبرٹ ایس زائس (Robert S Zais) اور کئی دیگر مصنفین نے بڑی شدت کے ساتھ مؤخر [illegible] نقطہ نظر کو ہی اہمیت دی ہے۔

نصاب کے مقاصد واہداف یعنی Goals, Aims اور Objectives متعین کر لئے جائیں تو نصاب سازی کی سمت واضح ہو جاتی ہے۔ یہاں یہ بھی ضروری ہے کہ محض وجدان اور تجربات پر بھروسہ کرنے کے بجائے نصاب ساز اپنے نصابی فیصلوں اور مستقبل کے اقدامات کو ٹھوس بنیاد فراہم کریں۔ یہ کام مقاصد اور اہداف بخوبی انجام دیتے ہیں۔ مقاصد کی بنیاد پر ہی تدریسی مواد تشکیل پاتا ہے اور اس مواد کی بنیاد پر دیگر تعلیمی سرگرمیاں ترتیب دی جاتی ہیں، جب یہ تینوں اجزاء ایک ساتھ ہوں تو جائزے کی حکمت عملی وضع کرنے میں مدد ملتی ہے۔

سوال 2۔ ایمز کی نوعیت پر نوٹ لکھیں اور مختلف مثالوں سے واضح کریں؟

جواب:1- ایمز کی نوعیت (The Nature of Aims):

"Curriculum Aim" سے مراد ایسا مجموعی بیان ہے جس میں کسی فلسفے سے ماخوذ قابل قدر سکیم کے تحت زندگی کے متوقع نتائج کو شعوری یا غیر شعوری طور پر واضح کیا جاتا ہے۔ ان کی امتیازی خوبی یہ ہے کہ ان کا براہ راست سکول یا کلاس روم کے نتائج سے تعلق نہیں ہوتا۔ انسانی بقاء (Human Survival)، خود شناسی (Self-realization) اور اخلاقی کردار (Ethical Character) نصابی مقاصد (Curriculum Aims) کی چند ایک واضح مثالیں ہیں۔ مقاصد (Aims) کا معاملہ دوراندیشی کا ہے جو کہ اپنی نوعیت میں وسیع تر ہوتا ہے۔ جب انہیں عملی طور پر حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تو انہیں فوری نوعیت اور سکول کی سطح کے مخصوص نتائج میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

ایم یا مقصد (Aim) مستقبل کے حوالے سے مفصل خواہشات اور ارادوں کو شکل اور سمت فراہم کرتا ہے۔ یہ محض ایک نقطہ آغاز ہے جو کہ مثالی نمونہ اور اعلیٰ مقاصد کو پیش کرتا ہے نیز اسے حاصل کرنے کے لئے رخ کا تعین بھی کرتا ہے۔ یہ مختلف سرگرمیوں کے سلسلے میں رہنمائی اور مجموعی ڈھانچہ (General Framework) مہیا کرتا ہے۔ ان کا بنیادی تعلق بڑے اور وسیع تر نتائج سے ہوتا ہے، ان کی تعداد کم مگر وسعت زیادہ ہوتی ہے۔

بقول "Richmond" ایمز (Aims) چونکہ اپنے مفہوم میں بڑے فکر انگیز اور بصیرت افروز ہوتے ہیں اسی لئے حدود وقیود سے بے نیاز اور مبہم ہوتے ہیں، ہر دور میں اسے نیا مفہوم اور معنی ملتے ہیں، مثال کے طور پر اچھی زندگی (Good Life) اور تعلیم یافتہ شہری (Educated Citizens) کے تصورات کو ہی دیکھ لیں، ان کی ہر دور میں نئی

تشریحات کی گئی ہیں، جو کہ پہلے سے کافی مختلف ہوتی تھیں۔ مقصد کی واضح تشریح کے لئے قومی نظریئے اور ملک میں موجود سماجی وسیاسی ماحول کے حوالوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ المختصر "Aims" بتانے والے بیان سکول کے نظام کے بارے میں مجموعی طور پر رہنمائی فراہم کرتے ہیں، یہ کلاس روم کی تربیت اور جائزے کے حوالے سے اساتذہ کے لئے ہمیشہ معاون نہیں ہوتے۔ حقیقتاً "Aims" سے مراد مختلف سطحوں مثلاً قومی، صوبائی یا مقامی سطح پر پالیسی سازی کے رخ کا تعین کرنا ہوتا ہے۔ اس لئے مخصوص اور ٹھوس اقدامات کے حوالے سے ان کا جواز برقرار نہیں رہتا۔

Elmas Al

"Aims" کی درجہ بندی (Categories of Aims):

ہیری ایس براؤڈی (Harry S. Broudy) نے چار قسم کی کیٹگریز کے حوالے سے ایمز (Aims) کو بیان کیا ہے جو کہ درج ذیل ہیں:۔

i- اقدار کا نمونہ (Value Pattern) ii- سماجی تنظیم (Social Organization)
iii- سماجی کردار (Social Roles) iii- طرز زندگی (Life Style)

مطلوبہ [illegible] حاصل کرنے کے لئے یہ چاروں اقسام ایک دوسرے سے منسلک ہیں۔

i- اقدار کا نمونہ (Value Pattern):

یہ سوچی حیثیت [illegible] جو کہ دیگر حیثیتوں میں ایمز (Aims) کی خصوصیات پر بڑے متحرک طریقے سے اثر انداز ہوتی ہے۔ اس کیٹیگری میں مقاصد [illegible] خاص [illegible] مؤقف اور نقطہ نظر پیش کرتے ہیں، اگر مرکزی مقصد اسلامی کردار کی ترویج ہے تو دیگر تمام کیٹگریز [illegible] بنیاد [illegible] تسلیم کر [illegible] آگے بڑھیں گی۔

مختلف تعلیمی نظام کے طلبہ پر اقدار [illegible] الگ [illegible] دنوں کی چھاپ ہوتی ہے، مثال کے طور پر علی گڑھ، دیوبند، ندوہ اور پاکستان کے پبلک سکولوں سے پڑھے ہوئے افراد کو ہی دیکھ لیں، ہر ایک اپنے ہی ادارے کی خصوصیات اور مخصوص اقداری نمونے کا عکاس نظر آئے گا۔

سرسید احمد خان کا زیادہ زور مغربی علوم کی ترویج [illegible] تاکہ برصغیر کے مسلم نوجوان سرکاری ملازمتیں حاصل کر سکیں۔ دیوبند مکتبہ فکر سنہری مذہبی روایات کا تحفظ چاہتا تھا، جبکہ ندوہ نے اسلامی علوم کو جدت دینے کی کوشش کی تاکہ دور جدید کے تقاضوں اور ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ انہی اقدار کے ان نمونوں کی بنیاد پر الگ [illegible] تعلیمی ادارے وجود میں آئے جنہوں نے طلبہ کے رجحانات کو اپنے [illegible] میں ڈھال دیا۔

ii- سماجی تنظیم (Social Organization):

سماجی تنظیم سے مراد افراد اور گروہوں کے باہمی تعلقات ہیں۔ افراد کے رویوں کا [illegible] ان [illegible] تعلقات یا کسی مخصوص گروپ سے وابستگی سے ہوتا ہے۔ حقیقت میں سماجی تنظیم افراد اور گروہوں کے تعلقات کا ایسا نیٹ ورک ہے جو کہ کسی مخصوص سماجی فلسفے یا نقطہ نظر کو رد کر سکتا ہے یا قبول کر سکتا ہے۔ کوئی بھی مقصد (Aim) تب [illegible] اور نتیجہ خیز نہیں ہو سکتا جب تک اسے سماجی تنظیم کے مضبوط بندھن میں شامل نہ کر دیا جائے۔

اقدار کا کوئی بھی نمونہ چاہے وہ اسلامی اور جمہوری ہوں یا اشتراکی، کی ترویج کے لئے سماجی تنظیم کا کردار انتہائی اہم ہوتا ہے۔ اوپر ہم نے جن اقدار کے نمونوں کا ذکر کیا ہے، ان کے تناظر میں دیکھیں تو پتہ چلے گا کہ ان کے تحت بننے والی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سماجی تنظیموں کی تمام تر توجہ اسلامی سماج کے نتائج پر تھی، یعنی اتحاد امت، سماجی ہم آہنگی، بھائی چارہ، اجتماعی بھلائی اور ہر فرد کا سطحی معیار مثلاً رنگ و نسل وغیرہ کے بجائے داخلی شخصی خوبیوں کی بنیاد پر عزت و تکریم ہی سماجی تنظیم کی خواہش تھی۔

ii- سماجی کردار (Social Role):

سماجیات میں مخصوص سماجی حیثیت میں اشخاص کے رویوں اور رجحانات کے نمونوں کو سماجی کردار کہتے ہیں، جیسا کہ ماں، استاد، منتظم، ملازم، طالبعلم وغیرہ کی حیثیت سے افراد کے رویئے، سماجی کردار اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ فرد کو کسی مخصوص حیثیت میں کیسا رویہ اختیار کرنا چاہئے۔ سماجی کردار شخصیت کو مکمل [illegible] نے والی پیچیدہ ترین شے ہے۔ مخصوص سماجی کردار کو ترجیح دینے والے مقاصد (Aims) ایسی خصوصیات پیدا کرتے [illegible] ین، اساتذہ، خاندان کے افراد، ہمسائے اور شہریوں میں پروان چڑھانا واضح نصب العین ہوتا ہے۔ حضرت محمد (ﷺ) [illegible] ایک کیلئے مثالی نمونہ ہے۔ بحیثیت مسلمان چاہے ہم حکمران ہوں یا معلم، سپہ سالار ہوں یا تاجر، ما[illegible] ہوں یا [illegible] سماجی کردار میں ہمیں حضرت محمد (ﷺ) کے اسوہ حسنہ پر عمل کرنے کی کوشش کرنا چاہئے۔ ہر مرد و عورت [illegible] سماجی کردار نبھاتا ہے جبکہ اسلام کا تقاضا ہے کہ جنگ ہو یا امن ہر ماحول میں اپنے کردار کو اسلامی اصو[illegible] جائے۔ اسلام کے نزدیک حکمران محض ریاست کا سربراہ نہیں ہوتا بلکہ وہ عوامی اخلاقیات کا نگران، ایک دوست، ہمسا[illegible] شہری بھی ہوتا ہے۔ یوں اسلامی اقدار افراد کے سماجی کردار پر بھرپور انداز میں اثر انداز ہوتی ہیں۔

iv- طرز زندگی (Life Style):

سماج میں ہر فرد کا زندگی گزارنے کا انداز طرز زندگی کہلاتا ہے۔ یہ کسی فرد کی طرف سے اقدار کے ترجیحی نمونے کا عملی مظاہرہ ہوتا ہے۔ آپ کسی بھی معاشرے میں مختلف قسم کے طرز زندگی دیکھ سکتے ہیں۔ کاروباری شخص کے زندگی گزارنے کے اطوار اور ہونگے، جبکہ خانہ بدوش کا انداز اور ہوگا، بڑے پیمانے پر دیکھا جائے تو مشرقی طرز زندگی مغرب سے بالکل مختلف ہی نظر آئے گا۔ ہر نظریہ مجموعی طور پر افراد میں مخصوص طرز زندگی رائج کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ جو کہ ثقافت کے آئینے میں عام مقبولیت حاصل کرتا ہے۔

ایمز "Aims" کی مثالیں (Examples of Aims):

مقاصد (Aims) کو بیان کرنے والے جملے مختصر اور طویل دونوں ہو سکتے ہیں البتہ نصاب سازی کے لئے مفصل بیانات کو ترجیح دی جاتی ہے۔ 1979ء کی قومی پالیسی کا حصہ بننے والے مقاصد میں اس کی مثال یوں ملتی ہے:

1- پاکستان کے شہریوں بالخصوص طلبہ کے دل و دماغ میں اسلام کے ساتھ اخلاص کو راسخ کرنا اور باشعور مسلم قوم کے طور پر زندگی گزارنے کے قابل بنانا۔

2- قرآن سنت کی اصل روح کے مطابق معاشرے کے افراد کی کردار سازی کرنا اور انہیں صحیح معنوں میں مسلمان بنانا۔

سوال 3۔ پاکستان میں تعلیم کے شعبے میں اہداف کی نوعیت اور کردار کی وضاحت کریں؟

جواب: اہداف کی نوعیت (The nature of Goals):

مختلف تعلیمی سرگرمیوں میں نصابی اہداف (Curriculum Goals) سے مراد سکول کے مجموعی منطقی نتائج (Outcomes) ہوتے ہیں، کمرہ جماعت کے از سر نو جائزے کے بعد ان میں بعض کو ختم بھی کر دیا جاتا ہے۔ یہ

"Aims" اور "Objectives" کے سلسلوں کے مابین پائے جاتے ہیں۔ "Goals" حقیقت میں "Aims" کے مختلف پہلوؤں کو پیش کرتے ہیں جو اس کے اہم حصوں کی شناخت میں کافی مددگار اور معاون ثابت ہوتے ہیں۔ یہ "Goals" مخصوص "Aims" کی توضیح و تشریح کرتے ہیں۔

اہداف یا گولز (Goals) بذات خود "Aims" سے ماخوذ ہوتے ہیں اس لئے انہیں یہ ربط قائم رکھنا پڑتا ہے۔ یہ "Aims" کی صورت میں پیش کی گئی فکر کے نفاذ کے لئے عملی کوشش بھی کرتے ہیں، یہ "Aims" کے مقابلے میں زیادہ صریح اور قطعی ہوتے ہیں جو کہ مقصد کو حاصل کرنے کے لئے راستے کی نشاندہی کرتے ہیں۔ المختصر اہداف یا "Goals" ایمز (Aims) کو حاصل کرنے کیلئے سہولت کار کا کردار ادا کرتے ہیں۔

"Aims" صرف سمت کا تعین کرتے ہیں جبکہ منزل کے مقام کی نشاندہی اہداف یعنی "Goals" کا کام ہوتا ہے۔ "Goals" تصوراتی کردار ادا کرنے کے بجائے مقصد کو واضح شکل فراہم کرتا ہے۔ جس کی بنیاد پر عمل کا آغاز کیا جاتا ہے، "Goals" کی مدد سے تصور اور حقیقت کے درمیان پل قائم ہوتے ہیں اور فاصلے سمٹ جاتے ہیں۔ تاہم "Objectives" کے مقابلے میں ان میں اہمیت ذرا کم ہوتی ہے۔

ایک "Aim" سے متعدد اہداف "Goals" اخذ کئے جا سکتے ہیں، پھر ان اہداف "Goals" کو ترتیب دیا جاتا ہے تاکہ [illegible] صحات متعین کی جا سکیں، بعض اہداف (Goals) ایسے ہوتے ہیں جنہیں تعلم کے ابتدائی مرحلے پر ہی حاصل [illegible] ہے بعض درمیانی مرحلے میں جبکہ کئی بڑی تاخیر سے مکمل کئے جاتے ہیں۔

یہ اہداف (Goals) دو اہم مقاصد کو پورا کرتے ہیں مثلاً تصور کو عملی شکل دینا اور اس بات کا تعین کرنا کہ طالبعلم کورس [illegible] اختتام [illegible] کے بارے میں علم حاصل کریں گے، دوسری جانب یہ ایمز (Aims) اور مقاصد "Objectives" [illegible] درمیان [illegible] پر کرنے کے لئے پل تیار کرنے میں اساتذہ کی مدد کرتے ہیں۔

اہداف کی مثالیں (Examples of Goals):

کوئی مقصد یعنی "Aim" [illegible] ہوتا ہے کہ طلبہ کو تعلیم میں ریسرچ پروپوزلز یا تحقیقی تجاویز (Research Proposals) لکھنے کا شعور عطا کیا جائے۔ اس مقصد کو [illegible] اہداف (Goals) میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

1- تعلیم میں تجرباتی تحقیقات اور تاریخی [illegible] جات میں پیش [illegible] جانے والے ریسرچ پروپوزلز (Research Proposals) اور ان کے متبادل تصور [illegible] بارے میں [illegible] حاصل کرنا۔

2- افکار کی وضاحت، سرگرمیوں کے تجزیے، حکمت عملی کی [illegible] یب اور ممکنہ [illegible] کے جائزہ کی بنیاد کے طور پر ریسرچ تجاویز (Research Proposals) لکھنے کی صلاحیت حاصل کرنا۔

3- محقق کے میلان کے مطابق ایسے تعلیمی مسئلے کی شناخت کرنا [illegible] طریق [illegible] ہو سکے۔

4- تعلیمی تحقیقات میں قابل قبول [illegible] کے عین مطابق موزوں ترین [illegible] ریسرچ تجاویز (Research Proposal) تیار کرنا۔

5- مسودہ کی تیاری کے لئے ریسرچ تجاویز (Research Proposal) کی خوبیوں اور [illegible] کو جانچنے اور پرکھنے کیلئے اس کا تنقیدی جائزہ لینا۔

مندرجہ بالا مثال سے یہ بات بخوبی واضح ہو جاتی ہے کہ اہداف (Goals) مقاصد (Aims) کو زیادہ واضح

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

انداز میں پیش کرتے ہیں تاہم ان کی مزید تشریح کی ضرورت پڑتی ہے اور یہ کام "Objectives" انجام دیتے ہیں۔

اہداف بیان کرنے والے بیانات مختصر اور طویل دونوں ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر "قومی ترقی" کے مقصد (Aim) کی تشریح صنعتی ترقی، زرعی ترقی، سیاسی استحکام، ناخواندگی کا خاتمہ اور دیگر اہداف (Goals) کی صورت میں کی جا سکتی ہے۔

سوال 4۔ رجحانات والے مقاصد کی نوعیت مختلف مثالوں سے واضح کریں؟

جواب 1۔ رویہ جاتی مقاصد کی نوعیت

(The Nature of Behavioural Objecties):

رجحانات والے مقاصد (Behavioural Objectives) کے کئی نام ہیں مثلاً مخصوص مقاصد (Specific Objectives)، کارکردگی کے مقاصد (Performance Objecticves) اور تدریسی مقاصد (Instructional Objectives) پچھلی دو دہائیوں میں ان میں دلچسپی کا رجحان بڑھا ہے۔ تاہم ایجوکیشن کمیونٹی مختلف مفکرین کی آراء کے زیر اثر منقسم دکھائی دیتی ہے۔ "Bloom"، "Tyler"، "Gagne" اور "Taba" نے اس سلسلے میں بڑے کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں۔ اس موضوع پر بحث اب بھی جاری ہے۔

رجحانات والے مقاصد (Behavioural Objectives) میں حالیہ دلچسپی مختلف ذرائع کی وجہ سے بڑھی ہے۔ ان میں سب سے زیادہ مشہور کام تعلیمی نظریات پیش کرنے والے "Mager, "Bloom", Tyler" اور "Karthwohl" کا ہے۔ ان مفکرین نے بالکل ٹھیک ٹھیک ضروری فرائض (Need Asssessment) اور متعلمین کی جانچ پر سب سے زیادہ زور دیا ہے۔ اس موضوع پر متعدد تعلیمی صنف بندیاں (Educational Taxonomy) پیش کی گئی ہیں۔ ان میں بلومز ٹیکسانومی (Bloom's Taxonomies) سب سے زیادہ اہم سمجھی گئی ہے۔ رجحانات والے مقاصد میں دلچسپی کا دوسرا بڑا ذریعہ صنعتی معیشت کے مداخل اور مخارج کے مختلف ماڈلز اور تکنیکیں ہیں جیسا کہ افادہ قیمت کا جائزہ، آپریشنل ریسرچ اور ملازمت کا جائزہ وغیرہ، ان سب کے لئے واضح طور پر مقاصد "Objectives" کی ضرورت پڑتی ہے۔

ڈیوز (Davies) کے مطابق رجحانات والے مقاصد (Behavioural Objectives) کو رویہ جاتی اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ ان مقاصد کو ظاہری انسانی رویوں کی اصطلاح میں پیش کیا جاتا ہے، ان کا باقاعدہ اظہار بھی ہو سکتا ہے اور ان کی جانچ بھی کی جا سکتی ہے۔ یہ مقاصد ان رویوں اور رجحانات کو کھلے انداز میں بیان کرتے ہیں جنہیں تعلیمی سرگرمی کے اختتام پر متعلمین کی طرف سے اختیار کئے جانے کی توقع کی جاتی ہے۔ ایمز (Aims) اور اہداف (Goals) کے مقابلے میں مقاصد "Objectives" سب سے زیادہ واضح ہوتے ہیں۔ ان کے مفہوم میں کسی قسم کا ابہام نہیں پایا جاتا، یہ مختصر مدت کے لئے ہوتے ہیں اور وقت کی قید کے ساتھ پیش کئے جاتے ہیں۔ مقاصد "Objectives" نصاب کی منصوبہ بندی، کلاس روم کی تدریس اور جائزہ کا فوری رخ متعین کرتے ہیں۔ ان کی تمام تر توجہ مطلوبہ نتائج پر ہوتی ہے۔

عام زبان میں مقاصد "Objectives" سے مراد کسی سبق، تدریسی باب، تعلیمی سال یا پروگرام کے اختتام پر

حاصل ہونے والے تعلیمی نتائج کی قبل از وقت بیان کردہ تفصیل ہوتی ہے۔ طے شدہ اہداف (Goals) کے پیش نظر مختلف قسم کے مقاصد "Objectives" پیش کئے جا سکتے ہیں۔

2- رویہ جاتی مقاصد کی مثالیں (Examples of Behavioural Objecties):

رویہ جاتی مقاصد کی چند مثالیں درج ذیل ہیں:۔

1- خلاصہ لکھنے کی اہلیت حاصل کرنا 2- نظریہ اضافت کو بیان کرنا

3- سائنس کے شعبے میں مسلمانوں کے کارہائے نمایاں کے حوالے سے 100 کثیر الانتخابی سوالات میں کم از کم 70 کا ایک گھنٹے کے اندر ٹھیک جواب دینے کی صلاحیت حاصل کرنا۔

مندرجہ بالا مثالوں میں آپ نے نوٹ کیا ہوگا کہ پہلی مثال نامکمل رویہ جاتی مقصد (Behavioural Objecti[illegible]) پیش کر رہی ہے۔ کیونکہ اس میں واضح نہیں کہ کس قسم کے مضامین کا خلاصہ تیار کرنا ہے، آیا کوئی نظم پیش کی [illegible] ہے یا کوئی سائنسی نظریہ؟ یا پھر کوئی تاریخی واقعہ پیش کیا گیا ہے؟ اس سلسلے میں پہلی مثال کوئی وضاحت پیش نہیں کرتی۔ دوسری مثا[illegible] میں موا[illegible] بھی وضاحت کر دی گئی ہے تاہم تیسری مثال سب سے زیادہ واضح، جامع اور صحیح ہے، اس مثال میں رویہ جاتی [illegible] (Behaviuoral Objec[illegible]) کے تمام تر لوازمات پوری طرح موجود ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال 5۔ ایمز (Ai[illegible]s)، اہد[illegible] (Ga[illegible]) اور مقاصد (Objects) پر کھل کر اظہار خیال کریں؟

جواب: جامع تعلیمی پالیسی [illegible] بھی [illegible] تعلیم کی بنیاد وہ توقعات ہوتی ہیں جو اس نظام تعلیم سے وابستہ کی جاتی ہیں اور انہی مقاصد کے حصول کے با[illegible] اس کی صحیح سمت کا تعین کیا جاتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی منصوبے کی تشکیل کے وقت اس کے مقاصد متعین کیے جاتے [illegible] انفرادی [illegible] اجتماعی طور پر جو بھی کام سرانجام دیے جاتے ہیں، ان کے کوئی نہ کوئی مقاصد ضرور ہوتے ہیں۔ جب اسی اصول کا اطلاق مجموعی طور [illegible] قوم پر کیا جاتا ہے تو پھر ہر شعبہ زندگی میں پیش رفت کے لیے مقاصد کا تعین مزید ضروری حیثیت اختیار کر [illegible] ہے۔ یہ بھی حقیقت [illegible] ہے کہ کسی بھی قوم کی یہ بنیادی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ اپنے آباؤ اجداد کے علم اور ثقافتی ورثے [illegible] نسل تک [illegible] طور [illegible] منتقل کرنے کا بندوبست کرے جو ایک مقصد کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے نئی نسل کی راہنمائی کی جاتی ہے۔ یہ [illegible] طے شدہ امر ہے کہ تعلیمی مقاصد ایک خاص تعلیمی نظام پر عملدرآمد کے ذریعے حاصل ہوتے ہیں [illegible] ان نتائج کو تعین [illegible] میں بیان کیا جا سکتا ہے۔ یعنی:

1- ایمز (Aims) 2- اہداف (Goals)

3- مقاصد (Objectives)

حالانکہ یہ تینوں تصورات آپس میں منسلک ہوتے ہیں مگر نصاب کی منصوبہ بندی جائزے اور تدریسی [illegible] کی حیثیت سے یہ ایک دوسرے سے کافی مختلف ہیں اور نصاب بنانے والوں، منتظمین، اساتذہ اور طلباء کو ان تصورات کی اہمیت اور افادیت کو سمجھنے کی بھی ضرورت ہے۔

Exmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

ایمز (Aims)

i- **معاشرتی توقعات اور خواہشات کا اظہار:**
معاشرتی توقعات اور خواہشات کے دو اظہار ہوتے ہیں جن کو نصاب کے ذریعے حاصل کیا جاتا ہے۔" مرے پرنٹ (Murray Print) نے ان کی تعریف یوں کی ہے، "تعلیمی ایمز (Aims) معاشرتی توقعات

ii- **طویل مدتی نوعیت:**
نوعیت کے اعتبار سے ان کی مدت طویل عرصے پر مشتمل ہوتی ہے، انہیں سرکاری تعلیمی دستاویز ا... میں پیش کیا جاتا ہے اور یہ خصوصی سرکاری تعلیمی اداروں کے نظام کے تحت فروغ پاتے ہیں۔

iii- **ماخذ:**
حصلوں کی تعلیم و تربیت میں ایمز کے ماخذ انتہائی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں جہاں تک تعلیمی ایمز کے ماخذ کا تعلق ہے، تعلیم کے ایمز کی بنیاد کسی قوم کا فلسفہ حیات اور ثقافتی اقدار ہوتی ہیں۔ دوسرے الفاظ میں تعلیمی ایمز کسی نہ کسی فلسفہ حیات کے عکاس بھی ہوتے ہیں۔ ان کی نمایاں خصوصیات یہ ہوتی ہیں کہ ان کا سکولوں کے نتائج سے براہ راست کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ تعلیمی ایمز، تعلیمی لائحہ عمل کیلئے راہنمائی فراہم کرتے ہیں اور طلبہ میں تحصیل علم کا جذبہ اور شوق پیدا کرتے ہیں۔

iv- **وسیع تر مفہوم:**
ایمز وسیع تر مفہوم کی نمائندگی کرتے ہیں اور کسی قومی تعلیمی پالیسی کے راہنما اصولوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ ماضی میں پاکستان کی تعلیمی حکمت عملیوں کے مختلف ایمز متعین کیے گئے اور ان کا اطلاق تعلیم کے کسی ایک شعبے مثلاً عمومی تعلیم فنی تعلیم، پیشہ ورانہ تعلیم، پرائمری، ثانوی یا یونیورسٹی تعلیم پر نہیں ہوتا بلکہ ان کا اطلاق پورے تعلیمی نظام اور مروجہ رسمی و غیر رسمی تعلیم پر ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایمز وسیع تر مفہوم میں پورے تعلیمی نظام کے لئے راہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

1- پاکستان کے لوگوں کے دل و دماغ میں عموماً طلبہ میں خصوصاً اسلام اور پاکستان سے گہری وابستگی پیدا کرنا، نیز ان میں روحانی اور نظریاتی تشخص کا شعور بیدار کر کے پاکستانی عوام میں انصاف اور رواداری کی بنیاد پر فکر و نظر کی ہم آہنگی اجاگر کرنا۔

2- ہر طالب علم میں اس امر کا شعور بیدار کرنا کہ وہ پاکستانی قوم کا ایک فرد ہونے کے باعث ملت اسلامیہ کا بھی رکن ہے اور اس سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ دنیا بھر میں رہنے والے دوسرے مسلمان بھائیوں کی فلاح و بہبود میں حصہ لے گا اور دنیا بھر میں اسلام کا پیغام پھیلانے میں کوشاں ہوگا۔

3- ایسے شہری پیدا کرنا جو تحریک پاکستان، اس کی نظریاتی بنیادوں، تاریخ اور کلچر سے پوری طرح آگاہ ہوں تا کہ وہ اپنے قومی ورثے پر فخر کر سکیں اور بطور اسلامی نظریاتی مملکت ملک کے مستقبل میں یقین کامل رکھتے ہوں۔

4- قرآن و سنت کے مطابق ایک مسلمان سے متوقع کردار اسلامی طرز حیات کے مطابق زندگی گزارنے کا گہرا

شعور اور لگن پیدا کرنا۔

پاکستان کے شہری کے لیے برابر کی تعلیمی سہولتیں مہیا کرنا، اقلیتوں کو اپنے کلچر اور مذہبی ترقی کے لیے مناسب سہولتیں فراہم کرنا تا کہ وہ مجموعی قومی ترقی میں اپنا موثر کردار ادا کر سکیں۔

معیاری تعلیم کی فراہمی تا کہ ہر فرد اپنی صلاحیتوں کے مطابق ترقی کر سکے اور تربیت کے ذریعے لوگوں کی اختراعی صلاحیتیں اجاگر ہو سکیں۔

ملک کے ہر شہری خصوصاً نوجوانوں کو بلاتفریق مذہب، قوم اور ذات کے ایک مطلوبہ سطح تک عملی تعلیم کی صلاحیت فراہم کرنا تا کہ وہ قومی ترقی میں حصہ لے سکیں۔

... ں میں تعلیم کے لیے محبت اور نظم و ضبط پیدا کر کے اس بات کی ضمانت دینا کہ ہر طالبعلم پر یہ امر واضح ہو سکے کہ تعلیم کا حصول ایک مسلسل عمل ہوتا ہے۔

... پیشہ ... رانہ اور فنی تعلیم کی ترویج کرنا، ملک میں تربیت اور تحقیق کو وسعت دینا اور اس طرح حاصل کردہ علم کو معا... ں ترقی ... استعمال کرنا تا کہ قومی سطح پر ایک پُر اعتماد اور محفوظ مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکے۔

... یز کی خصوصیات

... تعلیم کے مقاصد فلسف... ت اور ثقا... ل اقدار سے مربوط اور خصوصاً سماج کے موجودہ تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے چاہئیں۔

... نصابی ایمز ایک طویل عرصے پر ... ا چاہئیں۔ یہ مدت کم از کم پانچ سے دس سال ہونی چاہیے۔

... تعلیمی مقاصد قابل حصول ہونے چاہئیں۔

... ضروری ہے کہ ایمز ہمیشہ طلبہ کی دلچسپیوں، ... ں اور ذہنی استعداد کے مطابق تشکیل دیے جائیں۔

ایمز عوام کی مرضی اور خواہش کے عین مطابق ہوں۔

ایمز کی تعداد کم لیکن وسعت زیادہ ہوتی ہے۔

وقت، عمر اور تعلیمی سطح کے لحاظ سے ان میں تبدیلی واقع ہوتی رہتی ہے۔

ایمز مجموعی لحاظ سے راہنمائی کا کام کرتے ہیں۔

ایمز، مختلف مرکزی، صوبائی اور مقامی سطح پر تعلیمی پالیسی ... روں کی راہنمائی بھی کرتے ہیں۔

ایمز فرد کی سماجی زندگی سے ہم آہنگ ہوتے ہیں۔

2- اہداف (Gaols)

تعلیم کی اعلیٰ غرض و غایت:

اگر تعلیمی نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو اہداف (Goals) تعلیم کی اعلیٰ غرض و غایت کو ظاہر کرتے ہیں اور ان سے کسی ناں منزل یا نتیجے پر پہنچنے کا ارادہ ظاہر ہوتا ہے، نیز تعلیم کا تمام عمل ان کے حصول کے لیے ہوتا ہے۔

AIOU LIBRARY
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

ii- تعلیمی مقاصد کے حصول کا طریقہ:

اہداف کا تصور ان طریقوں اور لائحہ عمل کی حیثیت کا حامل ہوتا ہے جس کے لیے تعلیمی ادارے، تعلیمی مقاصد کے حصول کی خاطر سہولتیں فراہم کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر تعلیمی اداروں کا مقصد طلبہ کو پڑھا لکھا بنانا ہے تو اہداف وہ طریقہ یا لائحہ عمل ہے جس کے ذریعے سے تعلیمی ادارے وہ مقاصد حاصل کرتے ہیں۔

iii- سکول کے نتائج پر ارتکاز توجہ:

اس کے علاوہ ہدف سکول کے تمام نتائج پر مرتکز ہوتا ہے۔ درحقیقت، اہداف، تعلیمی لائحہ عمل کے سفر [illegible] سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ نصاب ساز اس سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں اور ان کی توجہ حقیقی [illegible] کی طرف مرتکز رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ اہداف (Gaols) ایک ایسا لفظ ہے جو ابتدائی تعلیم سے لے کر اعلیٰ تعلیم تک [illegible] ان کی [illegible] عملی سرگرمیوں کو ظاہر کرتا ہے۔

iv- ایمز اور مقاصد کی درمیانی منزل:

اہداف دراصل ایمز (Aims) اور مقاصد (Objectives) کی درمیانی منزل شمار کئے جاتے ہیں۔

مثالیں:

1- بی۔ایڈ کے تعلیمی نصاب کا Aim: طلبہ کو ثانوی سکولوں میں تعلیم کی تدریس کے لیے تربیت کی فراہمی ہوتا ہے۔ اس طرح اس Aim میں سے مندرجہ ذیل اہداف اخذ کئے جائیں گے۔

i- طلبہ کی تدریسی صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنا۔

ii- طلبہ کو سکول کے تدریسی مسائل سے آگاہ اور ان کے حل کے لیے ان میں صلاحیتوں کی نشوونما پیدا کرنا۔

iii- طلبہ کی تدریسی کارکردگی کی حوصلہ افزائی کرنا۔

iv- طلبہ کی تدریس کو موثر بنانے والے محرکات سے واقفیت فراہم مہیا کرنا۔

v- طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے آگاہی فراہم کرنا۔

v- نظریاتی ملک کی حیثیت سے تعلیم کا بنیادی ایم (Aim):

طلبہ کو اسلامی کردار و سیرت سے ہمکنار کرنا اور زندگی کو اسلامی نظریہ حیات کے عین مطابق ڈھالنا حقیقتاً اس aim سے مندرجہ ذیل اہداف اخذ کیے جائیں گے:

i- طلبہ کو اسلام کے بنیادی اصولوں سے آگاہی۔

ii- قرآن و سنت کی روشنی میں اسلامی طرز حیات کی اہمیت و واقفیت۔

iii- اسلامی کردار و سیرت کے اوصاف کی نشوونما۔

iv- اسلامی اقدار کے ساتھ زندگی کے ہر عمل کی مطابقت۔

Elmas Ali

3- مقاصد (Objectives)

i- نصابی مقاصد:

ایمز اور اہداف کی تشریح اور وضاحت کے ذریعے مقاصد اخذ کیے جاتے ہیں اور انہیں عام طور پر نصابی مقاصد بھی کہا جاتا ہے۔ سکولوں میں تعلیم و تدریس کو عملی طور پر نافذ کرنے کے ضمن میں انہیں ایک دستاویز کی حیثیت حاصل ہوتی ہے جس کے ذریعے تعلیمی ادارے تعلیمی مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے لائحہ عمل تیار کرتے ہیں۔

ii- مختصر اکائی/مختصر مدت:

اہداف کے مقابلے میں مقاصد مختصر مدت کے لیے مقرر کیے جاتے ہیں۔ مثلاً کسی ایک دن، ایک ہفتے، ایک [illegible] ایک مضمون یا ایک سبق بھی مقاصد کے دائرہ کار میں آسکتا ہے۔ مختصر یہ کہ مقاصد، نصابی اکائی یا سبق کی بنیاد پر مقرر [illegible] جاتے ہیں۔

iii- [illegible] کی خصوصیات:

[illegible] افراد تعلیمی [illegible] سے منسلک ہوتے ہیں، مثلاً طلبہ، اساتذہ، والدین، سکول کے منتظمین اور دیگر صاحبانِ تعلیم و تدریس [illegible] کی راہنمائی مقاصد کی ذمہ داریوں میں شامل ہوتی ہے۔

ii- مقاصد کی [illegible] داری یہ [illegible] کہ وہ نصاب سازی کے لیے عقلی اور منطقی بنیاد فراہم کریں۔ اگر طلبہ کو امید ہے کہ اساتذہ انہیں [illegible] پڑھائیں گے تو پھر اساتذہ بھی مناسب طریقہ تدریس اور دیگر لوازمات اپنائیں گے۔

iii- دراصل طلبہ کی تعلیمی قابلیت [illegible] صلاحیت ان میں موجود شعور خود شناسی کے ذریعے ان کی تعلیمی حالت اور شخصیت کو جانچا جا سکتا ہے اور طلبہ کی اس آزمائش [illegible] لیے امتحانات اور تشخیص قدر کا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے جس کی بنیاد مقاصد پر رکھی جاتی ہے۔ درحقیقت طلبہ کی کارکردگی اور تعلیم [illegible] جائزہ اور چھان بین ہی ایک ایسا طریقہ ہے جس کے ذریعے اساتذہ مقاصد کی ناکامی یا کامیابی [illegible] باخبر ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ تجزیہ اور چھان بین ہی ایک ایسا لائحہ عمل ہوتا ہے جس کو اپناتے ہوئے نصاب کے مقاصد [illegible] کر جاتے ہیں۔ نصابی مواد کا انتخاب کیا جاتا اور طریقہ تدریس کو بہتر طور پر اختیار کرنے کی تحریک ملتی ہے۔

اہداف، مقصود اور مقاصد کے درمیان فرق

نمبر شمار	ایمز	اہداف	مقاصد
1-	نصاب کا ایک جز۔ نصاب سے اخذ شدہ	قطعی نصابی مدعا کا ایک حصہ۔ تعلیمی مدعا سے اخذ شدہ	خصوصی تدریسی مقاصد سے منسلک اور مقصود سے اخذ شدہ
2-	فلسفہ حیات، معاشرتی اقدار اور بچوں کی نفسیات سے ہم آہنگ	اہداف کے ترجمان [illegible] تعلیم، مضامین کمیٹی اور [illegible] پالیسی پر انحصار	مضامین اور مواد کے ساتھ مطابقت، نیز تدریسی غایت کی تکمیل

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



کریکولم ڈویلپمنٹ/ تدوین نصاب(8603) برائے بی۔ایڈ 146

		جماعتی استاد اور دستاویز پر انحصار فی اہمیت کے حامل	
-3	وسیع، جامع اور نمایاں		
-4	طویل المدتی	وسط المدتی	مختصر المدتی

سوال 6۔ ایمز (Aims)، اہداف (Goals) اور مقاصد (Objectives) میں کیا فرق ہے؟ وضاحت کیجیے
یا۔ ایمز Aims، گولز Goals اور آبجیکٹوز Objectives ایک دوسرے سے متعلقہ اصطلاحات ہیں وضاحت کریں۔
کے ساتھ وضاحت کریں۔

ایمز، گولز اور آبجیکٹوز میں فرق اور باہمی تعلق:

Distinctions and Inter-relationships)

اکثر کتاب کے عنوان کو "ایمز" (Aim) تصور کر لیا جائے تو اس کے مختلف ابواب اہداف (Goals) اور ہر باب میں پیش کیے جانے والے حقائق، تصورات، اصول اور کلیات مقاصد (Objectives) شمار ہوں گے۔ یہ بات تو واضح ہے کہ مقاصد (Objectives) متعدد اور مختلف قسم کے ہوتے ہیں، جبکہ ایک "ایم" (Aim) نہ ختم ہونے والا ہوتا ہے۔ تعلیم ہی کی مثال لے لیں جس پر مختلف نشستوں اور طریقوں سے ہزاروں کتب تصنیف کی گئی ہیں، تاہم اس کے بنیادی تصور کا تسلسل قائم ہے۔ یہ مثال ایمز (Aims)، اہداف (Goals) اور مقاصد (Objectives) میں فرق اور امتیازات کی عکاسی کرتی ہے اس کا واضح مفہوم یہ ہے کہ ایمز اہداف اور مقاصد تینوں ایک ترتیب سے مختلف مقام کے حامل ہوتے ہیں اور ہر ایک مخصوص مقصد کے تحت کردار ادا کرتا ہے۔ ایمز (Aims) قضیے، پالیسی اور عقلی جواز کی عکاسی کرتے ہیں، اہداف (Goals) سے مراد مختلف عملیاں اور مقاصد (Objectives) سے مراد وہ چیزیں ہیں۔ ایمز (Aims) زندگی کے محاصل یا نتائج کی نمائندگی کرتے ہیں، اہداف (Goals) عمومی نوعیت کے حامل ہوتے ہیں جبکہ مقاصد (Objectives) انتہائی خصوصی اہمیت رکھتے ہیں، اہداف (Goals) جن کی حیثیت درمیان کی ہے، کی کرداری مقاصد تشکیل دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ ایمز (Aims)، اہداف (Goals) اور مقاصد (Objectives) باہم مربوط اصطلاحات ہیں، یہ بعض اوقات آپس میں گڈمڈ بھی ہو جاتی ہیں ہمیشہ اس میں فرق کرنا ممکن نہیں۔ تاہم ہر معاملے میں انہیں ایک دوسرے کے ساتھ جڑا رہنا چاہیے۔ بلکہ کئی حوالوں سے ان کے معنی بھی ایک دوسرے کے ساتھ تبدیل کیے جا سکتے ہیں۔ عمومی نصاب کے حوالے سے دیکھا جائے تو نصاب میں شامل ہر کورس کے اہداف کو نصاب کے مقاصد سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح تدریسی باب کے اہداف کو کورس کے مقاصد کہا جا سکتا ہے۔ یعنی مقاصد (Ojbectives) اور اہداف (Goals) ایک دوسرے سے متعلق اور یکدار حیثیت کے حامل ہوتے ہیں۔ اس لئے بعض اوقات ایمز (Aims) اور اہداف (Goals) میں فرق کرنا بڑا مشکل ہوتا ہے۔ غالباً اس وجہ سے کئی مصنفین نے انہیں قابل تبدیل اصطلاحات کے طور پر استعمال کیا ہے۔ اس لئے ان اصطلاحات کا مطالعہ اور موازنہ کرتے ہوئے ان کے باہمی تعلق کو ضرور مدنظر رکھنا چاہیے اور ہر ایک کے کلی کردار اور صلاحیت سے پوری طرح باخبر رہنا چاہیے۔

کریکولم ڈویلپمنٹ/ تدوین نصاب(8603) برائے بی۔ایڈ 147

پیشتر معاملات میں زائس (Zais) نے جو نصابی مقاصد (Curriculum Objectives) اور نصابی اہداف (Curriculum Goals) کے درمیان تفریق کی ہے وہ بڑا عظیم کام ہے البتہ ایمز (Aims) اور مقاصد (Objectives) میں فرق اس سے بھی زیادہ قابل قدر ہے۔ اس لئے نصاب پر کام کرنے والے افراد کو چاہیے کہ وہ اہداف اور مقاصد کے ذریعے ایمز (Aims) میں مطابقت قائم کرتے ہوئے بڑی احتیاط سے کام لیں۔ ان میں یہ قابلیت ہونی چاہیے کہ وہ سکول کے لئے درکار امور (اہداف اور مقاصد) کا زندگی کے مطلوبہ امور (ایمز) کے ساتھ تعلق کا مظاہرہ کر سکیں۔ لیکن یہ تبھی ممکن ہے جب اسے تدریس و تعلم کی فلسفیانہ اور نفسیاتی و منطقی بنیادوں کا علم ہوگا۔

[illegible] ہے کہ باہمی تعامل کا یہ تعلق بعض اوقات انتہائی پریشان کن ہوتا ہے۔ جب انہوں نے ایک دوسرے کو [illegible] اہداف کو ایمز اور مقاصد سے الگ کرنا اور بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت حال میں مقصد کب ہدف [illegible] ہدف کب مقصد کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ اس میں تخصیص کرنا انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔ اپنی ان مشکلات [illegible] کی وسیع درجہ بندی اور باہمی تعلق کئی معاملات میں انتہائی مددگار ثابت ہوتا ہے، جس سے انکار [illegible] نہیں ہے۔

سوال 7۔ قرآنی مقاصد کی روشنی میں اپروچ (Approach) پر پہلی تعلیمی دستاویز ہے؟ مثالیں پیش کر کے وضاحت کیجیے۔

یا۔ قرآن پاک کے روشنی میں مقاصد کا [illegible] نظر کے ساتھ تجزیہ کریں، قرآنی آیات کی روشنی میں اس کی اہم خصوصیات کا تذکرہ کریں۔

جواب: تعلیم میں مقاصدی تحریک کا مختصر جائزہ:

(A Brief Review of the Objective Movement in Education):

تعلیمی پس منظر میں تاریخی جائزہ عام طور پر بڑی معلومات افزا ہوتا ہے اس سے قاری کو زیر مطالعہ موضوع کی بتدریج ترقی کا فہم اور شعور حاصل ہوتا ہے۔ اس سے [illegible] کا پتہ چلتا ہے اور مستقبل میں راہ بھٹکنے کا اندیشہ کم ہو جاتا ہے۔

Elmas Ali

ماخذ (The Origins):

منطقی بات یہ ہے کہ واضح مقاصد کے تحریک کے ابتدائی آثار ہربرٹ سپنسر (Herbert Spencer) اور جان ہربرٹ (Johann Herbert) کے تعلیمی کام میں ملتے ہیں۔ سپنسر (Spencer) نے انسانی سرگرمیوں کی درجہ بندی کو تعلیمی مقاصد کی بنیاد پر پیش کرنے کی تجویز دی ہے۔ اور اسی بنیاد پر سکول کے نصاب کے پانچ [illegible] مقاصد بنائے ہیں۔ جن میں ذاتی تحفظ، ضروریات زندگی کی تکمیل، بچے کی نشوونما، دیگر سماجی تعلقات اور فراغت کی [illegible] رسمیاں وغیرہ شامل ہیں۔ جبکہ ہربرٹ (Herbert) نے سبق پلان لکھنے کے لئے مقاصد (Aims) کے واضح بیان کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور پانچ تعلیمی مراحل تجویز کئے۔

زائس (Zais) کے مطابق کرداری مقاصد نو بنیادی طور پر نئے ہیں اور نہ ہی یہ ماہرین تعلیم کی تخلیق ہیں۔ وہ ان کی تخلیق کو سائنس کے مضامین میں آپریشنلزم عملیت (Operationalism) کے تصور کے ساتھ جوڑتے ہیں۔ تاہم

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کرداری بیانات (Behavriousal Statements) کے ماخذ کو آپریشنزم (Operationalism) کے تصور سے بھی قبل تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ کرداری طریقے (Behavioural Approach) کی روح یعنی مقاصد کی وضاحت اور عمومی خصوصیات اسلام کے ذریعے تشکیل پا گئیں۔ اگر وضاحت، کردار کی تخصیص، سرگرمیوں پر مبنی تشکیل اور معیار حوالہ جاتی تفصیل کو اہم کرداری مقاصد کے طور پر قبول کر لیا جائے تو یہ مقاصد تو ہربرٹ اور سپنسر جیسے مصنفین سے بہت پہلے اسلام پیش کر چکا ہے۔

2- رویہ جاتی یا کرداری اپروچ سے متعلق قرآنی تصورات:

کرداری بیانات کے حوالے سے قرآن حکیم کا اسلوب کلیدی، ممتاز اور منفرد ہے۔ اس میں مطلوبہ [illegible] رجحانات کو کردار کے مجموعے کو ہدف کے عمومی بیان کی صورت میں پیش کیا گیا ہے، جبکہ چھوٹے چھوٹے کرداری بیانات کو کسی ترتیب یا جزا و سزا کے جملوں کے ساتھ مذکور کیا گیا ہے۔ قرآن پاک میں زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ حتیٰ کہ مادی و روحانی اور معروضی و موضوعی ہر معاملے میں رہنمائی مہیا کی گئی ہے۔ اس لئے قرآن کے کرداری بیانات ظاہر و پوشیدہ دونوں طرح کے کردار کا احاطہ کئے ہوئے ہیں۔ اس لئے قرآن میں کرداری اور بہبود بشریت دونوں اسالیب کا امتزاج پایا جاتا ہے، جبکہ کسی نئے پہلو بھی اس میں شامل ہیں۔ اس میں بیک وقت دل اور روح کو اپیل کی گئی ہے اور اسلام کے عمومی ڈھانچے میں رہتے ہوئے انسان کے فطری تقاضوں کی تسکین کا سامان بھی فراہم کیا گیا ہے۔ یہ قرآنی نمونے کی اصل روح ہے۔

قرآن میں پیش کئے گئے کرداری بیانات جہاں مختصر اور جامع ہیں وہیں بعض طویل اور توضیحی رنگ بھی لئے ہوئے ہیں، ان کی کئی اقسام ہیں، بعض ہدف پر مبنی ہیں، بعض توضیحی اور جائزے کے حامل ہیں، بعض وضاحتی بیانات ہیں۔ نیکی، فلاح، تقویٰ، عبادت، زندگی، ایمان، انسان، خدا اور روز آخرت جیسے مرکزی خیالات کو مختلف پہلوؤں اور زاویوں سے جانچا پرکھا گیا ہے۔ قرآن نے کسی ہدف کی تمام تر نکات تفصیل ایک ہی جگہ پیش کرنے سے گریز کیا ہے۔ اس کی جگہ ایک ہدف کے بارے میں مختلف مقامات پر مختلف پیرائے کے ساتھ وضاحت کی گئی ہے۔ قرآن کسی انسان کی لکھی ہوئی کتاب نہیں، وہ اس خالق کی شاہکار کتاب ہے جس نے پوری کائنات کو تخلیق کیا ہے۔ انسان کو کیسے سکھانا ہے وہ زیادہ بہتر جانتا ہے اسی لئے جب انسان قرآن کو پڑھتا ہے تو اسے قرآن کے کرداری بیانات میں تازگی، تنوع اور توازن کا احساس ہوتا ہے۔ اس کی چند ایک مثالیں درج ذیل ہیں۔

مثال نمبر1:

خدائے بزرگ و برتر سورۃ المومنون کی ابتدائی آیات میں یوں ارشاد فرماتا ہے:

1- "جو نماز میں عجز و نیاز کرتے ہیں" 2- "اور جو بیہودہ باتوں سے منہ موڑے رہتے ہیں"
3- "اور جو زکوٰۃ دیتے ہیں"
4- "اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں، مگر اپنی بیویوں سے یا کنیزوں سے جو ان کی ملکیت ہوتی ہیں کہ ان سے تعلق قائم کرنے میں انہیں ملامت نہیں، اور جو ان کے سوا اوروں کے طالب ہوں وہ اللہ کی مقرر کی ہوئی

حد سے نکل جانے والے ہیں"
"اور جو اپنی امانتوں اور اقراروں کو ملحوظ رکھتے ہیں"
5- "اور جو نمازوں کی پابندی کرتے ہیں"
6- یہی لوگ میراث حاصل کرنے والے ہیں یعنی جنت الفردوس کے وارث بنیں گے اور وہاں میں ہمیشہ رہیں گے۔

مثال نمبر2:

قرآن پاک کی دوسری سورت البقرۃ کی آیت 177 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:۔
نیکی یہ نہیں کہ تم مشرق و مغرب کو قبلہ سمجھ کر ان کی طرف منہ کر لو بلکہ نیکی یہ ہے کہ:
1- لوگ اللہ پر اور روز آخرت پر اور فرشتوں پر اور اللہ کی کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائیں۔
2- اور مال باوجود عزیز رکھنے کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دیں اور [illegible] چھڑانے میں خرچ کریں۔
3- نماز پڑھیں 4- اور زکوٰۃ دیں
5- اور [illegible] کریں۔
6- اور [illegible] کے وقت ثابت قدم رہیں۔
یہی لوگ ہیں جو [illegible] میں سچے ہیں اور یہی ہیں جو اللہ سے ڈرنے والے ہیں۔

مثال نمبر3:

سورہ آل عمران کی آیات 133 تا 135 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:
"اور اپنے پروردگار کی بخشش اور اس بہشت کی طرف لپکو جس کا عرض آسمان اور زمین کے برابر ہے اور جو پرہیزگاروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔"
1- "جو آسودگی اور تنگی میں اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں"
2- "اور غصے کو پی جاتے ہیں"
3- "اور لوگوں کے قصور معاف کرتے ہیں، اللہ نیکوکاروں کو دوست رکھتا ہے"
4- "اور وہ کہ جب کوئی کھلا گناہ یا اپنے حق میں کوئی اور برائی کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کو یاد کرتے ہیں اور اپنے گناہوں کی بخشش مانگتے ہیں، اور اللہ کے سوا گناہ بخشنے والا کون ہو سکتا ہے؟"
5- "اور جان بوجھ کر اپنے افعال پر اڑے نہیں رہتے"
6- "ایسے ہی لوگوں کا صلہ ان کے پروردگار کی طرف سے بخشش اور باغ ہیں۔ جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں اور وہاں میں ہمیشہ بستے رہیں گے۔ اور اچھے کام کرنے والوں کا بدلہ بہت اچھا ہے۔"

مذکورہ بالا مثالوں میں پیش کئے گئے عمومی بیانات پر غور کریں جنہیں خصوصی مقاصد میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اور بڑے پتے الفاظ میں کرداری مقاصد اور اہداف کی وضاحت بھی کی گئی ہے۔ جہاں ضروری تھا طوالت کو بھی اختیار کیا گیا ورنہ انتہائی اختصار کے ساتھ مدعا بیان کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ان احکامات سے قبل تمہیدی جملہ دیا گیا ہے جبکہ آخر

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



میں ان اکائیات پر علمدرآمد کے حوالے سے ترغیب دی گئی ہے اور جزا و سزا کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔

واضح رہے کہ قرآن نصاب سازی کی کوئی کتاب نہیں بلکہ یہ انسانوں کے لئے رہنمائی اور ہدایت کا سرچشمہ ہے، اس کا مخاطب انسان ہے جو کہ کم علم بھی ہو سکتا ہے اور تعلیم یافتہ بھی، پروفیشنل بھی ہو سکتا ہے اور اناڑی بھی، اس کے علاوہ یہ زندگی گزارنے کے اصول بیان کرتا ہے۔ اس لئے نصاب سازی کے حوالے سے بھی ہم قرآن سے صرف اصول حاصل کر سکتے ہیں، تفصیلات کا تعین ہمیں حالات و واقعات اور ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کرنا ہوگا۔

☆☆☆☆☆

سوال8۔ تصوراتی مقاصد میں بوبٹ(Bobbit) اور چارٹرز(Charters) کے کردار پر بحث کریں۔

Systematic Conceptualization) تصورات تشکیل مربوط و باقاعدہ: جواب:

فرینکلن بوبٹ (Franklin Bobbit) نے 1918ء میں اپنی تصنیف میں نصاب سازی کے سے واضح طور پر بیان کئے جانے والے مقاصد کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔ بعد ازاں اس نے سرگرمی کے تجزیہ سے مقاصد اخذ کرنے کی بھی کوشش کی۔ تاہم بوبٹ (Bobbit) کا مقاصد کی تشکیل میں زیادہ زور خصوص (Specificity)، سادگی (Simplicity) اور وضاحت (Clarity) پر رہا۔

1924ء میں ویرٹ چارٹرز (Werret Charters) نے باقاعدہ نصابی ڈیزائن (Systematic Curriculum Design) کا نظریہ پیش کیا۔ اس کے مطابق مقاصد بعد تعین اور دائرہ کار کو نصاب سازی کا پہلا مرحلہ ہونا چاہئے جس کا بعد میں مثالی نمونوں اور سرگرمیوں کی شکل میں جائزہ لیا جا سکتا ہے۔ یعنی اس نے مقاصد کو مثالی مقاصد (Ideal Objectives) اور سرگرمی مقاصد (Activity Objectives) میں تقسیم کیا ہے۔

رالف ٹیلر (Ralf Tyler) نے 1969ء میں اپنی ایک چھوٹی سی مگر انقلابی کتاب "Basic Principles of Curriculum and Instruction" میں مقاصد کی تشکیل کے لئے زیادہ مربوط اور تفصیلی طریقہ کار پیش کیا ہے۔ گرداری مقاصد بیان کرنے کے لئے دیگر مواد کے ہمراہ ٹیلر (Tyler) نے ایک دوری قالب (رویہ + کردار + مواد) پیش کیا۔ ٹیلر (Tyler) کا زور اس بات پر تھا کہ مقاصد کو مطلوب رویوں کی دونوں صورتوں میں پیش کرنا سودمند رہتا ہے۔ تاہم ٹیلر (Tyler) کو زیادہ تحریک درست تشخیص اور جانچ پڑتال کی ضروریات کی وجہ سے ملی۔

آزمائش اور جائزہ پر ٹیلر (Tyler) کے کام سے متاثر بنجامن بلوم (Benjamin Bloom) اور ان کے ساتھیوں نے بڑی متاثر کن کتاب "تعلیمی مقاصد کی تکسانومی (Taxonomy of Educational Objectties)" تحریر کی، جس کا تعلق دقوی میدان (Cognitive Domain) سے تھا۔ تاثراتی میدان (Affective Domain) پر کام بعد میں "Krathwohl Bloom" اور "Masia" نے کیا۔ جبکہ انیتا ہارو (Anita Harrow) نے آخری میدان نفسیاتی و حرکی (Psychomotor) پر توجہ دی۔ ہر میدان میں رہتے ہوئے مختلف تعلیمی مقاصد کا سلسلہ مراتب کے ساتھ پیش کیا جا سکتا ہے جس میں کم ترین درجے سے پیچیدہ ترین تعلیمی سطح شامل ہوتی ہے۔ یہ تکسانومیاں (Taxonomies) تعلیمی مقاصد کو بڑی تفصیل کے ساتھ پیش کرتی ہیں۔ ان کا مقاصد کی تشکیل میں 11 اہم اور مرکزی کردار ہے تاہم ان کے علاوہ اور مصنفین جیسا کہ میگر (Magar)، گیگنین (Gagne)، تابا (Taba)، اور مک آشن (Mc Ashan) وغیرہ نے بھی کرداری طریقے (Behavriuoral Approach) کو بہتر

بنانے اور دسترس دینے کے لئے کافی اہم کردار ادا کیا ہے۔ تاہم کرداری طریقے کے ارتقاء کا مطالعہ کرتے ہوئے ہم اس تنقید و نظر انداز نہیں کر سکتے کہ مختلف ادوار میں اسے کئی مرتبہ تنقید کا نشانہ بھی بنایا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال9۔ دقوی میدان کے تمام مدارج کی فہرست تیار کریں، اور حلوں کے حوالے سے ان کی وضاحت بھی کیجئے۔

دقوی میدان کیا ہے (What is Cognative Domain): جواب:

ایک جامع اور معیاری نظام تعلیم میں طالب علم کی تعلیمی سرگرمیوں کو تین مدارج یعنی دقوی، احساسی یا اثراتی اور نفسی حرکی درجات میں تقسیم کیا جاتا ہے اور تعلیمی مقاصد بھی اسی نسبت سے طے کئے جاتے ہیں۔ دقوی درجے کا تعلق ذہنی صلاحیتوں (Intellectual Abilities) سے ہے جبکہ احساسی حلقہ کا جذباتی اور احساساتی کیفیات اور رویوں مثلاً دلچسپی، اقدار وغیرہ سے ہوتا ہے اور مہارتی حلقہ کا تعلق ذہنی اور دستی مہارتوں سے ہوتا ہے۔

دقوی حلقہ یا دقوی میدان مختلف درجات پر مشتمل ہوتا ہے۔ بی ایس بلوم (B.S. Bloom) کی تجویز کردہ ان کی درجہ بندی معتبر تسلیم کی جاتی ہے جس کے مطابق دقوی میدان کو مندرجہ ذیل چھ درجات میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1- یادداشت (Recall) 2- فہم (Comprehension)
3- اطلاق (Application) 4- تجزیہ (Anylysis)
5- ترکیب (Synthesis) 6- فیصلہ (Evaluation)

Elmas Aziz

وضاحت:

دقوی میدان کا ہر ایک درجہ ایک دوسرے سے ذہنی صلاحیت اور استعداد کی نشاندہی کرتا ہے۔ ان درجات کی درجہ بدرجہ ترتیب ادنیٰ سے اعلیٰ تصور کی جاتی ہے۔ یعنی پہلا درجہ ادنیٰ یا کم درجے کی صلاحیت ہے بہ نسبت فیصلہ جس کو اعلیٰ ترین تصور کیا جاتا ہے۔ طالب علم درجہ بدرجہ صلاحیتوں کے زینے عبور کرتا ہے۔ ان تمام درجات کا نہ صرف باہم تعلق ہوتا ہے بلکہ ایک دوسرے پر انحصار بھی ہوتا ہے۔

طلباء کو دوران تدریس علم حاصل کرنے اور سیکھنے کے ایسے مواقع فراہم کئے جاتے ہیں جن سے مختلف مدارج کی تکمیل ممکن ہوتی ہے۔ دوسری طرف طلباء جب امتحانی سرگرمیوں سے گزرتے ہیں تو ان کی کارکردگی کی جانچ سے معلوم کیا جاتا ہے کہ انہوں نے کون کون سے مدارج پر عبور حاصل کر لیا ہے۔

1- یادداشت (Recall):

مدرسے کی تعلیمی سرگرمیوں میں دوران تدریس طالب علم مختلف معلومات حاصل کرتا ہے۔ اگر ان معلومات کو بالکل اسی طرح جس طرح بتایا گیا ہو بیان کر سکے تو کہا جائے گا کہ اس نے یادداشت کا درجہ حاصل کر لیا ہے۔

یادداشت دقوی میدان کا پہلا درجہ ہوتی ہے جو بلحاظ ذہنی استعداد سب سے ادنیٰ ہے۔ یہ بھی کارکردگی تصور کی جاتی ہے اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ یادداشت ایک غیر اہم صلاحیت ہے لیکن دوسرے درجات کو سمجھنے کے لئے اس درجہ کو ضرورت سے زیادہ اہمیت دینا بھی نامناسب ہے۔ یادداشت کا درجہ قوت حافظہ (Memory) اعادہ (Repetation)، ہو بہو تحریر یا بیان اور شناخت (Identification) کے عوامل پر مشتمل ہوتا ہے۔ طالب علم

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

(Formula and Equation) وغیرہ حقائق، واقعات، اصطلاحات، اصولوں، تصورات، کلیات، مساوات

کے بارے میں بھی معلومات یاد کر لیتا ہے۔ اور ثابت جائز دیہان بھی کر دیتا ہے۔ اس درجہ میں طالب علم صرف قوت حافظہ جن کو یاد رکھنا طالب علم کیلئے ضروری کا سہارا لیتا ہے۔ نفس مضمون (درسی مواد) میں ایسی متفرق معلومات پیش کی جاتی ہیں جن کو یاد رکھنا طالب علم کیلئے ضروری ہو جاتی ہے۔ جس سے واضح ہو جاتا ہے کہ یا طالب علم مطلوبہ معلومات کو بیان کرنے یا دہرانے کا مطالبہ کر سکتا ہے یا نہیں۔ یادداشت کی جانچ پڑتال کیلئے ایسے سوالات بنائے جاتے ہیں جن کے جواب کیلئے طالب علم کو صرف حافظہ پر زور دے کر لاتے ہوئے واقعات، حقائق، اصول، تصورات، کلیات، وغیرہ کو لفظ بہ لفظ تحریر یا شناخت کر سکے۔

مثال:

دقوفی درجہ میں سوالات کا جواب دینے کے لئے صرف معلومات یاد کر لینا ہی کافی ہوتا ہے ان معلومات کے بارے میں تحمل سمجھ بوجھ کا ضرر شامل نہیں اگر ایک کلیہ تحمل کرنا مقصود ہو تو صرف کلیہ کا علم ہی کافی ہے۔ کلیہ کے استعمال یا ثابت کرنے کی صلاحیت ضروری نہیں اگر کسی شے کی تعریف کا کہا گیا ہو تو لفظ بہ لفظ تحریر کر دینے سے جواب پورا ہو جاتا ہے۔ تشریح اور معنی جاننا اس درجے کی حد سے بالا تر صلاحیت سمجھی جاتی ہے۔

2- فہم (Understanding / Comprehension):

تدریس کے دوران فہم و تفہیم دقوفی میدان کا دوسرا درجہ ہے تعلیم و تدریس میں یہ درجہ نمایاں اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ تمام مضامین کے مقاصد میں بھی نکات مثلاً حقائق، تصورات، اصولوں، نظریوں وغیرہ کے فہم اور ادراک پر زور دیا جاتا ہے۔ اگر طالب علم خیالات و نظریات کو اپنے الفاظ میں پیش کرنے، معلومات کی تشریح اور وضاحت کرنے، وجوہات اور تعلق بیان کرنے، اصولوں کی مثالوں سے وضاحت کرنے، مشترک اور غیر مشترک خصوصیات کی نشاندہی کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو تو کہا جائے گا کہ طالب علم کی علمی قابلیت کا درجہ فہم ہے۔ تعلیمی پیش رفت کے ساتھ ساتھ فہم میں بھی وسعت پیدا ہوتی رہتی ہے۔ پرائمری سکول کے بچے کا فہم یقیناً ہائی سکول کے بچے کے محدود سطح کا ہوگا اسی طرح چھٹی جماعت کے بچے کے فہم کی سطح جماعت دہم کے بچے سے کم ہوگی۔

مثال:

فہم کی جانچ موضوعی اور معروضی قسم کے سوالات سے کی جاتی ہے معروضی اقسام میں کثیر الانتخابی اور مختصر جوابی سوالات زیادہ موزوں تصور کئے جاتے ہیں۔ اس علمی درجے کی جانچ کے لئے تشریح، وضاحت، خلاصہ، وجہ، تعلق وغیرہ کلیدی اصطلاحات ہیں جو سوالیہ جملوں میں استعمال کی جاتی ہیں۔

3- اطلاق (Application):

تعلیم کا مقصد صرف حقائق سے آگاہی کا فہم ہی نہیں بلکہ حاصل کردہ علم کو نئے مسائل حل کرنے کے لئے اور معروف حالات میں استعمال کرنا بھی ہوتا ہے طالب علم کو اکثر اوقات نت نئی صورت حال یا مسائل کا سامنا کرنا ہوتا ہے اور جس کی وجہ سے ذہن میں مسلسل مختلف قسم کے سوالات بھی پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ اگر طالب علم حاصل کردہ علمی نکات مثلاً حقائق، اصول اور تصورات کو برتے کار لانے کی صلاحیت پیدا کرے یا مسئلے یا سوال کو حل کرنے کیلئے حاصل کردہ علم کو

بروئے کار لاتے ہوئے واقعات، حقائق، اصول، تصورات، کلیات، وغیرہ کو لفظ بہ لفظ تحریر یا شناخت کر سکے۔

مثال:

دقوفی درجہ میں سوالات کا جواب دینے کے لئے صرف معلومات یاد کر لینا ہی کافی ہوتا ہے ان معلومات کے بارے میں تحمل سمجھ بوجھ کا ضرر شامل نہیں اگر ایک کلیہ تحمل کرنا مقصود ہو تو صرف کلیہ کا علم ہی کافی ہے۔ کلیہ کے استعمال یا ثابت کرنے کی صلاحیت ضروری نہیں اگر کسی شے کی تعریف کا کہا گیا ہو تو لفظ بہ لفظ تحریر کر دینے سے جواب پورا ہو جاتا ہے۔ تشریح اور معنی جاننا اس درجے کی حد سے بالا تر صلاحیت سمجھی جاتی ہے۔

2- فہم (Understanding / Comprehension):

تدریس کے دوران فہم و تفہیم دقوفی میدان کا دوسرا درجہ ہے تعلیم و تدریس میں یہ درجہ نمایاں اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ تمام مضامین کے مقاصد میں بھی نکات مثلاً حقائق، تصورات، اصولوں، نظریوں وغیرہ کے فہم اور ادراک پر زور دیا جاتا ہے۔ اگر طالب علم خیالات و نظریات کو اپنے الفاظ میں پیش کرنے، معلومات کی تشریح اور وضاحت کرنے، وجوہات اور تعلق بیان کرنے، اصولوں کی مثالوں سے وضاحت کرنے، مشترک اور غیر مشترک خصوصیات کی نشاندہی کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو تو کہا جائے گا کہ طالب علم کی علمی قابلیت کا درجہ فہم ہے۔ تعلیمی پیش رفت کے ساتھ ساتھ فہم میں بھی وسعت پیدا ہوتی رہتی ہے۔ پرائمری سکول کے بچے کا فہم یقیناً ہائی سکول کے بچے کے محدود سطح کا ہوگا اسی طرح چھٹی جماعت کے بچے کے فہم کی سطح جماعت دہم کے بچے سے کم ہوگی۔

مثال:

فہم کی جانچ موضوعی اور معروضی قسم کے سوالات سے کی جاتی ہے معروضی اقسام میں کثیر الانتخابی اور مختصر جوابی سوالات زیادہ موزوں تصور کئے جاتے ہیں۔ اس علمی درجے کی جانچ کے لئے تشریح، وضاحت، خلاصہ، وجہ، تعلق وغیرہ کلیدی اصطلاحات ہیں جو سوالیہ جملوں میں استعمال کی جاتی ہیں۔

3- اطلاق (Application):

تعلیم کا مقصد صرف حقائق سے آگاہی کا فہم ہی نہیں بلکہ حاصل کردہ علم کو نئے مسائل حل کرنے کے لئے اور معروف حالات میں استعمال کرنا بھی ہوتا ہے طالب علم کو اکثر اوقات نت نئی صورت حال یا مسائل کا سامنا کرنا ہوتا ہے اور جس کی وجہ سے ذہن میں مسلسل مختلف قسم کے سوالات بھی پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ اگر طالب علم حاصل کردہ علمی نکات مثلاً حقائق، اصول اور تصورات کو برتے کار لانے کی صلاحیت پیدا کرے یا مسئلے یا سوال کو حل کرنے کیلئے حاصل کردہ علم کو

4- تجزیہ (Analysis):

تجزیہ دقوفی حلقے کا وہ درجہ ہے جس میں طالب علم معلومات اور اجزائے ترکیبی کو الگ الگ حصوں میں تقسیم کر کے سمجھنے اور ان کا باہمی تعلق قائم کرنے کی صلاحیت حاصل کرتا ہے۔ تجزیہ کے عمل میں مشترک اور غیر مشترک خصوصیات کی نشاندہی، درجہ بندی کرنا، شواہد کا باہم تعلق قائم کرنا، جھکاؤ، رجحان اور جہت کے مطابق معلومات کو ترتیب دینا بھی صلاحیتوں میں شامل ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر طلبا کے سامنے ایک صورت حال بیان کی جاتی ہے۔ تجزیہ کے لئے طالب علم کی صلاحیت اور حقائق کی نشاندہی کرتا ہے۔ متعلقہ اصولوں اور تصورات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی مختلف پہلوؤں یا جوانب میں درجہ بندی کرنے کے لئے معیاری اصول (Criteria) مرتب کرنا ضروری ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں طلبا جواز اور اثر (Cause and effect relationship) کے تعلق کی تشریح بھی کرتے ہیں۔ تجزیہ کی صلاحیت کی جانچ کے لئے گراف، جدول، ماڈیا اور کو استعمال بھی کیا جا سکتا ہے۔

5- تراکیب (Synthesis):

تجزیہ کے عمل میں معلومات کو الگ الگ کرنے کی ذہنی استعداد و صلاحیت اور مہارت درکار ہوتی ہے۔ جبکہ ترکیب میں معلومات کے مختلف حصوں یا اجزاء کو نئے انداز میں ترتیب شکل و ترکیب سے جوڑنا یا اکٹھا کرنا مقصود ہوتا ہے۔ اس طرح حقائق و شواہد میں عمومی رجحان یا جھکاؤ اور طریق (Trend) معلوم کیا جاتا ہے۔ یا در ہے تجزیہ کے بغیر تالیف ممکن نہیں۔ اس درجہ میں طالب علم نئے علم کی تعمیر و تشکیل (Construction of new knowledge) کی صلاحیت اور مہارت حاصل کرتا ہے طالب علم ایسے اجزاء عناصر جن کا اسے تجزیہ سے پتہ چلتا ہے کہ ان سے ایک ترکیب یا طریق کار تشکیل دیتا ہے۔ پھر وہ مختلف معلومات کے عناصر اور پہلوؤں کے باہمی تعلق سے جڑاؤ کا تعین کرتا ہے یا نئے پہلوؤں کو اکٹھا کر کے اور مربوط کر کے نئی ترکیب تشکیل دیتا ہے۔ اگر طالب علم ان تمام صلاحیتوں کا ظاہر کر سکے تو کہا جائے گا کہ اس نے تالیف کا علمی درجہ حاصل کر لیا ہے۔

Elmas Ali

6- جائزہ یا فیصلہ (Evaluation):

دقوفی حلقے کے درجات میں سے استخراج (جائزہ و مشاہدات سے ماخوذ نتیجہ) یا فیصلہ طالب علم کرنے کا اعلیٰ ترین درجہ تصور کیا جاتا ہے۔ اس درجہ میں طالب علم تجزیہ و تالیف کے بعد معیاری، اکمل اور اصولوں کی روشنی میں فیصلہ کرتا ہے فیصلے کی مختلف صورتیں ہو سکتی ہیں مثلاً نتیجہ اخذ کرنا، تخمینہ لگانا، تشخیص کرنا، تنقید کرنا، انتخاب کرنا وغیرہ، استخراج یہ فیصلے کے لئے معیار (Criteria) کا تعین انتہائی ضروری عمل ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سوال 10۔ تعلیمی مقاصد کی صف بندیوں (Taxonomies) کے بارے میں تفصیلی نوٹ لکھیں؟

جواب: تعلیمی مقاصد کی صف بندیاں (ٹیکسانومی):

(Taxonomies of Educational Objectives):

مختلف مصنفین اور ماہرین تعلیم نے تعلیمی مقاصد (Educational Objectives) کی متعدد صف بندیاں (Taxonomies) پیش کی ہیں۔ یہ صف بندیاں (Taxonomies) وقوفی، جذباتی اور نفسیاتی حرکی میدان سے متعلق ہیں، نصاب ساز، اساتذہ اور متعلمین نے ان کا سب سے زیادہ استعمال کیا ہے۔ صف بندیاں (Taxonomies) مقاصد (Objectives) کو ہر میدان میں سلسلہ مراتب کے لحاظ سے درجہ بندی کر کے پیش کرتی ہیں۔ جن سے نصاب سازی، ٹیسٹ کی تیاری، جائزہ اور تدریس و تعلم میں رہنمائی ملتی ہے۔ یہ صف بندیاں (Taxonomies) کئی طریقے سے مفید مقاصد کو حاصل کرنے میں مدد دیتی ہیں، اس سے مقاصد (Aims) اور اہداف (Goals) کی تفصیل واضح اصطلاحات کی صورت میں پیش کرنے میں سہولت ملتی ہے۔ ٹیسٹ تیار کرنے اور جائزہ لینے کے لئے بھی اس کا کردار انتہائی اہم ہوتا ہے۔

1- وقوفی میدان (Cognitive Domain):

بلوم (Bloom) اور اس کے ساتھیوں نے یہ "ٹیکسانومی" تیار کی ہے۔ اس میں آسان سے پیچیدہ وقوفی عمل تک مقاصد (Objectives) کے چھ درجے شامل ہوتے ہیں۔ یہ درجے اور ان میں ترقی کا تسلسل مصنف کی صوابدید پر ہوتا ہے۔ ہر مصنف اپنے انداز میں ان مدارج کی تعریف و تشریح کر سکتا ہے۔ تاہم بلوم (Bloom) کی درجہ بندی درج ذیل ہے۔

i- علم (Knowledge):

یہ وقوفی میدان میں مقاصد کا کم ترین درجہ ہے جس کا تعلق حقائق اور معلومات کو یاد رکھنے سے ہے۔ یہ سطح کسی سوجھ بوجھ کے بغیر محض علم کے اجزاء کو ازبر کرنے تک ہی محدود ہوتی ہے، اس سطح پر طالبعلم کے رویے میں یاد کرنا، بیان کرنا، شناخت کرنا، سننا، وضاحت کرنا شامل ہوتا ہے۔ اس سطح کے لئے مقاصد کی مثال درج ذیل ہے۔

ii- فہم (Comprehension):

پہلے کی نسبت دوسرا درجہ قدرے پیچیدہ ہے، اس میں یاد کئے گئے اور ذہن میں محفوظ کردہ علم کی تشریح و توضیح کی جاتی ہے۔ نیز مواد کی بنیاد پر پیشگوئی کرنا سیکھا جاتا ہے، اس سطح پر طلبہ کے رویوں میں عبارت کا مفہوم اپنے الفاظ میں بیان کرنا، خلاصہ پیش کرنا، تمثیلات سے وضاحت کرنا، تشریح کرنا، عبارت میں اضافہ کرنا، نئے نتائج کا انبساط کرنا اور پیش کرنا شامل ہوتے ہیں۔ اس سطح کے مقاصد کی مثالیں درج ذیل ہیں۔

مثالیں:

☆ اسلام کے اولین دور کی فتوحات کے تناظر میں جہاد کے تصور کو واضح کرنا۔

☆ آبادی کے گراف کی تشریح کرنا۔

iii- اطلاق (Application):

اطلاق (Application) نئے مسائل کو سیکھے گئے مواد، تصورات، قوانین، اصول اور نظریات کو بروئے کار

صدائے انقلاب پبلیکیشنز اردو بازار لاہور 042-37245454, 37361414

...ے ہوئے حل کرنے کی صلاحیت اور استعداد کا نام ہے۔ اس صلاحیت کو پانے کے لئے طالب علم مسائل کو حل کرتا ہے، چیزوں میں بدلاؤ لاتا ہے، اصول و قوانین کا مختلف صورتحال میں اطلاق کرتا ہے، عملی مظاہرہ کرتا ہے، تعمیری کام انجام دیتا ہے اور کوئی کردار نبھاتا ہے۔

مثال: شہری آزادی کے دو تصورات کو عدالتی فیصلے کے تناظر میں واضح کریں جن کا اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے حوالہ دیا گیا ہے۔

iv- تجزیہ (Analysis):

کسی جامع کل کو مختلف اجزاء میں تقسیم کرنا، اس کے باہمی تعلق کا تعین کرنا، متعلقات کو غیر متعلقات سے الگ کرنا اور اس کے پیچھے کارفرما نظریے کو حقیقت کو اچھی طرح سے سمجھنا تجزیہ کہلاتا ہے۔ یہ اپنے اعلیٰ درجے میں استدلال کا عمل ہوتا ہے۔ اس سطح پر طلبہ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ چیزوں میں فرق کریں گے، ان کا تجزیہ اور درجہ بندی بھی کریں گے۔

مثال: وقوفی میدان (Cognative Domain) کے اجزاء کا تجزیہ کرنا۔

v- ترکیب (Synthesis):

[illegible] جدا جدا [illegible] کو باہم ملا کر جامع کل تشکیل دینے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ یہ تنظیم نو اور تشکیل نو کا عمل ہے جس سے بالکل کوئی [illegible] چھوتی [illegible] منے آتی ہے۔ اس میں کسی حد تک تخلیقی اور تحقیقی سرگرمیوں کا عمل دخل بھی ہوتا ہے۔ اس سطح پر طالبعلم کچھ تخلیق [illegible] ہے، کچھ بناتا ہے اور کوئی نتیجہ اخذ کرتا ہے۔

مثال: کسی [illegible] ڈیٹا سے کوئی عمومی اصول تشکیل دینا۔

vi- جائزہ (Evaluation):

یہ طے شدہ معیار کے تحت کسی کو پرکھنے اور جانچنے کی صلاحیت کا نام ہے، اس کے لئے اعلیٰ ترین غور و فکر کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سطح پر طلبہ تنقید کرتے ہیں، جواز فراہم کرتے ہیں، نتائج اخذ کرتے ہیں، تقابلی جائزہ لیتے ہیں اور قدر کا اندازہ کرتے ہیں۔

مثال: سیکنڈری سکول کے نصاب کا قومی تعلیمی پالیسی کی روشنی میں [illegible]

2- جذباتی یا تاثراتی میدان (The Affective Domain):

"Bloom", "Karthwohl" اور "Masia" نے اس ڈومین کے [illegible] مقاصد کی درجہ بندی کو اقدار (Values)، رجحانات (Attitudes)، احساسات (Feelings)، قدردانی (Appreciation) اور تعلق [illegible] دیگر جذباتی پہلوؤں کی صورت میں بیان کیا ہے۔ ان اقسام اور درجات کو سلسلہ مراتب کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے۔ یہ ڈومین وقوفی میدان کی طرح نہیں جس کے ساتھ عمل اور نتائج دونوں جڑے ہوتے ہیں، بلکہ یہ صرف عمل پر مبنی ہوتے ہیں، اس کے مختلف مدارج درج ذیل ہیں۔

i- وصول کرنا (Receiving):

یہ آگہی سے اگلا درجہ ہے اس موقع پر طلبہ عمل اور ردعمل ظاہر کرتے ہیں جس سے انہیں تسکین کا احساس ہوتا

AIOU LIBRARY aioulibrary.com

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



ہے، طالبعلم صرف سننے پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ اس پر ردعمل بھی پیش کرتا ہے، اس درجے پر طالبعلم جواب دیتا ہے، پڑھتا ہے، پیروی کرتا ہے اور عملی مظاہرہ بھی کرتا ہے۔

مثال: فٹ بال کھیلنے کے لئے میدان میں اترنا۔

ii- ردعمل پیش کرنا:

یہ آگہی سے بھی اگلا درجہ ہوتا ہے۔ اس پر طلبہ اپنا ردعمل ظاہر کرتے ہیں جس سے ان کو تسکین کا [illegible] طلبہ محض سننے پر قناعت نہیں کرتے بلکہ اس پر ردعمل بھی پیش کرتا ہے۔ اس مرحلے پر طالب علم جواب [illegible] دیتا ہے، پڑھتا ہے، پیروی کرتا ہے۔ اور عملی مظاہرہ بھی کرتا ہے۔

Eimas Ali

مثال: فٹ بال کھیلنے کیلئے میدان میں اترنا۔

iii- قدر جانچنا(Valuing):

یہ کسی مخصوص مقصد، مواد یا رویہ کے حوالے سے طالبعلم کی ذمہ داری اور ذہانت تجویز کرتی ہے۔ طلبہ کی اقدار پیچیدہ ضرور ہوتی ہیں تاہم اتنی بھی نہیں کہ ان تک نہ پہنچا جا سکے، طلبہ کی اقدار کی نشاندہی ہمیشہ ان کے رویوں اور رجحانات سے ہوتی ہے۔ اس درجے پر طلبہ دعوت دیتے ہیں، جواز تلاش کرتے ہیں، مدد کرتے ہیں، وکالت کرتے ہیں، اور خریداری کرتے ہیں۔

مثال: تعلیم بالغاں کی ضرورت پر اخبار کے ایڈیٹر کو خط لکھ کر عزم کا اظہار کرنا۔

iv- تنظیم(Organization):

اس میں اقدار کے حوالے سے تخلیق کی تشکیل، تعلق کی وضاحت، اور نظام قدر (Value System) کی تنظیم شامل ہوتی ہے۔ اس درجے پر طلبہ کے رویوں میں متبادل تشکیل دینا، ملانا، عمومی اصول پیش کرنا اور تنظیم و تشکیل شامل ہوتے ہیں۔ مثال: اسلام میں خواتین کی آزادی پر رائے دینا۔

v- Characterization of Value Complex:

یہ اس ڈومین کا اعلیٰ ترین درجہ ہے جو کہ طرز زندگی کی ترویج سے جڑا ہوا ہے، اس نے باہمی تعلقات کی وسیع تر سرگرمیوں کا احاطہ کیا ہوا ہے۔ یہ درجہ بلوغت میں ہی حاصل کیا جا سکتا ہے، یہ زندگی کے بارے میں فرد کے فلسفے کا عکاس ہے۔ مختلف عقائد، رجحانات، رویے اور خیالات ایک کُل میں سما جاتے ہیں۔ اس درجے پر طلبہ کوئی کردار ادا کرتے ہیں، کوئی خاص عقیدہ اپناتے ہیں، سوال کرتے ہیں اور اثر انداز ہوتے ہیں۔

3- نفسیاتی حرکی میدان(The Psychomotor Domain):

نفسیاتی حرکی سرگرمیوں سے وابستہ یہ صف بندی (Taxonomy) "Anita Harrow" نے تشکیل دی ہے۔ اس میں سادہ سے پیچیدہ ترین حرکی سرگرمیوں تک چھ درجے بیان کئے گئے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

i- اضطراری حرکات(Reflex Movement):

کئی حرکات ایسے ہوتے ہیں جس میں نادانستہ طور پر ردعمل ظاہر ہوتا ہے، یہ حرکات پیدائش سے موت تک ہوتی

[illegible] مثلاً غصے یا خوف کی صورت میں عضلات میں کھچاؤ وغیرہ۔

ii- بنیادی حرکات(Fundamental Movement):

ان سے مراد جسمانی حرکات کا توارثی انداز ہے مثلاً چلنا، دوڑنا، اچھلنا کھینچنا وغیرہ۔

iii- ادراکی اہلیتیں(Perceptual Abilities):

ان صلاحیتوں میں بصری اور بالغانہ تمیز و شعور، آنکھوں کا ہاتھ اور پاؤں کے ساتھ تعلق وغیرہ شامل ہوتا ہے، یہ [illegible] متعلمین کو ماحول کے ساتھ مطابقت اختیار کرنے میں معاونت فراہم کرتی ہیں۔ ان صلاحیتوں کے تحت متعلم یا فرد [illegible] کھانے، پینے وغیرہ کا کام کرتا ہے۔

[illegible] حروف تہجی کو نقل کر کے لکھنا۔

iv- [illegible] اہلیتیں(Physical Abilities):

[illegible] فرد کی قوت سے ہوتا ہے۔ اس میں جسمانی طاقت، لچک اور دیگر خصوصیات شامل ہوتی ہیں، ان [illegible] سے طلبہ [illegible] دوڑ سکتے [illegible]، پاؤں کے انگوٹھوں کو چھو سکتے ہیں، فوری طور پر رک کر بھاگ سکتے ہیں۔

مثال: 120 [illegible] کرنا۔

v- ماہرانہ حرکات(Skilled Movement):

ان سے مراد پیچیدہ حرکات ہیں [illegible]، ڈانس یا کھیل میں ماہرانہ انداز میں پیش کیا جاتا ہے۔ ان صلاحیتوں کے ساتھ طلبہ ٹائپنگ کر سکتے [illegible] کے آلات بجا سکتے ہیں۔

مثال: چار گیندوں کو بیک وقت ہوا میں اچھا [illegible] مظاہرہ کرنا۔

vi- گفتگو کے بغیر ابلاغ(Non-Discursive Communication):

ان سے مراد وہ رویے اور رجحانات ہیں جن کا ابلاغ کے ساتھ گہرا تعلق [illegible] ہے۔ ان میں چہرے کے تاثرات سے لے کر پیچیدہ ترین ابلاغ شامل ہیں، نان ڈسکرسو کمیونی کیشن (Non-Discursive Communication) میں ردعمل کا اظہار کسی استدلال کی بنیاد پر نہیں بلکہ وجدانی طور پر ہوتا ہے۔ [illegible] سطح کے مقاصد [illegible] کے انداز، چہرے کی [illegible] حرکات و سکنات وغیرہ سے تعلق ہوتا ہے۔ مثلاً اپنے جذبات کے اظہار کے [illegible] حرکت کرنا۔

حالانکہ تعلیمی مقاصد کے ان تینوں اہم میدانوں (Principal Domains) کے ساتھ الگ الگ سلوک ہوتا ہے تاہم پھر بھی بنیادی طور پر یہ ایک دوسرے کے ساتھ منسلک ہوتے ہیں، طالبعلم کوئی نظم [illegible] ہوتا ہے تو وہ [illegible] شعوری مہارتوں کو بروئے کار لاتا ہے بلکہ دیگر صلاحیتوں کو بھی استعمال کرتا ہے۔ کئی خامیوں کے باوجود صنف [illegible] کا طریقہ (Taxonomic Approach) کئی انداز سے کارآمد ہے۔ [illegible] نصاب کی منصوبہ بندی، تدریس اور جائزہ میں بڑی مدد ملتی ہے۔ ہم مختلف میدانوں کی وجہ سے ہر سطح کے مقاصد سے باخبر رہتے ہیں، اگر صنف بندیوں سے بے نیاز ہو کر امور سرانجام دینے کی کوشش کی جائے تو ممکن ہے کہ کئی اہم مقاصد نظر انداز ہو جائیں گے۔ ان صنف بندیوں (Taxonomies) سے تعلیم و تدریس میں فکر کو تحریک ملتی ہے۔ تاہم انہیں بڑی ذہانت کے ساتھ استعمال کرنے کی ضرورت ہے اس کے ساتھ ساتھ مضمون کی نوعیت، طریقہ کار اور دیگر معاملات کا بھی دھیان رکھنا پڑتا ہے۔

AIOU LIBRARY

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سوال 11۔ تعلیم کے رویہ جاتی مقاصد کو بیان کرنے کے مختلف طریقے کون کونسے ہیں اظہار خیال کریں؟

جواب: مقاصد کی تشکیل (The Development of Objeectives):

مقاصد کا تعین اساتذہ کے رویے، مواد اور طلبہ کے رویے کے نقطہ نظر سے کیا جا سکتا ہے۔ تعلیمی مقاصد کو بیان کرنے کے اہم طریقے (Approaches) مندرجہ ذیل ہیں۔

i- ٹیچرل مرکز طریقہ (The Teacher-Centered Approach):

تعلیمی سرگرمیوں میں اس طریقہ کار کے تحت مقاصد کے بیان میں استاد کے رجحانات پر زور دیا جاتا ہے جس کی وضاحت درج ذیل مثالوں میں کی گئی ہے۔

☆ تیسری دنیا کے ظہور اور کامیابیوں کو زیر بحث لائیں
☆ قوموں کے عروج و زوال کے قرآنی اصولوں کی وضاحت کرنا
☆ شاہ ولی اللہ کے سماجی نظریہ کو تفصیل کے ساتھ بیان کرنا۔

مذکورہ بالا جملے ان امور کی نشاندہی کر رہے ہیں جو کہ استاد سے متعلق ہیں، تاہم ان سے یہ نہیں پتہ چل رہا کہ اس سے طلبہ کے رجحانات میں تبدیلی آئے گی۔ ایسے بیانات یقیناً کلاس روم کے لئے تدبیری منصوبہ بندی میں اساتذہ کی مدد کر سکتے ہیں، تاہم اس میں طلبہ کے رویے کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ اس لئے یہ طریقہ بالواسطہ اور ضمنی کہلاتا ہے۔

ii- مواد مرکز طریقہ (Content-Centred Approach):

تعلیمی مقاصد کو بیان کرنے کا دوسرا طریقہ مواد مرکز طریقہ (Content-Centred Approach) ہے۔ مواد یا نفس مضمون کا کورس میں احاطہ کئے جانے کی تفصیل مندرجہ ذیل مثالوں کی صورت میں پیش کی گئی ہے۔

☆ اقبال کا تصور خودی ☆ امام شامل کی حیات اور سرگرمیاں
☆ سورۃ الحجرات ☆ سپین میں مسلم ثقافت

مذکورہ بالا مثالوں میں مواد ظاہری طور پر تو واضح ہے البتہ اس سے واضح نہیں ہوتا کہ مواد کے ساتھ کرنا کیا ہے؟ اور اس سے طلبہ کے رویے میں کیا تبدیلی آئے گی؟ مواد تو وہ شے ہے کہ مختلف طریقوں سے طلبہ کی سماجی و عقلی مہارتوں پر اثر انداز ہوتا ہے اور ان میں تبدیلی لاتا ہے۔ اس لئے اہم مقصد کو واضح کیا جانا ضروری ہے۔ یہ طریقہ کار بھی پہلے طریقے کی طرح نامکمل اور ناکافی ہے۔

iii- رویہ مرکز طریقہ (The Behaviour-Centred Approach):

بعض مصنفین نے مواد یا نفس مضمون کے اختتام پر طلبہ میں مطلوبہ رجحانات کے حصول پر بہت زیادہ زور دیا ہے۔ جیسا کہ "تخلیقی فکر پیدا کرنا"، "مسئلہ حل کرنے کی مہارتوں کو بہتر کرنا" اور "تحقیق کا جذبہ پیدا کرنا" وغیرہ۔ یہ بھی تعلیمی مقاصد کی نامکمل تشکیل، یہ جملے انتہائی مبہم اور عامیانہ ہیں جس سے کلاس روم کی صورتحال میں تعلیمی سرگرمی کی واضح سمت کا تعین نہیں ہو پاتا، درحقیقت تعلیمی مقاصد واضح طور پر متعین کئے جانے چاہئیں اور ان کا مواد کے ساتھ بھی تعلق قائم ہونا چاہئے۔ مواد کی تخصیص کے بغیر نفس مضمون کا چناؤ اور تدریسی حکمت عملی کا تعین ناممکن ہوتا ہے۔ اس لئے یہ طریقہ بھی نامکمل اور غیر حقیقی ہے۔

iv- رویہ اور مواد کا طریقہ (The Behaviour and Content Approach):

مقاصد کو بیان کرنے کے مذکورہ بالا تین طریقوں کی ناکامی کے بعد ٹیلر (Tyler) نے ایک اور ماڈل پیش کیا ہے جس میں طلبہ کے رجحان، رویے اور مواد دونوں کو شامل کیا گیا ہے۔ وہ تعلیمی مقاصد کے تعین میں طلبہ کے حوالے سے مطلوبہ رویے اور مواد دونوں کی وضاحت کرنے کی تلقین کرتا ہے نیز وہ اس بات کی بھی وضاحت کرتا ہے کہ مطلوبہ رویہ کس شعبہ زندگی میں قابل عمل ہوگا؟ مثال کے طور پر اگر طلبہ میں تنقیدی سوچ پروان چڑھانا مقصود ہے تو اس کے ساتھ مواد کے نفس مضمون کا ذکر کرنا انتہائی ضروری ہے جیسا کہ سائنس، تاریخ یا زبان وغیرہ۔

سوال 12۔ رجحانات والے مقاصد کیسے لکھے جاتے ہیں؟ وضاحت کیجئے۔

جواب: رویہ جاتی مقاصد لکھنا (Behavioural Objectives):

رویہ جاتی مقاصد کو لکھنا انتہائی تکنیکی اور پیچیدہ سرگرمی ہے اس میں متعدد پہلو مثلاً مقاصد کے اجزاء کے حوالے سے فیصلہ سازی، صنف بندیوں کے ساتھ تعلق کی شناخت، موزوں ترین زبان کے انتخاب اور تسلسل وغیرہ شامل ہیں۔ ان [illegible] کیلئے فہم و فراست اور تجربے کی ضرورت ہوتی ہے۔ "Gomlund", "MaAshan", "Michaelis", Meger", "Tyler", "U[illegible]", "Le[illegible]" اور دیگر کئی مصنفین نے اس حوالے سے مخصوص [illegible] تمام اشکال کو بیان کرنا ناممکن ہے۔ جب کہ اس کی کوئی خاص ضرورت بھی نہیں۔ اس لئے یہاں پر صرف [illegible] کرنے پر اکتفا کیا جا رہا ہے۔ تمام مصنفین میں رویہ جاتی مقاصد (Behavioural Objectives) کے [illegible] اجزاء کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ ٹیلر (Tyler) نے دو، میگر (Mager) نے تین، "Leonard" اور "Utz" نے چار، "Kiler" اور ان کے حلیفوں نے پانچ اور "Grossman", "Michaelis" اور "Scott" نے چھ اجزاء تجویز کئے ہیں۔

ٹیلر (Tyler) کا کہنا ہے کہ [illegible] رویوں کی نشاندہی ناکافی ہے بلکہ اس میں طلبہ کے رویے (Intended Pupil's behaviour) اور متعلقہ مواد یا زندگی کے [illegible] کو شامل کرنا بھی انتہائی ضروری ہے، مخصوص رویے سے تعلق رکھنے والے مواد کی بھی تخصیص ہونی چاہئے۔

مثال: طلب و رسد کے قانون کی وضاحت کرنا، ریاضی میں تنقیدی فکر کو اجاگر کرنا۔

تنقیدی فکر کی ترقی اور وضاحت پیش کرنا رویوں اور رجحانات کی عکاسی کرتے ہیں، جبکہ طلب و رسد کا قانون اور ریاضی ان رویوں سے متعلق مواد کو پیش کرتے ہیں، یہ وہ عام انداز ہے جس کے [illegible] کے مواد میں اختیار کیا گیا ہے۔

تاہم روبرٹ میگر (Robert Mager) مخصوص مقصد کے تین قسم کے [illegible] کرتا ہے، یہ طریقہ کا یہ طریقہ بھی کافی مشہور ہے، جو کہ مصنفین اور ماہرین تعلیم کے فکر و عمل پر کافی اثر انداز ہوا ہے۔ یہ تین اجزاء درج ذیل ہیں۔

الف۔ مطلوبہ میقاتی رویہ (Terminal Behaviour) جسے ہم طلبہ میں دیکھنا چاہتے ہیں، واضح ہونا چاہئے۔

ب۔ مقصد کو اہم ضروری شرائط (مواد، طریق، سرگرمیاں وغیرہ) بیان کرنا چاہئیں، جس کے تحت طلبہ مخصوص رویے کو انجام دے سکیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

ج۔ قابل قبول کارکردگی کا معیار متعین کیا جانا چاہیے۔

تاہم "Mager" کا خیال ہے کہ ان تین اجزاء کا ہر مقصد میں شامل ہونا ضروری نہیں، رویہ جاتی مقاصد (Behavioural Objective) تحریر کرنے کی اصل وجہ سبق، کورس یا باب کی خواہش کا واضح اظہار یا ابلاغ ہے۔ کوئی بھی مقصد تبھی زیادہ کارآمد ہوتا ہے، جب وہ متعلم پر واضح کردے کہ اسے مقصد حاصل کرنے کے لئے کیا امور انجام دینے کے قابل ہونا ہوگا۔

مثال: طالبعلم درسی کتاب میں درج مسلمانوں کی نشاۃ ثانیہ کے اسباب میں سے کم از کم [illegible] بند کریں۔

مندرجہ بالا مثال میں قلمبند کرنا رویہ (Behaviour) اور مسلمانوں کے نشاۃ ثانیہ کے [illegible] از کم [illegible] اسباب معیار (Criteria) ہے جبکہ درسی کتاب میں درج ہونا "شرط" ہے۔

دیگر ماہرین کی طرف سے تجویز کردہ اجزاء کا تعلق وقت، شخصی رویہ، کارکردگی کی سطح اور شرائط وغیرہ [illegible] ہے، جسے ذیل میں بیان کیا جارہا ہے۔

الف: وقت (Time):

اس وقت کا تعین کیا جائے جس کے اندر مطلوبہ مقاصد حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے مثلاً "اس سبق کے اختتام پر" ---"باب کے آخر میں" ---"اور" سال کے آخر میں" ---

ب۔ کون؟ (Who):

یہ واضح کردینا بھی ضروری ہوتا ہے کہ مقصد ہر ایک کے لئے ہے یا صرف مخصوص طلبہ ہی اسے حاصل کریں گے، مثلاً "ایسے طلبہ جو کہ سبق مکمل کرچکے ہیں" ---"80 فیصد طلبہ" ---"تمام طلبہ" ---

ج۔ رویہ (Behaviour):

جس رویئے کا مشاہدہ درکار ہے اسے "نوٹ" کرنا، مثلاً "بیان کریں" ---، "وضاحت کریں" ---، فہرست پیش کریں" ---"نام دیں" ---، "ترتیب دیں" ---

د۔ معیار (Criteria):

کارکردگی کے مطلوبہ معیار کا تعین کیا جانا چاہئے مثلاً "کم از کم 3" ---، "100 فیصد درست" ---

ر۔ شرائط (Conditions):

ایسے مواد اور سرگرمیوں کی نشاندہی کی جائے گی جو کہ مقصد کے حصول کے لئے ضروری ہوتے ہیں۔ مثلاً، "پیمانہ اور پنسل کا استعمال کرتے ہوئے" ---، "لغت سے مدد لیتے ہوئے" ---

مثال: اسلامی ثقافت کے کورس کی سہ ماہی کے اختتام پر طلبہ سائنس کیلئے مسلمانوں کے کردار کے موضوع پر ایک گھنٹے کے دوران 100 کثیر الانتخابی سوالات حل کرنے کے امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کے قابل ہوجائیں گے جس میں کم از کم 70 درست جواب دینا قابل قبول معیار ہوگا۔ مندرجہ بالا مثال میں مطلوبہ رویہ Desired Behaviour امتحان کو پورا کرتا ہے جبکہ ایک گھنٹے میں 100 سوالات کو حل کرنا شرائط کو ظاہر کرتا

ہے اور 70 سوالات کے درست جوابات دینا کامیابی کا کو معیار سمجھا جاتا ہے۔

اس مثال میں تقریباً تمام پہلوؤں کا احاطہ کرلیا گیا ہے، اوپر بیان کردہ تمام خاکے محض رہنمائی کے لئے فراہم کئے گئے ہیں ان میں سے کسی کو مخصوص کرلینا ضروری نہیں بلکہ آپ بدل بدل کر انہیں استعمال کرسکتے ہیں بلکہ اپنے طور پر بھی انہیں تشکیل دیا جاسکتا ہے۔

متعلقہ صنف بندیاں (Taxonomies) بھی رہنمائی کے لئے استعمال کی جاسکتی ہیں۔ اگر بچوں میں شعوری صلاحیتوں کو بڑھانے کی خواہش ہو تو وقوفی میدان (Cognative Domain) کے مختلف مدارج کو مدنظر رکھنا چاہئے۔

مقاصد کو بیان کرنے کیلئے انتہائی سادہ زبان اختیار کریں، پورے مقصد کو ایک فقرے میں بیان کرنے کو بہتر تصور کیا جاتا ہے لیکن یہ کوئی لازمی شرط نہیں، ضرورت پڑنے پر ایک سے زائد جملے بھی استعمال کئے جاسکتے ہیں، اصل مقصد ابہام کا خاتمہ ہے جس کا خیال رکھنا چاہئے۔ مقصد کو واضح انداز میں پیش کرنے کے لئے مبہم فعل (Ambiguous verb) سے گریز کیا جائے، انگریزی میں مقاصد کو تحریر کرتے ہوئے جو "Verb" استعمال کئے جاسکتے ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

Action Verbs	Ambiguous Verbs
To define	to know
To classify	to understand
To analyse	to appreciate
To compare	to enlighten
To compute	to learn
To list	torepresent

اس کے علاوہ رویہ [illegible] مقاصد (Behavioural Objectives) کو ایسے تسلسل اور ترتیب سے پیش کیا جانا چاہئے جس سے تعلیمی اہداف کی [illegible] پیش [illegible] ہوسکے، یہ ترتیب آسان سے پیچیدہ کی جانب ہونی چاہئے، مقاصد میں تسلسل ہونے کی وجہ سے اساتذہ کو علم کے مختلف پہلوؤں [illegible] برقرار رکھنے میں مدد ملتی ہے اور محدود نوعیت کے تعلم کا ابہام دور ہوجاتا ہے۔

رویہ جاتی مقاصد کو تحریر کرتے ہوئے دیگر پہلوؤں [illegible] اساتذہ کی صلاحیتیں، تعلیمی مستقبل، اوپن اینڈ کلوزڈ آبجیکٹوز (Open and Closed Objectives) میں فرق [illegible] کا بھی خیال رکھا جانا چاہئے۔ "Open Objectives" سے مراد تخلیقی رویئے کو فروغ دینے والے مقاصد ہیں جبکہ "Closed Objectives" کارکردگی میں تکرار کے حوالے سے ڈیزائن کئے جاتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

باب 6 مواد کا انتخاب اور تنظیم اصول اور طریقہ ہائے کار

Content Selection and Organization Principles and Procedures

سوال 1۔ نصابی مواد کا مفہوم واضح کریں، اس کے انتخاب کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟ مواد کے مختلف [illegible] کے کردار پر بحث کیجئے؟

Q1. Define the meanings of The Curriculum Content, Why we should select it, Describe the Different levels of Content and their Functions?

جواب:1- نصابی مواد سے مراد:

تعلیم و تدریس کے عمل کے دوران کسی خاص موضوع پر نصاب سازی کیلئے فراہم کئے جانے والے "میٹریل" کو نصابی مواد کہا جاتا ہے۔ اس میں پیش کئے جانے والے عمومی نظریات، تصورات اور اصول، اس کے علاوہ اس میں ادراک سے وابستہ عمل، مہارت اور نفس مضمون سے خاص تعلق رکھنے والی اعلیٰ اقدار بھی شامل ہوتی ہیں۔ آر ہائمنے (R.Hyman) مواد کی تعریف کرتے ہوئے اس کو علم، مہارت یا عمل اور اقدار قرار دیا ہے، یہاں پر علم سے مراد حقائق، توضیحات، اصول، نظریات اور تعریفیں ہیں، جبکہ عمل اور مہارت میں پڑھنا، لکھنا، حساب کتاب کرنا، تنقیدی سوچ اپنانا، فیصلہ سازی کرنا اور بات چیت کرنا وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ اقدار سے مراد مختلف معاملات میں اچھائی، برائی، صحیح، غلط اور خوبصورتی اور بدصورتی سے متعلق عقائد شامل ہیں۔

سمتھ، سٹینلے اور شورز (Smithh, Stanley and Shores) نے اپنی شہرۂ آفاق کتاب "Fundamentals of Curriculum Development" میں نصابی مواد کے حوالے سے بڑی تفصیلی بحث کی ہے۔ ان کے مطابق "ہر تدریسی عمل میں کوئی شخص کسی دوسرے کو کچھ پڑھاتا ہے۔ اس عمل میں جو کچھ پڑھایا جاتا ہے وہ مواد (Content) ہوتا ہے اور پڑھنے والا متعلم کہلاتا ہے۔" مواد (Content) کو سیکھنے کے لئے دستیاب علم، مہارت، رجحانات، رویئے اور اقدار کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ انسان جو کچھ بھی جانتا اور عقیدہ رکھتا ہے اس کے مثالی نمونے اور وفاداریاں مواد میں شامل ہوتی ہیں لیکن ہر وہ چیز جو انسان تخلیق کرتا ہے ضروری نہیں کہ مواد میں بھی موجود ہو۔ مثال کے طور پر کوئی خاندان کبھی نفس مضمون نہیں ہوتا، لیکن خاندان سے متعلق ہم جو کچھ جانتے سمجھتے ہیں، اس سے متعلق ہمارے عقائد، مثالی خاندانی زندگی پر مبنی تصورات وغیرہ ضرور نفس مضمون ہو سکتے ہیں، اسی طرح آلات اور مشینیں نفس مضمون نہیں

ہیں مگر ان آلات اور مشینوں کے استعمال، کام کرنے کے طریق کار اور انہیں بنانے کے طریقوں کے بارے میں شعور ضرور نفس مضمون ہے جسے نصاب میں شامل کیا جا سکتا ہے۔

رالف ٹیلر (Ralph Tyler) تعلمی یا آموزشی سرگرمیوں (Learning Experience) اور مواد (Content) میں فرق بیان کرتا ہے، اس کے مطابق کسی ماحول میں طالب علم اور بیرونی شرائط کا آپس میں معاملہ تعلمی سرگرمی یا تجربہ (Learning Experience) کہلاتا ہے۔ تعلم طالبعلم کے متحرک رویئے اور رجحانات کے ذریعے وقوع پذیر ہوتا ہے، اس میں معلم سے زیادہ متعلم کا اپنا کردار اہم ہوتا ہے، یہ بھی ممکن ہے کہ ایک ہی کلاس روم میں موجود دو طالب علموں کو مختلف قسم کے تعلمی تجربات حاصل ہوں، مشاہدات، تجربات اور سرگرمیوں کی تعریف میں متعلم اور ماحول کے آپس کے تعلق سے ظاہر ہوتا ہے کہ متعلم اس عمل کا ایک متحرک رکن ہے، تعلمی سرگرمیوں کے چناؤ کے معاملے میں ایسی سرگرمیوں کا تعین شامل ہونا چاہیے جو کہ تعلمی مقاصد کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہوں اس کے علاوہ ان میں ایسی صورتحال تشکیل دینے کی بھی استعداد ہونی چاہئے جو کہ دیگر تعلیمی سرگرمیوں کی طرف بھی طالب علم کو ترغیب دے۔

مواد کی نوعیت (Formation of The Content):

سمتھ، سٹینلے اور شورز (Smith, Stanley and Shores) نے مواد کی نوعیت پر بھی بحث کی ہے، ان کے مطابق [illegible] کے نفس مضمون ہوتے ہیں، یعنی توصیفی (Descriptive) اور معیار بند (Normative)۔

i- بیانیہ نفس مضمون (Descriptive Subject Matter):

بیانیہ نفس مضمون یعنی (Subject matter) ہمیشہ مصدقہ حقائق اور اصول و ضوابط پر مبنی ہوتا ہے۔ کتابیں اور اس کے علاوہ تعلیم و تربیت کے [illegible] کا نفس مضمون اسی قسم کا ہوتا ہے، مثلاً ہسٹری کے کورسز میں حالات و واقعات کا اندراج ہمیشہ حقائق کے مطابق کیا جاتا ہے یعنی [illegible] سا واقعہ [illegible] پیش آیا، اس میں کون کون شامل تھا وغیرہ، حیاتیات کے کورسز میں پودوں اور جانوروں کی بناوٹ کے حوالے سے حقائق [illegible] کئے جاتے ہیں [illegible] کی درجہ بندی وغیرہ پر تفصیل بتائی جاتی ہے، بیانیہ اصول (Descriptive Principles) قوانین اور نظریات [illegible] ہوتے ہیں، عمومی [illegible] میں اقدار اور ملتے جلتے حقائق شامل نہیں کئے جاتے، واضح اصولوں کا فطری بیان اور حقائق [illegible] توصیفی نفس مضمون (Descriptive Subject [illegible]) کہلاتے ہیں۔

Elmas Ali

ii- معیار بند نفس مضمون (Normative Subject matter):

سماج کے باشعور شہری ہمیشہ اخلاقیات اور جمالیات کو پسند کرتے ہیں، پسندیدگی [illegible] پر معیارات مبنی ہوتی ہے، جو کہ انسانی اقدار کے مظہر ہوتے ہیں اور نسل [illegible] پروان چڑھتے رہتے ہیں، تعلیم کے مقاصد [illegible] پر سماجی اخلاقی کنٹرول، سیاسی اداروں کے ذریعے مثالی نمونوں کا اظہار، قانونی نظام، خاندان میں قابل اعتماد اصول، فنی [illegible] جانچنے کا معیار اور اس طرح کے دوسرے امور "معیار بند اصولوں" (Normative Rules) میں شامل ہوتے ہیں

سوالات کے حوالے سے بھی مواد توصیفی (Descriptive) اور معیار بند نفس مضمون دونوں قسم کا ہو سکتا ہے اگر سوال کیا جائے کہ کیا ہوا؟ ور کب ہوا؟ تو اس کے جواب میں تو توصیفی نفس مضمون پیش کیا جا سکتا ہے لیکن اگر سوال یہ ہو کہ ایسا ہوا کیو؟ مختلف نظریات اور تصورات کے قائم ہونے کے اسباب کیا تھے؟ پیش آنے والے واقعہ میں کوئی بہتری بھی تھی یا

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com



(Normative) اس کے معنی ہے جانچنے کے لیے اس طریقے کے پیمانہ یا معیار۔ (Subject Matter) پیش کرتا ہے۔

-2 نصابی مواد کے انتخاب کی ضرورت (The Need for Selection):

نصابی مواد کے انتخاب کا عمل بہت اہم ہے۔ "Romine" کے مطابق نصابی مواد اور سرگرمیوں کے انتخاب کی بنیاد سے پہلے ضروریات کے پیچھے بہت سے [illegible] انسان کے اپنے مشکلے ہے کہ وہ کیا ضرورتیں پوری کرنا چاہتا ہے۔ یہ ضروریات حال میں ان کی [illegible] ہو سکتی ہے۔ جو کہ ہم یہ جانتے ہیں کہ ضروریات کے لیے ضروری ہے کہ ہم ان کا علم حاصل کریں۔ ہمیں پہلے یہ [illegible] ہے۔ مزید تعلیم کا تصور بہت وسیع ہو چکا ہے جس کے تحت بہت سے مسائل اور ضروریات ہیں جن کا تعلق نصابی مواد سے ہے۔ ایسے میں نصابی مواد کے انتخاب کے لیے کوئی نہ کوئی طریقہ کار کا ہونا ضروری ہے۔ اس طرح مختلف ذرائع سے مواد کے انتخاب کے لیے کئی طریقے ہیں۔ ان طریقوں کو جاننے کے لیے ہمیں ان کی نظریات اور حقائق ملتے ہیں جو ہمیں کارآمد اور مفید مواد اور سرگرمیوں کا انتخاب کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ ان طریقوں کو جاننے کے لیے ہمیں ان کی نظریات اور حقائق ملتے ہیں جو ہمیں کارآمد اور مفید مواد اور سرگرمیوں کا انتخاب کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ ان طریقوں کو جاننے کے لیے ہمیں ان کی نظریات اور حقائق ملتے ہیں جو ہمیں کارآمد اور مفید مواد اور سرگرمیوں کا انتخاب کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

-4 مواد کے مختلف درجات یا سطحیں اور ان کا کردار:

(Levels of Content and their Functions):

"Hilda Taba" نے نصابی مواد کے مندرجات کو تین درجے بیان کیے ہیں۔

-i خصوصی حقائق اور طریق عمل (Specific facts and Process):

مدرسہ تعلیمی سرگرمیوں میں کسی بھی اور سے پڑھائے جانے والے مضامین میں مختلف مدارج اور سطحوں کے قارئین ہوتے ہیں۔ ان میں ایک عام خصوصی حقائق، تجزیہ کے کوئی درجے پر توضیحی تصورات اور مخصوص طریقہ کار ضرورتوں پڑتی ہے۔ حکومت کی مثال، کیمیا، مرتفع سائی خصوصیات، واقعات کی تواریخ اور ریاضی والجبرا میں حسابی "مورے" کے تاروں کے بڑے مختلف واضح تعریف ہے تعلق رکھتی ہیں۔ اس طرح کا علم ہمیشہ جامد حیثیت میں بیان کیا جاتا ہے۔ ان میں عبارت حاصل کرنے سے کوئی نہ کوئی تصوراتی نظریہ پیدا نہیں کیا جا سکتا لیکن مخصوص حقائق اور نظریات کو ذہن میں رکھ کر کیے جانے کے مواد فراہم کرتے ہیں۔ ہر مطلب کے لیے مواد کی ایک جیسی ہی تحصیل میں عبارت حاصل کرنا ضروری ہے۔ آسانی سے مطالعہ کے قابل بنانے کا عمل بڑی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔

-ii بنیادی خیالات اور اصول (Basic Ideas and Principles):

بنیادی تصورات اور اصول علم کے دوسرے درجے میں آتے ہیں، انسانی ثقافت کچھ اور قدرتی ماحول کے

[illegible] کے بارے میں خیالات علم کے اسی درجے کی مثالیں ہیں۔ یہ خیالات اور اصول دنیا پیش کرتے ہیں [illegible] کی موضوعی خیالات کے ڈھانچے سے موہوم کیا جاتا ہے۔ یہ خیالات عموماً عمومیت کے حقائق کو بیان کرتے ہیں [illegible] جنہیں سمجھ لیا جائے تو بہت سے مخصوص مظاہر کی وضاحت ہو سکتی ہے۔

تصورات (Concepts):

[illegible] تعلیم کہتے ہیں کہ علم کا تیسرا درجہ تصورات اور نظریات (Concepts) پر مشتمل ہوتا ہے، جیسا کہ نظریہ [illegible] نظریہ آزادی، سماجی تبدیلی یا نجی انتخاب کا تصور یا نجی رابطے میں "Set" کا تصور۔ یہ تصورات اور نظریات [illegible] خیالات کے انتہائی پیچیدہ نظام کا حصہ ہوتے ہیں۔ ان کا سیاق و سباق بھی ترتیب دیا جا سکتا ہے، انہیں نصاب [illegible] میں الگ نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ اسے پورے نصاب میں پھیلایا جانا چاہیے۔

نصابی مواد اور آموزشی عمل کے انتخاب کے اہم اصولوں پر اختصار خیال کریں؟

پاکستان میں نصابی مواد کے انتخاب کے اصول:

(Principles for Selecting Curriculum):

[illegible] تعلیم کی جو پالیسی کے مطابق پاکستان میں نصابی مواد کے انتخاب کے لئے مندرجہ ذیل اصول و [illegible] کیا جانا چاہیے۔

نظریہ اسلام کا فروغ (Promotting Islami Ideo[illegible]):

ایک اسلامی ریاست میں نصاب کا مواد [illegible] جس سے اسلامی نظریے کو فروغ حاصل ہو۔ اور سپیس [illegible] بنیادی اصولوں کے تین مطابق [illegible]

سماجی سوجھ بوجھ پیدا کرنا (Developing Soci[illegible] Understanding):

تعلیمی سرگرمیوں کی کسی عام شکل کو اختیار کیا جاتا ہے [illegible] سے مختلف مسائل کے حوالے سے سماجی سوجھ بوجھ [illegible] ہو کہ سماج کے تمام شہری اپنی اپنی ذمہ داریوں سے روشناس ہو سکیں۔

شخصی ارتقاء کو اوج کمال تک پہنچانا (Promoting Maximum Personal Development):

تعلیمی سرگرمی ہر متعلم کی کلیدی خصوصیت کے مطابق ہونی چاہیے۔ مطلوبہ شخصی خوبیوں اور خصوصی [illegible] کے لئے ہمیں پورا اہتمام ہونا چاہیے۔ اس سے نصاب کی [illegible] اور [illegible] استعمال ہوتی ہیں۔

تجربات میں تسلسل کو فروغ دینا:

(Promoting Continuity of Experience):

اس اصول میں متعلم اپنی پڑھائی کے دوران اپنے تجربات اور مشاہدات سے [illegible] کرتا ہے۔ یہ اصول [illegible] پچھلی اور نجی تسلسل پر خصوصی توجہ کی نشاندہی کرتا ہے۔

AIOU LIBRARY
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



انقلاب

-v تعلیمی مقاصد کی روشنی میں (مواد کی) فراہمی:

(Providing for Educational Aims):

تعلیمی ماہرین کو ہمیشہ ایسے مواد کا انتخاب کرنا چاہئے جو کہ نصاب کے مقاصد (Aims) کے حصول میں مددگار ہو۔ نصاب میں بہتر مواد شامل کرنے کیلئے ہمیشہ اعلیٰ تعلیمی مقاصد کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

-iv تمام اہداف کے درمیان توازن برقرار رکھنا:

(Maintaining a Balance among all the Goals):

اعلیٰ تعلیمی مقاصد اور اہداف حاصل کرنے کیلئے ہمیشہ سازگار ماحول، یکساں وقت اور دوسری شرائط مقرر کرنے سے تعلیمی اہداف اور مقاصد میں توازن پیدا ہوتا ہے۔

-vii تعلمی سرگرمیوں میں متعلمین کو شامل کرنا:

(Involving the Pupil in the Learning Experiences):

تعلیمی پالیسی کے نفاذ میں ہمیشہ لچکدار اور جمہوری انداز اپنایا جانا چاہئے، متعلمین کی شمولیت اور معاونت کو یقینی بنانا چاہئے۔ جس کی وجہ سے شرح خواندگی میں اچھے نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔

-viii مؤثر آموزشی تجربات کا استعمال:

(Using Effective Learning Experiences):

مؤثر تعلم کے فروغ کے لئے تجربات، مشاہدات اور سرگرمیوں کے ذریعے موزوں ترین صورتحال کو بھرپور انداز میں استعمال کیا جانا چاہئے۔ اس کی بدولت طالب علموں کی ذہنی استعداد میں اضافہ ہوتا ہے۔

-2 رالف ٹیلر کے مطابق مواد کے انتخاب کے عمومی اصول:

مختلف مقاصد کے حوالے سے مخصوص تعلیمی سرگرمیوں کی موزونیت بدلتی رہتی ہے تاہم رالف ٹیلر (Ralph Tyler) کے مطابق مواد کے انتخاب کے کچھ قواعد و ضوابط پر عمل کیا جا سکتا ہے۔ مواد کے چناؤ کے لئے یہ عمومی اصول درج ذیل ہیں۔

-i مطلوبہ مقصد (Objjective) کو حاصل کرنے کیلئے انتہائی ضروری ہے کہ طالبعلم کو اس مقصد کے حوالے سے مخصوص رجحانات کی مشق کا موقع مہیا کیا جائے، مثال کے طور پر اگر مقصد یعنی "Objective" مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت کو بڑھانا ہے تو یہ تب تک حاصل نہیں ہوگا جب تک طالبعلم کو مختلف قسم کے مسائل کو حل کرنے کا از خود موقع نہیں دیا جائے گا۔

-ii تعلمی سرگرمیوں رویوں اور رجحانات کو اس قسم کا ہونا چاہئے جس سے طلبہ خاص رویئے کی انجام دہی سے سکون حاصل کریں۔ مثال کے طور پر اگر مقصد (Objective) صحت کے مسائل کو حل کرنے کی استعداد کو ترقی دینا ہے تو تعلیمی سرگرمیاں ایسی نوعیت کی ہونی چاہئیں جن میں نہ صرف طالبعلم کو صحت کے مسائل حل کرنے کا

موقع ملے بلکہ اسے اپنے تجربے اور مشاہدے سے سکون بھی حاصل ہو۔ بصورت دیگر مطلوبہ تعلم وقوع پذیر نہیں ہو سکے گا۔

Elmas Ali

مواد ہمیشہ اس نوعیت کا ہونا چاہئے جس کا مطلوبہ ردعمل طلبہ کی استعداد اور ذہانت کے عین مطابق ہو۔

منتخب مواد کو ایسا ہونا چاہئے جو کہ ایک ہی تعلمی سرگرمی سے بہت سے منطقی نتائج پیدا کر سکے، مثال کے طور پر جب کوئی طالبعلم تعلیم کے حوالے سے مسئلہ حل کرتا ہے تو اسے اس عمل میں نہ صرف تعلیمی شعبے کے بارے میں معلومات حاصل ہوتی ہیں بلکہ یہ فرد میں تعلیم عامہ کی اہمیت کے حوالے سے مختلف رویوں کو بھی پروان چڑھاتا ہے، اس کے علاوہ تعلیمی میدان میں ہونے والے کام کے حوالے سے پسندیدگی اور ناپسندیدگی کا بھی کھل کر اظہار خیال کیا جاتا ہے۔

مجوزہ مواد ایسا ہونا چاہئے جس سے مطلوبہ مقاصد (Objective) کو حاصل کرنے میں کوئی مشکل پیش نہ آئے یعنی [illegible] میں ایسی کوئی چیز نہیں ہونی چاہئے جس سے ایک خاص مقصد (Objective) کو حاصل کرنے میں [illegible] کا [illegible] نہ دیکھنا پڑے۔

سوال 3۔ نصابی [illegible] کے انتخاب [illegible] (Criteria) پر تفصیلی نوٹ لکھیں؟

-i جوازیت [illegible] کا معیار
-ii اہمیت یا Significance کا معیار
-iii دلچسپی یا Interest کا [illegible]
-iv سیکھے جانے کے قابل Learnability کا معیار

جواب: نصابی مواد کے انتخاب کا معیار (Criteria for Content Selection):

تمام تعلیمی مفکرین اس نظریہ پر [illegible] رکھتے [illegible] نصابی مواد کا چناؤ ہمیشہ متعین مقاصد (Objectives) پر مشتمل ہونا چاہئے کیونکہ مقاصد (Objectives) [illegible] کسی قسم کی تبدیلی نصاب میں بھی رد و بدل کا تقاضا کرتی ہے۔ اسی لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ نصاب کو منتخب کرتے وقت [illegible] خاص [illegible] ضرور مقرر کیا جائے تاکہ نصاب مواد کا بہتر انداز میں آخری جائزہ مکمل سیاق و سباق کے ساتھ کیا جا سکے، مواد کے چناؤ کے حوالے سے چند قسم کے معیار پیش کئے جا رہے ہیں۔

1۔ کیا نصابی مواد اسلامی اقدار، روایات اور تعلیمات کے بنیادی اصولوں کی بھرپور عکاسی کرتا ہے؟
2۔ کیا نصابی مواد اسلامی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کے لئے کلیدی کردار [illegible] صلاحیت [illegible]؟
3۔ کیا نصابی مواد علم کے کسی منظم شعبے کیلئے خصوصی اہمیت رکھتا ہے؟
4۔ کیا نصابی مواد زیادہ عرصہ کیلئے کارگر ثابت ہوگا یا نہیں؟
5۔ کیا نصابی مواد کارآمد ہے؟ وقت گزرنے کیساتھ اس کی مقبولیت میں کمی تو واقع نہیں ہوگی۔
6۔ کیا نصابی مواد متعلمین کیلئے دلچسپ ہے؟ کسی بھی نصابی مواد میں دلچسپی کا عنصر انتہائی اہمیت کا حامل [illegible] ہے۔ کیونکہ اگر مواد دلچسپ نہ ہوگا تو اساتذہ توجہ کے ساتھ تعلیم نہیں دے سکیں گے۔

ان کے علاوہ آپ اور بھی کئی طرح کے معیار قائم کر سکتے ہیں، یہاں پر اگر نکولز اینڈ نکولز (Nicholls and Nicholls) کے تجویز کردہ معیارات کا مطالعہ کر لیا جائے تو کافی فائدہ مند رہے گا، اس نے مندرجہ ذیل معیارات بیان کئے ہیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

1- جوازیت یا معقولیت (Validity) کا معیار:

کسی بھی قسم کے مواد کو نصاب میں شامل کرنے کا جواز تبھی فراہم ہوتا ہے جب وہ تصدیق شدہ حقائق پر مشتمل ہو، اس کے علاوہ مواد کی جوازیت سے مراد یہ ہے کہ جس عنصر کو پیش کرنے کے لئے مواد منتخب کیا جا رہا ہے وہ اسی کا اظہار کرے، مثلاً اگر پاکستان کے جغرافیہ سے متعلق مواد شامل کیا جانا مقصود ہے تو ایسا مواد منتخب کیا جائے جو کہ صرف ملکی جغرافیہ سے تعلق رکھتا ہو اس میں اکناکس کا عمل دخل نہیں ہونا چاہئے۔ جوازیت کا ایک اور اہم امتحان یہ ہے کہ دیا جائے کہ کیا پیش کیا جانے والا مواد متروک تو نہیں ہو رہا منتخب کئے جانے والے مواد کو جدید دور کے تقاضوں کا ساتھ دینا چاہئے کیونکہ ان اور سائنس جیسے مضامین کیلئے اس معیار کے مطابق مواد کے انتخاب میں زیادہ دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے کیونکہ ان میں زیادہ تیزی سے تبدیلیاں وقوع پذیر ہو رہی ہیں۔

جوازیت کے معیار کو ایک اور طریق کار سے بھی جانچا اور پرکھا جاتا ہے، اس کے تحت مواد اور مقاصد (Objectives) کے درمیان گہرے تعلق پر بھی خصوصی خیال رکھا جاتا ہے، اسی مواد کو نصاب میں شرکت کا جواز حاصل ہو سکتا ہے جو کہ نصاب کے مقاصد (Objectives) کی ترجمانی کرتا ہے، اگر مقصد (Objective) کسی اور چیز کی نشاندہی کرے اور مواد کوئی اور سبق دے تو اسے نصاب میں شامل کرنے کے لئے جائز (Valid) تصور نہیں کیا جا سکتا۔ مثال کے طور پر نصاب کا مقصد (Objective) اگر طلبہ کو ملک کے سیاسی ڈھانچے سے روشناس کرانا ہے اور مواد صرف سیاسی جماعتوں تک ہی محدود رہتا ہے تو یہ مواد "Valid" نہیں کہلائے گا۔

2- اہمیت یا (Significance) کا معیار:

ماہرین تعلیم کا کہنا ہے کہ کسی نصابی مواد کی اہمیت کا اندازہ نفس مضمون میں اس کی ضرورت اور افادیت کو دیکھ کر کیا جاتا ہے، نفس مضمون کے حوالے سے جس مواد کی قدر سب سے زیادہ ہوگی اسے ہی نصاب میں شامل کیا جانا چاہیے، بیشتر نصاب ساز اس معیار کو اپناتے ہوئے نظریات اور اصول میں توازن کا بھی خصوصی طور پر خیال رکھتے ہیں، جیسا کہ نکولز اینڈ نکولز (Nicholls and Nicholls) کہتا ہے۔ "اگر تحقیق بنیاد انداز میں منتخب کردہ اصول، تصور یا نظریات پر مشتمل ہے تو اس کی تشریح و توضیح کے لئے ان کے عملی کردار اور حقائق کو سمجھنا بھی انتہائی ضروری ہے اور انہیں محض شعور حاصل کرنے کے لئے ہی شامل کرنا چاہئے، اس سے حقائق کے بہت بڑے حصے کو سمجھنے کے حوالے سے درپیش مسائل جو کہ سیکنڈری درجے پر اکثر پریشانی کا سبب بنتے ہیں، کم ہو جائیں گے۔"

اہمیت کے معیار کے سنہری اصول کو کسی بھی قسم کے مواد پر لاگو کیا جا سکتا ہے، چاہے یہ مواد پرائمری کے نصاب کیلئے مسائل اور سرگرمیوں کے چناؤ کے لئے ہو یا منطق کے تحت علمی فہم سے تعلق رکھتا ہو۔ تاہم یہ معیار تب مسائل اور مشکلات پیدا کرتا ہے جب یہ سوال اٹھایا جاتا ہے کہ مواد کس کے لئے اہم ہونا چاہئے؟ اس حوالے سے مختلف نصاب سازوں کے مختلف قسم کے تصورات اور نظریات ہیں، بہتر یہی ہے کہ حالات اور واقعات کو سامنے رکھتے ہوئے طلبہ کی ضروریات کے عین مطابق مواد کے انتخاب کا فیصلہ کیا جائے۔

3- دلچسپی کا معیار (Interest):

مغربی مفکرین کہتے ہیں کہ منجھے ہوئے نصاب ساز عام طور پر مواد کا انتخاب کرتے وقت طلبہ کی دلچسپی کا خصوصی

خیال رکھتے ہیں اور اسے اعلیٰ درجے کا معیار تصور کیا جاتا ہے۔ تاہم یہ معیار ایسے معیارات میں سے ایک ہے جن کی عملی طور پر بڑی اہمیت اور مقبولیت ہوتی ہے لیکن عملی طور پر یہ اتنے مفید اور کارگر ثابت نہیں ہوتے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ معیار نصاب سازوں کی ترجیحات کے آخری درجے پر آتا ہے۔ اسی صورت حال میں بعض اوقات تو طلبہ کی دلچسپی کو اکثر یکسر ہی نظر انداز کر دیا جاتا ہے، جس کے لئے منطق یہ پیش کی جاتی ہے کہ نصاب ساز زیادہ بہتر جانتے ہیں کہ طلبہ کے لئے کیا سیکھنا زیادہ ضروری ہوتا ہے لیکن ایسا کرنے سے ایک نقصان ضرور ہوتا ہے اور وہ یہ کہ طلبہ کو تعلم پر اجارنے والی قوت غائب ہو جاتی ہے، کیونکہ جب نصاب میں طلبہ کی دلچسپی کا تمام سامان موجود نہ ہو تو وہ اکتاہٹ کا شکار ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر دلچسپی کا سامان موجود نہ ہو تو وہ زیادہ شوق اور دلچسپی سے پڑھتے ہیں۔

دوسری جانب جب نصاب میں طلبہ کی دلچسپیوں کا حد سے زیادہ خیال رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے تو طلبہ من مانی کرنے لگ جاتے ہیں ان میں بچگانہ پن آ جاتا ہے، ہمہ وقت نشو و نما پر اس کا الٹا اثر ہوتا ہے، جب کہ طلبہ کی تمام دلچسپیوں کا خیال رکھنا ممکن نہیں ہوتا ہے کیونکہ طلبہ کی دلچسپیاں وقت اور عمر کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتی رہتی ہیں، اور نصاب میں ان سب تبدیلیوں کا [illegible] کافی مشکل ہوتا ہے۔ اس لئے مواد کے اس معیار کو ایک حد میں رہتے ہوئے ہی لاگو کیا جا سکتا ہے۔

بہتا تمام معیارات یعنی اہمیت، جوازیت، سماجی مطابقت، افادیت، سیکھے جانے کی قابلیت، اور دلچسپی کو [illegible] مواد کو اکثر کرتے ہوئے ضرور ملحوظ خاطر رکھنا چاہئے تبھی طلبہ کے لئے موزوں ترین نصاب تیار کیا جا سکتا ہے۔ ہم ان میں سے اہمیت، [illegible] اور افادیت ایسے معیارات ہیں جنہیں ضرور قابل ترجیح سمجھنا چاہئے۔

سیکھے جانے کی قابلیت کا معیار (Learability):

طلبہ کے رجحانات، رویوں کو دیکھتے ہوئے ہمیشہ ایسا مواد سلیبس میں شامل کرنا چاہئے جسے وہ از خود حاصل کر سکیں یوں تو تعلیمی سرگرمیوں میں مواد کیلئے [illegible] تمام تر قواعد و ضوابط وضع کئے گئے ہیں مگر بڑا واضح اصول یہ ہے کہ طلبہ کو ایسا مواد مہیا کیا جائے جسے وہ بڑی آسانی کے ساتھ حاصل کر سکیں، لیکن [illegible] اطلاق ہمیشہ سے نہیں ہو رہا، یہ معیار ایسے نصاب کے لئے مناسب ہے جس کا مقصد مختلف پس منظر اور مختلف [illegible] صلاحیتوں کے حامل طلبہ کی کثیر تعداد کی ضروریات کو پورا کرنا ہو۔ ایسے معاملات میں خصوصی تعلیمین کے لئے زیادہ مشکل مواد [illegible] جس کی قابلیت کے معیار کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ اس میں طلبہ کو تعلیم [illegible] کے لئے تیار بھی کیا جائے۔ نصاب [illegible] مواد کا تعین جو طلبہ کو تعلم کی ترغیب دے، ایک مشکل کام ہے تاہم کلاس روم کا استاد جو کہ نصاب پر عمل درآمد کراتا ہے اس [illegible] میں ضرور ہوتا ہے کہ وہ طلبہ کی تعلیم کے لئے تیاری کا اندازہ کر سکے، اس لئے وہ حالات کا جائزہ لیتے ہوئے نصاب کا مواد [illegible] کے سامنے پیش کرتا ہے تاکہ مطلوبہ نتائج حاصل کئے جا سکیں۔ ایک ذہین اور فرض شناس استاد اس طرح کے [illegible] فیصلے سالہا سال کرتا رہتا ہے۔

5- سماجی مطابقت کا معیار (Social Relevancce):

مختلف معیارات میں سماجی مطابقت کو قدرے نمایاں معیار سمجھا جاتا ہے۔ [illegible] صرف ایسے مواد کو انتخاب کے لئے موزوں قرار دیتا ہے جو کہ سماج کے نقطہ نظر کے مطابق فرد کی سماجی نشوونما کرتا ہے۔ اس معیار کا تعلق مواد کی اخلاقی اقدار، نظریات، سماجی مسائل، متنازع معاملات اور دیگر سماجی امور سے مطابقت رکھتا ہے تاکہ فرد کو معاشرے کا مؤثر رکن بننے

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



میں مدد دیتا ہے۔

تاہم یہ سوال اپنی جگہ پر موجود ہے کہ ان بنیادوں پر کون سا مواد نصاب میں شامل کیا جا سکتا ہے؟ یہ سوال اس لئے اہم ہے کیونکہ معاشرے میں جہاں جہاں خوبیاں پائی جاتی ہیں وہیں خرابیاں بھی موجود ہوتی ہیں، بعض روایات معاشرے میں تو قابل قبول ہوتی ہیں مگر انہیں دوسرا معاشرہ رد کر دیتا ہے۔ ایسے میں صرف سماج میں معروف اقدار کو پیش کر دینا کیا قابل قبول معیار ہے؟ کیا مختلف معاشروں کا تقابلی جائزہ لے کر دوسرے معاشروں کی اچھی اقدار کو اپنانے کی کوشش نہیں کی جانی چاہئے؟ یقیناً بہترین اصول تو یہی ہے کہ اچھی اقدار جہاں سے بھی ملیں انہیں اختیار کر لیا جائے اور یہی اسلام کی آفاقی تعلیمات کا بھی سبق ہے۔ ذمہ دار معاشروں میں نصاب سازی کے طور پر مندرجہ ذیل سلسلوں پر مشتمل مواد نصاب میں شامل کرتے ہیں۔

1- جمہوری اصول اور اقدار
2- ثقافتی گروں کے بارے میں شعور
3- سماجی آگاہی اور تنقید
4- سماجی تبدیلیوں میں سہولت

افادیت کا معیار اس معیار کو مواد کے چناؤ میں مرکزی حیثیت حاصل ہے اس کے بغیر اعلیٰ تعلیمی مقاصد حاصل کرنا انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔ نصابی مواد کے انتخاب کے سلسلے میں اس کی افادیت ہمیشہ مسلمہ رہی ہے۔ یہ معیار بظاہر اہمیت اور سماجی مطابقت سے ملتا جلتا ہے۔ لیکن غور کریں تو یہ اصطلاح ان سے کچھ مختلف نظر آئے گی، یہ اصطلاح متعلم کے انفرادی مفاد سے تعلق رکھتی ہے، مواد کی افادیت کا مطلب فرد کو بالغانہ زندگی کے لئے تیار کرنے میں اس کا کردار بڑا کارآمد ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ مفید مواد متعلم کو براہ راست مطلوبہ نتائج تک پہنچا دیتا ہے۔ افادیت کا معیار ان کے لئے زیادہ قابل قدر ہے جو کہ سکول کے نصاب کو زیادہ متحرک بنانے کے حق میں ہیں۔ کیونکہ اس معیار کو اپنانے سے سکول کی تعلیم کو حقیقی زندگی سے زیادہ قریب کیا جا سکتا ہے۔ تاہم بعض سکول، کالجز اور جامعات ایسی ہیں جو کہ نصاب کے لئے مواد کو منتخب کرتے ہوئے عملی امور سے زیادہ نظریات کو اہمیت دیتی ہیں، لیکن طالبعلم کو عملی زندگی کے لئے تیار کرنے کی خاطر ضرورت اس امر کی ہے کہ معیاری تعلیمی نصاب کے لئے مواد کا چناؤ کرتے ہوئے تعلیمی فوائد اور ثمرات کو ہمیشہ مدنظر رکھنا چاہئے۔

نظریہ افادیت کو اپنی انتہائی سطح پر اختیار کرنے سے سٹیٹس کو (Status Quo) کو دوام ملتا ہے یا دستیاب مواد کا تناظر محدود ہو جاتا ہے، اس انداز سے سیکنڈری سکولز جیسے شعبہ جاتی اداروں میں مسائل پیدا ہوتے ہیں کیونکہ بلوغت کی افادی ضروریات خاص کر خاندانی زندگی، روزگار کی تعلیم، اشخاص کے باہم تعلقات میں مہارتیں، ذاتی صحت، پیسہ اور دیگر امور سے متعلق مواد تجویز کرتی ہیں۔ یہ موضوعات ویسے تو حقیقی مسائل پر مشتمل ہوتے ہیں تاہم یہ سیکنڈری سکول میں روایتی طور پر الگ رہنے والے مضامین میں اور شعبہ جات پر اثر انداز ہوتی ہے۔ یہ مسئلہ سکولوں میں کئی مرتبہ اٹھتا رہا ہے جو کہ ابھی تک حل طلب ہے، اس کی بنیادی وجہ حد سے زیادہ ضخیم نصاب ہوتا ہے۔

افادیت کے معیار کا تعین کرتے ہوئے جو حالیہ نظریہ اپنایا گیا ہے وہ طلبہ کی موجودہ ضروریات کے مطابق مواد کے انتخاب سے تعلق رکھتا ہے۔ طلبہ کو جدید دور میں ایسے نصابی مواد کی ضرورت ہے جو کہ نشے کے خلاف آگہی، ذاتی مسائل کا حل، مختلف ثقافتوں کے حوالے سے سوجھ بوجھ، معاشی آگہی اور دیگر امور سے متعلق ان کے اذہان کو تیار کر سکے۔ مواد کے انتخاب کے حوالے سے یہ معیار کافی سودمند ہے تاہم اس معیار کو اختیار کرنے کے مختلف انداز نے نصاب سازوں میں

اختلاف پیدا کر دیا ہے۔ نصابی مواد کے انتخاب کا یہ معیار خاص کر "نان ٹرشری بانڈ سٹوڈنٹس" (Non-tertiary-bond Students) کے نصاب کے لئے زیادہ مفید ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 4- سمتھ، سٹینلے، شورز نے انتخاب مواد کے مختلف طریقوں کی وضاحت کی ہے، آپ ان میں سے کونسا طریقہ پاکستان میں اپنانا پسند کریں گے اور کیوں؟

جواب: **مواد کے انتخاب کے طریقہ ہائے کار (Purposes of Content Selection):**

سمتھ (Smith)، سٹینلے (Stanley) اور شورز (Shores) نے اس موضوع پر بڑی تفصیل سے بحث کی ہے۔ انہوں نے مواد کے انتخاب کے چار طریقے بیان کئے ہیں۔

i- قیاسی (Judgemental)
ii- تجرباتی (Experimental)
iii- تجزیاتی (Analytical)، اور
iv- متفقہ طریقہ (Consensual)

قیاسی طریقہ (Judgmental Procedure):

قیاسی طریقہ میں نفس مضمون کو اکٹھا کرتے وقت نصاب ساز کو مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تلاش کرنا پڑتے ہیں۔

Elmas Ali

کس طرح کے تعلیمی اور سماجی مقاصد قبول کئے جانے چاہئیں؟

1- موجودہ معاملات کی نوعیت کے ہیں جس میں یہ "Objectives" مقاصد حاصل کرنے ہیں اور انہیں تسلیم کیا گیا ہے۔

2- موجودہ صورتحال میں کس مواد کے ذریعے ان مقاصد (Objectives) کو بہتر طریق کار کے ساتھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

3- اس طریقہ کار میں مواد کے معروضی چناؤ کے لئے نصاب ساز کی خصوصی دلچسپی اور علم کی ضرورت پڑتی ہے، اس کے لئے ضروری ہے کہ نصاب ساز کی سماج پر گہری نظر ہو اور اس کی سوچ ذاتی توجیہات سے ہٹ کر آفاقی رائے کے مطابق ہونی چاہئے۔

مقاصد کے تعین کے لئے نصاب ساز جب معلومات کے اعداد و شمار [illegible] کرتا ہے اور مواد کے انتخاب کے لئے جب انہیں بروئے کار لاتا ہے تو وہ اس طریقے کے تحت حقیقی سماجی اور تاریخی تحقیق نہیں کرتا، بلکہ بشریات، ثقافت، سماجیات، معاشیات، سیاسیات، تاریخ، نفسیات اور فلسفہ کے شعبوں میں ہونے والے [illegible] کو [illegible] کرتا ہے۔

اس کے علاوہ اس قیاسی طریقہ (Judgemental Procedure) میں گروپ [illegible] بھی کئے جاتے ہیں تاکہ انفرادی اور اجتماعی طور پر مختلف تجاویز کا درست طور پر جائزہ لیا جا سکے اور خاص نکات پر [illegible] حاصل کیا جا سکے۔ البتہ اگر مواد کو تعصبات اور ذاتی توجیہات کی بنیاد پر چننے کی کوشش کی جائے تو یہ قیاسی طریقے کے معیار پر [illegible] نہیں اتر سکتا۔ نہ ہی ایسا مواد نصاب کو قدرے بہتر بنا سکتا ہے۔

قیاسی طریقے (Judgmental Procedure) کا بہترین اظہار تب ہوتا ہے جب سماجی تشکیل نو کے معیار

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com



کریکولم ڈویلپمنٹ، تدوین نصاب 8603 بی ایڈ 172

-9 تجرباتی طریقہ (The Experimental Procedure):

-3 تجزیاتی طریقہ (The Analytical Procedure):

کریکولم ڈویلپمنٹ، تدوین نصاب 8603 بی ایڈ 175

سرگرمی کا تجزیہ (Activity Analysis):

پیشہ ورانہ کام کا تجزیہ (Job Analysis):

علم کا تجزیہ (Knowledge Analysis):

-4 انٹرویو کرنا (Interviewing):

-2 ملازمت پر کام (Working on the Job):

-3 سوالنامہ (Questionaries):

-4 دستاویزی تجزیہ (Documentary Analysis):

-5 لوگوں کی کارکردگی کا مشاہدہ کرنا (Observing the Performance of People):

Elmas Ali
AIOU LIBRARY
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



کرتا ہے یا پھر مخصوص گروہ کی کسی خاص صورتحال میں سرگرمیوں کا جائزہ لیا جاتا ہے۔
تجزیاتی طریقہ کار پر جو سب سے بڑا اعتراض اٹھایا جاتا ہے وہ اس عمل کے دوران معاملات، مہارتوں اور علم کا چھوٹے چھوٹے اجزاء میں تقسیم کرنا ہوتا ہے جس سے ان کا مجموعی تشخص ختم ہو کر رہ جاتا ہے۔ تاہم تجزیہ ہر حال میں ضروری ہوتا ہے اس پر اعتراض لگا کر اسے ختم نہیں کیا جا سکتا، تجزیہ کے حوالے سے مندرجہ ذیل سوالات ہمیشہ ذہن میں رہنے چاہئیں۔

☆ تجزیہ کس کے لئے کیا جا رہا ہے؟ ☆ کیا یہ مقصد کے لئے کافی ہے؟

-4 متفقہ طریقہ (The Consensual Procedure):

متفقہ طریقہ (Consensual Procedure) نصاب کے حوالے سے لوگوں کی تجاویز اکٹھا کرنے کا طریقہ کار ہے، اس طریقہ کار میں نکلنے والے نتائج لوگوں کی تعداد یا شرح فیصد کے حوالے سے ظاہر کئے جاتے ہیں، مثلاً 30 فیصد نصاب میں فلاں مواد چاہتے ہیں اور 60 فیصد فلاں مواد کے خواہش مند ہیں۔ جب اس طریقہ کو قیاسی طریقہ (Judgemental) کے ساتھ ملا کر استعمال کرتے ہیں تو یہ دوسروں پر بہت زیادہ انحصار کرنے والا طریقہ بن جاتا ہے۔ تاہم اس طریقہ کار پر بھی کئی اعتراضات ہوئے ہیں، بعض کا کہنا ہے کہ لوگوں کی تجاویز تعصب سے پاک نہیں ہوتیں، اس کے علاوہ اس طریقہ کار میں مکمل اتفاق رائے قائم نہیں کیا جا سکتا صرف اکثریتی رائے پر ہی فیصلہ کیا جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 5۔ مواد کے چناؤ اور تنظیم کے طریق کار کے حوالے سے سٹیفن رومائن کے بتائے گئے طریقوں پر اظہار خیال کریں؟

جواب: مواد کے انتخاب اور تنظیم کے طریقہ کار کے حوالے سے "Romine" کی درجہ بندی:

منتخب کئے ہوئے مواد کو ترتیب سے الگ کرنا کافی مشکل ہوتا ہے خصوصاً اس وقت جب نصاب کے مجموعی ڈھانچے کے حوالے سے فیصلہ کیا جا رہا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ بیان کردہ طریقہ کار کا استعمال مواد کے چناؤ اور تنظیم دونوں کے لئے کیا جاتا ہے۔ نصاب سازی کے اس مرحلے کے حوالے سے تعلیمی نصاب میں کئی طرح کی تجاویز ملتی ہیں۔ کئی مصنفین نے ایک یا ایک سے زائد طریقہ کار کو نصاب کی حدود، پھیلاؤ اور وسعت کے تعین کے لئے پیش کیا ہے۔ بعض طریقے وسیع پیمانے پر قابل اطلاق ہوتے ہیں۔ جبکہ بعض مطالعے کے کورسز ابواب، پراجیکٹس اور کلاس روم کی متعلقہ سرگرمیوں کے لئے مخصوص رہتے ہیں۔

"Stephen Romine" نے چند ایسے طریقوں پر بحث کی ہے جن کا اطلاق نصابی سرگرمیوں کی تنظیم و ترتیب اور انتخاب، درسی کتب کا جائزہ، مختلف تجاویز کے حوالے سے سروے، اغلاط کا مطالعہ، مطالعہ نصاب، بلوغت کی زندگی کا جائزہ، سماجی امور کا تجزیہ اور نوجوانوں کی پسند ناپسند اور ضروریات کے مطابق ہو سکتا ہے۔

سٹیفن رومائن کے بیان کردہ ان طریقوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

-1 درسی کتاب کا طریقہ (The Texbook Proceedure):

نصاب سے متعلقہ سرگرمیوں کے تسلسل کے تناظر میں نصابی سرگرمیوں کے انتخاب اور تنظیم و ترتیب کے لئے

سب سے زیادہ استعمال ہونے والا یہی ذاتی وضاحتی طریقہ (Self-Explanatory Procedure) ہوتا ہے۔ اس انداز میں کورس کے مواد یا نصاب کے بڑے حصے کا تعین کیا جاتا ہے۔ اس میں یہ فرض کرنا ضروری ہوتا ہے کہ متن تحریر کرنے والے بہتر طور پر جانتے ہیں کہ نصابی سرگرمیوں پر عمل کرنے کے حوالے سے نوجوانوں کے لئے کیا کچھ مفید رہے گا اور کیا کچھ کارآمد نہیں رہے گا۔

-2 اغلاط کی تحقیق کا طریقہ (The Survey of Opinions Procedure):

اس طریقہ کار کے پیچھے جو سوچ کارفرما نظر آتی ہے وہ غلطیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ان سے چھٹکارا حاصل کرنے [illegible] ہے تاکہ نصاب کی کمزوریوں اور خامیوں کو دور کیا جا سکے۔ یہ تجزیہ کی ایک ایسی شکل ہے جس میں غیر صحیح اور موزوں [illegible] اور رجحانات کی نشاندہی کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر معاشرتی علوم کے مضمون میں اس [illegible] تحقیقی کام ہو سکتا ہے کہ ماضی میں مختلف قسم کے افراد ایک ساتھ کیوں نہ رہ سکے؟ اس سے حاصل ہونے والے نتائج [illegible] سرگرمیاں اور مواد کا انتخاب کیا جا سکتا ہے جس سے باہمی اشتراک اور تعاون کو فروغ حاصل ہو سکے اور مختلف نظریات [illegible] خیالات رکھنے والے لوگوں کو آپس میں مل جل کر رہنے میں کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ ریاضی میں استاد طلبہ کی کارکردگی [illegible] جائزہ [illegible] مختلف پہلوؤں میں اس کی کمزوریوں کا تعین بھی کر سکتا ہے۔ کمزوریوں کا تعین ہونے کے بعد [illegible] کے لئے [illegible] معالجاتی کام (Remedial Work) کرایا جا سکتا ہے۔ کورس کے آغاز پر تشخیصی مقصد کے لئے ایسا جا[illegible] یہ کیا جا[illegible] جس میں طلبہ کی صلاحیتوں اور خامیوں دونوں کا تجزیاتی جائزہ لیا گیا ہو۔ یہ عمل کورس کے ڈھانچے کو جزوی [illegible] دہیہ [illegible] تا ہے۔

Elmas Ali

-3 مختلف آراء کے سروے کا طریقہ:

اس مجوزہ طریق کار میں مختلف قسم کی [illegible] پائی جاتی ہیں۔ اسے متفقہ یا ماہرانہ رائے کا اظہار بھی کہا جاتا ہے۔ نفس مضمون کے حوالے سے قائم کی گئی کمیٹی تحقیق اور ممبران کی تجاویز پر مشتمل فیصلے کا اعلان کرتی۔ یہ فیصلے اکثر و بیشتر قابل قدر اور بڑی ذمہ داری کے ساتھ ہونے والی تحقیق کی [illegible] لئے جاتے ہیں۔ جبکہ کبھی کبھی یہ فیصلے بغیر تحقیق کے پیش کی جانے والی تجاویز سے زیادہ کچھ نہیں ہوتے، محدود نصابی شعبوں مثلاً خصوصی [illegible] یا خصوصی مسائل کے حوالے سے اس طریق کار کی اہمیت میں بہت زیادہ اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس طریق کار میں اشخاص کے پانچ گروپ مجموعی طور پر شمولیت اختیار کرتے ہیں۔

1- ماہرین بمعہ استاد
2- پیشہ ورانہ تعلیم کے [illegible]رین
3- اجنبی راہنما
4- عام افراد
5- شاگرد

-4 دیگر نصابوں کے مطالعہ کا طریقہ)
(The Study of other Curriculum Procedure)

اس طریقہ کار کو "Scissors and Paste" یعنی کاٹنے اور چسپاں کرنے کا طریقہ بھی کہتے ہیں، اس طریقہ کار میں دیگر سکولوں اور اداروں کی طرف سے تیار کردہ نصابی گائیڈز، کورسز اور دیگر اقسام کے مواد کا بغور مشاہدہ کیا جاتا ہے

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

اور اپنے سکول کے لئے ایسے عمومی اصول یا تصورات اخذ کئے جاتے ہیں جو کہ انتہائی مفید ثابت ہوں۔ اس انداز میں استاد یا سکول کا زیادہ تر انحصار دیگر اداروں کے نصاب پر ہوتا ہے۔

مثال کے طور پر اگر سائنس کا کوئی نصاب جو کہ کسی سکول میں رائج ہے کو اختیار کر لینا فائدہ مند رہتا ہے تو اسے اسی طریقہ کار کے مطابق استاد پورے کا پورا نصاب بھی اپنی کلاس میں رائج کر سکتا ہے۔

5- بالغانہ سرگرمیوں کے جائزہ کا طریقہ:

(The Analysis of Adult Activities Procedure):

مطلوبہ سرگرمیوں کا جائزہ کوئی نیا طریقہ کار نہیں ہے، لیکن نصابی مواد کے انتخاب کے حوالے سے اس کی اہمیت ابھی بھی مثالی حیثیت کی حامل ہے۔ وسیع تناظر میں دیکھا جائے تو اس میں بطور شہری اور پیشہ ور شخص کی حیثیت سے انجام دی جانے والی زندگی کی سرگرمیوں کا مطالعہ اور مشاہدہ شامل ہوتا ہے۔ اس مشاہدے سے ایسی سرگرمیوں کا تعین آسان ہو جاتا ہے جنہیں سکھانا نوجوان نسل کیلئے انتہائی ضروری ہو سکتا ہے۔ پیشہ ورانہ تعلیم کا نصاب متعین کرنے میں یہ طریقہ زیادہ مقبولیت کا حامل ہے۔ اس شعبے کے لئے کئے جانے والے تجزیے میں مخصوص مہارتوں پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ جب کارآمد اور موزوں ترین مہارتوں کی شناخت ہو جاتی ہے تو انہیں تعلیمی نصاب کا حصہ بنا دیا جاتا ہے۔

6- سماجی امور کا طریقہ (The Social Functions Procedure):

یہ طریقہ کار بھی سرگرمیوں اور رجحانات کے جائزے سے تعلق رکھتا ہے تاہم یہ زیادہ وسیع نقطہ نظر پیش کرتا ہے، اس طریقہ کار کے پیچھے جو تصور کارفرما ہے وہ تعلیم کو ایک معاشرتی عمل قرار دیتا ہے، جس کا ابتدائی مرحلہ سماجی کردار کا جائزہ ہے تاکہ رجحانات کا تعین ہو سکے جن میں مہارت حاصل کرنا بطور بالغ شہری فرد کے لئے انتہائی ضروری ہے۔ اس طریقہ کار کو نصاب کے بڑے شعبوں کے لئے اختیار کیا جاتا ہے جیسا کہ سماجی پروگرامز وغیرہ۔ اس طریقہ کار میں سماجی، سیاسی، معاشی و دیگر متعلقہ شرائط اور ان کے اثرات کے حوالے سے جامع تحقیق شامل ہوتی ہے، جس کے لئے سروے، ادب کا مطالعہ اور دیگر طریقے آزمائے جاتے ہیں۔

7- نوجوانوں کی دلچسپیوں اور ضروریات کا طریقہ:

(The Youth Interest and Needs Procedure):

سماجی امور کا طریقہ اور نوجوانوں کی دلچسپیوں اور ضروریات کے طریقوں میں کئی مشابہتیں پائی جاتی ہیں۔ دوسرے طریقے کا دائرہ کار بالغ افراد کی زندگی تک محدود ہے جس کی مختلف قسم کے مسائل کے حوالے سے درجہ بندی کی جاتی ہے۔ اس طریقہ کار کا تسلسل ترجیحی طور پر لڑکے لڑکیوں کے پس منظر، پختگی، دلچسپی اور ضروریات کی بنیاد پر ترتیب دیا جاتا ہے، یہ تاریخی سلسلہ وار ترتیب بھی ہو سکتی ہے اور منطقی بھی۔ اس طریقہ کار میں لگاتار پیش آنے والے مسائل پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے لیکن اس کی وسعت پھیلاؤ اور تسلسل دونوں کا دارومدار نوجوانوں پر ہوتا ہے، اس میں بالغوں کے بجائے لڑکے، لڑکیوں کے شخصی و سماجی امور کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ اس طریقہ کار میں بلوغت کی زندگی کے لئے تیاری سے گریز شامل نہیں، بلکہ اس طریقہ کار کا کردار اس سے بھی بڑھ کر ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 6- نصاب سے کیا مراد ہے؟ اس کے اصولوں پر خصوصی نوٹ لکھیں؟

جواب: نصاب کی تنظیم کے اصول (Principles of Curriculum Organization):

تعلیمی سرگرمیوں میں تعلیمی مواد کے انتخاب کیلئے بیان کردہ اصول مواد کی ترتیب و تنظیم کے لئے بھی بڑے مفید اور مؤثر ثابت ہوتے ہیں جبکہ ان سے بھرپور استفادہ کے لئے ان میں کچھ تبدیلیاں بھی کی جا سکتی ہیں۔ سکول کے اقدامات، تعلیمی مقاصد، ضروریات اور متعلمین کی صلاحیتوں کو سامنے رکھتے ہوئے سکول کے نصاب کی ضمنی تقسیم کے حوالے سے منصوبہ بندی کرنی چاہئے۔ نصاب کی تنظیم کے حوالے سے مندرجہ ذیل اصولوں کو اختیار کیا جا سکتا ہے۔

☆ انتہائی لچک کا مظاہرہ کرتے ہوئے وسعت، پھیلاؤ اور تسلسل کا تعین کیا جائے۔

☆ تعلیمی سرگرمیوں کی مشترک صورت مہیا کی جائے۔ اس کے علاوہ خصوصی دلچسپیوں اور ضروریات کی تسکین کے لئے ضروری سرگرمیوں اور رجحانات کو شامل کیا جائے۔

☆ [illegible] کردہ مقاصد (Objectives) کے حصول کو یقینی بنایا جائے، نیز انہی مقاصد کی روشنی میں طلبہ کی ترقی و [illegible] دنما کے جائزہ کو بھی منطقی نتیجے تک پہنچایا جائے۔

☆ جس انداز [illegible] وقوع پذیر ہو رہا ہے اس سے اختلاف کرنے سے گریز کیا جائے۔

☆ متعلم [illegible] انفرادی طور [illegible] توجہ دینی چاہئے اور انہیں مشترکہ نصابی منصوبوں کے عمل میں بھی شریک کرنا چاہئے۔

☆ تعلیم کے کلی تصور کے ساتھ [illegible] تعلق قائم کریں جس سے سکول اور کمیونٹی میں تعلیم کے حوالے سے منطقی نتائج حاصل ہو سکیں۔

i- نصابی تنظیم کیا ہے؟ (What is Curriculum Organization):

رالف ٹیلر (Ralph Tyler) کے مطابق انسانی رویوں میں اہم تبدیلیاں راتوں رات نمودار نہیں ہو جاتیں، نہ ہی تعلم کی کوئی ایک سرگرمی متعلم پر اکیلے گہرا اثر ڈال سکتی ہے۔ [illegible] پنے کے انداز، بنیادی عادات، رجحانات، رویوں اور دلچسپیوں میں تبدیلیوں کے لئے کافی وقت کی ضرورت [illegible] ہے، مہینوں اور سالوں کے بعد مقاصد نئے رجحانات کی صورت میں عملی جامہ پہنتے ہیں۔ بعض پہلوؤں میں تعلیمی عمل کا اثر ایسا ہوتا ہے جیسے مسلسل گزرنے والے پانی کا اثر پتھر پر دکھائی دیتا ہے، پتھر پر پڑنے والا اثر انتہائی سست روی سے ظاہر ہوتا ہے۔ [illegible] ہفتوں اور مہینوں پتھر کا مشاہدہ کرتے رہیں پھر بھی آپ کو واضح فرق نظر نہیں آئے گا۔ بہت سالوں بعد اسی پتھر کو دیکھیں گے تو مسلسل گرنے والے پانی کے واضح نشانات نظر آئیں گے۔ یہی صورتحال تعلیم کے ساتھ بھی پیش آتی ہے انسانوں میں بعض رویے اور رجحانات تبدیلی کے لئے مسلسل تعلیمی عمل کے محتاج ہوتے ہیں۔

ii- مؤثر نصابی تنظیم کے اصول:

Elmas Ali

(Criteria of Effective Curriculum Organization):

ٹیلر (Tyler) نے نصاب اور پیشہ ورانہ تربیت کے جن بنیادی اصولوں کو بیان کیا ہے ان کے مطابق تعلیمی سرگرمیوں کے مؤثر طور پر منظم گروپ تشکیل دینے کے لئے تین قسم کے معیارات پر پورا اترنا انتہائی ضروری ہے۔ ان میں تسلسل (continuity)، تسلسل (Sequence)، اور ادغام (Integration) شامل ہیں۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

1- تسلسل (Continuity) کا اصول:

تسلسل کسی بھی نصابی مواد کا مرکزی نقطہ ہے اس سے مراد نصاب کے اہم اجزاء کی عمومی تکرار (Vertical Reiteration) ہے مثال کے طور پر اگر معاشرتی علوم کے مضمون میں معاشرتی علوم کے مواد کو پڑھنے کی صلاحیت میں ترقی اہم ترین مقصد ہے تو اس صلاحیت کو تقویت دینے کے لئے مشق کے لگاتار مواقع مہیا کئے جانے چاہئیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک ہی طرح کی مہارتوں کا بار بار مظاہرہ کرنے کے مواقع فراہم کئے جائیں۔ اسی طرح اگر سائنس کے مضمون میں توانائی کے بامعنی تصور کو طلباء کے ذہنوں میں پختہ کرنا اہم ترین مقصد ہو تو ضروری ہے کہ اس تصور کو کورس کے مختلف حصوں میں بار بار پیش کیا جائے، نصاب کی مؤثر تنظیم سازی کیلئے اہم اجزاء کی تکرار بڑی اہم [illegible] حاصل ہوتی ہے۔

2- ترتیب (Sequence) کا اصول:

یہ معیار "Continuity" سے منسلک مگر اس سے بھی وسیع تر ہے، نصاب کے اہم تصورات اور اجزاء کو کورس میں بار بار پیش کرنے کے باوجود ضروری نہیں کہ یہ عمل متعلقہ تصور کے شعور کے حوالے سے بہتر نتائج پیدا کرے۔ اس لئے ہوتا ہے کیونکہ اس میں صرف تکرار ہوتی ہے، پیچیدہ پہلوؤں کی طرف رہنمائی فراہم نہیں کی جاتی۔ ترتیب کا کام اہم تصورات کو مرحلہ وار ترتیب دینا بھی ہوتا ہے۔ مثلاً اگر معاشرتی علوم کے مضمون میں مواد کو پڑھنے کی صلاحیت کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے تو اس کے لئے آغاز سادہ اور عام فہم مواد سے کیا جائے گا اور پڑھنے کی سرگرمی کو بتدریج پیچیدہ کرتے ہوئے بار بار دہرایا جائے گا۔ یعنی پانچویں درجے میں بچوں کے سامنے پیش کیا گیا مواد چھٹے درجے میں بعینہ نہیں دہرا دیا جائے گا بلکہ پانچویں درجے میں پیش کئے گئے تصورات کے مزید پیچیدہ پہلوؤں کو چھٹے درجے کی تربیت میں شامل کریں گے۔ اسی طرح سائنس کے مضمون میں توانائی کے تصور کو اگلے درجات میں مزید تفصیلات اور پیچیدہ پہلوؤں کے ساتھ پیش کیا جائے گا۔

Elmas Ali

3- ہم آہنگی (Integaration) کا اصول:

ہم آہنگی سے مراد تعلم کی سرگرمیوں کے درمیان افقی تعلق (Horizontal Relationship) ہے۔ تعلم کی سرگرمیوں کی تنظیم ایسی ہونی چاہئے جس سے طلبہ کو کسی ہم خیال نقطہ نظر تک پہنچنے میں معاونت مل سکے اور وہ ہم آہنگ رجحان اپنا سکیں۔ مثال کے طور پر ریاضی میں عددی مسائل کو حل کرنے کی استعداد میں اضافہ کرتے ہوئے اس بات کو بھی اجاگر کرنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ ان کا دیگر مضامین مثلاً معاشرتی علوم اور سائنس وغیرہ میں کیسے اطلاق ہوگا؟ یعنی تمام مہارتوں کو الگ الگ مضامین میں نہیں سمونا چاہئے بلکہ ان کے ایک دوسرے کے ساتھ سماجی روابط اور تعلقات کو بھی نمایاں کرنا چاہئے تبھی طلبہ سیکھے گئے اسباق کو اپنی عملی زندگی میں بہتر انداز میں استعمال کر سکیں گے۔

☆☆☆☆☆

سوال 7۔ موثر تدریسی حکمت عملیوں کے انتخاب کا تذکرہ کیجئے۔

جواب۔ تدریسی حکمت عملیوں کا انتخاب (Selection of Teaching Strategies):

تعلمی سرگرمیوں سے مراد ایسی سرگرمیاں ہوتی ہیں جو کہ تعلیم و تدریس کے لئے متعلمین کو پیش کی جاتی ہیں تاکہ متعین شدہ تعلیمی مقاصد کو حاصل کیا جائے اور نصاب کی خواہشات پر پورا اترا جا سکے۔ اس تعریف میں اساتذہ کی طرف

سے ترتیب دی گئیں تمام تدریسی اور تربیتی حکمت عملیاں اور کمرہ جماعت کا ماحول بھی شامل ہے۔

نصابی عمل کے دوران تعلمی سرگرمیاں کلی طور پر مواد اور نصاب کی خواہشات سے وابستہ ہوتی ہیں۔ مواد مقاصد و اہداف "Aims, Goals and Objectives" کے طور پر پیش کئے گئے نظریات سے اخذ کیا جاتا ہے، جس کا مؤثر طور پر اطلاق کرنے کے لئے نصاب ساز موزوں تعلیمی سرگرمیوں کا سہارا لیتے ہیں۔ اس طرح مختلف طریقے نہ صرف مواد کی تدریس کے فرائض انجام دیتے ہیں بلکہ ابتدائی طور پر بیان کردہ مقاصد (Objectives) کے حصول میں بھی معاونت کرتے ہیں۔

اس تعلق کو مثال سے بہتر طور پر سمجھا جا سکتا ہے۔ فرض کریں پرائمری سکول میں اساتذہ کا گروپ اپر پرائمری (Upper Primary) طلبہ کو سائنسی تصورات اور اصول کے بارے میں زیادہ آگہی دینا چاہتا ہے اور پرائمری سائنس کے نصاب کو وسعت دینے کیلئے موزوں ترین علم، مہارت اور اقدار تشکیل دیتا ہے اور کوشش کرتا ہے کہ طلبہ کو وقوفی نشوونما کے اگلے درجے تک پہنچایا جائے۔ اس سلسلے میں نصاب ساز بنیادی مہارتوں اور ان کی خصوصیات کو سمجھانے کے لئے طلبہ کے سوا [illegible] حصول تجویز کرے گا۔ یہاں پر جو سوال درپیش ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ ہم تعلم کے عمل اور متعلمین کے بارے میں کیا [illegible]۔ اگر ہمیں اس کے بارے میں کافی معلومات حاصل ہوں گی تبھی ہم متعلمین کو موزوں نصابی مواد کی سہولت مہیا کریں گے۔ [illegible] ایسے مسئلہ ہے جو کہ نصاب بنانے والوں اور کلاس روم کے اساتذہ دونوں کے لئے انتہائی اہم ہے۔ یوں [illegible] نصاب ساز [illegible] کو ممکن حد تک بہترین رہنمائی فراہم کرنے کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ نتیجتاً ایسے نصاب ساز جو کہ سکول [illegible] زیادہ منسلک ہوتے ہیں، نصاب میں تعلم و تدریس کی زیادہ موزوں حکمت عملی کو شامل کر سکتے ہیں۔

مندرجہ بالا مثال کو [illegible] تو نصاب سازوں کے لئے صورتحال کا جائزہ تجویز کیا جاتا ہے، اور نصاب کی خواہش بیان کی جاتی ہے۔ جو کہ اپر پرائمری (Upper Primary) طلبہ کو بنیادی مہارتوں کے بارے میں شعور عطا کرنے کے لئے باہمی طور پر متحرک تدریسی اور عملی تجربات کو [illegible] قرار دیتی ہے۔ یا پھر عملی مظاہرہ اور سمعی و بصری طریقہ کی پیشکش تجویز کی جا سکتی ہے، خاص حالات میں [illegible] طریقہ بھی اختیار کیا جا سکتا ہے۔ تعلم و تدریس کی حکمت عملی کا انتخاب کافی حد تک ٹاسک اور طلبہ کی ضروریات کے حوالے سے نصاب [illegible] والے کے فہم اور شعور کے مطابق ہوتا ہے۔

تعلم و تدریس کی حکمت عملیاں (Teaching Learning Strategies):

تعلم و تدریس کی حکمت عملیوں نے متعدد نصاب اور تعلیمی محققین کی توجہ حاصل کی ہے۔ موزوں [illegible] اور مختلف تدریسی حکمت عملیوں کے چناؤ کے حوالے سے تین قسم کے دلائل پیش کئے جاتے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

1- ایک ہی حکمت عملی تمام طلبہ کیلئے کارگر ثابت نہیں ہوتی، بعض متعلم زیادہ سیکھ لیتے ہیں [illegible] جاتے ہیں، مثال کے طور پر بعض طلبہ تحقیقی طریقہ کار سے [illegible] ترجیح دیتے ہیں جبکہ بعض وضاحتی [illegible] زیادہ بہتر خیال کرتے ہیں۔

2- تعلم و تدریس کے بعض طریقے صرف مخصوص حالات کے لئے موزوں ہوتے ہیں، مثال کے طور پر لیکچرز تب زیادہ موزوں نہیں رہتے جب استاد چھوٹے گروپ یا انفرادی ٹاسک کے طور پر بچے میں خود شناسی کو پیدا کرنا چاہتا ہو۔

3- کوئی ایک طریقہ سب سے برتر نہیں ہوتا، خصوصاً جب مختلف حالات میں طلبہ کی کارکردگی کا معاملہ ہو تو ہر

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



طریقے کی اپنی الگ اہمیت ہوتی ہے جبکہ ایک صورتحال میں بہتر مفید اور مؤثر طریقہ ضروری نہیں کہ کسی اور صورتحال میں بھی ویسے ہی کارآمد ہے۔ مثال کے طور پر لیکچرز محدود وسائل میں موثر ترین تدریس کیلئے کافی اہم ہوتے ہیں لیکن جب مطالعہ عملی سائنس کی تدریس کا ہو تو اس کے لئے عملی مشاہدہ کرنے اور تجربے کا موقع مہیا کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

ذیل میں کچھ ایسی بہتر تدریسی حکمت عملیاں بیان کی جا رہی ہیں جو کہ سکول میں استعمال [illegible] نے والی حکمت عملیوں میں زیادہ موثر ہیں۔ کسی بھی حکمت عملی کا انتخاب کرتے ہوئے اس کے فوائد اور نقصانات کا [illegible] ور پر خیال رکھا جانا چاہئے۔

اس کے علاوہ کلاس روم کے مسائل کو حل کرنے کے حوالے سے ان حکمت عملیوں کی موزونیت کا جائزہ لیا جانا چاہئے۔

چاہئے۔ اگر کوئی تدریسی حکمت عملی موثر طور پر کام نہ کر رہی ہو تو دیکھا جائے کہ کیا یہ تعلیمی صورتحال کے ساتھ مطابقت رکھتی بھی ہے یا نہیں۔ سبق میں آگے پیش کئے جانے والے ماڈل (شکل نمبر 3) کی مدد سے زیادہ اچھی تدریسی حکمت عملی تلاش کی جا سکتی ہے۔

مختلف تدریسی حکمت عملیوں میں سے بہترین کے انتخاب کے لئے ضروری ہے کہ مختلف اقسام کے درمیان فرق واضح ہو۔ یوں ایک ہی قسم کی حکمت عملیوں میں سے موزوں کا انتخاب کرنا زیادہ آسان ہو جائے گا۔ تعلم و تدریس کی حکمت عملیوں کے حوالے سے بنیادی طور پر چھ گروپس پیش کئے جاتے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:-

1- توضیحی تدریس (Expository Teaching)
2- تفاعلی تدریس (Interactive Teaching)
3- چھوٹے گروپ کے لئے تدریس (Small Group Teaching/ Discussion)
4- تحقیقی تدریس یا مسائل کو حل کرنا (Inquiry Teaching / Problem Solving)
5- انفرادی تدریس (Individualization)
6- حقیقت کے ماڈلز (Models of Reality)

1- توضیحی تدریس (Expository Teaching):

اس حکمت عملی میں معلومات انداز کے ساتھ متعلم کو معلومات فراہم کی جاتی ہیں، یہ معلوماتی ذرائع کئی قسم کے ہو سکتے ہیں مثلاً کتب، ٹیلی ویژن اور اشخاص وغیرہ، لیکن کلاس روم میں معلومات کا ذریعہ عام طور پر استاد ہی ہوتا ہے۔ اس حکمت عملی میں متعلم کا کردار معلومات وصول کرنے تک محدود ہوتا ہے۔ توضیحی تدریس کی حکمت عملیوں میں لیکچرز، عملی مظاہرے، مطالعہ جاتی ٹاسک اور سمعی و بصری پیشکشیں شامل ہیں۔

متوقع و معتبر ذرائع کی اعلیٰ کارکردگی اور مؤثر ترین توضیحی تدریس کی یہ خاصیت ہے کہ اکیلا ایک ذریعہ، ایک لیکچر سیشن، ہزاروں طلبہ کے گروپ کو ایک ہی وقت میں ضروری معلومات فراہم کر سکتا ہے۔ اس انداز میں دستیاب جگہ اور ٹیکنالوجی کا استعمال تدریسی عمل کو مفید اور مؤثر بنانے والے عوامل ہیں۔ بڑے لیکچر تھیٹر میں جہاں 400 کے قریب طلبہ کو لیکچر دیا جا سکتا ہے وہیں اگر ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے اور دیگر کمروں اور باہر میں بھی کلوز سرکٹ ٹی۔ وی نصب کر دیئے

جائیں تو اس لیکچر سے طلبہ کی بڑی تعداد استفادہ کر سکتی ہے۔ اگر سیٹلائٹ کا استعمال کر لیا جائے تو طویل فاصلے تک لیکچر کے فوائد پہنچائے جا سکتے ہیں۔ جامعات کی سطح پر اوپن لرننگ (Open Learning) کے لئے ٹیلی ویژن پر مختلف پروگرامز کا براہ راست نشر ہونا اس طریقہ تدریس کی عمدہ مثال ہے۔ طلبہ کی شمولیت سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جامعات کی سطح پر یہ طریقہ بہت زیادہ مقبولیت اختیار کر چکا ہے، اس طریقہ تدریس سے ایسے طلبہ بھی مستفید ہو سکتے ہیں جنہیں یونیورسٹیوں میں جگہ نہیں مل پاتی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا شمار ان جامعات میں ہوتا ہے جس نے سب سے پہلے ٹیلی ویژن ٹیکنالوجی کا استعمال کیا ہے۔

اس ذریعے سے طلبہ تک پہنچائی جانے والی معلومات کی ترکیب بہترین ہونی چاہئے، اور اسے ایسے انداز میں [illegible] جانا چاہئے جس سے سیکھنا آسان ہو جائے۔ لیکچر کے ذریعے طلبہ کا کافی وقت بچ جاتا ہے کیونکہ لیکچر دینے والا ہو سکتا ہے بڑا ذہین اور ذہین ہو، وہ اپنے دو گھنٹے کے لیکچر میں ایسی ایسی معلومات طلبہ کو فراہم کر سکتا ہے جنہیں اپنے طور پر [illegible] میں طلبہ کا کافی وقت ضائع ہو اور ڈھیروں کتابیں کھنگالنا پڑیں۔ توضیحی تدریس میں نصاب مکمل کرنے کی [illegible] ہوتی ہے، کیونکہ وہ طے شدہ شیڈول کے مطابق لیکچرز کی صورت میں پورا نصاب پیش کر دیتا ہے اس سے وہ مطمئن ہو جاتا ہے [illegible] طلبہ کم از کم مرتبہ تو مکمل نصاب کا دورہ کر چکے ہیں اور کسی حد تک تعلیمی مقاصد پورے ہو گئے ہیں۔ تاہم یہ لیکچرس حد تک مؤثر ثابت ہوتے ہیں اس کا انحصار طلبہ پر ہوتا ہے۔

تاہم توضیحی [illegible] (Expository Teaching) کے کئی نقصانات بھی ہوتے ہیں۔ اس سے طلبہ غیر متحرک اور سست روی کا شکار ہو [illegible] ہیں، نقصانات کے حوالے سے کی جانے والی تحقیقات ایسی تدریس کو غیر مؤثر قرار دیتی ہیں جو کہ اپنی نوعیت میں [illegible] ہوتی [illegible] تدریس میں متعلم اور سیکھے جانے والے مواد کے درمیان قریبی تعلق [illegible] نہیں ہو پاتا، اس کے علاوہ نفسیات کے حوالے سے کئے جانے والے تجربات اور مشاہدات سے پتہ چلتا ہے کہ لیکچرز جیسے طریقہ تدریس سے معلومات وقتی طور پر ملحوظ رہتی ہیں مگر امتحانات کچھ عرصے بعد ہی متعلم بھول جاتے ہیں، جبکہ معلومات کو اگر انتہائی ناقص انداز میں پیش کیا جائے تو لیکچر [illegible] بالکل ہی ختم ہو کر رہ جاتا ہے۔ توضیحی تدریس میں طلبہ کو فوری فیڈ بیک بھی نہیں ملتا، جس کی وجہ سے وہ اس بات سے بے خبر رہتے ہیں کہ جو کچھ انہوں نے سیکھا ہے وہ درست بھی ہے یا نہیں، ممکن ہے کہ لیکچرر کی طرف سے پیش کی جانے والی معلومات [illegible] متعلم الٹے انداز میں سمجھ لے۔ لیکن اس طریقہ تدریس میں فوری فیڈ بیک نہ ہونے کی وجہ سے متعلم کی درستگی نہیں ہو [illegible]

ایسے طلبہ جو کہ فاصلاتی تعلیم سے منسلک ہیں، ان کی کوشش ہوتی ہے کہ انہیں ایسا طریقہ تدریس ملے جس میں [illegible] فوری فیڈ بیک حاصل کر سکیں اور اساتذہ کے ساتھ براہ راست تعلق قائم ہو۔ جدید تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ متعلمین کو ملنے والا فیڈ بیک متعلم کو پہنچ کرنے میں کافی مددگار ثابت ہوتا ہے۔ تدریسی ذرائع اور نصاب [illegible] کے حوالے سے دیکھا جائے تو توضیحی تدریس کا طریقہ کافی سازگار ہے لیکن طلبہ کے تعلم کے حوالے سے یہ زیادہ موثر طریقہ نہیں سمجھا جاتا

2- تفاعلی تدریس (Interactive Teaching)

تفاعلی تدریس اپنی نوعیت کے اعتبار سے توضیحی تدریس کی طرح ہی ہوتی ہے لیکن اس میں جو بڑا فرق پایا جاتا ہے وہ طلبہ اور اساتذہ کے درمیان باہمی عمل کی حقیقی حوصلہ افزائی ہے۔ اس کے لئے تدریس کے دوران سوال، جواب کا سیشن کیا جاتا ہے۔ اسے بعض اوقات مباحثہ کی تکنیک "Question (Discussion Technique)" یا

Elmas Ali
AIOU LIBRARY

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

"Discussion Technique" بھی کہا جاتا ہے۔ یہ توضیحی تدریس (Expository Teaching) کی بہتر شکل ہے جس میں متعلم اور مدرس کے درمیان باہمی عمل اور فیڈ بیک نہ ہونے کی خامیوں کو دور کر دیا گیا ہے۔

تفاعلی تدریس میں مؤثر اور اعلیٰ کارکردگی کے حامل ذرائع شامل ہوتے ہیں اور فوری فیڈ بیک مہیا کیا جاتا ہے، اس طریقہ کار میں متعلم بھی زیادہ فعال انداز میں تربیتی عمل میں شریک ہوتا ہے، جبکہ معالجاتی تدریس کے مواقع بھی اس میں احسن انداز کے ساتھ موجود ہوتے ہیں۔ فوری فیڈ بیک کی وجہ سے سیکھنے کے عمل کو مؤثر بنانے میں کافی ملتی ہے۔ اس سے طلبہ اور اساتذہ کے درمیان مضبوط اور گہرا تعلق بھی قائم ہوتا ہے جو اس طریقہ کار کی اہم خصوصیت [illegible] یہ طریقہ کار سکولوں میں کافی مقبول ہے، یہاں کے مدرسین کے ذمہ نہ صرف کلاس روم میں نصاب پیش کرنا ہوتا ہے [illegible] کو سٹرول کرنے کی بھاری ذمہ داری بھی انہی پر عائد ہوتی ہے۔ یہ طریقہ تدریس اپنی بعض کلیدی حکمت عملیوں کی وجہ سے [illegible] میں بہت زیادہ اہمیت اختیار کر چکا ہے، جیسا کہ لیکچر کی تکنیک کم عمر بچوں کیلئے زیادہ مؤثر نہیں ہو سکتی تاہم [illegible] ذریعے اس سے بہتر طور پر نئے تصورات سمجھائے جا سکتے ہیں۔

تاہم مختلف ذرائع کے استعمال کے حوالے سے تفاعلی تدریس (Interactive Teaching) کم کارگر بھی جاتی ہے۔ لیکچرز کے ذریعہ طلبہ کی بہت بڑی تعداد کو ایک ہی وقت میں پڑھایا جا سکتا ہے۔ لیکن تفاعلی تدریس کے لئے یہ بڑا مشکل ہو جاتا ہے مثلاً اگر ایک استاد کے ذمہ ایک ہی درجے اور ایک ہی مضمون کی مختلف کلاسز کی تدریس ہے تو وہ تفاعلی طریقے سے سب کو ایک ہی وقت میں نہیں پڑھا سکے گا بلکہ اسے ہر کلاس میں ایک ہی طرح کی تدریس کو دہرانا پڑے گا۔ جس سے وقت کا ضیاع ہوتا ہے۔ تاہم کئی ماہرین تعلیم اسے تدریس کا معیار بڑھانے اور استاد و متعلم کے باہمی تعلق کو مضبوط کرنے کے لئے اہم ذریعہ سمجھتے ہیں۔

3- چھوٹے گروپ کی تدریس یا مباحثہ (Small Group Teaching / Discussion):

اس طریقہ تدریس کی بنیادی خصوصیات کلاس کی دو چھوٹے گروپس میں تقسیم ہے جو کہ اپنے مقصد کے حصول کیلئے قدرے آزادی کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ کئی معاملات میں یہ عمل گروہی مباحثے کے طریقہ کار سے انجام پاتا ہے، اس طریقہ تدریس میں استاد کا کردار بدل جاتا ہے اب اس کے ذمے صرف معلومات کو متعلمین تک پہنچانا نہیں ہوتا بلکہ وہ اس کی جگہ معاون کے طور پر بھی کام کرتا ہے، یعنی گروہی بحث و مباحثہ میں طلبہ کی رہنمائی کا فریضہ انجام دیتا ہے۔ طلبہ کے چھوٹے گروپس کی سرگرمیاں عموماً کلاس روم میں ہی انجام دی جانے والی ہوتی ہیں، مثلاً معاشرتی علوم کے مضمون میں کسی موضوع پر بحث کی جا سکتی ہے، سائنس کی کلاس میں کوئی مسئلہ حل کیا جا سکتا ہے، یا کسی ناول کو پڑھتے ہوئے اس کے اہم کرداروں کی کارکردگی پر سوال اٹھائے جا سکتے ہیں، گروہی مباحثے کو مؤثر انداز میں انجام دینے کے لئے طلبہ کے کام کی بہتر حکمت عملی اور اس کی ترتیب و تنظیم، دلائل کی تیاری، ٹاسک کی تقسیم اور دیگر امور میں مہارت حاصل کرنا انتہائی ضروری ہے۔ چھوٹے گروپس کی تدریس عام مثالوں میں گروہی مباحثہ، ٹیوٹوریلز (Tutorials)، سیمینارز، گروپس کی گفت و شنید، مسائل کا حل تلاش کرنے کے لئے تدبر اور غور و فکر بھی بڑا ضروری ہے

چھوٹے گروپ کی تدریس (Small Group Teaching) میں طلبہ کا صرف استاد کے ساتھ تعلق استوار نہیں ہوتا بلکہ وہ ساتھی طلبہ کے ساتھ معاملات کو بھی آگے بڑھانا سیکھتے ہیں۔ بعض طلبہ کے لئے تو اوپر بیان کردہ صلاحیتوں میں مہارت حاصل کرنے کا یہی ذریعہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ طلبہ جب مل کر بحث و تمحیص میں حصہ لیتے ہیں تو

ایک دوسرے سے بھی بہت کچھ سیکھتے ہیں۔ جبکہ گروہ کی صورت میں مل جل کر مسائل حل کرنا بذات خود بڑی قابل قدر عبارت ہوتی ہے جس سے انکار ممکن نہیں۔ 1980ء کی دہائی میں انفرادی تدریس کی بجائے معاون اور گروہی تدریس کا رجحان زیادہ بڑھنے لگا تھا۔ ایسے حالات میں طے شدہ مقاصد کو حاصل کرنے میں سمال گروپ ڈسکشن (Small Group Discussion) کا تدریسی طریقہ کافی کارگر اور مفید ثابت ہوا ہے۔ کئی اساتذہ سمال گروپ ٹیچنگ (Small Group Teaching) کو سیکنڈری اور اعلیٰ درجے پر انگریزی، معاشرتی علوم، تاریخ اور قانونی علوم کی تدریس کے لئے اسے استعمال کر رہے ہیں۔ جبکہ اسی تکنیک یا حکمت عملی کو ریاضی اور سائنس اور دیگر علوم کی پڑھائی کے لئے بھی انتہائی مفید تصور کیا جاتا ہے۔ تاہم اس حکمت عملی کیلئے وقت درکار ہوتا ہے، جس کا مواد پر انحصار کم ہوتا ہے، البتہ جدید دور کے ساتھ چلنے والے نصاب سازوں نے گروہی کام (Group Work) کی اہمیت کو ہر لحاظ سے برتر اور اعلیٰ حکمت عملی تصور کیا ہے۔ ان کے خیال میں اسی طرح طلبہ کی ذہنی مہارتوں اور اقدار دونوں کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔

حالانکہ بعض اساتذہ نے سمال گروپ ورک (Small-group work) کے حوالے سے تحفظات کا بھی اظہار کیا ہے [illegible] کا کہنا ہے کہ یہ تکنیک بظاہر نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوتی، خصوصاً جب اس سرگرمی سے پیدا ہونے والے شور کی طرف [illegible] یا جائے تو [illegible] بالکل لاحاصل سی مشق محسوس ہوتی ہے۔ لیکن حقیقت میں سیکھنے کے لئے طلبہ کو مکمل خاموشی کی ضرورت نہیں ہوتی [illegible] بلکہ یہ بات [illegible] کرنے سے وہ تدریسی عمل میں زیادہ شریک ہو جاتے ہیں۔ تاہم اس عمل کیلئے استاد کی ذمہ داری [illegible] ہے کہ [illegible] رجحانات پر نظر رکھے اور ان کے رویوں پر غور کرے اور طلبہ کو ٹاسک کے ساتھ مربوط رکھے، جب تک طلبہ [illegible] سرگرمی میں [illegible] تجربہ کار [illegible] جائیں اس سے کسی قدر انتشاری کیفیت پیدا ہو سکتی ہے جسے کنٹرول کرنا بھی استاد کی ذمہ داری ہے۔

یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ برصغیر کے مسلمانوں نے اپنے لئے ایک الگ ملک کا مطالبہ ایک جداگانہ قومیت کے اعتبار سے کیا تھا آزادی کی تحریک اپنی جدوجہد میں کامیاب رہی۔ آخر 14 اگست 1947ء کو ایک آزاد اور خود مختار وطن پاکستان دنیا کے نقشے پر نمودار ہوا۔ قیام پاکستان کے بعد ملک کو بے شمار مسائل کا سامنا رہا۔ انتظامی مشینری مفقود تھی۔ لاکھوں مہاجرین کو آبادکاری کا مسئلہ درپیش تھا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ پاکستان کے حصے کے مالی وسائل بھارت نے روک رکھے تھے۔ اس کے باوجود قیام پاکستان کے فوراً بعد مرکزی رہنماؤں نے ایک ایسے نظام تعلیم کی ضرورت محسوس کی جو ایک طرف اسلام کے سنہری اصولوں پر مشتمل ہو اور نظریہ پاکستان سے بھی مطابقت رکھتا ہو اور دوسری طرف اس میں زندگی کے جدید تقاضوں کا ساتھ دینے کی بھی صلاحیت ہو۔ آزادی کے چند ہی ماہ بعد قائداعظمؒ کی ہدایت پر ملکی تعلیمی ڈھانچے کی از سر نو تشکیل اور تعلیمی مسائل کا تفصیلی جائزہ لینے کے لئے 27 نومبر تا یکم دسمبر 1947ء کو ایک آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس کراچی میں منعقد ہوئی۔ اس کانفرنس کی صدارت اس وقت کے وزیر تعلیم فضل الرحمٰن نے کی۔

2- قائداعظمؒ کا پیغام:

قائداعظمؒ اپنی سرکاری مصروفیات کی بنا پر کانفرنس میں شرکت نہ کر سکے۔ تاہم انہوں نے کانفرنس کے نام ایک

پیغام جاری کیا۔ انہوں نے پاکستان کے تعلیمی مستقبل کیلئے ایک واضح اور ٹھوس لائحہ عمل مرتب کرنے کے لئے شرکائے کانفرنس کے سامنے راہنما اصول رکھے۔ آپ نے اپنے پیغام میں فرمایا: "آپ جانتے ہیں کہ تعلیم کی اہمیت اور صحیح سمت میں پیش قدمی کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ایک صدی سے بھی زیادہ مدت تک غلامی کے باعث ہمارے لوگوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ نہیں دی گئی۔ ہم اگر حقیقی طور پر تیز رفتار اور بہتر ترقی کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں لازماً اس مسئلہ کو حل کرنا ہوگا اور ہمیں اپنی تعلیمی پالیسی اور پروگرام کو ایسے خطوط پر استوار کرنا ہوگا جو ہمارے لوگوں کی ذہنی صلاحیتوں سے مطابقت رکھتے ہوں، جو ہماری تاریخ اور ثقافت کے مطابق ہوں اور جدید حالات اور دنیا بھر میں ہونے والی ترقی کے عین مطابق ہوں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری ریاست کے مستقبل کا دارومدار تعلیم کی اس نوعیت پر ہے جو ہم اپنے بچوں کو ایک پاکستانی شہری بنانے کے لئے فراہم کریں گے۔ تعلیم کا مقصد صرف درسی تعلیم نہیں۔ ہمیں اپنے لوگوں کو سائنسی اور فنی تعلیم دینے کی ضرورت ہے۔ ہمیں یہ کبھی نہیں بھولنا چاہئے کہ ہمیں دنیا سے مقابلہ کرنا ہے جو بڑی تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ اس کے ساتھ ہمیں اپنی آنے والی نسلوں کے کردار کی تعمیر بھی کرنی ہے۔ اس کیلئے ہمیں معیاری تعلیم کے ذریعے ان میں عزت نفس، اعلیٰ اور احساس ذمہ داری، ثابت قدمی اور قوم کی بے لوث خدمت کے اعلیٰ اوصاف پیدا کرنا ہیں۔"

قائداعظمؒ کے پیغام کے بعد وزیر تعلیم جناب فضل الرحمٰن نے افتتاحی خطبہ دیا جس میں انہوں نے درپیش تعلیمی مسائل اور ان کے حل کیلئے [illegible] تجاویز پر کھل کر اظہار خیال کیا۔

Elmas Ali

تعلیمی کانفرنس کی سفارشات و تجاویز:

تعلیمی کانفرنس کے پیچھے [illegible] ماہرین تعلیم کی دس کمیٹیاں بنائی گئیں جنہوں نے تعلیمی نظام کے مختلف مسائل کا تفصیلی جائزہ پیش کیا اور ان کے حل کیلئے تجاویز مرتب کیں۔ اس کانفرنس کی بعض اہم تجاویز اور سفارشات مندرجہ ذیل ہیں:

1- پاکستان کے نظام تعلیم کی بنیاد ہمیشہ اسلامی فلسفہ حیات پر رکھی جائے گی اور تعلیم کا سب سے بڑا مقصد اسلامی اقدار و روایات کی ترویج و اشاعت اور نظریہ پاکستان کے مقاصد پر ہونا چاہیے۔

2- عام مدارس میں لڑکیوں اور لڑکوں کیلئے مذہبی تعلیم کا بندوبست بھی کیا جانا چاہیے۔ اقلیتوں کو ان کے نظریہ حیات کے مطابق ضروری تعلیم دی جائے۔

3- ابتدائی مدارس میں لڑکوں اور لڑکیوں کو اکٹھے تعلیم دی جائے لیکن ثانوی اور کالج کی سطح پر لڑکیوں کے لئے علیحدہ تعلیمی ادارے بنائے جائیں۔ تعلیمی نصاب میں لڑکیوں کیلئے نرسنگ، فرسٹ ایڈ اور گھریلو [illegible] جیسے مضامین شامل کئے جانے چاہئیں۔

4- ملک میں ناخواندگی اور جہالت کے خاتمہ کے لئے ہمہ گیر، لازمی اور مفت پرائمری تعلیم کا خصوصی انتظام کیا جائے اور پرائمری مدارس کے اساتذہ کیلئے پیشہ ورانہ تعلیم و تربیت کا بندوبست کیا جائے۔ اس کے علاوہ خواندگی کے فروغ کیلئے سرکاری مدرسوں کی عمارات کو تعلیم بالغان کے مراکز کے طور پر بھی استعمال کیا جائے۔

5- پرائمری سے لے کر اعلیٰ تعلیم تک کے نصاب کا از سر نو جائزہ لیا جائے اور نئی مملکت کے افراد کی ضروریات اور تقاضوں کے مطابق اس میں ردوبدل اور تبدیلیاں کی جائیں۔

6- اُردو کو قومی زبان کی حیثیت سے پورے ملک میں لازمی مضمون کی حیثیت سے پڑھایا جائے گا تاہم صوبوں میں صوبائی زبانوں کو ذریعہ تعلیم کے طور پر بھی اپنایا جا سکتا ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



7- ملک کی مختلف یونیورسٹیوں کے مابین رابطے کیلئے ایک بین الجامعاتی ادارہ (انٹر یونیورسٹی بورڈ) قائم کیا جائے گا۔ اس بورڈ کے قیام کا مقصد یونیورسٹیوں کے درمیان اشتراک وتعاون کا فروغ، نصاب تعلیم کا جائزہ اور تحقیق کے کام میں رابطہ پیدا کرنا ہوگا۔

8- فنی تعلیم کے بندوبست کیلئے کونسل آف ٹیکنیکل ایجوکیشن قائم کی جائے گی۔

9- صنعتی اور سائنسی تعلیم کیلئے سائنٹیفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ کونسل قائم کی جائے گی۔

10- اساتذہ کی تربیت کے لئے قومی سطح پر ایک ادارہ پاکستان اکیڈمی (Pakistan Academy) کے [illegible] بھی قائم کیا جائے گا۔ اساتذہ کے پیشہ ورانہ تربیتی اداروں میں الگ الگ تحقیقی شعبے قائم کئے جائیں گے جہاں تعلیم سے متعلق مسائل پر تحقیق کی جائے گی۔

11- پاکستان میں فنی تعلیم کو اعلیٰ خطوط پر استوار کیا جائے گا تاکہ موجودہ موجودہ سائنسی اور تکنیکی عہد میں پاکستان ایک مضبوط معاشی حیثیت اختیار کر سکے۔

12- مدارس میں جسمانی تعلیم اور کالجوں میں فوجی تربیت لازمی قرار دی جائے گی۔

13- کانفرنس میں تعلیم نسواں پر بھی خصوصی توجہ دی گئی تھی اور لڑکیوں کی تعلیم سے متعلق مسائل پر اضافہ تجاویز پیش کی گئیں تھیں جن میں سے ایک تجویز یہ بھی تھی کہ مشرقی اور مغربی پاکستان میں لڑکیوں کیلئے ایک ایک میڈیکل بورڈ بھی قائم کیا جائے۔

14- ملک کے تعلیمی نظم ونسق کی اصلاح کی جائے گی اور روایتی نظم ونسق سے چھٹکارا حاصل کر لیا جائے گا۔

5- عملی اقدامات:

تعلیمی کانفرنس قیام پاکستان کے تقریباً تین ماہ بعد منعقد ہوئی تھی۔ اس کانفرنس میں تعلیم کی بہتری کے لئے تجاویز منظور کی گئیں اور قوم کیلئے ایک لائحہ عمل بھی مرتب کیا گیا۔ تعلیمی کانفرنس 1947ء میں جو سفارشات پیش کی گئیں تھیں ان میں سے بعض پر فوری طور پر عمل درآمد بھی ہوا مگر اس وقت حکومت کو بہت سے مسائل درپیش تھے۔ مہاجرین کی آبادکاری، انتظامی مشینری کی ابتر صورتحال اور مالی وسائل کی شدید کمی ایسے مسائل تھے جن کی وجہ سے اس کانفرنس کی تعلیمی سفارشات پر پوری طرح عمل درآمد نہ ہو سکا۔ کانفرنس کی سفارشات پر جس حد تک عمل درآمد ہوا اس کا ایک مختصر جائزہ مندرجہ ذیل ہے۔

1- تعلیمی کانفرنس 1947ء کی سفارشات کو سامنے رکھتے ہوئے حکومت پاکستان نے تعلیم کا مشاورتی بورڈ قائم کر دیا۔ اس بورڈ کا پہلا اجلاس 7 تا 9 جون 1948ء کو کراچی میں ہوا۔ اس کے بعد اس بورڈ کے پشاور، ڈھاکہ اور لاہور میں بھی کئی اجلاس منعقد ہوئے اور وفاقی وزیر تعلیم نے ہر اجلاس میں خصوصی طور پر شرکت کی۔

2- کانفرنس کی سفارشات کی روشنی میں انٹر یونیورسٹی بورڈ بھی قائم کیا گیا جس کا پہلا اجلاس 11 جون 1948ء کو کراچی میں ہوا۔

3- فنی تعلیم کی ترقی اور وسعت کیلئے ایک اعلیٰ سطح کی کونسل برائے فنی تعلیم بھی قائم کی گئی۔

4- تعلیمی کانفرنس کی سفارشات پر عمل درآمد کیلئے 1951ء میں چھ سالہ قومی تعلیمی منصوبہ بھی بنایا گیا جس میں فنی تعلیم کی تنظیم نو کی سفارش کی گئی تھی۔ 1951ء میں پاکستان میں تجارتی اور کمرشل تعلیم کے کل آٹھ ادارے کام

کر رہے تھے۔ چھ سالہ قومی منصوبے میں مزید بارہ کمرشل تعلیم کے ادارے قائم کرنے کا پروگرام بنایا گیا۔

چھ سالہ قومی تعلیمی منصوبے کے تحت سیکنڈری سکولوں کی تعداد میں اضافہ ہوا اور کئی نئے کالج بھی کھولے گئے۔ 1947ء میں ملک میں صرف دو یونیورسٹیاں تھیں جبکہ 1960ء تک ان کی تعداد بڑھ کر چھ ہو گئی۔

فنی تعلیم کی ترقی کیلئے چار انجینئرنگ کالج، چار زرعی کالج اور چھ میڈیکل کالج بھی قائم کئے گئے۔

اس تعلیمی کانفرنس میں یہ فیصلہ بھی ہوا کہ پاکستان کے نظام تعلیم کی بنیاد اسلامی نظریہ حیات پر رکھی جائے گی۔

اس لحاظ سے یہ کانفرنس نہایت اہم تھی کہ اس نے پاکستان میں تعلیم کی قلمبندیہ فکری بنیادوں کا تعین کر دیا۔ اس لحاظ سے یہ تعلیمی کانفرنس پاکستان کے نظام تعلیم میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔

پہلی تعلیمی کانفرنس کے انعقاد کے وقت ملک کو شدید اندرونی اور بیرونی مسائل درپیش تھے۔ تاہم اس کانفرنس [illegible] ملک کے مستقبل کیلئے بہتر تعلیمی لائحہ عمل تیار ہوا اور ملک کے تعلیمی مسائل کیلئے رہنما اصول وضع کئے گئے جنہوں نے بعد کی ہر تعلیمی پالیسی کیلئے بنیادی منشور کا کام کیا۔

Elmas Ali

☆☆☆☆☆

سوال2- تعلیم کمیشن 1959ء نے ہمارے نظام تعلیمی پر کیا اثرات ڈالے اُن کی وضاحت کیجئے؟

کمیشن [illegible] قومی تعلیم 1959ء یا (شریف کمیشن):

جواب: ہمارا ملک پاکستان قا[illegible] اور قائد ملت لیاقت علی خان کی شہادت کے بعد داخلی سیاسی مسائل کا شکار رہا۔ ملک کی اقتصادی حالت [illegible] بدتر چلی گئی۔ ان حالات میں 17 اکتوبر 1958ء کو ملک میں فوجی انقلاب آ گیا اور ملک کی باگ ڈور [illegible] جنرل محمد ایوب خان نے سنبھال لی۔ بعد میں وہ صدر کے عہدے پر بھی براجمان ہو گئے۔ انہوں نے ہر شعبہ زندگی میں انقلابی تبدیلیاں لانے کیلئے مختلف قسم کے تعلیمی کمیشن مقرر کئے۔ اسی سلسلے میں تعلیمی شعبے کی اصلاح کیلئے 30 دسمبر 1958ء کو قومی تعلیمی کمیشن قائم کیا گیا۔ اس کمیشن کے چیئرمین اس وقت کے سیکرٹری تعلیم ایس۔ ایم شریف تھے۔ اسی لئے اس کمیشن کو شریف کمیشن کہا جاتا ہے۔ اس کمیشن کے ذمے ملک کے نظام تعلیم کا از سر نو جائزہ لینا اور اس کی بہتری کیلئے قابل عمل تجاویز پیش کرنا تھا۔ یہ کمیشن مغربی اور مغربی پاکستان کیلئے گیارہ ممتاز ماہرین تعلیم پر مشتمل تھا۔ جنوری 1959ء کو کمیشن کا افتتاحی اجلاس [illegible] منعقد ہوا۔ اس میں جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے صدر پاکستان جنرل محمد ایوب خان نے ملک کے اس وقت کے تعلیمی نظام کی [illegible] نو اور نئی اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا اور ایک ایسا قومی تعلیمی نظام تشکیل دینے کا مفید یا جو قوم کی روحانی، اخلاقی اور [illegible] اقدار کو برقرار رکھتے ہوئے ترقی کرتا ہو۔ آٹھ ماہ کی مسلسل محنت اور غور وخوض کے بعد کمیشن نے 26 اگست 1959ء کو اپنی رپورٹ صدر مملکت کو پیش کر دی جس میں پہلی بار قومی نظام تعلیم کے اغراض ومقاصد [illegible] کی روشنی میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا تھا۔

1- کمیشن کی تجاویز کا دائرہ کار:

کمیشن نے لگاتار غور وفکر کے بعد نظام تعلیم کی مکمل اصلاح کیلئے ایک جامع رپورٹ پیش کی جو 364 صفحات پر مشتمل تھی۔ اس رپورٹ میں محکمہ تعلیم کے ستائیس (27) اہم ترین موضوعات سے متعلق مفصل تجاویز اور سفارشات پیش کی گئی تھیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

ان میں سے اہم ترین عنوانات سے متعلق تعلیمی کمیشن کی سفارشات اور تجاویز مندرجہ ذیل ہیں:

-2 ابتدائی تعلیم:

قومی تعلیمی کمیشن 1959ء نے ابتدائی تعلیم سے متعلق جو سفارشات پیش کیں ان کا خلاصہ درج ذیل ہے:

-1 ابتدائی تعلیم کا مقصد یہ ہوگا کہ بچے کو ان بنیادی معلومات اور مہارتوں سے مزین کیا جائے گا جن کی بطور فرد اور شہری کے اسے ضرورت ہوگی۔

-2 ابتدائی تعلیم کا نصاب اس طرح ترتیب دیا جائے گا کہ وہ بچے کی روزمرہ ضروریات سے مطابقت رکھتا ہو اور اس کے ذریعے اس میں عملی کام کرنے کی عادت پختہ ہو جائے۔

-3 طلباء کی شخصیت سازی کیلئے اور ان میں حب الوطنی کا جذبہ پیدا کرنے کیلئے صبح کے وقت اسکول میں قومی ترانہ گایا جائے گا۔ قومی پرچم لہرایا جائے گا اور اخلاقیات پر تقاریر بھی کی جائیں گی۔

-4 ابتدائی تعلیم کے مدرسوں کے لئے زمین اور عمارت، ساز و سامان اور اساتذہ کی رہائش کا انتظام متعلقہ آبادی کی ذمہ داری ہوگی۔

-5 ابتدائی مدارس کے مستقل اخراجات کا نصف حصہ ضلعی سطح پر ٹیکسوں سے پورا کیا جائے گا جبکہ باقی نصف اخراجات صوبائی حکومتیں ادا کریں گی۔

-6 ابتدائی تعلیم کا کنٹرول لوکل باڈیز کے اداروں سے لے کر براہ راست صوبائی حکومتوں کے کنٹرول میں دیا جائے گا۔

-3 ثانوی تعلیم:

قومی تعلیمی کمیشن 1959ء نے ثانوی تعلیم کیلئے مندرجہ ذیل سفارشات پیش کی تھیں۔

-1 ثانوی تعلیم کا مقصد فرد، شہری، کارکن اور محب وطن کی حیثیت سے فرد کی مکمل تعلیم و تربیت ہے۔ تعلیم کا فرض ہے کہ وہ فرد کو اس قابل بنائے کہ وہ سائنسی ایجادات اور انکشافات کو اچھی طرح سے سمجھ کر ان سے مستفید ہو سکے اور ضروری سماجی سرگرمیوں میں حصہ لے سکے۔

-2 ثانوی سطحوں کا نصاب لازمی اور اختیاری مضامین پر مشتمل ہونا چاہیے۔ لازمی مضامین فرد کو روزمرہ زندگی میں کام دیں اور اختیاری مضمون فرد کو کسی مخصوص پیشے یا خصوصی علم کیلئے تیار کریں۔

-3 ثانوی درجات میں مضامین کے زیادہ سے زیادہ گروپ بنائے جائیں تاکہ طلبا اپنی دلچسپیوں کے مطابق مضامین کا انتخاب کر سکیں۔

-4 نصاب میں دستی کام میں فنی مہارت کو زیادہ اہمیت دی جائے۔ عملی فنون کی تدریس کیلئے دھاتکاری، باغبانی، بجلی کا کام، ٹائپ رائٹنگ اور لڑکیوں کیلئے ہوم اکنامکس اور آرائشی فنون کے مضامین متعارف کرائے جائیں۔

-5 موجودہ مدرسوں کو دس سال کے اندر کثیر المقاصد سکولوں (کمپری ہینسو سکولوں) میں تبدیل کر دیا جائے گا جہاں مضامین کے انتخاب کے وسیع مواقع موجود ہوں گے۔

-4 پیشہ ورانہ اور فنی تعلیم:

قومی تعلیمی کمیشن نے پیشہ ورانہ فنی تعلیم کی اصلاح کیلئے درج ذیل تجاویز پیش کی تھیں۔

Elmas Ali

-1 عام سکولوں کے نصاب میں فنی اور پیشہ ورانہ مضامین بتدریج متعارف کرائے جائیں اور ان مضامین کے متعلق عملی کام کو بھی شامل کیا جائے گا۔

-2 آٹھویں جماعت کے بعد دو سال جماعت نہم، دہم کا کورس ہوگا جس میں مضامین کے انتخاب کی سہولت ہوگی تاکہ میٹرک کے بعد طلباء اس مقصد کے لئے خاص اداروں میں داخلہ لینے کے قابل ہو سکیں۔

-3 پولی ٹیکنیک اور ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ میں داخلہ میٹرک کے بعد دیا جائے گا۔ ان اداروں میں داخلہ لینے کے قابل ہونے کیلئے مضبوط بنایا جائے گا اور نئے تین سالہ کورس شروع کئے جائیں گے۔ ان اداروں کے موجودہ پروگراموں کو رات کی کلاسوں کا بھی اجراء کیا جائے گا۔

-4 فنی تعلیم کے تمام اداروں کیلئے ایک الگ نظامت فنی تعلیم (Directorate of Technical Education) قائم کی جائے گی۔ فنی تعلیم کے اداروں کے احتمامات کے نظم کو بھی فنی تعلیم کے بورڈ کے ہاتھ میں دیا جائے گا۔

-5 حکومت مختلف صنعتوں کو اس بات پر آمادہ کرے گی کہ وہ اپنے اپنے شعبے میں افرادی قوت کی خصوصی تربیت کا انتظام کریں۔

-6 منیجمنٹ کے تربیتی اداروں میں داخلے کیلئے کم از کم تعلیمی قابلیت ایف اے رکھی جائے گی اور ڈگری کیلئے تعلیم کا عرصہ چار سال ہوگا۔ موجودہ ڈپلومہ کورس پولی ٹیکنیک (Polytechnic) اداروں میں منتقل کر دیئے جائیں گے۔

-7 زراعت کا داخلہ لینے کیلئے تعلیمی قابلیت میٹرک رکھی جائے گی اور ڈگری کیلئے تعلیم کا عرصہ چار سال ہوگی۔ [illegible] پاکستان میں ایک ایک زرعی یونیورسٹی قائم کی جائے گی اور ڈگری کیلئے باقی سال کی مدت [illegible] زرعی تحقیق کونسل (Agricultural Research Council) قائم کی جائے گی۔

-8 تجارتی اور کاروباری تعلیم کے مضامین کو ثانوی سکولوں میں اختیاری مضمون کی حیثیت سے نصاب میں شامل کیا جائے گا اور انڈسٹریل انسٹیٹیوٹ (Commercial Institute) بھی کھولے جائیں گے۔ بی کام کا عرصہ تین سال کر دیا جائے یا اس شعبے میں [illegible] فنی تعلیم کا خصوصی انتظام کیا جائے گا۔

کمیشن کے نزدیک ملک کی ترقی کے لئے افرادی قوت [illegible] طرح سے ترتیب [illegible] بچے کی سفارش کی گئی کہ تربیت [illegible] جائے۔ ثانوی تعلیم کے بچے کو بطور فرد، شہری، کارکن اور محب وطن کے اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا جائے۔ ثانوی تعلیم کی اہمیت کو نصاب میں جو مضامین ہم آہنگ تھے انہیں ملا کر ایک مضمون بنا دیا [illegible] اہمیت دے دی گئی۔

کمیشن نے محنت کی عظمت کے تصور کو وسیع تر مفہوم دینے کے لئے [illegible] فنی تعلیم کے ادارے قائم کئے گئے تاکہ بچے میں ہاتھ سے کام کرنے کی فنی مہارت پیدا ہو۔ اس طرح [illegible] بچے میں شرکت کا جذبہ بھی پیدا ہوتا ہے تاکہ وہ تعلیمات [illegible] موزوں پیشہ اختیار کر سکے۔

☆☆☆☆☆

سوال3۔ تعلیمی پالیسی 1969 اور قومی تعلیمی پالیسی 80-1972ء میں ترقیاتی پیشوں پر بحث کریں؟

جواب: 1969-1ء کی نئی تعلیمی پالیسی (The New Educational Policy 1969):

ہمارے تعلیمی نظام میں پورے تعلیمی ڈھانچے کی از سر نو ترتیب اور اس کی سمت کا تعین کرنے کی ضرورت کو محسوس

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کرتے ہوئے 1969ء میں نئی تعلیمی پالیسی کا اعلان کیا گیا۔نئی تعلیمی پالیسی میں تعلیمی میدان میں ہونے والے قومی وسائل کے ضیاع کی درست نشاندہی کی گئی تھی۔ بے روزگاری کے تاثر اور نظام تعلیم کی تشکیل نو کے مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسی میں اس بات کو تجویز کی گئی تھی کہ:

''مسئلے کے حل کیلئے ضروری ہے کہ سیکنڈری سطح پر تعلیمی نظام کی مکمل طور پر ترتیب نو کی جائے۔ اس وقت سیکنڈری کے درجے تک کی تعلیم کو حتمی سطح کا درجہ حاصل نہیں بلکہ یہ طلبہ کو کالج اور یونیورسٹی کے درجے کی تعلیم کے لئے تیار کرنے والی سطح ہے۔ اس سطح پر زیادہ توجہ عام علمی مضامین پر مرکوز ہو چکی ہے جبکہ ووکیشنل اور ٹیکنیکل تربیت کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ سیکنڈری سطح پر 9 فیصد سے بھی کم طلبہ ایسے ہیں جو کہ ووکیشنل اور ٹیکنیکل مضامین پڑھ رہے ہیں۔ اس صورتحال کو بالکل تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر ہم قومی وسائل کے ضیاع کو روکنا چاہتے ہیں اور پہلے سے بھرے ہوئے کالجز پر مزید بوجھ ڈالنے کا سبب بننے والے افراد کی قوت پیدا ہونے سے وقوع پذیر ہوتے ہیں اور پہلے سے بھرے ہوئے کالجز پر مزید بوجھ ڈالنے کا سبب بننے والے ہیں تو ہمیں ووکیشنل اور ٹیکنیکل مضامین پر مبنی تعلیم کی جانب پیش قدمی کرنا ہوگی۔

تعلیم کے ٹیکنیکل حصے کی مزید وضاحت کرتے ہوئے پالیسی میں کہا گیا تھا:۔

''تعلیمی نظام کا مقصد یہ ہونا چاہیے کہ وہ ایلیمنٹری سکول کو چھوڑنے والے 13 سے 15 سال کی عمر کے کم از کم 60 فیصد طلبہ کو ووکیشنل ٹریننگ فراہم کرے، تاکہ وہ ایسی کاآمد مہارتیں سیکھ سکیں جو روزی کمانے میں ان کی معاون ہوں۔ دیہی علاقوں میں زراعت پر مبنی ووکیشنل ایجوکیشن کے نظام کے لئے کوشش کی جانی چاہیے۔ کمرشل مضامین، کھاتہ داری، لیگل ڈرافٹنگ، ٹائپنگ، شارٹ ہینڈ وغیرہ کو اس درجے پر سکول کے نصاب میں شامل کیا جانا چاہیے۔ ووکیشنل اور ٹیکنیکل ایجوکیشن کے شعبے میں ترقی کے لئے سسٹم کو چاہیے کہ وہ کامیابی پر ڈپلومہ اور ڈگریاں جاری کرے جیسا کہ پرنٹنگ، لکڑی کے کام، بلڈنگ، نیلٹنگ وغیرہ میں میٹرک (ٹیک) (Matric Tech)، انٹر ٹیک (Inter Tech)، بی ایس ٹیک (B.S. Tech) کا اجراء کیا جائے۔ اس سے توقع کی جاسکتی ہے کہ تعلیمی نظام زیادہ بہتر انداز میں معاشی و سماجی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل ہو جائے گا اور تعلیم یافتہ بے روزگاروں کے مسئلے پر قابو پانے میں بھی مدد کرے گا۔''

(2) 1972-80ء کی تعلیمی پالیسی(The Education Policy 1972-80):

1972-80 کی تعلیمی پالیسی کا مقصد ایلیمنٹری ایجوکیشن کو کارگر اور موثر بنانا تھا۔ اس میں واضح طور پر کہا گیا تھا کہ:

''ایلیمنٹری ایجوکیشن کے نظام کو ایسا بنایا جائے گا جس سے طلبہ کو دیا جانے والا علم، مہارتیں، رجحانات اور طریقہ تعلیم ایسے طلبہ کے بھی کام آئے گا جو کہ سیکنڈری تعلیم کی جانب نہیں بڑھتے، اور انہیں مقامی کمیونٹی کی معیشت میں کھپانے میں مدد کرے گا۔ ایسے طلبہ جو کہ آٹھویں جماعت کے بعد سکول کو چھوڑ دیتے ہیں، کے لئے سکول ورکشاپ میں ان کی پیشہ ورانہ دلچسپی کے مطابق ووکیشنل پیشہ ورانہ تربیت کا انتظام کیا جائے گا۔ یہ ضروری ہے کہ آٹھویں جماعت کے بعد سکول چھوڑنے والے طلبہ کو ایسی پیشہ ورانہ مہارتیں سکھائی جائیں جس سے وہ ایک اچھا کسان یا ہنرمند بن سکیں۔

جنرل ایجوکیشن کے حوالے سے 1972-80ء کی پالیسی میں مزید کہا گیا کہ:

''جنرل و ٹیکنیکل ایجوکیشن کا انضمام سیکنڈری سکول اور کالجز کے طلبہ کو اس قابل بنائے گا کہ وہ کوئی مناسب روزگار حاصل کر سکیں یا اپنا ذاتی کام شروع کر سکیں۔ جن پیشہ ورانہ شعبوں کی تعلیم کا اہتمام کیا جائے گا ان میں الیکٹریکس، آٹو الیکٹریسٹی، پاپولیشن، سبزیوں کی کاشت، ریشم کے کیڑوں کی پرورش، فصلوں اور مویشیوں کی پیداوار، مشارٹ ہینڈ،

ٹائپنگ، اکاؤنٹنس، بینکنگ وغیرہ شامل ہیں۔ میٹرک، انٹرمیڈیٹ اور ڈگری کے درجے پر ایجوکیشن کو اختیاری مضمون کے طور پر پیش کیا جائے گا، اسی طرح اداروں میں بڑے پیمانے پر اساتذہ کو ووکیشنل ٹریننگ کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔''

سوال 9۔ قومی تعلیمی پالیسی 1978 اور ترقی کے مسائل پر روشنی ڈالیں؟

جواب 1۔ قومی تعلیمی پالیسی 1978ء (The National Education Policyt, 1978):

قومی تعلیمی پالیسی 1978ء میں ٹیکنیکل ایجوکیشن کو خصوصی اہمیت دی گئی تھی۔ اس میں ٹیکنیکل اور ووکیشنل ایجوکیشن کے لئے کوششوں کے باوجود اسے ملازمت کے حصول کے لئے کارآمد نہیں بنایا جاسکا، نیز ملک کی 80 فیصد دیہی آبادی کی ضروریات کے مطابق تربیت کا مناسب بندوبست بھی نہیں کیا گیا تھا جس کی وجہ سے آبادی کا کثیر حصہ ملکی معیشت کی ترقی کے لئے کردار ادا نہیں کر پا رہا تھا۔ اس لئے ٹیکنیکل اور ووکیشنل تعلیم و تربیت کو بہتر بنانے کے لئے تمام ٹیکنیکل اور ووکیشنل تعلیمی اداروں میں مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق تربیت پیدا وار سے متعلق نصاب متعارف کروانے کا فیصلہ کیا گیا۔ جبکہ ایڈوائزری کمیٹی جو کہ تجارت و صنعت کے نمائندوں پر مشتمل ہوگی تربیت کو مارکیٹ کی جدید ضروریات کے مطابق رکھے گی اور [illegible] سرانجام دے گی۔

[illegible] ٹیکنیکل اور ووکیشنل اداروں کو اپنے وسائل جیسا کہ ادارے میں تیار ہونے والی اشیاء کی فروخت سے حاصل [illegible] آمدنی کے [illegible] مزید فنڈز بھی مہیا کئے جائیں گے تاکہ ٹیکنیکل اداروں کو تقویت دی جاسکے۔ مرحلہ وار پروگرام کے [illegible] ٹیکنیکل اور [illegible] کے ساتھ چھوٹے پیداواری یونٹ قائم کئے جائیں گے۔ کمیونٹی کے مفاد میں جہاں ضروری ہو وہاں ٹیکنیکل اداروں میں شام [illegible] پروگرامز بھی شروع کئے جائیں گے۔ جبکہ عام سکولوں سے تعلیم چھوڑ جانے والے طلبہ کے لئے بھی الگ سے ٹیکنیکل اور ووکیشنل ادارے قائم کئے جائیں گے۔ جبکہ مختلف اداروں کے لئے درکار سامان کی فراہمی کیلئے اعلیٰ معیار قائم کیا جائے گا۔ جبکہ ٹیکنیکل اور ووکیشنل تربیت کے بعد قابلیت کا امتحان لینے اور سرٹیفکیٹس عطا کرنے کے حوالے سے بھی صنعت و تجارت کے نمائندوں کی مشاورت سے پورا نظام تشکیل دیا جائے گا۔

ڈپلومہ ایسوسی ایٹ لیک کے لئے بطور ملازمت عملی تربیت لازمی ہوگی۔ اس سلسلے میں طلبہ کو صنعتی اداروں سے تربیت دلانے کے لئے باقاعدہ قانون سازی بھی کی جائے گی۔ صنعتوں کے ساتھ روابط استوار کرنے کے لئے پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹس کے اساتذہ کی صنعتوں کے لئے مشاورتی خدمات کی حصلہ افزائی کی جائے گی۔ صنعتوں میں کام کرنے والے عملے کو بھی دعوت دی جائے گی۔ وہ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے اداروں میں پیداوار [illegible] ریقوں کو بہتر بنانے کے لئے سفید تجاویز فراہم کریں۔ اس کے علاوہ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے اداروں میں قدرتی خدمات [illegible] تربیت کا ادارہ قومی سطح پر بھی قائم کیا جائے گا۔

نئی ایجوکیشن پالیسی میں سابقہ پالیسی 1972-80ء [illegible] شروع ہونے والے ایجوکیشنل پروگرامز کو بہتر بنانے، اور وسعت دینے کے لئے اصلاحات تجویز کی گئیں تھیں۔ جبکہ ایسے ہی مقامی مہارت میں تربیت کے پروگرامز

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



دیہی علاقوں میں بھی شروع کرنے کا کہا گیا تھا۔

-2 **مسائل اور مشکلات (Problems and Issues):**

مذکورہ بالا پروگرامز کے حوالے سے کئی طرح کے تحفظات پائے جاتے تھے جن میں چند ایک د[illegible] ذیل ہیں:

-i ٹیکنیکل پروگرامز کے لئے مخصوص طبعی سہولیات، سامان اور تربیت یافتہ افراد کی ضرورت تھ[illegible] سے کافی وسائل درکار تھے اور پاکستان جیسے ملک کے لئے یہ وسائل فراہم کرنا انتہائی مشکل تھا، اس کے علاو[illegible] پروگرامز متعارف کرانے کے باوجود اداروں میں کئی قسم کے ٹیکنیکل مضامین اور ان کے اساتذہ کی [illegible]۔

-ii مہارتوں کی تربیت کو عمومی نصاب سے الگ کر کے پیش کرنے سے یہ تاثر ابھرتا تھا کہ صرف ٹیکنیکل شعبہ ہی ملکی ترق[illegible] کا ضامن ہے جبکہ نصاب کی کوئی اہمیت نہیں، یہ بڑا سنگین مسئلہ تھا اس سے تعلیمی نظام میں خرابیاں پیدا ہوئیں۔

-iii ٹیکنیکل ٹریننگ پروگرامز ایسے طریقہ کار سے ترتیب دیئے گئے جس سے یہ خود ایک ایسی سرگرمی نظر آتے تھے، جس کا آخری اور حتمی نتیجہ امتحان میں کامیابی یا ناکامی کی صورت میں نکلتا تھا۔ اس پروگرام اور کمیونٹی کی ضروریات کے درمیان تعلق کو قائم نہیں کیا گیا تھا حالانکہ اساتذہ اور طلبہ کو سماجی ترقی پروگرامز میں بھی شریک کیا جاسکتا تھا۔ یہ ان پروگرامز کی بڑی خامی تھی۔

حقیقت میں تعلیم کو ایسا ہونا چاہیے کہ وہ طلبہ اور کمیونٹی کے لئے فائدہ مند ہو، جبکہ پورے تعلیمی نظام کو معیار زندگی کو بہتر بنانے میں خصوصی کردار ادا کرنا چاہیے۔ ایسے غریب ممالک جہاں بھوک، غربت، پس ماندگی، بدحالی اور محرومی پائی جاتی ہے وہاں تعلیم کو مقبولیت حاصل ہونا بڑا مشکل ہوتا ہے۔ ایسے ملکوں میں تعلیم کو تبھی عام کیا جاسکتا ہے جب تک ان مسائل کا حل تعلیم میں نہ دیا گیا ہو۔

نصاب سازی کے حوالے سے ضروری ہے کہ سماج کے ارکان اور اساتذہ مقامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نصاب تیار کریں، تاہم پاکستان کا معاملہ یہ ہے کہ یہاں تعلیم کے معاملات کو قانون سازی کی متوازی فہرست میں شامل کیا گیا تھا یعنی اس پر وفاقی حکومت بھی قانون سازی کر سکتی تھی اور صوبائی حکومت بھی مذکورہ دور میں قانون سازی وفاقی سطح پر کی گئی تھی، حالانکہ نصاب سازی کے عمل میں صوبوں سے بھی مشاورت کی گئی تھی لیکن پھر بھی ملک بھر کے لئے ایک ہی نصاب رائج کیا گیا تھا۔ جبکہ مقامی ضروریات کے مطابق مقامی سطح پر نصاب، درسی کتب اور معاون مواد وفاق کی منظوری کے بغیر نافذ نہیں کیا جاسکتا تھا۔

نئی تعلیمی پالیسی کے نفاذ میں ایک اور بڑی رکاوٹ اساتذہ کی مہارت، رجحانات اور اہلیت بھی تھی۔ چونکہ تبدیلی لانے کا اصل ذریعہ اساتذہ ہی ہوتے ہیں اس لئے تبدیلی کی خاطر سب سے پہلے انہیں تیار کرنا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ تاہم اس سلسلے میں بہت کم اقدامات کئے گئے، البتہ کئی طرح کے سیمینارز، ورکشاپس اور کانفرنسوں کا ضرور اہتمام ہوا جس میں اساتذہ کو نئے کردار کے لئے تیار کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔

اساتذہ کی تربیت کے نصاب "سماجی ترقی" کو بطور لازمی مضمون شامل کر کے ایک اہم اصلاح کی کوشش کی گئی

تھی، جبکہ کئی ٹیچرز ٹریننگ سنٹرز میں دوران ملازمت اساتذہ کی تربیت کے لئے بھی اس کی باقاعدہ تعلیم دی گئی۔

سماجی ترقی کے مضمون سے اساتذہ اور طلبہ کو کمیونٹی کی بہتری کے حوالے سے اپنی اور تربیتی پروگرامز کی اہمیت کا پتہ چلتا ہے۔ اس سے وہ کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے لئے زیادہ بہتر خدمات انجام دے سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال 5۔ تعلیمی پالیسی 2010-1998ء میں تعلیم کے ترقیاتی پہلوؤں پر اظہار خیال کریں؟

جواب: تعلیمی پالیسی 2010ء۔1998ء:

1997ء میں اس وقت کی حکومت نے اقتدار سنبھالنے پر وفاقی وزارت تعلیم کو نئی پالیسی مرتب کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ وزارت تعلیم نے پالیسی مرتب کرنے کے سلسلہ میں عوام سے تجاویز بھی طلب کیں تاکہ عوام کی خواہشات [illegible] ماہرانہ مشوروں کی روشنی میں ایک جامع پالیسی تشکیل دی جاسکے۔ اس سلسلہ میں وزارت تعلیم کو 4,025 تجاویز [illegible] دل ہوئیں، جن کی روشنی میں پالیسی مرتب کرنے کے بعد قومی تعلیمی کمیشن نے 18 مارچ 1998ء کو اس پالیسی کو حتمی [illegible] دے دی [illegible] اس خاص نقاط حسب ذیل ہیں۔

Elmas Ali

پالیسی کے اہم مقا[illegible]:

-1 قرآنی تعلیم [illegible] اور اسلامی [illegible] ریات [illegible] کو نصاب کے ساتھ مربوط کیا جائے گا تاکہ قرآنی ہدایات اور افکار کو تعلیم و تربیت [illegible] ذریعہ [illegible] پہنچایا جاسکے۔

-2 بنیادی پرائمری ایجو[illegible] حاصل [illegible] کے لئے پرائمری تعلیم سے محروم رہ جانے والے یا ادھورا چھوڑ جانے والے لڑکے اور لڑکیوں [illegible] حاصل کرنے کا ایک [illegible] موقع دیا جائے گا اور ان کے لئے نسبتاً مختصر کورس کا ہنگامی پروگرام شروع کیا جائے گا [illegible] کی وغیرہ [illegible] طریقوں سے پڑھایا جائے گا۔

-3 بنیادی تعلیم کے لئے اسکول کی انتظامی [illegible]، دیہی تعلیم کمیٹیوں [illegible] کی ایسوسی ایشنوں کو متحرک بنایا جائے گا۔ لوکل کمیونٹی کی شمولیت کو بھی موثر بنایا جائے گا۔

-4 لازمی پرائمری تعلیم کے [illegible] قانون سازی کا کام اور اس پر [illegible] انداز میں عمل [illegible] بھی کیا جائے گا۔

-5 متن اور تدریسی مواد کو تعلیم کی بنیادی ضروریات کے مطابق مرتب کیا جائے گا۔

-6 سیکنڈری تعلیم حاصل کرنے کے ہر خواہش مند کو داخلہ کا موقع فراہم کیا جائے [illegible]

-7 زیادہ سے زیادہ اسکول کھولے جائیں گے [illegible] معیاری تعلیم کا اجراء کیا جائے [illegible]

-8 شہر اور دیہات میں تعلیمی سہولتوں میں موجود فرق کو کم کیا جائے گا۔

-9 نجی تعلیمی اداروں کو اس بات کا پابند کیا جائے گا کہ وہ ایسے [illegible] مستحق طلباء کو داخلہ دیں جو میرٹ [illegible] اتریں اس کے علاوہ غریب طلبا کو مفت تعلیم کے مواقع بھی دیئے جائیں گے۔

-10 نوجوانوں کو مختلف تعلیمی درجات پر محنت کی عظمت کی طرف راغب کیا جائے گا تاکہ وہ معاشرے کے مفید کارآمد شہری بن سکیں۔

-11 صنعتی شعبے کے مشورے سے فنی اور تکنیکی تعلیم کے نصابات پر مکمل نظر ثانی کی جائے گی۔ نئی ٹیکنالوجیز مثلاً ٹیلی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کمپیوٹیشن، کمپیوٹر، فوٹو پریزروویشن اور ٹیکنالوجی وغیرہ متعارف کروائی جائیں گی۔

-12 ٹیکنیکل اور ووکیشنل اداروں سے تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کی طلب میں اضافہ کیلئے ان اداروں کے تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔

-13 تمام عمر کے بچوں میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کی ناگزیر کو ممکن بنایا جائے گا۔ کلاسوں میں کمپیوٹر کو تعلیم کے لئے استعمال کیا جائے گا تاکہ طلبہ کو نئی صدی کے تقاضوں کے مطابق تیار کیا جاسکے۔

-14 طلبا کو اپنی فنی مہارت کے شعبے کی تربیت صنعتی اداروں میں مکمل کرنے کی ترغیب دی جائے گی۔

-15 یونیورسٹیوں اور صنعتوں کے درمیان باہمی اشتراک کا اہتمام بھی کیا جائے گا۔

-16 اخلاقی نوعیت کی ایسی باامقصد اور معیاری ریسرچ کو ترجیحی بنیادوں پر معاونت فراہم کی جائے گی جو ہمارے ملکی مسائل سے ہو گی۔

-17 ریسرچ کے مزید نئے مراکز قائم کئے جائیں گے اور موجودہ مراکز کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔

-18 فنی اداروں اور صنعتی شعبے کے باہمی تعلق کو مضبوط بنایا جائے گا۔ منتخب فنی اداروں میں پیداواری یونٹ بھی کئے جائیں گے۔

-19 فنی اور ووکیشنل تعلیم کو عام کیا جائے گا تاکہ صنعتی ضروریات کے لئے تربیت یافتہ افرادی قوت مہیا ہو سکے۔

-20 تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لئے دوران ملازمت اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت اور تعلیمی انصرام وانتظام کو موثر بنایا جائے گا اور میرٹ کی بنیاد پر اساتذہ بھرتی کئے جائیں گے۔

-21 ملازمت سے پہلے اور دوران ملازمت اساتذہ کی تعلیم وتربیت کے لئے ایک جامع پالیسی تشکیل دی جائے گی۔

-22 جائزہ اور پرتال کا ایک جامع پروگرام وضع کیا جائے گا۔ اساتذہ کے کام کے معیار کو پرکھنے کے منصفانہ طریقے تشکیل دیئے جائیں گے۔

-23 یونیورسٹی میں اعلیٰ تعلیم کے میدانوں میں Excellance حاصل کرنے کے لئے سائنس کے نئے مضامین متعارف کرائے جائیں گے اور پہلے سے رائج Disciplines کو نئی تحقیق اور جدید علوم کے مطابق ڈھالا جائیگا۔

-24 نصاب کی تشکیل وتدوین ایک مسلسل عمل کے ذریعہ ہوتی رہے گی۔

ٹیکنیکل اور ووکیشنل تعلیم:

-1 اس وقت پاکستان میں ٹیکنیکل اور ووکیشنل تعلیم کی نسبت نظامِ تعلیم میں سہولیات زیادہ بہتر ہیں۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ایک ایسا تعلیمی نظام قائم کیا جائے جس میں ٹیکنیکل ایجوکیشن کو زیادہ اہمیت حاصل ہو۔

-2 ٹیکنیکل اور ووکیشنل کے ڈگری یافتہ افراد کے لئے ملازمت کے مواقع بڑھانے کے لئے ٹیکنیکل اور ووکیشنل تعلیم کے معیار کو بڑھایا جائے گا۔

-3 ٹیکنیکل اور ووکیشنل تعلیم کی اس طرح منصوبہ بندی کی جائے گی کہ بیک وقت خود ملازمتی اور صنعت کے لئے تربیت یافتہ افرادی قوت کے مقاصد کو حاصل کیا جاسکے۔

-4 ٹیکنیکل اور ووکیشنل اداروں اور صنعتوں کے درمیان روابط بڑھائے جائیں گے تاکہ صنعتوں کی ضروریات

کے مطابق فنی مہارتیں سکھائی جاسکیں۔

-5 ایسی ٹیکنیکل اور ووکیشنل مہارتیں سکھائی جائیں گی جو تعلیم یافتہ نوجوانوں میں روزگار کو بھی بڑھائیں تاکہ بے روزگاری جیسا مسئلہ ختم ہو سکے۔

☆☆☆☆☆

سوال 6- قومی تعلیمی پالیسیوں کے پیشِ نظر پاکستان کی معاشی ترقی اور تعلیم کے ترقیاتی پہلوؤں کے درمیان تعلق کو واضح کیجئے۔

Elmas Ali

جواب: پاکستان کی قومی تعلیمی پالیسیاں اور تعلیم کے ترقیاتی پہلوؤں کے درمیان ربط و تعلق:

نوٹ: اس سوال کے جواب کے لیے اسی باب کے سوال نمبر 5 تا 1 کو ملاحظہ فرمائیں۔

☆☆☆☆☆

سوال 7- ایشیائی خطے میں تعلیم و ترقی کے منصوبوں اور طریقہ کار کا عمومی جائزہ پیش کریں اور مسائل کے حل پر مختصر نوٹ بھی لکھیں؟

جواب: ایشیا کے ریجن میں تعلیم و ترقی (Education Development in Asian Region):

کچھ ایشیائی ممالک میں موجود شہری اور دیہی معیشت جہاں ایک طرف جدیدیت کے مختلف درجات کی نمائندگی کرتی ہے وہاں اجتماعی طرز زندگی کے حوالے سے قدامت پسندی بھی پائی جاتی ہے۔ یہ دوہری نوعیت سماجی و معاشی [illegible] عدم توازن کی وجہ سے ہے۔ اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ ان ممالک میں پالیسیوں کی واضح [illegible] قائم کیا جائے اور ترجیحات کا از سر نو جائزہ لیا جائے۔ اسی مسئلے میں دیہات سے شہروں کی جانب نقل مکانی بھی شامل ہے جس سے شہروں میں روزگار کے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔

-2 آبادیاتی عوامل نے مسئلے میں زیادہ شدت پیدا کر دی ہے جبکہ ترقی کے مسائل کے تناسب میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ ایشیائی خطے کے بیشتر [illegible] میں آبادی میں بڑی تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے جبکہ ان ممالک میں دوسروں پر انحصار کرنے والے افراد کا تناسب بھی زیادہ ہے۔ یعنی آبادی کا 50 فیصد حصہ 21 سال یا اس سے کم عمر افراد پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ یہاں پر غیر مساوی معاشی پروگرام اور آبادی میں روز بروز اضافے کی وجہ سے خوراک، سماجی تحفظ، صاف پانی کی فراہمی اور [illegible] افراد کا تقدان کیا جاتا ہے۔

-3 ماہرین تعلیم کو ترقیاتی اہداف کے مطابق تعلیمی پالیسیوں اور پروگراموں کی تشکیل میں مسئلہ درپیش ہے۔ غیر مساوی تعلیمی مواقع عملی ضروریات کے ساتھ مطابقت نہ رکھنے والے [illegible] ضروریات کے برعکس رائج کیے گئے تعلیمی پروگرام کو [illegible] فیک کرنے کی ضرورت ہے۔ [illegible] ایشیائی خطے کے ماہرین تعلیم کے غور و فکر کا محور یہ ہے کہ دیہات میں [illegible] کو کیسے فروغ دیا جائے؟ صحت کے معاملات میں کیسے بہتری لائی جائے؟ اور لوگوں کے لئے ان کے علاقے میں روزگار کی مہارتوں کو کیسے تقویت دی جائے؟

-4 دیہات میں تبدیلی پر زور اس لئے دیا جاتا ہے کیونکہ ان [illegible] کی آبادی کا بڑا حصہ دیہات میں رہائش پذیر ہے۔ جبکہ سہولیات کی عدم دستیابی کی وجہ سے یہاں کے لوگ شہروں کا رخ کرتے ہیں جس سے شہری آبادیوں

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



کے لئے خوراک کی تیاری اور فصلوں کی پیداوار غیر معتبر ہو رہی ہے۔ جدید عمارتیں، اور ایشیائی شہروں میں دستیاب سہولیات دیہاتی علاقوں کے فطری حسن کی تعریف کی بجائے وہاں کی بدحالی کا مذاق اڑاتی ہیں، دیہی ترقی (Rural Development) کا مسئلہ پیچیدہ ترین اور بہت مشکلات کا حامل ہے۔ اس لئے اس مسئلے سے نمٹنے کے لئے انفرادی اور مشترکہ کوششوں کی بجائے مربوط انداز میں اداروں کے باہمی تعاون کے ساتھ (Rural Development) کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ خاص طور پر سکول کے مذ[illegible] کلیدی کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ سکولوں اور غیر روایتی تعلیم کے اداروں کے ذریعے تعا[illegible] تربیت کا فریضہ انجام دینے والے پیشہ ورانہ تربیت دینے والوں (Trainers) کو اس بات کا شعور [illegible] چاہئے کہ دیہات میں رہنے والے افراد کو تعلیم دینا کتنا زیادہ اہم ہے۔ انہیں چاہیے کہ وہ سماج کے [illegible] نشاندہی اور انہیں حل کرنے کے حوالے سے خصوصی کردار ادا کریں۔ دیہاتی علاقوں میں رہنے والے افراد بھی ایسا ہی چاہتے ہیں۔

5- صحت اور غذائیت کے معاملات پر فوری توجہ دینا تو ویسے ہی بڑا اہم ہے۔ کیونکہ صحت مند افراد ہی ایسی طاقت مہیا کر سکتے ہیں جو کہ معیشت کی گاڑی کو ترقی کی جانب دھکیل سکے۔ اگرچہ کئی ممالک میں صحت اور غذائیت کے حوالے سے پروگرامز شروع کیے گئے ہیں تاہم اس کے باوجود خطے میں غذائیت کی کمی دیکھنے کو ملتی ہے۔ خوراک کی پیداوار کو بہتر بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال بھی ہو رہا ہے تاہم یہ کوششیں بھی آبادی میں تیز رفتار اضافے کے مقابلے میں ناکافی سمجھی جاتی ہیں۔ وسائل اور قابل عمل کی کمی کی وجہ سے ان ممالک کو مستقل بنیادوں پر پروگرامز کو جاری رکھنے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔ ایشیاء کے کئی ممالک میں صحت کے حوالے سے بیماریوں کا شکار بے شمار افراد مناسب طبی سہولیات نہ ملنے کی وجہ سے دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ایسے دیہی اور شہری علاقے جو نظر انداز ہو گئے یا کر دیئے گئے ہیں۔ وہاں صحت اور غذائی تعلیم کے بنیادی پروگرام بڑے پیمانے پر شروع کیے جائیں۔ جن کو صحت اور غذائی تعلیم کے قومی پروگرام کے ساتھ منسلک کیا جائے تاکہ صحت و غذائیت کا مناسب معیار حاصل کیا جا سکے۔

6- عموماً قابل ملازمت مہارتوں سے مراد ایسی مہارتیں ہوتی ہیں۔ جو طلبہ کو براہ راست حصول ملازمت میں مدد گار ثابت ہو سکیں۔ تجاویز پیش کی گئی ہیں کہ اس تصور کو دوسری سادہ نوعیت کی مہارتوں کے حصول تک وسعت دی جائے۔ جو افراد کو سماج کا مفید حصہ بننے میں مدد دے سکیں۔ ایسی بنیادی مہارتوں کا حصول جن کی گھروں، بکنوں، سکولوں اور کمیونٹی کے اندر ضرورت پیش آتی ہے اور جن کو متعلقہ اداروں کے ذریعے بھی سیکھا جا سکتا ہے۔ ان کے ذریعے افراد کی فنی مہارت میں اضافہ ہوگا۔ اور وہ معاشرے کے مستعد اور مفید ارکان بن سکیں گے۔

7- ایک بین الاقوامی ورکشاپ میں اس بات کو واضح کیا گیا کہ ایسے نصاب کی تیاری جو افراد کی سماجی و معاشرتی ضروریات کو پورا کر سکے انتہائی ضروری ہے۔ کانفرنس کے شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ اساتذہ اور ماہرین تعلیم کو نصاب میں دیہی علاقوں میں صحت، خوراک اور فنی مہارتوں پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ اس سلسلے میں خاص بات یہ ہے کہ نصاب سازی کے وقت ان خصوصی مقاصد کو پیش نظر رکھا جائے جو سیکھنے والوں کی ضروریات

اور قومی مقاصد کو پورا کر سکیں۔ کیونکہ جب کوئی فرد اپنے لیے کوئی قابل قدر اور مفید مہارت سیکھتا ہے تو اس کا فائدہ پورے معاشرے کو بھی ہوتا ہے۔ اساتذہ کی تربیت کے معاملے میں اس کانفرنس نے ٹیچر ایجوکیشن کے پروگراموں میں بڑے پیمانے پر تبدیلیوں پر زور دیا۔ تاکہ تربیت اساتذہ کے نصاب کو بدلتے ہوئے رجحانات کے مطابق ڈھالا جا سکے۔ ورکشاپ میں اس بات پر بھی زور دیا گیا۔ کہ تعلیم اساتذہ کے پروگراموں کی تشکیل نو کرتے ہوئے اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا جائے کہ اساتذہ قومی ترقی کے پروگراموں میں زیادہ شرکت کے ساتھ ساتھ سکولوں کے لیے تیار کیے جانے والے نصابات کو بھی مدون نو کے عمل سے گزاریں۔

☆☆☆☆☆

سوال7- ایشیائی خطے کے ممالک میں تعلیم و ترقی کے موجودہ مضمونوں اور دیگر پروگراموں کا تقابلی جائزہ پیش کیجئے؟

جواب: **ایشیائی ریجن میں موجود مضمونوں اور پروگراموں کا تجزیاتی اور تقابلی جائزہ:**

[illegible] ایشیائی خطے میں سکولوں کے نصاب میں بڑے پیمانے پر اصلاح اور ترمیم کا عمل جاری ہے۔ تاکہ تعلیم کے ذریعے [illegible] معاشرہ کی ضروریات کے مطابق ترقی کے عمل کو تیز کیا جا سکے۔ اور تعلیم کو معاشرے اور سیکھنے والوں کے لئے زیادہ مفید اور مقصد بنایا جا سکے۔

1- جمہوریہ کوریا، جو کہ [illegible] تعمیر و ترقی سے متعلق نصاب کے منتخب اجزاء کے لیے کثیر جہتی ابلاغ عامہ کے ذرائع کو استعمال کیا جاتا ہے۔ [illegible] سکول کے نصاب کو سماجی اور ترقیاتی ضروریات سے زیادہ ہم آہنگ کیا جا سکے۔ نصاب [illegible] تشکیل [illegible] حالات کے مطابق لچک کو متعارف کرایا گیا ہے اس مقصد کے لیے جمہوریہ کوریا میں ایک نمونہ جاتی اپروچ اختیار کی گئی ہے۔ جبکہ بھارت میں مرکزی سطح پر اور مختلف ریاستوں میں نصاب ساز ادارے بھی قائم کیے گئے ہیں۔ [illegible] نصاب [illegible] عمل ترمیم و اضافے کا عمل جاری رہے۔ ملک کے دیہی علاقوں خصوصاً معاشرے کے پسماندہ طبقات کے لیے تجرباتی [illegible] دوں پر جدید ذرائع ابلاغ خصوصاً مواصلاتی ذرائع پر مشتمل تدریسی مواد استعمال کیا جا رہا ہے۔

2- سری لنکا، جہاں کا نصاب بہت زیادہ عملی نوعیت کے مضامین پر مشتمل ہے۔ [illegible] سیکنڈری درجات کے نصاب میں بڑے پیمانے پر تبدیلی کی گئی ہے جس کا محور اب کی تعمیر و ترقی ہے۔ [illegible] سے چودہ سال کی پہلی جماعت سے لے کر گیارہویں جماعت کے تمام طلبہ کے لیے کہ [illegible] نصاب تیار کیا گیا ہے۔ جس میں عام تعلیم کے ساتھ ساتھ طلبہ کے لیے [illegible] ملازمت مہارتوں کے حصول کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ تاکہ وہ سماج کی زیادہ بہتر انداز میں خدمت کر سکیں۔ [illegible] نصاب کا سب سے بڑا مقصد [illegible] ملازمت کے مواقعوں کے درمیان خلا کو پُر کرنا ہے۔

3- پاکستان اور انڈونیشیا میں بھی اسی طریقے پر عمل کیا جا رہا ہے۔ اس خطے کے [illegible] ممالک میں پہلے ہی ایسے بہت سے تعلیمی پروگرام شروع کیے جا چکے ہیں۔ جن کے ذریعے سکول اور سماج کے مختلف ذرائع اور وسائل کو استعمال

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal
WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



کرتے ہوئے دیہی اصلاح اور ترقی کی کوششیں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں کمیونٹی میں علم و آگاہی اور فنی مہارتوں پر مبنی رویوں اور رجحانات کی نشوونما، قومی ترقی اور سماجی مسائل کے حل میں مدرسین کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔

-4 بنگلہ دیش میں دیہی عوام میں عملی اور کام پر مبنی تحریک پیدا کرنے میں کمیلیا پروجیکٹ (Camellia Project) کا اہم کردار ہے۔ یہ مقامی رہنماؤں اور دیگر کارکنوں کی شرکت کی غرض سے مقامی اداروں کے قیام و استحکام میں مدد دیتا ہے۔ دیہی اساتذہ کیلئے وہاں کی مقامی ضروریات کی بنیاد پر کسان ارکان کی شمولیت سے عملی تحقیق کے ذریعے تعلیمی نصاب تیار کیے جاتے ہیں۔ فلپائن میں جھیل کنارے ایک قصبے مورا [illegible] میں عام لوگ اور سکول کے بچے چھوٹے پیمانے کی نفع بخش صنعتوں کے مختلف شعبوں میں کام سیکھنے [illegible] سے مصروف عمل رہتے ہیں۔ جو سکول اور سماج کے درمیان پرجوش اور باہمی مفاد پر مشتمل تعلقات کو ظاہر کرتے ہیں۔

-5 نیپال میں ٹریبھو وان یونیورسٹی کے تمام گریجویٹس کے لیے اور بیرون ملک کسی بھی یونیورسٹی [illegible] حاصل کرنے والے ماسٹرز ڈگری رکھنے والے طلبہ کے لیے ایک سال کی نیشنل ڈویلپمنٹ سروس لازمی ہوتی ہے [illegible] کا مقصد دیہی ترقی کے پروگراموں میں شرکت کے ذریعے گریجویٹ طلبہ کو حقیقت پسند اور کام کی [illegible] سرشار بنانا ہے۔

-6 سری لنکا میں عام تعلیم کا حصول ملازمت کے لیے درکار فنی مہارتوں اور پیداواری سرگرمیوں کے ساتھ بڑا گہرا تعلق پایا جاتا ہے۔

-7 انڈونیشیا میں دیہی علاقوں میں رہائش پذیر لوگوں کے حالات زندگی بہتر بنانے کے لئے بہت سے پروگرام شروع کیے گئے ہیں۔ ان پروگراموں کا خاص محور زراعت، صحت، غذائیت اور تعلیم کے شعبے ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر پروگراموں کی منصوبہ بندی اور مالی معاونت مرکزی حکومت کرتی ہے۔ اس کے علاوہ انڈونیشی حکومت اصولی طور پر سالانہ ہر گاؤں کی تعمیر و ترقی کے منصوبوں کے لیے ایک خاص حد تک امدادی رقم بھی فراہم کرتی ہے جس سے مقامی طور پر آبپاشی، نکاسی آب اور مواصلات کے شعبوں کو ترقی دی جا سکتی ہے۔

-8 بعض دیگر ممالک میں صحت اور غذائیت کے نصابات کی تدوین و ترقی کیلئے بڑے پیمانے پر کام کیا گیا ہے۔ اور مختلف ایجنسیوں کے تعاون اور سماج کے مختلف کارکنوں اور اساتذہ کے اشتراک و تعاون سے سرانجام دی جانے والی ان تمام کاوشوں کا مقصد یہ ہے کہ دیہی آبادیوں کو صحت و غذائیت کے بارے میں زیادہ علم و شعور فراہم کیا جائے۔

-9 فلپائن میں فلپائنی غذائی پروگرام کے تحت کارکن اساتذہ اور کمیونٹی کے تعاون سے دیہی علاقوں میں مختلف غذائی ترجیحی منصوبوں پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔ اس پروگرام کے تحت رابطہ کار ٹیچرز کمیونٹی میں موجود مختلف خاندانوں کی صحت و غذائیت کی حقیقی ضروریات کے بارے میں جائزہ لیتے ہیں۔

-10 سنگاپور میں وزارت صحت، تعلیم اور وزارت ثقافت کے باہمی میل جول سے جدید ذرائع ابلاغ پر مشتمل طریقہ کار کو استعمال میں لایا جاتا ہے۔ دیہی ترقیاتی پروگراموں پر عمل درآمد کے لیے تینوں وزارتوں کے ذریعے بڑے پیمانے پر ایک عملی مہم کے ذریعے مطلوبہ اہداف اور مقاصد کو حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 8۔ ایشیائی خطے میں تعلیم اور پیداواری مہارتوں کے درمیان تعلق کے جائزے پر روشنی ڈالیں اور درپیش مسائل اور مشکلات پر تفصیلی نوٹ لکھیں؟

جواب: **ایشیائی خطے میں تعلیم اور پیداواری مہارتوں کی ترقی کے درمیان ربط و تعلق:**

Education and Productive Sill Developement in Asia Region)

فنی اور مہارتی تعلیم کا تصور اور مقاصد (Concept of Objectives of Skill Education):

ایشیاء پیسفک پروگرام آف ایجوکیشن انوویشن فار ڈویلپمنٹ (اے پی ای آئی ڈی) کے زیر اہتمام ہونے والے اجلاس کے شرکاء کی تشریح کے مطابق مہارتی تعلیم کا تصور تین اہم اجزاء کی ترکیب سے تشکیل پاتا ہے۔ ان اجزاء کو سوالات کی شکل میں ذیل میں پیش کیا گیا ہے۔

i- مہارتی ترقی کی کیسے تعریف کی جائے؟ ii- کس بنیاد پر اسے ترقی دی جائے؟ اور

iii- مہارتی تعلیم کا شیڈول کن اصولوں پر مبنی ہونا چاہیے؟

جبکہ مقاصد (Ojbectives) سے مراد طالبعلم کی صلاحیت کی وہ قسم یا درجہ ہے جس کا حصول متوقع ہوتا ہے۔

1- مہارتی ترقی کا تصور (Conccept of Skill Development):

[illegible] ہر کوئی اس بات سے اتفاق کرتا ہے کہ مدرسہ میں یا مدرسہ سے باہر کوئی بھی تعلیم تب تک بامقصد، بامعنی اور مفید نہیں [illegible] تی جب [illegible] اس کا قومی ترقیاتی پروگراموں کے ساتھ گہرا تعلق پیدا نہیں کیا جاتا۔ اس لئے روایتی اور غیر روایتی نظام میں مہارتی [illegible] کے لئے تعلیمی پروگرامز اس مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے ترتیب دیئے جانے چاہئیں۔ مندرجہ ذیل نکات اجلاس [illegible] میں شریک ممالک کی جانب سے پیش کیے جانے والے مہاراتی تعلیم کے تصورات کی مشترکہ خصوصیات پر روشنی ڈالتے ہیں

i- عام تعلیمی پروگرام کا حصول [illegible] کے ذریعے سے مہاراتی تعلیم کو محض دستی کام تک محدود نہیں رکھا جا سکتا، اس میں عملی دنیا کی ضروریات اور [illegible] کی عظمت اور [illegible] کے حوالے سے مثبت رویوں اور رجحانات کو بھی شامل کیا جانا چاہیے۔

ii- مہاراتی تعلیمی پروگرامز [illegible] مضامین اور شعبہ جات سے بھی منسلک رہنا چاہیے۔

iii- مہارتی تعلیمی پروگرام انفرادی اور سماجی مسائل [illegible] ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے بنائے جانے چاہئیں۔

(اس لئے دانش مندی کا تقاضا ہے کہ مہاراتی پروگرامز [illegible] سماج کے ارکان کی مشاورت اور معاونت سے تشکیل دیئے جائیں)

Elmas Ali

2- مقاصد (Objectives):

ایشیائی خطے کے مختلف ممالک کی جانب سے تشکیل دیئے گئے مقاصد کے جائزے سے پتہ چلتا ہے کہ بیشتر کے مقاصد ایک جیسے ہیں تاہم بعض مقاصد خاص ممالک کے ساتھ بھی مخصوص ہیں۔

i- مشترکہ مقاصد (Common Objectives):

طالبعلم کو عملی زندگی سے روشناس کرانا، یعنی طالبعلم کو سماج کے پیشہ ورانہ شعبہ جات کی خصوصیات اور اقسام کا

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

شعور فراہم کرنا۔ اس مقصد کا تعلق تعلیمی مقاصد کی ٹیکسانومی سے ہوتا ہے جس کے مسائل شعوری شعبے سے منسلک ہوتے ہیں اور یہ اس لئے بھی ضروری ہے کیونکہ مختلف پیشہ ورانہ شعبہ جات کا علم اور شعور ہونے سے متعلم اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ تعلیم کے بعد خود کسی پیشے کا انتخاب کر سکے۔

-ii طلبہ کو انفرادی اور سماجی ضروریات کے مطابق مفید مہارتیں سکھانا، فنی تعلیم کے اس مقصد سے مراد طلبہ کو سکول یا اس جیسے کسی اور تعلیمی ادارے میں ایسی مہارتیں سکھانا جنہیں وہ عملی اور حقیقی زندگی میں بھرپور انداز میں استعمال کر سکیں۔ اس مقصد کا تعلق تعلیمی مقاصد کی ٹیکسانومی میں نفسیاتی اور حرکی میدان سے ہے۔

-iii طالبعلم کو معاشرے کا مفید رکن بنانا، اس مقصد کا مطلب یہ ہے کہ فرد کو محض انفرادی اور [illegible] ضروریات کے مطابق مہارت سکھا دینا ہی کافی نہیں ہوتا بلکہ اس میں بحیثیت کارآمد شہری سماجی شعبہ جات میں بھرپور [illegible] کی خواہش بیدار کرنے کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کے لئے پروگرام اس نہج پر تشکیل دینا پڑتا [illegible] میں طلبہ کو سماج کی فلاح کے لئے کام کرنے کی ترغیب ملے۔ اس مقصد کا تعلق تعلیمی مقاصد کی ٹیکسانومی کے تاثر[illegible] میدان سے ہے جو کہ اکثر اوقات تعلیمی پروگرام پر عملدرآمد کے وقت نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔

-iv عملی دنیا کی ضروریات، خود انحصاری، برداشت، باہمی تعاون، ہمدردی، اور امداد باہمی کی جانب مثبت رجحانات کو پروان چڑھانا، اس مقصد کا تعلق بھی تاثراتی میدان سے ہوتا ہے، جو کہ مہارتی ترقی کے اہداف کا بڑا حصہ ہے۔ اس مقصد کی نوعیت تعلیم کو سماجی طور پر زیادہ مفید اور کارآمد بنانے کے تصور کو اہمیت دیتی ہے۔

-ii مخصوص ممالک کے خاص مقاصد (Objectives Specific Particular Contries):

-i بعض ممالک نے ترقی کی ایک سے دوسرے سٹیج پر پہنچنے پر تعمیری کام میں طلبہ کی شرکت کو یقینی بنانے کیلئے ان کی رہنمائی کو بھی فنی تعلیم کا مقصد بنایا۔ اس کے پیچھے یہ خیال کارفرما تھا کہ طلبہ کو فنی تعلیم اس انداز اور سلسلہ وار ترتیب کے ساتھ دی جائے جس سے وہ مہارت پر نہ صرف کامل دسترس حاصل کریں بلکہ فوری طور پر اسے عملی زندگی میں استعمال بھی کر سکیں۔ اس طرح طلبہ تعلیم کے دوران کما بھی سکتے ہیں۔

-ii بعض ممالک نے عام تعلیم کے دوران طلبہ کو ٹیکنیکل اور پیشہ ورانہ تعلیم کی مزید تعلیم کیلئے تیار کرنے کو بھی مقصد قرار دیا۔ یہ مقصد ایسے طلبہ کے لئے خصوصی طور پر بڑا مددگار تھا جو کہ عام تعلیمی پروگرام سے ہٹ کر پیشہ ورانہ تعلیم حاصل کرنا چاہتے تھے۔

Elmas Ali

-3 تنازعات اور مسائل (Issues and problem):

-i فنی مہارتوں کی ترقی کے حوالے سے دو قسم کے مکاتب فکر پائے جاتے ہیں، ایک طلبہ کو فوری طور پر ان مہارتوں کو استعمال میں لانے کے لئے تیار کرنے کے حق میں ہے جبکہ دوسرے مکتبہ فکر کا نقطہ نظر یہ ہے کہ طلبہ کو سکول مکمل کرنے کے بعد پہلے پیشہ ورانہ اور ٹیکنیکل تعلیمی اداروں میں مزید تعلیم حاصل کرنا چاہیے اور اس کے بعد عملی زندگی کا آغاز کرنا چاہیے۔ اول الذکر کے نزدیک سماج کی خدمت انتہائی زیادہ اہم ہے۔ ان کے خیال میں عام تعلیم کی سطح پر کسی خاص شعبے میں تخصیص پر زیادہ زور نہیں دیا جانا چاہیے۔ اس درجے پر ضرورت اس امر کی ہے کہ طلبہ کو صرف بنیادی فنی مہارتیں سکھائی جائیں اور ان میں کام اور محنت کی جانب مثبت رجحانات اور

رویوں کو فروغ دیا جائے۔ جبکہ دوسرے مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے بھی اس بات کو مانتے ہیں کہ ترقی پذیر ممالک میں بیشتر طلبہ عام تعلیم کو یا تو مزید تعلیم کے لئے چھوڑ دیں گے یا پھر عملی زندگی میں قدم رکھنے کے لئے ترک کر دیں گے تاہم ان کا کہنا ہے کہ عملی زندگی میں قدم رکھنے سے قبل ان کی مزید تربیت اس نہج پر کی جائے کہ وہ عملی طور پر کام زیادہ بہتر انداز میں کر سکیں گے۔ اجلاس کے شرکاء نے دونوں قسم کے نقطہ نظر کی اپنی اپنی خصوصیات بیان کیں اور کہا کہ اس پر مزید تحقیق کا کام ہونا چاہیے اور خامیوں کو دور کرنے کے لئے اقدامات کئے جانے چاہئیں۔

-i ایک نقطہ نظر کے مطابق روایتی سکول محض ایک تعلیمی ادارہ ہے جبکہ اس حوالے سے دوسرا نقطہ نظر بھی پایا جاتا ہے جس کے مطابق روایتی مدرسوں میں سیکھنے کے ساتھ کمانے کا بھی موقع ملنا چاہیے۔ البتہ سرکاری اور غیر سرکاری سکولوں کے بارے میں جو عام تصور پایا جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ ان اداروں سے طلبہ کے رویوں رجحانات میں مثبت تبدیلی آنا چاہیے۔ تاہم ہنر سکھانے والے کئی ادارے جیسا کہ چھوٹے فارم اور ورکشاپ وغیرہ نہ صرف طلبہ کو مہارت سکھاتے ہیں بلکہ ان سے تعمیری اور پیداواری کام بھی لیتے ہیں، اور تیار ہونے والی مصنوعات اور پیداوار طلبہ، اساتذہ اور سماج میں فروخت بھی کرتے ہیں، جبکہ ان سے حاصل ہونے والی آمدن [illegible] کچھ حصہ [illegible] سرگرمیوں کے لئے استعمال میں لایا جاتا ہے جبکہ بہت ہی معمولی حصہ طلبہ میں تقسیم کر دیا جاتا ہے، اور [illegible] حق طلبہ کی ادارے کی طرف سے مدد ہو جاتی ہے۔ اور طلبہ کو فارغ وقت میں زیادہ سے زیادہ تعمیری کام [illegible] بھی [illegible]۔ اس طرح وہ اپنے اور اپنے گھر والوں کے لئے کمانا بھی شروع کر دیتے ہیں۔ یہاں [illegible] دونوں [illegible] میں زیادہ ٹکراؤ نہیں ہے، اگر حالات اجازت دیتے ہیں تو دوسرے نقطہ نظر کو اپنایا جا سکتا ہے۔ [illegible] مدرسوں کو منافع کی غرض سے نہیں چلایا جانا چاہیے بلکہ اسے طلبہ کی تعلیم کے مفاد میں استعمال ہونا چاہیے۔

-4 مسائل اور مجوزہ حل (Problems and Suggested Solutions):

قریباً تمام ترقی پذیر ممالک اس بات پر اتفاق رکھتے [illegible] کہ تربیت اور سماجی [illegible] پر مفید کام اور مہارتیں طلبہ کو ہر تعلیمی سطح پر سکھائی جانی چاہئیں [illegible] وہ عملی زندگی میں اپنے پاؤں [illegible] تاہم عملی طور پر اسے پوری طرح تسلیم نہیں کیا جا سکا۔ یہی وجہ ہے کہ کئی ممالک میں فنی تعلیم کو اتنی زیادہ اہمیت نہیں دی گئی ہے۔ [illegible] بات کو تسلیم کیا گیا ہے کہ سماجی، انتظامی اور معاشی تعاون کے بغیر مہارتی تعلیم کا بھرپور انداز میں [illegible] ممکن نہیں۔ [illegible] لئے بنیادی حکمت عملیاں اختیار کرنے کی ضرورت ہے جو کہ درج ذیل ہیں:

-i مؤثر فنی تعلیمی پروگرامز اور ترقیاتی سرگرمیوں کو عام تعلیم کے طور پر متعارف کرانے کے لئے تحقیق کا بھرپور انتظام کیا جانا چاہیے۔

-ii تعلیم کے ذمہ دار اداروں کے درمیان سرگرمیوں کے ذریعے عام تعلیم کے حصے کے طور پر مہارتی تعلیم کی [illegible] کو مدنظر رکھنا چاہیے۔

☆☆☆☆☆

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سوال 9۔فنی اور مہارتی تعلیم کی مختلف اپروچز(Approaches) پر اظہار خیال کریں؟

جواب: فنی تعلیم کی مختلف اپروچز (طریقے):

دنیا میں فنی اور مہارتی تعلیم کے لیے اس وقت رسمی اور غیر رسمی اپروچز (طریقے) استعمال میں لائے جا رہے ہیں۔ رسمی فنی تعلیم سے مراد عام ریگولر، پرائمری، سیکنڈری اور ووکیشنل سکولوں میں مہیا کی جانے والی فنی تعلیم ہے۔ جبکہ غیر رسمی فنی تعلیم سے مراد ان لوگوں کے لیے فنی تعلیم کا انتظام ہے۔ جو باقاعدہ ریگولر سکولوں میں [illegible] تعلیم نہیں ہیں۔ ان دونوں طرح کے طریقہ کار (اپروچز) کی مختصر تفصیل درج ذیل ہے۔

1- فارمل اپروچ یا رسمی فنی تعلیم (Formal Approach):

ہر ایک ملک میں نوجوانوں کو فنی مہارتیں سکھانے کے لیے باقاعدہ رسمی ادارے موجود ہوتے ہیں۔ [illegible] کار میں ہر ملک کی ضروریات، حالات اور وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے فنی تعلیم کا انتظام کیا جاتا ہے۔

i- فنی مہارتوں کا پروگرام:

ہر ملک کے حالات اور سماجی ضروریات اگرچہ اور نوعیت کی ہوتی ہیں۔ لیکن دیکھا گیا ہے کہ عام طور پر ہوم اکنامکس، زراعت، لکڑی اور دھات کا کام، فنی مہارتیں، فنون اور دستکاریاں اور مختلف خدمات وغیرہ ہر جگہ فنی تعلیم کے مشترکہ پروگرام اور نصاب کا حصہ ہوتی ہیں۔ تاہم ہر ایک ملک کی ضرورت اور روایات کے مطابق تدریسی مواد ایک دوسرے سے قدرے مختلف بھی ہو سکتا ہے۔

ii- پروگرام کی نوعیت:

عام طور پر فنی اور مہارتی تعلیم کا مقصد صرف دستی کاموں میں مہارت حاصل کرنا ہی نہیں ہوتا۔ بلکہ دیگر تعلیمی پہلوؤں مثلاً علمی اور فکری حلقوں کی ترقی اور نشوونما پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ تاہم زیادہ ترجیح فنی اور مہارتی ترقی پر دی جاتی ہے۔ ان مہارتوں کی تعلیم کے دوران ہی بعض ممالک میں سیکھنے والوں کو عملی طور پر پیداواری سرگرمیوں میں بھی شامل کر لیا جاتا ہے۔

Elmas Ali

iii- ہدفی گروہ:

دنیا کے بعض ممالک میں مثلاً انڈونیشیا اور بھارت وغیرہ میں تمام فنی شعبوں میں عملی پیداواری مہارتوں کی تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ بعض دوسرے ممالک مثلاً افغانستان وغیرہ میں یہ تعلیم ساتویں یا آٹھویں جماعت سے جبکہ ملائشیا میں لوئر سیکنڈری لیول سے شروع ہوتی ہے۔ کچھ ممالک میں ہوم اکنامکس سے متعلق بعض شعبوں مثلاً کھانے پکانے اور سلائی کڑھائی کو صرف لڑکیوں کے لئے مخصوص تعلیم سمجھا جاتا ہے۔ جبکہ بعض دیگر ممالک میں لڑکے اور لڑکیاں دونوں ان شعبوں میں مہارتیں سیکھنے کے عمل میں شریک ہوتے ہیں۔

iv- تعلیمی اوقات:

اگرچہ ہر ملک میں پیداواری مہارتیں سیکھنے کیلئے مختلف اوقات کار مقرر کیے جاتے ہیں۔ تاہم عام طور پر فی ہفتہ 2 تا 8 پیریڈز فنی تعلیم کے لیے ضرور مخصوص کیے جاتے ہیں۔

v- فنی پروگراموں کے انتظامی معاملات:

جن ممالک میں فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم تمام طلبہ کے لیے فراہم کرنے کے انتظامات موجود ہوتے ہیں، وہاں عام مدرسوں اور فنی اداروں میں بچوں کو لازمی اور اختیاری دونوں طرح کے فنی مضامین پڑھائے جاتے ہیں۔ اس سلسلے میں بھی دو طرح کا نقطہ نظر یا طریقہ کار اختیار کیا جاتا ہے۔

پہلے مرحلے میں تمام طلبہ کو ضرورت کے مطابق فنی مہارتوں کی تعلیم فراہم کی جاتی ہے اور دوسرے مرحلے میں اختیاری فنی مضامین میں مہارتیں سکھائی جاتی ہیں۔

vi- مثالیں:

اس سلسلے میں مختلف ممالک میں خوراک، مکان، لباس، صحت، ثقافت، سیاحت، سماجی کام، اور سماجی سرگرمیوں کے سلسلے میں فنی تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ سیکنڈری درجے پر بھی تعلیمی پروگراموں کی نوعیت اس سے ملتی جلتی ہوتی ہے۔ لیکن زیادہ زور عملی کام پر دیا جاتا ہے۔ سری لنکا میں بچوں کو پرائمری درجے پر عام دستی کام کی مہارتیں سکھائی جاتی ہیں۔ مثلاً فرشوں کی [illegible]ائی، برتن صاف کرنا، پھولوں اور سبزیوں کی کاشت اور پرائمری درجے میں کچھ دیگر دستکاریوں میں مہارتیں [illegible] سیکنڈری [illegible] میں بہت سے عملی اختیاری مضامین میں کورسز بھی کروائے جاتے ہیں۔ مثلاً لکڑی کا کام، دھات کا کام، بجلی، [illegible] اور قالین بافی وغیرہ۔ سیکنڈری سکولوں کے ابتدائی مدارج میں فنی مہارتیں تعلیمی پروگراموں کے ذریعے طلبہ کو [illegible] حاصل کرنے میں [illegible] فراہم کی جاتی ہیں۔

2- دوسری اپروچ [illegible] طریقہ کار (Second Approach):

دوسرا طریقہ کار بھی [illegible] سے ملتا جلتا ہے۔ لیکن بنگلہ دیش اور سوشلسٹ جمہوریہ ویت نام میں ان کے ٹریننگ کے پروگراموں کے مقاصد میں کافی فرق پایا جاتا [illegible] اور کسی حد تک فلپائن اور تھائی لینڈ میں اس دوسرے طریقہ کار کو مثال کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ [illegible] جمہوریہ ویت نام میں نوجوانوں کو نئی طرح کی فنی مہارتوں کی تعلیم دی جاتی ہے۔ جس علاقے میں کوئی سکول واقع ہوتا ہے۔ طلبہ کو وہاں [illegible] اور معاشی ترقیاتی پروگراموں میں ہاتھ بٹانے کے لیے دستی مہارتوں کی عملی تربیت دی جاتی ہے، یہاں ہر [illegible] کے کورسز پیش [illegible] جاتے ہیں۔ یعنی معیشت کے انتظامی امور مہارتوں سے متعلق [illegible] کورسز اور سکولوں کی سطح پر انفرا[illegible] اختیاری کورسز۔ مقاصد کے لحاظ سے ان پروگراموں کی درجہ بندی چار طرح سے کی جاتی ہے۔

i- پیداواری کاموں کے ذریعے سکول کی ضروریات کو پورا کرنا۔

ii- پیداواری کاموں کے ذریعے سماج کے ترقیاتی مسائل کو حل کرنا۔

iii- عوامی ضروریات کے کاموں میں مصروف [illegible]

iv- پیداواری مقاصد کے لیے مہارتی ٹریننگ کو استعمال [illegible]

بنگلہ دیش میں پرائمری درجے پر ہی عملی کام کا تجربہ بھی فراہم [illegible] جاتا ہے۔ اپنے اساتذہ کی نگرانی [illegible] طلبہ خود اپنی کوآپریٹو سوسائٹی کو منظم کرتے ہیں اور سکول کے نظام میں رہتے ہوئے اپنے لیے آمدنی کے ذرائع پیدا کرتے ہیں۔ ان میں باغبانی، پولٹری فارمنگ، کتابوں کی جلد بندی، اجتماعی کاشتکاری اور چھوٹے پیمانے پر

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

فرنیچر وغیرہ کی تیاری بھی شامل ہے۔ سیکنڈری درجے پر مختلف شعبوں مثلاً زراعت، کامرس اور ہوم اکنامکس وغیرہ میں فنی تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔

فلپائن میں بیانیہان سکول پروگرام (Bayanihan School Programme) کے تحت خود انحصاری پر مشتمل پیشہ ورانہ ترقیاتی تربیت دی جاتی ہے۔

یہاں تعلیمی مضامین کے ساتھ فنی مہارتوں کی تربیت اور عملی کام کو مربوط کر کے طلبہ کے لیے ایسے پروگرام منظم کیے جاتے ہیں جن میں سیکھنے کے ساتھ ساتھ روزی کمانے کا بھی انتظام ہوتا ہے۔

تھائی لینڈ کے شمال مشرقی علاقوں کے بہت سے مدرسوں میں عملی کام کی بنیاد [illegible] مہارتوں کے کئی ایک منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ ان منصوبوں میں پولٹری فارمنگ، خوراک کی اشیاء کو محفوظ بنانے، تعمیراتی مرمتی کام، قالین [illegible]، کھمبیوں اور کالی مرچ کی کاشت، مٹی کے برتن بنانا اور دیگر دستکاریاں بھی شامل ہیں۔

3- تھرڈ اپروچ یا تیسرا طریقہ (Third Approach):

اسی طریقہ کار کے تحت تیسری قسم کے پروگرام پیش کیے جاتے ہیں یعنی لازمی بنیادی پروگرام، اختیاری پروگرام وغیرہ۔ یہ پروگرام انڈونیشیا میں شروع کیے گئے ہیں اور ان کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ میں پیشہ ورانہ رجحانات اور مہارتوں کی نشوونما کی جائے تاکہ وہ جدید دنیا کے تیزی سے بدلتے ہوئے حالات میں فنی اور پیشہ ورانہ مسائل کو حل کرنے کے قابل ہو سکیں۔ زرعی مہارتوں کے پروگرام تمام جماعتوں کے تمام طلبہ کے لیے لازمی ہوتے ہیں۔ دسویں اور گیارہویں جماعت کے طلبہ اختیاری پروگرام اختیار کرتے ہیں، جبکہ مکمل مہارتوں پر مشتمل پروگرام ایسے طلبہ اختیار کرتے ہیں جو مزید اعلیٰ جماعتوں کی پڑھائی جاری رکھنا نہیں چاہتے۔

Elmas Ali

4- فورتھ اپروچ چوتھا طریقہ کار (Fourth Approach):

چوتھا طریقہ کار ان طلبہ کو فنی مہارتیں سکھانے، شخصی اور کرداری نشوونما کے لیے اپنایا جاتا ہے جو اعلیٰ مہارتی فنون حاصل کرنا چاہتے ہوں اور ان کی بنیاد پر اچھی ملازمتوں کے خواہشمند ہوں۔ یہ طریق کار ملائشیا میں اختیار کیا جاتا ہے۔ جہاں مختلف شعبوں سے متعلق درج ذیل درجہ بندی کے مطابق فنی مہارتوں کی تعلیم دی جاتی ہے۔

i- لوئر سیکنڈری لیول پر پری پیشہ ورانہ تعلیم دی جاتی ہے جس کا مقصد طلبہ کو ایسی مہارتوں کی تعلیم فراہم کرنا ہوتا ہے جو ان کو روزمرہ زندگی میں کام دے سکیں۔ اور ان میں پیشہ ورانہ فنی مہارتی تعلیم کے لیے مثبت رویے اور دلچسپی پیدا کر سکیں۔

ii- اپر سیکنڈری ٹیکنیکل سکولوں میں طلبہ کو ایسے ایک یا دو ٹیکنیکل مضامین کی تعلیم دی جاتی ہے۔ جن کا انتخاب وہ بہت سے مضامین کی فہرست میں سے کرتے ہیں۔ جن میں انجینئرنگ، زراعت اور کامرس کے شعبے شامل ہوتے ہیں۔ اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ طلبہ کو اعلیٰ فنی تعلیم میں تربیت دے کر مختلف ملازمتوں کے لئے تیار کیا جائے۔

iii- اپر سیکنڈری پیشہ ورانہ اداروں میں طلبہ کو پیشہ ورانہ مہارتوں کی تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ تاکہ ان کو مختلف فنی شعبوں مثلاً انجینئرنگ، زراعت، کامرس اور ہوم سائنسز وغیرہ میں تربیت دے کر مختلف ملازمتوں کے لیے تیار کیا جائے۔

5- نان فارمل اپروچ یا غیر رسمی طریقہ کار (Non-formal Approach):

i- مطالعاتی پروگرام:

دنیا کے مختلف ممالک میں غیر رسمی تعلیم مختلف قسم کی سماجی ضروریات کی بنیاد پر مہیا کی جاتی ہے۔ چونکہ ہر ملک کی اپنی ثقافت اور اپنے رسم و رواج اور روایات کے مطابق اس کا اپنا ایک رہن سہن کا کلچر ہوتا ہے۔ اس لیے تمام ممالک کے لیے تعلیمی مواد یکساں نوعیت کا نہیں ہو سکتا۔ غیر رسمی تعلیم بھی تقریباً انہی شعبوں میں مہیا کی جاتی ہے۔ جن میں رسمی طریقہ تعلیم کا انتظام کیا جاتا ہے۔ فرق صرف معاشرتی ضروریات کے مخصوص مطالعاتی پروگراموں کے چناؤ میں ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر افغانستان میں زراعت، شہد کی مکھیاں اور ریشم کے کیڑے پالنا وغیرہ) اور چھوٹی صنعتوں مثلاً (سرامکس، قالین بانی وغیرہ)، سری لنکا میں فنی مہارتوں پر مبنی پروگرام مثلاً بجلی کی وائرنگ، آلات موسیقی کی تیاری وغیرہ اور چھوٹی صنعتوں میں جلد سازی، پرنٹنگ اور لکڑی کا کام وغیرہ۔ بھارت میں زراعت، ہوم اکنامکس، دھات کاری اور لکڑی کا کام، پیشہ ورانہ مہارتیں وغیرہ اور انڈونیشیا میں ہوم اکنامکس، زراعت، لکڑی اور دھات کا کام مختلف فنی مہارتوں اور دیگر چھوٹی صنعتوں کے پروگرام شروع کیے گئے ہیں۔

[illegible]ڈی پروگرام کی نوعیت (Nature of Studuy):

[illegible]ری تعلیم میں باقاعدہ سکول نہ جانے والے طلبہ کے لیے فنی مہارتوں پر مبنی مطالعاتی پروگرام پیش کیے جاتے [illegible] زیادہ تر جنج [illegible] اداری [illegible]ارتوں کے سکھانے پر دی جاتی ہے۔ لیکن ہر ایک ملک میں خصوصی مہارتوں کی نوعیت ایک جیسی نہیں [illegible]۔ بعض [illegible] مثلاً بھارت، ویت نام اور انڈونیشیا میں ملک کے معاشی ڈھانچے کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے زیادہ زور زرا[illegible] سے [illegible] تعلیم پر دیا جاتا ہے۔

iii- ہدفی گروہ (Target Group):

اس طریقہ تعلیم یعنی [illegible] تعلیم [illegible] میں طلبہ تقریباً ایک جیسی عمروں کے اور مشترک تعلیمی ماحول سے تعلق رکھتے ہیں۔ لیکن غیر رسمی تعلیمی نظام میں فنی مہارتوں کی تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کا تعلق باقاعدہ رسمی تعلیمی اداروں سے نہیں ہوتا۔ لہٰذا ان کی عمروں، تعلیمی ماحول اور معاشی مقام [illegible] مرتبہ میں خاصہ فرق ہوتا ہے۔ تاہم بعض ممالک ان کے لیے ایک جیسا تعلیمی ماحول پیدا کر لیتے ہیں۔ بھارت میں ان کے [illegible] کو جا[illegible] میں [illegible] گیا ہے یعنی:

i- معمولی خواندہ لوگوں کے لیے تعلیمی پروگرام
ii- پرائمری درجے کے [illegible] تعلیمی پروگرام
iii- سیکنڈری درجے کے لیے تعلیمی پروگرام
iv- [illegible] سیکنڈری [illegible] کے [illegible] تعلیمی پروگرام

☆☆☆☆☆

سوال 11۔ دیہی ترقی کے حوالے سے تعلیم کے خصوصی کردار پر اظہار خیال کریں، دیہی ترقی کیلئے [illegible] پروگرام شروع کئے جا سکتے ہیں؟

جواب: تعلیم اور دیہی ترقی (Education and Rural Development)

1- بہت سے ایشیائی ممالک میں دیہی آبادی پر اب خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ اگرچہ دیہی علاقوں سے شہری

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

علاقوں کی جانب نقل مکانی کی رفتار کافی تیز ہو چکی ہے۔ لیکن شہری آبادی کی نسبت دیہی آبادی میں غالب

پروگراموں پر زیادہ سے زیادہ وجہ دے رہے ہیں۔

-2 اب یہ بات مسلمہ تسلیم کی جاتی ہے کہ ماضی میں دیہی ترقی اور خصوصاً دیہی ترقی میں تعلیم کا کردار پر عموماً مختلف ممالک خصوصاً ایشیائی ممالک میں کوئی خاص توجہ نہیں دی گئی اس وقت دیہی آبادی کی غربت دور کرنے اور معاشی حالت کو درست کرنے کے لیے دیہی ترقی کو بطور ایک کلیدی حکمت عملی اختیار کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں دیہات میں رہنے والے تمام افراد کو شامل کرنے اور دیہی ترقی کے ثمرات کو تمام دیہی طبقات تک پہنچانے کیلئے معاونت ملے گی۔ اور دیہی آبادی کو بہتر طبی سہولیات اور تعلیمی خدمات فراہم کی جائیں گی۔ اس کا مقصد یہ بھی ہے کہ افرادی ترقی کے ساتھ ساتھ دیہی سماج کو سماجی اور نفسیاتی پہلوؤں سے بھی ترقی دینے میں مدد ملے گی۔ دیہی ترقی کے لیے تعلیمی اور سیاسی فیصلہ سازی کا بھی انتہائی اہم کردار ہوتا ہے۔ تعلیمی ترقی دیہی آبادی کی تعلیمی ترقی میں ہمیشہ معاون ثابت ہوتی ہے۔ جبکہ سیاسی شراکت اپنی خواہشات کے مطابق اور دیہی ثقافت کی نشوونما اور ترقی کیلئے غریب دیہی آبادی کو آزادانہ اور دانشمندانہ طریقہ کار سے دیہی ترقی کے معاملات میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے قابل بنائے گی۔ جس سے مجموعی قومی ترقی کے پروگرام تشکیل دینے میں بڑی معاونت فراہم کی جائے گی۔

-3 چونکہ دیہی ترقی کا ایک بڑا مقصد غربت کو کم کرنا ہوتا ہے۔ اس لیے دیہی علاقوں کے لیے پروگرام ترتیب دیے گئے ہیں۔ جن کے ذریعے دیہی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کیا جائے گا۔ چونکہ دیہی علاقوں میں زراعت ہی ایک بڑا پیشہ ہوتا ہے۔ لہٰذا دیہی ترقی کے پروگراموں میں زراعت کو ہمیشہ ترجیح دی جاتی ہے۔ آبادی میں لگاتار اضافے اور خوراک کی اشیاء کی بھرپور پیداوار کو دیکھتے ہوئے دیہی ترقی کے زیادہ تر پروگراموں میں زیادہ اہمیت کھیت کی پیداوار میں اضافہ کو دی جاری ہے۔ اور اس مقصد کے لئے مختلف اقدامات مثلاً بہتر بیجوں، کھاد، کیڑے مار ادویات کے استعمال، زرعی خدمات کی فراہمی اور کاشتکاری کے جدید طریقوں پر سب سے زیادہ توجہ دی جا رہی ہے۔

-4 دیہی ترقی کے دوسرے مرحلے میں دیہی علاقوں میں چھوٹی صنعتوں کے قیام خصوصاً زرعی بنیاد رکھنے والی صنعتوں کے قیام پر توجہ دی جا رہی ہے اس کے علاوہ مشینی کاشت کاری کے طریقوں، دیہی علاقوں تک بجلی اور صاف پانی کی فراہمی اور آمد و رفت کی بہتر سہولتوں کے ساتھ ساتھ روزگار کے لیے بہتر مواقع بھی پیدا ہوئے ہیں۔ ایسا ہی ایک اور پروگرام دیہی ہیلتھ سروسز کو بہتر بنانا ہے۔

-5 غربت کا نتیجہ ناقص اور غیر معیاری خوراک اور خراب صحت کی صورت میں نکلتا ہے۔ اور اس کے منفی اثرات افراد کی پیداواری صلاحیت میں کمی کی صورت میں سامنے آتے ہیں تاہم ضروری نہیں کہ پیداوار میں اضافے کے ثمرات پوری آبادی کو مساوی طور پر حاصل ہو سکیں۔ دیہی علاقوں میں کچھ ایسے عوامل بھی کام کر رہے ہوتے ہیں۔ جن کی وجہ سے دیہی ترقی کے زیادہ تر پروگراموں کے فوائد ان افراد تک نہیں پہنچ پاتے جن کے لیے یہ

پروگرام ترتیب دیئے جاتے ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ زرعی پیداوار میں اضافہ تو دیکھنے کو ملے لیکن دیہات کی غریب آبادی مناسب خوراک سے ہمیشہ محروم ہی رہے۔ اس طرح یہ بھی ہو سکتا ہے کہ صحت کی سہولیات میں نمایاں بہتری دیکھنے کو ملے۔ لیکن اس کے ثمرات غریب دیہی آبادی کو نہ مل سکیں۔ یہ بھی ممکن ہے دیہات میں تعلیمی سہولیات میں نمایاں بہتری واقع ہو۔ لیکن غریب والدین اپنے بچوں کو سکول نہ بھیج سکیں۔

اس ساری صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے ایشیائی ممالک میں یہ احساس بڑھتا جا رہا ہے کہ پیداوار میں اضافے

کے لیے کی جانے والی کاوشوں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں ترقی کے مقاصد، اقدار اور فلاحی میں تبدیلی لانے کی بھی اہم ضرورت ہے۔ اس بڑھتے ہوئے احساس نے ترقی کے عمل میں انسانی کردار کو اور زیادہ واضح کر دیا ہے۔ لہٰذا دیہی ترقی کے عمل میں نئی نئی حکمت عملیاں اختیار کی جا رہی ہیں اور نئی نئی اصلاحات بھی نافذ کی جا رہی ہیں۔ تاکہ اجتماعی شراکت اور خود انحصاری کے ذریعے دیہی آبادی کو قومی سیاسی دھارے میں شامل کیا جائے۔ اس طرح دیہی علاقوں میں تمام تر قیاتی پروگراموں کے اہم عناصر میں

تعلیم کے شعبے میں ترقی اور دیگر سہولیات کی فراہمی بنیادی ہدف ہونا چاہیے۔ مختصراً ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ایشیا

دیہی ترقی پروگراموں کے معاشی اور سماجی حوالوں میں وہاں کے معاشی اور سماجی نفسیاتی عوامل کو پیش نظر

رکھنا ہوگا۔ جو کہ بنیادی طور پر ایک دوسرے کے ساتھ گہرا تعلق رکھتے ہیں۔

Elmas Ali

-2 دیہی ترقی کے لیے تعلیم کا کردار:

ہم دیہی ترقی کے لیے تعلیم کے کردار کو دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ یعنی دیہی ترقی میں تعلیم کا کردار اور دیہی ترقی کے لیے تعلیم کا کردار۔

دیہی ترقی میں تعلیم کا کردار (Education in Rural Development):

دیہی ترقی میں تعلیم کے خصوصی اثرات کے لیے سکول کے نصاب کو بطور ایک سماجی ادارہ کے ترتیب دینا ہوگا جس کی بنیاد سکول کے اندر اور سکول سے باہر کی سرگرمیوں، رجحانات اور تجربات و مشاہدات کے ذریعے مہارتوں اور اقدار کی تعلیم فراہم کرنا ہو۔ بہت سارے ممالک میں ترقی کے مذکورہ تمام عناصر کو اکٹھا کرنے کے لیے نصابی سلیبس میں تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ دیہی ترقی کے لیے تعلیمی پروگرام کے دو نظریات (Approaches) سامنے آ گئے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

1. سکول کے نصاب میں دیہی ترقی کے مختلف عناصر کو ایسے منفرد انداز میں سمویا جاتا ہے کہ دیہی ترقی کے لیے تعلیم نصاب کا حصہ بن جاتی ہے۔
2. معمول کے تعلیمی نصاب کی از سر نو تشکیل کر کے اس میں دیہی ترقی سے متعلقہ سرگرمیوں کو اضافی پروگرام کے طور پر شامل کیا جاتا ہے۔

ایشیائی ممالک کی سرکاری دستاویزات کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ صحت اور غذائیت کی تعلیم کے پروگراموں کو سکول کے نصابات میں شامل کیا جا رہا ہے۔ مثلاً بنگلہ دیش میں زراعت، جنگلات، فصلوں کے نقصان دہ کیڑوں کا کنٹرول اور تحقیقی کاموں وغیرہ، بھارت میں عملی کاموں میں تجربہ، پیشہ ورانہ مہارتوں اور سماجی تعمیر نو کے مضمونوں، انڈونیشیا

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

میں ترقیاتی عملی مہارتوں ماہی گیری، زراعت، ڈیری فارمنگ، ملائشیا میں صنعتی فنون، زرعی سائنس، نیپال اور جمہوریہ کوریا میں لازمی پری پیشہ ورانہ تعلیم اور ووکیشنل مضامین، فلپائن میں سماجی منصوبے زمینی اور آبی وسائل کے تحفظ، صحت، غذائیت، غذائی اشیاء کی پیداوار، اور خاندانی منصوبہ بندی اور سری لنکا میں دیہی ترقی کے منصوبوں کو نصاب کا حصہ بنایا جا رہا ہے۔

دیہی علاقوں میں فرائض انجام دینے والے اساتذہ عموماً مطلوبہ مہارتوں، صلاحیتوں اور اہلیتوں سے مزین نہیں ہوتے۔ اس کی ایک بڑی وجہ بہتر تربیت یافتہ اساتذہ کی مسلسل شہری علاقوں کی طرف نقل [illegible] ہے۔ جبکہ ایک اور وجہ دیہی علاقے سے تعلق رکھنے والے اساتذہ کی شہری ماحول اور اس کی ثقافتی خصوصیات سے ناواقفیت بھی [illegible] ان [illegible] کو مدنظر رکھتے ہوئے ممالک کے اکثر علاقوں میں دیہی ٹیچرز کو تربیت کے ذریعے تعلیم کے جدید تر رجحانات [illegible] دیہی ٹیکنالوجی کے مفید استعمال کے پروگراموں میں شامل کیا جا رہا ہے۔ تاکہ وہ دیہی ترقی میں معاون ثابت ہو سکیں۔ کئی ممالک [illegible] زراعت، صحت اور امداد باہمی تحریک کے کارکن، بحث مباحثے اور نمائشوں کے ذریعے دیہی سکولوں کے نصاب کو معیاری [illegible] معاشرتی ضروریات سے ہم آہنگ بنانے میں سرگرم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس مقصد کے لیے یہ سماجی کارکنان جو اشاعتی مواد اسکول میں لاتے ہیں۔ وہ اندرون مدرسہ اور بیرون مدرسہ تعلیمی مقاصد کے لیے بہت اہم قدر و قیمت کا حامل ہوتے ہیں۔

اس کے علاوہ سماج کے ترقیاتی منصوبوں میں سکول کی شراکت سے عملی کاموں پر مبنی تعلیمی پروگراموں، حصول ملازمت کے لئے کارآمد مہارتوں اور صحت اور غذائیت وغیرہ کو اصلاح شدہ نصابات میں جدت پر مشتمل تصورات کو سمویا جا رہا ہے۔

بعض ممالک میں دیہی ترقی پر مبنی تعلیمی اور تدریسی پروگراموں کے لئے ابلاغ عامہ کے جدید ذرائع، ریڈیو، ٹیلی ویژن اور اخبارات وغیرہ کو استعمال کیا جا رہا ہے۔ بعض دیگر ممالک میں زرعی تعلیم، تعلیم آبادیات اور سائنس کی تعلیم کے لیے ٹیلی ویژن کے مواصلاتی رابطوں کے پروگراموں سے بھی استفادہ کیا جا رہا ہے۔ دیہی علاقوں میں اساتذہ کی تربیت کے لیے بھی ان پروگراموں سے وسیع پیمانے پر فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

ii- دیہی ترقی کے لیے تعلیم (Education For Rurla Development):

1- ان تمام سرگرمیوں کا مرکزی نقطۂ نظر دیہی معاشروں کی تعلیمی ترقی ہوتا ہے۔ روایتی تصور کے مطابق تو تعلیم کا ان ترقیاتی پروگراموں سے کچھ سروکار نہیں ہوتا۔ تاہم اب یہ بات مصدقہ سمجھی جاتی ہے۔ کہ بار آور تعلیم وقت، حالات اور مقام کی قید سے ماورا ہے۔ اسی لیے نیا تصور تعلیم رسمی کے علاوہ غیر رسمی اور نیم رسمی تعلیم پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان میں سے غیر رسمی تعلیم کا انداز اگرچہ بے قاعدہ یا غیر منظم طریقۂ کار پر مبنی ہوتا ہے۔ تاہم دیہی ترقی کے لیے تعلیم جس کا تعلق دیہات کی ترقیاتی سرگرمیوں سے ہے۔ زیادہ تر غیر رسمی ذرائع سے فراہم کی جاتی ہے، اس کو رسمی ذریعہ تعلیم کے ساتھ منسلک کر لیا جاتا ہے۔ اس طرح کے پروگراموں میں درج ذیل چار طرح کے لوگ دیہی تعلیمی پروگراموں میں شامل ہوتے ہیں۔

i- ایسے لوگ جو زراعت اور اس سے متعلق توسیعی خدمات سے وابستہ ہوتے ہیں۔ مثلاً زرعی توسیعی کارکن، تعلیم صحت کے توسیعی کارکن، انجمن امداد باہمی کے منتظمین، خاندانی منصوبہ بندی پروگرام کے کارکن وغیرہ۔

ii- کسان اور فنی مہارتوں کے حامل کارکن خصوصاً غیر رسمی طریقہ کار سے تربیت یافتہ کارکن۔

iii- تعلیم بالغاں اور سماجی ترقی سے متعلقہ کارکن بشمول مذہبی رہنما وغیرہ۔

رسمی یا باقاعدہ سکولوں میں کام کرنے والے اساتذہ۔

تعلیم کے ان تمام ذرائع اور جملہ قسم کے اساتذہ اور ماہرین تعلیم کا دیہی ترقی کے عمل میں کردار انتہائی اہم ہوتا ہے۔ اسی لیے دیہی ترقی سے متعلق تعلیمی اور جائزے کے پروگراموں میں ان کو پوری طرح شامل بھی کیا جاتا ہے۔ دیہی ترقی کے موجودہ منصوبوں میں دو قسم کی حکمت عملیاں بروئے کار لائی جاتی ہیں۔ خود انتظامی یا سیلف مینجمنٹ پروگرام میں دوسرے مختلف سماجی گروہوں کے درمیان اشتراک و تعاون اور تجربات کے تبادلے پر مشتمل حکمت عملی کو بروئے کار لایا جاتا ہے۔ اس طریق کار میں سماج کے شراکت اور دیگر ترقیاتی اداروں مثلاً صحت، زراعت اور صنعت سے متعلقہ اداروں کے تعاون سے منصوبہ بندی اور سروے پروگرام شروع کئے جاتے ہیں۔ جن کے ذریعے سماج کی ضروریات اور کمیونٹی میں موجود وسائل بشمول انسانی وسائل کی نشاندہی بھی کی جاتی ہے۔ اور ان وسائل و ذرائع کو معاشرتی فلاح و بہبود اور ترقیاتی منصوبوں میں زیر استعمال لایا جاتا ہے۔ اس طرح کا تعاون کمیونٹی کے مسائل سے آگاہی اور ان کے حل کی کوششوں میں بڑا معاون ثابت ہوتا ہے۔ اور ہنرمند افراد اپنی مہارتوں اور صلاحیتوں کو کام میں لا کر خود انحصاری کی طرف بڑھنے کی جدوجہد میں مصروف عمل نظر آتے ہیں۔

[illegible] سے ممالک میں، مختلف سماجی گروپس کے درمیان دیہی ترقی کے پروگراموں میں اشتراک و تعاون اور تجربات کے باہمی تبادلے سے کم ترقی یافتہ طبقات کو کامیاب طبقات کے تجربات سے استفادہ کا موقع ملتا ہے۔ بعض [illegible] پروگراموں میں باہمی تعلیم و تربیت کے منصوبوں میں سہولت مہیا کی جاتی ہیں تاکہ کمیونٹی کے [illegible] مختلف افراد اور بحیثیت مجموعی کمیونٹی کو ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات سے بہرہ مند ہونے اور [illegible] پر سمجھنے کا موقع مل سکے۔ نیز اس طرح معاشرے کے مختلف اراکین کو ترقیاتی مقاصد کے لیے قائم [illegible] مختلف اداروں کی خدمات سے فائدہ اٹھانے اور رہنمائی حاصل کرنے کے مواقع بھی میسر آتے ہیں۔ اور [illegible] اپنی سرگرمیوں [illegible] سماج کی مقرر کردہ ترجیحات کے مطابق ڈھال سکتے ہیں۔

4- ترقیاتی اداروں کے افسر [illegible] کمیونٹی رہنما اور پالیسی [illegible] ماہرین جنہوں نے ماضی میں مختلف اداروں میں اہم ذمہ داریاں نبھائی ہوں۔ چاہے ان کی حیثیت ادنیٰ یا [illegible] کچھ بھی رہی ہو۔ وہ کمیونٹی کے پروگراموں میں جمہوری فضا میں اپنا مطلوبہ کردار انتہائی آسانی کے ساتھ ادا کر سکتے ہیں۔ وہ اپنے [illegible] کردار کے ذریعے مختلف گروہوں کے درمیان بہتر افہام و تفہیم [illegible] تعلقات اور تعاون کی فضا پیدا کرنے [illegible] دیہی معاشرے کے لیے زیادہ [illegible] مند ثابت ہو سکتے ہیں۔

5- دیہی ادارے اور مدرسے طلبہ کو دیہی ترقی سے متعلق تعلیم [illegible] تربیت مہیا کرنے [illegible] علاوہ براہ راست دیہی ترقیاتی منصوبوں میں بھی شامل ہوتے ہیں۔ اکثر پوچھا جاتا ہے [illegible] مدرسین کو اپنے نئے کردار کی ادائیگی کیلئے قبل از [illegible] ان سروس پیشہ ورانہ تربیت کی ضرورت [illegible] ہے؟ تاکہ وہ کمیونٹی اور اس کے مختلف اداروں کے درمیان بہتر اشتراک و تعاون پر مشتمل تعلقات کو استوار [illegible] حال [illegible] صورت حال کو بہتر بنانے کے لیے کئی ایک حکمت عملیاں یعنی طریقے کار اختیار کیے گئے ہیں اور ان [illegible] استفادہ بھی کیا جا رہا ہے۔ توقع کی جاتی ہے۔ کہ ایشیائی خطے [illegible] تمام ممالک بہتر تعلیمی سرگرمیوں [illegible] ذریعے اپنے اپنے ترقیاتی اہداف حاصل کرنے کے قابل ہو سکیں گے۔

Elmas Ali

صدائے انقلاب پبلیکیشنز اردو بازار لاہور 042-37245454, 37361414

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

باب 9

نصاب سازی کا تقابلی تناظر

Comparative Perspective of Curriculum Development

سوال1۔ امریکہ میں نصاب سازی پر اظہار خیال کریں؟

جواب1- ریاست ہائے متحدہ امریکا میں نصاب سازی

(Curriculum Development in the United States of America):

1- تعارف:

زرخیز زمین، آبادی، قدرتی وسائل اور جدید ترین ٹیکنالوجی کی بدولت ریاست ہائے متحدہ امریکا کے لوگ شاہانہ معیار زندگی اختیار کیے ہوئے ہیں جبکہ وہ دوسرے ممالک کے لئے بھی مثالی کردار ادا کر رہے ہیں۔ امریکا کی زیادہ تر آبادی، انڈیا، برطانیہ، جرمنی سکینڈ نیویا، مغربی اور شمالی یورپ وغیرہ سے نقل مکانی کر کے امریکا پہنچنے والے افراد پر مشتمل ہے اور یا پھر ان غلاموں کی اولاد ہے جو افریقہ سے لائے گئے تھے۔ جغرافیائی اور آبادیاتی خصوصیات کے اشتراک کی وجہ سے پورے ملک میں افراد کے حوالے سے کافی تفریق پائی جاتی ہے۔ جبکہ پورے ملک میں تعلیمی نظام اور اس کا ڈھانچہ بھی مختلف ہے۔

2- تعلیمی نظام(Educational System):

امریکا میں ہر ریاست کنڈرگارٹن سے 12 سال کی تعلیم تک مفت سرکاری سکول کا نظام فراہم کرتی ہے۔ حالانکہ ہر ریاست کے قوانین دوسروں سے مختلف ہوتے ہیں تاہم 6 یا 7 سال سے 16 سال تک بچوں کی سکول کی تعلیم تمام ریاستوں میں لازمی قرار دی گئی ہے۔ ہر علاقے کے حوالے سے تعلیم کے مختلف ڈھانچے تشکیل دیئے گئے ہیں۔ جیسا کہ کنڈرگارٹن اور ایلیمنٹری گریڈز (پہلی تا آٹھویں جماعت) کے ساتھ چار سال کی ہائی سکول کی تعلیم، یا کنڈرگارٹن اور ایلیمنٹری درجے کے 6 گریڈز کے ساتھ تین سال جونیئر ہائی سکول اور تین سال سینئر ہائی سکول کی تعلیم (بعض اوقات جونیئر اور ہائی سکول کی تعلیم کو اکٹھا کر کے چھ سال کی ہائی سکول کی تعلیم بنا دی جاتی ہے)، اس کے علاوہ ایک اور تعلیمی ڈھانچہ اختیار کیا گیا ہے جس میں کنڈرگارٹن، ایلیمنٹری سکول کے 4 یا 5 سال، مڈل سکول کے 4 سال اور ہائی سکول میں 4 سال کی

تعلیم شامل ہے۔ کوئی بھی ریاست ہو ہائی سکول کی تعلیم 17 سے 18 سال میں مکمل ہوتی ہے۔

تاریخی طور پر تعلیم کو ہمیشہ ریاستوں اور مقامی حکومتوں کی ذمہ داری تصور کیا جاتا رہا ہے تاہم 1972ء سے اب تمام سطحوں پر وفاقی حکومت بھی یہ ذمہ داری اٹھانے میں شریک رہتی ہے۔ وفاقی حکومت مختلف مدرسوں میں تعلیمی اخراجات فراہم کرنے میں مالی معاونت کے فرائض بھی انجام دیتا ہے۔ وفاقی محکمہ تعلیم کا سربراہ سیکرٹری ہوتا ہے جو کہ قومی تعلیمی پالیسی کو نافذ کرنے کا ذمہ دار بھی ہوتا ہے۔

مختلف ریاستوں میں عموماً منتخب یا مقرر کردہ ماہرین پر مشتمل ایک بورڈ آف ایجوکیشن ہوتا ہے جو پالیسی سازی کا کام کرتا ہے اور اس کے عمل درآمد کے لئے بجٹ کا تعین بھی کرتا ہے۔ ریاست کے محکمہ تعلیم کا سربراہ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہوتا ہے جو کہ ہر سطح پر تعلیم کی فراہمی، نصاب سازی، اساتذہ کی تربیت، سکولوں کے مالیاتی امور وغیرہ کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

3- نصاب(Curriculum):

امریکا میں اصولی طور پر سکول چلانے کی عملی ذمہ داری کاؤنٹی اور ڈسٹرکٹ اضلاع جیسے چھوٹے یونٹس کے سربراہ [illegible] ہوتی ہے۔ جبکہ 18 ہزار 2 سو مقامی اضلاع روزانہ کا نظم و نسق چلاتے ہیں۔ مقامی خودمختاری کی روایت اور [illegible] کے خاتمے نے نصاب کو بھی کافی حد تک متاثر کیا ہے۔ امریکا میں قومی سطح پر کوئی سرکاری نصاب موجود نہیں ہوتا، ریاستوں [illegible] انداز میں نصاب تجویز کرتے ہیں۔ ریاستی سطح پر مکمل تحقیق کی بنیاد پر ہونے والی نصاب سازی میں ماہرین مضمون، مدرسین [illegible] اور اساتذہ بھی شمولیت اختیار کرتے ہیں۔ تمام سطح پر پڑھائے جانے والے اہم مضامین میں انگریزی، [illegible] علوم سماجی علوم، موسیقی، آرٹس اور جسمانی تعلیم جیسے مضامین شامل ہوتے ہیں۔

ٹیکنالوجی کے میدان میں ہونے والی ترقی کی وجہ سے جدید قدریں طریقے اور تکنیکس متعارف کرائی گئی ہیں جیسا کہ نیچنگ (Team Teaching)، پروگرامڈ انسٹرکشن (Programmed Instruction) لینگویج لیبارٹریز (Language Laboratries) اور کمپیوٹر ایڈڈ انسٹرکشن (Computer Aided Instruction) وغیرہ۔ حالیہ سماجی بدامنی کی وجہ سے نصاب میں مطالعہ اخلاقیات (Ethics Studies) [illegible] اور ماحولیات (Consumer and Environmetal Education) اور [illegible] تعلیم جیسے نئے مضامین بھی شامل کر دیئے گئے ہیں۔ طلبہ کی ایک گریڈ سے دوسرے درجے میں ترقی سے متعلق پالیسی کا ذمہ دار ریاست یا ضلع کے فیصلوں پر منحصر ہوتا ہے۔ تاہم رائج صورتحال کے مطابق [illegible] پالیسی پر ابتدائی درجے میں ترقی خودکار طریقہ کار سے کی جاتی ہے البتہ سیکنڈری سطح [illegible] کارکردگی مایوس کن ہو تو اسے اگلے درجے میں منتقل نہیں کیا جاتا۔ ہائی سکول ڈپلومہ کیلئے روایتی امتحان ضروری نہیں ہوتا بلکہ حاضری اور سکول میں تعلی بخش [illegible] ڈپلومہ کیلئے کافی ہوتی ہے۔ نیشنل پبلک ایجوکیشن سسٹم (نیشنل پبلک امتحانات) (National Public Examination System) نہ ہونے کی وجہ سے ریاست کے تعلیمی معیار میں تفریق پائی جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



سوال 2۔ برطانیہ میں تعلیمی نظام کو آپ کس نظر سے دیکھتے ہیں؟ برطانوی نصاب سازی پر خصوصی نوٹ لکھیں؟

جواب: برطانیہ کا تعلیمی نظام

1- تعارف (Introduction):

ملک برطانیہ یورپ کے مغربی کنارے آباد مختلف جزیروں پر مشتمل ہے۔ برطانیہ میں آکر آباد ہونے والے تارکین وطن کا برطانیہ میں رائج تعلیمی نظام میں انتہائی اہم کردار ہے۔ بڑے شہروں خاص طور پر لندن میں [illegible] اقلیتیں بھی آباد ہیں اس لئے وہاں کے رہائشیوں کے لئے ایسے تعلیمی نظام کی ضرورت محسوس کی گئی جو کہ زبان، کلچر [illegible] اختلافات کے تقاضوں کو پورا کر سکے۔

2- تعلیمی نظام (Educational System):

برطانیہ میں تعلیم ایسا قومی نظام قرار دیا جا سکتا ہے جسے مقامی انتظامی امور کے تحت چلایا جاتا ہے۔ روزمرہ کے انتظامی معاملات لوکل ایجوکیشن اتھارٹیز (Local Education Authorities, LEA) کو تفویض کر دیئے گئے ہیں۔

5 سے 16 یا 18 سال تک کے بچوں کی سکول میں حاضری لازمی ہوتی ہے۔ اس تعلیم کو 2 یا 3 مدارج میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس نظام تعلیم میں 5 سے 11 سال تک کے بچوں کو پرائمری سکولوں میں تعلیم دی جاتی ہے۔ ماسوائے سکاٹ لینڈ جہاں اگلے درجے میں ترقی 12 سال کے بعد ہوتی ہے۔ بعض اوقات اس درجے کو مزید دو حصوں میں تقسیم بھی کر دیا جاتا ہے جیسا کہ پانچ سے سات سال کے بچوں کو شیر خوار بچوں کے سکول اور سات سے گیارہ سال کے بچوں کو جونیئر سکول میں تعلیم دی جاتی ہے۔ جبکہ سیکنڈری سکولوں میں 11 سے 16 یا 18 سال کے بچوں کو تعلیم دی جاتی ہے۔ تین درجات پر مشتمل تعلیمی نظام پانچ سے 8 یا 9 سال کے بچوں کے لئے اپر سکول پر مشتمل ہوتا ہے تاہم دو درجات پر مشتمل نظام زیادہ عام ہے۔ تین درجات پر مشتمل نظام صرف انگلینڈ میں رائج ہے جس سے 15 فیصد طلبہ استفادہ کرتے ہیں۔ سکول کی لازمی تعلیم مکمل کرنے کے بعد طلبہ کسی بھی عام کالج یا ٹیکنیکل کالج میں مزید تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔

سکول سے تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کی تعلیم کو دو درجات میں شمار کیا گیا ہے جن میں نان ایڈوانسڈ فرور ایجوکیشن (Non-advanced further education NFE) میں جنرل سرٹیفکیٹ آف ایجوکیشن کے معیار کے کورسز کرائے جاتے ہیں جبکہ ایڈوانسڈ فرور ایجوکیشن (Advanced further education, AFE) میں یونیورسٹیوں اور خود مختار اداروں میں اگلے درجے کے کورسز کروائے جاتے ہیں۔

3- نصاب (Curriculum):

برطانیہ میں ماضی میں قومی سطح پر متعین کردہ نصاب نہیں پایا جاتا تھا بعد ازاں جنرل سرٹیفکیٹ آف ایجوکیشن کو کنٹرول کرنے والے امتحانی بورڈز نے مختلف سکولوں میں ایک جیسا نصاب متعارف کرانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ملکہ برطانیہ کے سکول کے معائنہ کار محکمہ تعلیم کے سیکرٹری آف سٹیٹ کو جوابدہ تھے۔ انہوں نے نصاب سمیت تعلیم کے تمام

[illegible] پر تحقیق کے بعد رپورٹ پیش کی۔ جس کے بعد حکومت نے 1989ء میں قومی نصاب (National Curriculum) متعارف کرایا جس میں نصاب کا ایک لازمی حصہ تجویز کیا گیا ہے جو کہ تین بنیادی مضامین ریاضی، [illegible] اور زبان پر مشتمل ہے۔ ان مضامین میں بچوں کی کامیابی کی آزمائش 11,7 اور 14 سال کی عمر پر کی جاتی ہے۔ دیگر بنیادی مضامین میں تاریخ، جغرافیہ، آرٹ اور موسیقی شامل ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایجوکیشن ریفارم ایکٹ (Education Reform Act, 1988) کے تحت طلبہ کے لئے مذہبی تعلیم کو بھی نصاب میں شامل کر دیا گیا۔ جبکہ سیکنڈری سکول میں جدید زبان کا کورس بھی متعارف کروایا گیا۔ سکول میں ترقی بنیادی طور پر عمر کے تناسب سے دی جاتی ہے کامیابی پر مبنی نہیں ہوتی۔ یہاں پر گریڈ سسٹم بھی نہیں ہے۔ بیشتر طلبہ اپنے ہم عمروں کے ساتھ ہی اگلی جماعت میں ترقی پا جاتے ہیں۔ تاہم اساتذہ طلبہ کی کارکردگی کو جانچنے کے لئے ٹیسٹوں اور امتحانات کے کئی طریقے استعمال کرتے ہیں۔

1988ء تک سیکنڈری سکول کے طلبہ سرٹیفکیٹ ان سیکنڈری ایجوکیشن (Certificate in Secondary Education, [illegible]) یا پھر جنرل سرٹیفکیٹ آف ایجوکیشن آرڈنری لیول (General Certificate of Education Ordinary Level O Level) جس کی بڑی مانگ تھی، کے حصول کے لئے امتحان دیتے تھے۔ 1988ء میں ان [illegible] کو ختم کر دیا گیا، اور اس کی جگہ جنرل سرٹیفکیٹ آف سیکنڈری ایجوکیشن (General Certificate of Secondary Education GCSE) کو نافذ کر دیا گیا تھا۔ یہ امتحان انگلینڈ اور ویلز میں 5 اور شمالی آئرلینڈ میں ایک [illegible] مختار گروپ [illegible] دیئے جاتا ہے۔ سکاٹ لینڈ میں اس سے ملتا جلتا کوئی اور امتحان لیا جاتا ہے۔

جی سی ای او لیول (GCE O Level) کے امتحان کے بعد عام طور پر طلبہ تین یا چار مضامین میں جی سی ایم ایڈوانسڈ لیول (GCE Advanced Level or A level) کی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ اعلیٰ تعلیم یا پیشہ ورانہ تربیت کے لئے اسے معیار بنایا گیا ہے۔

تاہم متعارف کرائے گئے نئے قومی نصاب کے حوالے سے حکومت نے ملک بھر میں 14,11,7 اور 16 سال کے بچوں کے لئے پورے ملک میں نظام امتحان متعارف کرانے کی تجویز دی۔

☆☆☆☆☆

سوال 3۔ کینیڈا کے تعلیمی نظام اور اس کی خصوصیات کا تذکرہ کریں؟

جواب: کینیڈا کا نظام تعلیم:

تعارف (Introduction):

جغرافیہ کے اعتبار سے کینیڈا دنیا کا دوسرا بڑا ملک ہے۔ جبکہ آبادی کے لحاظ سے یہ سب سے چھوٹے [illegible] میں شمار کیا جاتا ہے یہاں مختلف رنگوں اور زبانوں کے 2 کروڑ 40 لاکھ افراد بنتے ہیں۔ البتہ انگریزی اور فرانسیسی بولنے والوں کی اکثریت ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

1- تعلیمی نظام (Educational System):

کینیڈا میں قومی سطح پر یا صوبائی سرکاری تعلیمی نظم موجود نہیں ہے۔ قانون کے تحت تعلیم صوبوں کی ذمہ داری ہے۔ اس لئے کینیڈا میں کل 12 تعلیمی نظم پائے جاتے ہیں، یہ تمام نظام آپس میں ملتے جلتے ہیں تاہم ہر نظام کچھ منفرد خصوصیات کا حامل ہوتا ہے، جو کہ ہر صوبے کی آبادی، مضبوط اور جغرافیہ کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے۔ انگریزی بولنے والے صوبوں کا تعلیمی نظم برٹش کولمبیا کی روایات سے اثر قبول کرتا ہے۔ جبکہ فرانسیسی بولنے والے صوبے "کیوبیک" (Quebec) میں فرانس کے اثرات دکھائی دیتے ہیں۔ کینیڈا میں (الیمنٹری سکول، سیکنڈری سکول، پرائیویٹ سکولوں میں 12 سے 14 سال کے طلبہ کو تعلیم دیتے ہیں، الیمنٹری سکولز میں عام طور پر پڑھنے، لکھنے، حساب کی بنیادی مہارتیں سکھائی جاتی ہیں اور سائنس، معاشرتی علوم، موسیقی اور آرٹ کی کلاسز ہوتی ہیں۔ جبکہ "مطالعہ کینیڈا" کو بھی خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

سیکنڈری سکولز مختلف مدارج کے ہیں اکثریت کمپوزٹ سکولز (Composite Schools) کی ہے جو کہ بڑی تعداد میں تعلیمی، کاروباری اور ٹیکنیکل کورسز کراتے ہیں۔ تعلیمی رجحان رکھنے والے طلبہ کے لئے بعض ووکیشنل سکولز بھی قائم کئے گئے ہیں جہاں سے مہارتیں سیکھ کر طلبہ عملی اور فنی مہارت کے میدان میں قدم رکھتے ہیں جبکہ کمپوزٹ سکولز سے علم کی فراغت کے بعد طلبہ سائنس کا لجز یا یونیورسٹی تک پہنچتے ہیں۔

3- نصاب (Curriculum):

ملک کینیڈا میں ایک جیسا تعلیمی نصاب موجود نہیں کیونکہ صوبوں میں بھی ہر سکول سسٹم کا اپنا الگ تعلیمی نصاب ہے۔ کوئر سز تجویز کرنا وزارت تعلیم کی ذمہ داری ہے وزیر تعلیم لازمی مضامین کا اعلان کرتا ہے۔ عام طور پر محکمہ تعلیم کو وہ کے مواد کے حوالے سے رہنما شیڈول بھی جاری کرتا ہے۔ اس کے بعد نگران افسران (Supeerivising Officers) کی یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ دیکھیں ان رہنما اصولوں پر عملدرآمد ہو رہا ہے یا نہیں؟ کورس کی ڈیزائننگ میں بھرپور انداز میں حصہ لینے کے لئے سکول کے عملے کی حوصلہ افزائی بھی کی جاتی ہے۔ نئے کورس کو عام طور پر ایک یا دیگر چند سکولوں میں نافذ کیا جاتا ہے سکول بورڈز وزارت تعلیم کی منظوری کے بعد نئے کورس کو تمام صوبے میں رائج کرتے ہیں۔ دریافت کا طریقہ (Discovery Method)، ٹیم ٹیچنگ (Team Teaching) اور دیگر اقسام کی ٹیکنالوجی کا بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ جبکہ بعض اساتذہ لیکچر مختصر (Lecture Method) بھی اپنا لیتے ہیں۔

1960 تک طلبہ کو سیکنڈری سکول سے گریجویشن کے مرحلے تک پہنچنے کیلئے مختلف محکمانہ امتحانات سے گزرنا پڑتا تھا تاہم اس نظام کو بہت زیادہ تنقید کا نشانہ بنایا گیا کیونکہ اس سے طلبہ ہمیشہ روتا گھر پاس ہو جاتے تھے اور اساتذہ بھی نصاب کے صرف انہی حصوں پر توجہ دیتے تھے جو کہ امتحانی نقطہ نظر سے خصوصی اہمیت کے حامل ہوتے تھے۔ اب زیادہ تر پرنسپل یا کلاس روم کا استاد طالبعلم کی سکول میں مجموعی پرفارمنس اور ٹیسٹ و امتحانات میں کامیابی کو دیکھ کر اس بات کا تعین کرتا ہے کہ طالبعلم گریجوایٹ قرار دیا جائے یا نہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال 4۔ روس کے تعلیمی نظام اور نصاب [illegible]

جواب: روس میں نظام تعلیم

Elmas Ali

1- تعارف (Introduction):

روس میں 1920ء میں [illegible] تعلیمی نظام [illegible] ترقی کے ساتھ مسلسل بہتر سے بہتر کی جانب رواں دواں ہے۔ [illegible] کے تحت [illegible] ہوتی رہتی ہے۔ ہر آنے والے میں معیار اور تسلسل کے ساتھ منطبق کیا گیا ہے۔ روس میں تعلیم [illegible] ہے۔ یہ تعلیم دیا گیا ہے طلبہ ان زبانوں میں [illegible] کا بھی انتخاب کر سکتے ہیں۔

2- تعلیمی نظام اور نصاب (Educational System and Curriculum):

روس کے عوامی تعلیمی نظام میں پری سکول [illegible] (نرسری سکول)، عام تعلیم فراہم کرنے والے سکول، [illegible] سیکنڈری سکول [illegible] تعلیمی ادارے [illegible] ہیں۔ نرسری سکولوں میں 2 سال سے 3 سال تک کے [illegible] جبکہ کنڈرگارٹن میں 3 سے 7 سال تک کے بچے [illegible] تعلیم دی جاتی ہے۔ ان اداروں کی سرگرمیاں کھیل، مطالعہ، تفریح [illegible] تعلیمی [illegible] تعلیم کے تمام پہلوؤں پر مشتمل ہوتی ہیں۔ ریاستی کنڈرگارٹن نصاب اس [illegible] طریقہ، حسیات، ریاضی، ڈرائنگ، موسیقی، معاشرتی ترجمانی اور قصص میں کیا کچھ سیکھنا ہے۔ لکھنے پڑھنے کے عمل [illegible] 1970ء [illegible] نصاب میں شامل کیا گیا تھا اس دہے پر بچوں کو ان کی ملاقاتی زبانوں میں تعلیم دی جاتی ہے جس کا مقصد [illegible] جسمانی تشویش کا خیال رکھتا ہوتا ہے۔ یہاں پر بچوں کی خوراک، جسمانی تعلیم، اور طبی دیکھ بھال کے شیڈول پر [illegible] میں عمل کیا جاتا ہے۔

کنڈرگارٹن کے بعد اگلا تعلیمی مرحلہ [illegible] کے بچے سے [illegible] میں شروع ہوتا ہے۔ پرائمری تعلیم جسے روس میں لازمی قرار دیا گیا ہے، 8 سالہ سکول کا حصہ ہے۔ یہ تعلیم 8 سے 9 سال کے بچوں کو 3 سال تک دی جاتی ہے۔ یہاں پر تمام مضامین پڑھائے جاتے ہیں جن میں سب سے زیادہ [illegible] زبان اور [illegible] دیگر مضامین میں موسیقی، آرٹ، جسمانی تعلیم کے مضامین شامل ہوتے ہیں۔ فارمز فور (Form 4) [illegible] ادب، ریاضی، تاریخ، اور غیر ملکی زبان متعارف کرائی جاتی ہے۔ فارمز فائیو (Form 5) میں یہ [illegible] گرافی کا اضافہ کیا گیا ہے۔ جبکہ فارم سکس (Form 6) میں فزکس اور فارم سیون (Form 7) [illegible] میں کیمسٹری [illegible] سیکنڈری سکول

8 سالہ سکول کے بعد اگلا مرحلہ 2 سال کی جانوری پیشہ کی تعلیم کا ہوتا ہے۔ جس کے [illegible] سیکنڈری سکول، ورانہ ادارے اور سپیشلائزڈ سیکنڈری سکولز قائم کئے گئے ہیں۔

سیکنڈری سکول کے پہلے سال جو مضامین پڑھائے جاتے ہیں [illegible] ادب، تاریخ، ریاضی، طبیعیات، کیمیا، غیر ملکی زبان اور معاشی جغرافیہ شامل ہیں، جبکہ فارم ٹین (Form 10) میں مزید مضامین جیسا کہ فلکیات (Astronomy)، جنرل بیالوجی (General Biology) اور سماجی علوم وغیرہ کا اضافہ کیا گیا ہے۔

شروع سے لے کر سیکنڈری سکول پاس کرنے تک لیبر ایجوکیشن (Labour Education) مسلسل جاری رہتی ہے۔ پہلے تین سال (Form 1 to 3) میں بچے کاغذ، بارڈ بورڈ اور دیگر حتمہ سے کے میٹریل پر کام کرنے کی مہارت

AIOU LIBRARY

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



حاصل کرتے ہیں۔ چوتھی سے آٹھویں (Form 4 to 8) تک بچوں کو گھریلو سائنس ورکشاپ اور سکول سے ملحقہ تجربہ گاہوں میں لکڑی اور دھاتوں کا کام سکھایا جاتا ہے۔ جبکہ سیکنڈری سکول کی سینئر فارمز (Senior forms) میں بھی پیشہ ورانہ تربیت پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

پیشہ ورانہ ادارے قومی معیشت کے مختلف شعبوں کے لئے ماہرین تیار کرتے ہیں جبکہ اس [illegible] پر قومی معیشت کی ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مسلسل نظر ثانی جاری رہتی ہے۔ ان سکولوں میں پیش کئے جانے [illegible] سے 4 سال کی مدت کے ہوتے ہیں۔ ٹیکنیکل سکولز مختلف قسم کے معاشی شعبوں کے لئے مڈل سطح کی تعلیمی قابلیت کے حامل [illegible] تیار کرتے ہیں۔ ان سکولوں میں 8 سالہ سکول کے بعد 3 سے 4 سال جبکہ سیکنڈری سکول کے بعد 2 سے اڑھائی سال [illegible] کی تعلیم دی جاتی ہے۔

سپیشلائزڈ سیکنڈری سکولز ایسے طلبہ کے لئے ہوتے ہیں جنہوں نے ثانوی تعلیم مکمل نہیں کی ہوتی، ان سکولوں میں انہیں بنیادی علمی مہارت سکھائی جاتی ہے۔ ان سکولوں میں طلبہ مضامین کے باہم منسلک سائیکلز (Cycles) جیسا کہ جنرل، ٹیکنیکل اور سپیشل سائیکلز کا مطالعہ کرتے ہیں۔ گریجوایٹ ہو جانے والے طلبہ کو کسی بھی اعلیٰ تعلیم کے ادارے میں داخلہ لینے یا معیشت کے کسی شعبے کے ساتھ منسلک ہونے کا حق حاصل ہوتا ہے۔

یونیورسٹیوں اور دیگر اداروں میں معاشیات، تعلیم تدریس، پولی ٹیکنیک، زراعت، تھیٹر اور دیگر شعبوں کی اعلیٰ تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ بلا تفریق رنگ و نسل اور جنس ہر ایک کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا موقع مہیا کیا جاتا ہے۔ یونیورسٹیوں میں طلبہ مخصوص مضامین کے گروپ کی تعلیم اور عملی مہارت کے ذریعے انتخاب کردہ جدید سائنسی علوم سیکھتے ہیں۔ ان پروگرامز میں بعض لازمی نوعیت کے مضامین بھی شامل ہوتے ہیں جبکہ بعض اختیاری مضامین بھی شامل کئے جاتے ہیں تاکہ طلبہ اپنے منتخب کردہ شعبوں میں زیادہ گہرائی کے ساتھ علم حاصل کر سکیں۔ یونیورسٹی میں پیش کئے جانے والے اختیاری مضامین تعداد میں کافی زیادہ ہوتے ہیں۔ صرف طبیعات کے مضمون میں 100 سے زائد کورسز پیش کئے گئے ہیں، اس سطح پر جو بنیادی طریقہ تدریس استعمال کئے جاتے ہیں ان میں لیکچرز میتھڈ (Lecture Method)، سیمینار (Seminars)، لیبارٹری ورک (Laboratory Work)، پریکٹیکل ورک (Practical Work) وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال 5۔ جاپانی نظام تعلیم اور نصاب سازی کا تنقیدی جائزہ پیش کریں، ہم اس سے کیا سبق حاصل کر سکتے ہیں؟

جواب: جاپان میں نصاب سازی (Curriculum Development in Japan):

1- تعارف (Introduction):

جاپان چھوٹے بڑے 4 ہزار اہم جزیروں پر مشتمل ملک ہے، اس کا کل رقبہ 3 لاکھ 78 ہزار مربع کلومیٹر بنتا ہے۔ اس میں سے صرف 12 فیصد رقبہ قابل رہائش ہے۔ 1984ء میں جاپان کی کل آبادی 12 کروڑ تھی جس میں 14 سال تک کی عمر کے افراد کل آبادی کا 22 فیصد تھے۔

2- تعلیمی نظام (Educational System):

جاپان میں تعلیم کے بنیادی قانون کے مطابق تعلیم کا مقصد طالبعلم کی شخصیت کی نشوونما ہے یعنی ایسے افراد فراہم کرنا جن کے دماغ اور جسم کی بھرپور نشوونما ہوئی ہو اور جو انصاف اور ایمانداری، دیانتداری اور فرض شناسی سے محبت کرتے ہوں، انفرادی اقدار کے جذبے سے بھی سرشار ہوں، محنت اور جدوجہد پر یقین رکھتے ہوں، ذمہ داری کا ان میں مکمل احساس پایا جاتا ہو اور وہ ایک پرامن ریاست اور سماج کی تشکیل میں معاون ثابت ہو سکیں۔

جاپان میں نافذ سکول کی تعلیم میں زیادہ ترجیح طلبہ کی بنیادی صلاحیتوں کی ترقی پر دی جاتی ہے، بجائے اس کے کہ انہیں سائنس اور ٹیکنالوجی میں تیز رفتار ترقی اور معاشرتی تبدیلیوں کے مقابلے کیلئے مخصوص پیشہ ورانہ مہارتیں سکھائی جائیں۔

جاپان کا تعلیمی نظام مندرجہ ذیل چار مدارج پر مشتمل ہوتا ہے۔

i- کنڈرگارٹن اور نرسری (Kindergarten and Nursery):

کنڈرگارٹن ایسے تعلیمی ادارے ہیں جو کہ 3 سے 5 سال کے بچوں کے لئے وزارت تعلیم کے تحت کام کر رہے ہیں۔ جبکہ [illegible] سال [illegible] زیادہ عمر کے بچوں کے لئے نرسری سکولز وزارت صحت و سماجی بہبود کے زیر اہتمام سوشل ویلفیئر اداروں (Social Welfare [illegible]stit[illegible]ion) کے طور پر کام کر رہے ہیں۔

ii- [illegible] (Elementary Educatio[illegible]):

6 سال [illegible] عمر کے [illegible] سکولز میں داخل ہوتے ہیں، یہ 6 سال پر مشتمل تعلیم ہے جو کہ ہر ایک کیلئے لازمی بھی جاتی ہے۔

iii- سیکنڈری ایجوکیشن (Second[illegible] Education):

لوئر سیکنڈری سکول کی تین سال [illegible] تعلیم بھی [illegible] ہوتی ہے۔ سکول میں لازمی تعلیم کے علاوہ بھی مزید تین سے چار سال کی تعلیم دی جاتی ہے جسے اپر سیکنڈری ایجوکیشن کہتے ہیں۔ اس میں [illegible] داخلہ ٹیسٹ میں کامیابی کی بنیاد پر دیا جاتا ہے۔

iv- ہائر ایجوکیشن (Higher Education):

اپر سیکنڈری ایجوکیشن کے بعد طلبہ امتحان کے ذریعے [illegible] (Diagaku [illegible]) یا ٹاؤ کی ڈائیگاکو (Tauki Daigaku) یعنی جونیئر کالج میں داخلہ لیتے ہیں۔ یونیورسٹی [illegible] کورسز 4 سال جبکہ جونیئر کالج کے کورسز 3 سالہ دورانیہ پر مشتمل ہوتے ہیں۔

Ex[illegible] Al[illegible]

3- نصاب (Curriculum):

جاپان میں نصاب تجویز کرنا اور سفارشات مرتب کرنا وزارت تعلیم کی ذمہ داری ہے البتہ وزا[illegible] سے فراہم کردہ رہنما اصولوں کی بنیاد پر تفصیلی تربیتی پروگرامز تشکیل [illegible] سکولوں کا کام ہوتا ہے۔ ہر ایک کورس پر [illegible] سال بعد نظر ثانی بھی کی جاتی ہے۔ جبکہ ہر گریڈ اور مضمون کے حوالے سے ٹیچرز گائیڈ بکس (Teachers Guide Books) محکمے میں موجود ماہرین تعلیم اساتذہ کی معاونت سے تیار کرتے ہیں۔

مختلف سطحوں پر نصاب کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

i- کنڈرگارٹن اور نرسری(Kindergarten and Nursery):

کنڈرگارٹن اور نرسری دونوں قسم کے سکولوں میں ایک جیسی ہی سرگرمیاں اور رجحانات تجویز کئے گئے ہیں جو کہ "کھیل کے ذریعے تعلیم" کے اصول پر مشتمل ہوتے ہیں۔

ii- ایلیمنٹری(Elementary):

ایلیمنٹری سکولوں میں جو مضامین پڑھائے جاتے ہیں ان میں جاپانی زبان، معاشرتی علوم، ریاضی، جنرل سائنس، موسیقی، آرٹ، دستکاری اور جسمانی تعلیم بھی شامل ہوتی ہے۔ جبکہ اخلاقی تعلیم کو بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ بعض نجی تعلیمی ادارے اخلاقی تعلیم کی جگہ مذہبی تعلیم کا مضمون بھی پڑھاتے ہیں، جبکہ پہلے گریڈ سے اگلے گریڈ میں منتقلی خودکار انداز میں ہوتی ہے۔

Elmas Ali

iii- لوئر سیکنڈری(Lower Secondary):

لوئر سیکنڈری سکولوں میں ایلیمنٹری سطح کے مضامین کے ساتھ پری ووکیشنل ایجوکیشن (Pre-vocational Education) یعنی پیشہ ورانہ تعلیم کے مضامین بھی پڑھائے جاتے ہیں۔ جبکہ کوئی ایک غیر ملکی زبان اختیاری مضمون کے طور پر پڑھنا لازمی ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قریباً سبھی سکولوں میں انگریزی زبان ہی پڑھائی جاتی ہے۔

iv- اپر سیکنڈری(Upper Secondary):

اپر سیکنڈری سکولوں میں جنرل ایجوکیشن کورسز کے علاوہ ٹیکنیکل اور ووکیشنل ایجوکیشن کے کورسز جیسا کہ بزنس، ایجوکیشن اور انڈسٹریل ایجوکیشن کے مضامین بھی پڑھائے جاتے ہیں۔

ہر درجے کی تعلیم میں یہ دیکھنے کے لئے کہ کیا طالبعلم کو اگلے گریڈ میں بھیجا جائے یا نہیں، مختلف اقسام کے ٹیسٹ لئے جاتے ہیں، ایلیمنٹری سطح پر یہ امتحان داخلی انتظامیہ کے ماتحت ہوتا ہے۔ ایسے طلبہ جو کل تدریسی ایام کے نصف سے زیادہ سکول نہیں آتے یا نفس مضمون میں ان کی کامیابی غیر تسلی بخش ہوتی ہے اور یا پھر وہ ناشائستگی کا مظاہرہ کرتے ہیں تو انہیں اگلے گریڈ میں پروموٹ (Promot) نہیں کیا جاتا۔ یعنی ان کو اگلے درجے میں ترقی نہیں دی جاتی۔

4- جاپان کے تعلیمی نظام سے حاصل ہونے والا سبق:

جاپان ایک ایسا ملک ہے جس نے تعلیم کی بنیاد پر ٹیکنالوجی کے میدان میں اور معاشی طور پر بہت ترقی کی ہے۔ جاپان کی آج دنیا میں جو حیثیت ہے اس میں تعلیم کا انتہائی اہم کردار ہے۔ جاپان کے تعلیمی نظام کی اہم ترین خصوصیت یہ ہے کہ اس میں طالبعلم کی شخصیت کی مکمل نشوونما کو تعلیم کا حقیقی مقصد قرار دیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ تعلیم کو افراد کے لئے مفید اور منافع بخش بھی بنایا گیا ہے، عام تعلیم کے ساتھ ٹیکنیکل تعلیم کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا ہے تاکہ طلبہ کو بے روزگاری کے مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وہاں تعلیم کا ایک اور مقصد ایسے افراد تیار کرنا بھی ہوتا ہے جو کہ انصاف اور ایمانداری سے محبت کرتے ہوئے، انفرادی اقدار کے جذبے سے سرشار ہوں، محنت کی قدر کرتے ہوں، ذمہ داری کا ان میں مکمل احساس پایا جاتا ہو تاکہ وہ پرامن ریاست اور سماج کے معمار بن سکیں۔ اس کے علاوہ وہاں پر طالبعلم کی کامیابی کا معیار صرف نمبر

حاصل کر لینا نہیں ہوتا بلکہ ایسے طلبہ جو کہ کل تدریسی ایام کے نصف سے زیادہ دن سکول نہیں آتے یا نفس مضمون میں ان کی کامیابی غیر تسلی بخش ہوتی ہے اور اور یا پھر وہ ناشائستگی کا مظاہرہ کرتے ہیں تو انہیں بھی فیل کر دیا جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 6۔ چین کے تعلیمی نظام اور نصاب سازی کی اہم خصوصیات پر اظہار خیال کریں؟

جواب: عوامی جمہوریہ چین میں نصاب سازی:

(Curriculum Development in the Peoples Republic of China):

1- تعارف(Introduction):

چین دنیا میں سب سے زیادہ گنجان آبادی رکھنے والا ملک ہے۔ یہاں کی آبادی ایک ارب سے بھی زائد ہے۔ ان میں 20 کروڑ افراد شہروں میں جبکہ باقی افراد دیہات میں رہتے ہیں۔ چین کا رقبہ 9 کروڑ 60 لاکھ مربع کلومیٹر ہے۔ ان میں دور دراز کے پہاڑی علاقے، جنگلات اور چراگاہیں وغیرہ شامل ہیں۔

2- تعلیمی نظام(Educational System):

[illegible] 19[illegible]ء میں عوامی جمہوریہ چین کے قیام کے تھوڑے عرصے بعد ہی یہ فیصلہ کیا گیا کہ تعلیم کو معاشی تعمیر نو کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ اس لئے میں سکولز کاشتکار اور کاریگر فراہم کرنے کیلئے کام کریں گے۔ تعلیم کے حوالے سے اختیار کی جانے والی پالیسی کا مقصد تعلیم کے ذریعے فرد کی اخلاقی، عقلی اور جسمانی طور پر بھرپور نشوونما کو یقینی بنانا ہوتا ہے اور بحیثیت کارکن اسے سماجی [illegible] شعور عطا کرنا ہے۔ چین میں مختلف اقسام کے سکولز ہیں ان میں بعض کل وقتی سکول ہیں اور بعض میں جز وقتی تعلیم دی جاتی ہے اور جز وقتی کام لیا جاتا ہے۔ جبکہ بعض سکول ایسے بھی ہیں جہاں صرف فرصت کے لمحات میں ہی تعلیم دی جاتی ہے۔

پرائمری سکول میں سات سال کے بچوں کو داخلہ دیا جاتا ہے۔ پرائمری سکولوں میں عموماً پانچ سال تک تعلیم دی جاتی ہے تاہم بڑے شہروں کے سکولوں میں چھ سال تک کی پرائمری تعلیم بھی رائج ہے۔ جبکہ عام سیکنڈری سکولوں کو جونیئر اور سینئر درجات میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ پہلا مرحلہ تین سال کا دوسرا دو سال میں مکمل ہوتا ہے۔ سیکنڈری سپیشلائزڈ سکولز (Secondary Specialized Schools) میں جونیئر سکول گریجویٹس کو داخلہ دیا جاتا ہے۔ یہاں پر چار سال تک تعلیم دی جاتی ہے۔ جبکہ پیشہ ورانہ سکول اور پولی ٹیکنیکس میں جونیئر گریجویٹس تین سال تک تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ کالجز اور یونیورسٹیوں میں رائج انڈر گریجوایٹ پروگرامز کے لئے عام طور پر چار سے پانچ سال درکار ہوتے ہیں، جبکہ میڈیکل کالجز میں چھ سال تک تعلیم دی جاتی ہے۔ مختصر مدت کے پروگرامز پیش کرنے والے تربیتی کالجز میں دو سے تین سال کے کورسز کرائے جاتے ہیں، پوسٹ گریجویٹ تعلیم دو درجات پر مشتمل ہوتی ہے۔ ماسٹرز ڈگری 2 سے 3 سال کی تعلیم کے بعد جاری کی جاتی ہے جبکہ ماسٹرز ڈگری کے بعد مزید 2 سے 3 سال کی تعلیم کے بعد ڈاکٹریٹ کی ڈگری دی جاتی ہے۔ 15 سال سے زائد عمر کے کاریگروں، کاشتکاروں اور فوجیوں کے لئے تعلیم بالغاں کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے جس کے لئے نوجوانوں اور اوسط عمر کے افراد کو ترجیح دی جاتی ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

3- نصاب(Curriculum):

چین میں تعلیم کمیونسٹ پارٹی کے بتائے گئے رہنما اصولوں کے مطابق دی جاتی ہے جبکہ مختلف سطح پر انتظامی امور حکومت چلاتی ہے۔ تدریس کے مختلف پروگرامز بشمول نصاب اور پرائمری اور سیکنڈری سکولوں کے لئے تدریسی اوقات کار کا تعین اور نفاذ وزارت تعلیم کرتی ہے۔ جبکہ اعلیٰ تعلیمی اداروں کے لئے وزارت ہی تدریسی پروگرامز کے لئے رہنما اصول مرتب کرتی ہے۔ پرائمری اور سیکنڈری سکولز کے لئے وزارت تعلیم یکساں معیار کی درستی کتب تیار کرتی ہے جبکہ ضمنی اور مقامی تدریسی مواد صوبے، میونسپلٹی اور سکولز سسٹم تیار کرتے ہیں۔ اعلیٰ تعلیم کی سطح پر وزارت تعلیم [illegible] بنیادی کورسز (Common Core Courses) کے لئے یکساں درسی کتب فراہم کرتی ہے جبکہ سپیشلائزڈ فاؤنڈیشن کورسز (Specialized Foundation Courses) کے لئے یونیورسٹیاں اپنے کورسز خود تیار کر سکتی ہیں۔

مارکسی نظریات میں تدریسی اور نظریاتی اور اخلاقی تعلیم کو بھی کورسز میں شامل کیا گیا ہے۔ ہر سطح پر مربوط نظریہ اور عمل کے اصول کو ترجیح دی گئی ہے۔ یہاں پر اختیار کئے جانے والے تدریسی طریقہ کار میں لیکچرز، گروہی مباحث، لیبارٹری کے تجربات اور فیلڈ میں کئے جانے والے تجربات شامل ہوتے ہیں۔ جبکہ عملی کام ہر تدریسی پروگرام کا لازمی حصہ ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 7۔ تھائی لینڈ کے نظام تعلیم میں نصاب سازی پر مختصر نوٹ لکھیں؟

جواب: تھائی لینڈ میں نصاب سازی(Curriculum Development in Thailand):

1- تعارف(Introduction):

تھائی لینڈ منطقہ حارہ کے جنوب مشرق ایشیائی ممالک میں سے ایک ہے، یہ ان چند ترقی پذیر ممالک میں سے ایک ہے جو کہ کبھی بھی کسی کی کالونی نہیں بنا۔ اس لئے تھائی لینڈ ہر طرح کے بیرونی تسلط سے محفوظ رہا ہے یہاں ہر سطح کی تعلیم کے لئے تھائی زبان کو ہی ذریعہ تعلیم بنایا گیا ہے۔

تھائی لینڈ میں سماجی اور پیشہ ورانہ طبقہ دار ڈھانچہ پایا جاتا ہے۔ روایتی طور پر سرکاری ملازمتوں سے منسلک طبقات کو اعلیٰ سماجی رتبہ حاصل ہوتا ہے۔

2- تعلیمی نظام اور نصاب(Educational System and Curriculum):

تھائی لینڈ میں 1978ء میں چھ سال، تین سال اور پھر تین سال کی تعلیم کا نیا ڈھانچہ متعارف کرایا گیا تھا۔ یہاں پر کنڈرگارٹن (Kindergarten) اور ابتدائی بچپن کی تعلیم کے مراکز (Early Childhood Centers) کے قیام کیلئے نجی شعبے اور مقامی سماجی گروہوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی رہی ہے۔ تھائی لینڈ میں صرف 1.7 فیصد پری سکول سنٹرز (Pre School Centers) وزارت تعلیم کے تحت چل رہے ہیں، جنہیں عملی مظاہرے اور تجرباتی مقاصد کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

پرائمری تعلیم حکومت کی جانب سے ہر بچے کے لئے مفت فراہم کی جاتی ہے۔ اس سطح پر نصاب کی تیاری وزارت تعلیم کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ پرائمری ایجوکیشن کا نصاب بڑے مربوط انداز کا ہوتا ہے جس میں تعلم کے چار شعبوں کی بنیادی مہارتیں شامل کی گئی ہیں، ان مہارتوں میں خواندگی، اعداد و شمار، ابلاغ اور مستقبل کے پیشہ ورانہ کردار سے متعلق

صلاحیتیں شامل ہوتی ہیں اس کے علاوہ اس سطح پر بچے کی کردار سازی پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

سیکنڈری ایجوکیشن کے نصاب میں پانچ وسیع شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ جن میں سائنس، ریاضی، سماجی علوم، کردار سازی، اور عملی کام کی تعلیم یعنی ورک ایجوکیشن شامل ہوتی ہے۔ جبکہ مختلف پیشوں کے حوالے سے ابتدائی نوعیت کے تعارفی مضامین کی بھی بڑی تعداد نصاب میں شامل کی گئی ہے۔ ایجوکیشن ٹیکنیک ڈیپارٹمنٹ دیگر اداروں کے ساتھ مل کر تعلمی مواد جیسا کہ سبقی منصوبہ، درسی کتب، ضمنی مطالعاتی مواد، اور ٹیچرز گائیڈز کی تیاری اور فراہمی کی ذمہ داری ادا کرتا ہے۔ تدریسی طریقہ کار عام طور پر نصاب میں ہی تجویز کر دیئے جاتے ہیں جبکہ نئے طریقوں کے حوالے سے اساتذہ کی حوصلہ افزائی بھی کی جاتی ہے تاکہ وہ مجوزہ طریقہ کار کو خوش اسلوبی کے ساتھ قبول کر سکیں۔ تھائی لینڈ میں سالانہ امتحان کی بنیاد پر اگلے درجے میں منتقلی کی مضبوط روایت قائم رہی ہے۔ ان میں 4، 7، 10 اور 12 ویں درجے کا امتحان سکول انتظامیہ کی جانب سے نہیں ہوتا بلکہ اس کا اہتمام بیرونی طور پر اضلاع، صوبے، خطے اور وزارت تعلیم کی طرف سے کیا جاتا رہا ہے۔ [illegible] گیارہویں درجے میں داخلے او جوائنٹ یونیورسٹی کے امتحانات انتہائی اہمیت کے حامل تھے۔ تاہم نصابی اصلاحات کے تحت امتحانی نظام میں بھی تبدیلی رونما ہوئی ہے۔ جبکہ 76-1975ء اور 77-1976ء میں گیارہویں اور بارہویں کے سالانہ امتحان کو ختم کر دیا گیا ہے۔ نئے سسٹم میں سکول میں لئے جانے والے امتحان پر زیادہ توجہ دی گئی ہے۔ پرائمری سکول میں روزانہ کی [illegible] پر خصوصی [illegible] اہداف کی تکمیل کو خاص اہمیت دی جا رہی ہے۔ اس سے اگلے درجے میں منتقل ہونے والوں کے [illegible] بہتر [illegible] ہے جبکہ تعلیمی نظام بھی پہلے سے زیادہ مؤثر ثابت ہوا۔ اپر سیکنڈری سکولز اور یونیورسٹیوں میں داخلے کے امتحانات کے حوالے سے روایتی ٹیسٹوں میں کامیابی کا بھی جائزہ لیا جاتا ہے۔ جبکہ علاقے سے طلبہ کی شرکت کو یقینی بنانے کے لئے کوٹہ بھی مقرر کیا جاتا ہے۔

Elmas Ali

☆☆☆☆☆

سوال 8۔ کسی بھی ملک کا تعلیمی نظام اور نصاب قومی خواص [illegible] اور عوامی امنگوں کا ترجمان ہوتا ہے، ملائشیا کے حوالے سے اس کی وضاحت کریں۔

جواب: قومی خواص کا حامل اور عوامی امنگوں کا ترجمان تعلیمی نظام

عموماً کسی بھی ملک کا تعلیمی نظام عوامی خواہشات اور ضروریات کے مطابق ترقی [illegible] ہے۔ مفتوحہ علاقوں پر غاصبین اپنا تعلیمی نظام تھوپنے کی کوشش بھی کرتے ہیں تاہم اس سلسلے میں انہیں مزاحمت کا [illegible] بھی کرنا پڑتا ہے۔ ملائشیا ایک ایسا ملک ہے جس پر پرتگالیوں، ولندیزیوں اور انگریزوں نے اپنا تسلط قائم کرنے کی کوشش کی لیکن ملائشیا کے عوام نے اپنے تشخص کو ختم نہیں ہونے دیا، آیئے اس پر روشنی ڈالتے ہیں۔

ملائشیا میں نصاب سازی(Curriculum Development in Malaysia):

1- تعارف(Introduction):

ملائشیا دو اہم ترین جغرافیائی علاقوں پر مشتمل ملک ہے۔ ان میں ایک جزیرہ نما ملائشیا (Peninsular Malaysia) ہے جو کہ "Isthmus of Kra" کے جنوب میں جزیرہ ملایا "Malaya Peninsula" پر مشتمل ہے،

042-37245454, 37361414 [illegible]

AIOU LIBRARY
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

اسے مغربی ملائشیا بھی کہتے ہیں جبکہ دوسرا حصہ مشرقی ملائشیا کا ہے اس میں "Sabah" اور "Sarawak" کی ریاستیں پائی جاتی ہیں۔ یہ "Borneo" جزیرہ ہے کے جنوب مشرقی علاقوں پر مشتمل ہے۔ ملائشیا کے دونوں حصے ایک دوسرے سے جدا ہیں اور ان کے درمیان 644 کلومیٹر تک بحیرہ جنوبی چین بہتا ہے۔ ملائشیا کا کل ارضی رقبہ 3 لاکھ 36 ہزار 7 سو مربع کلو میٹر ہے۔ جن میں جزیرہ نما ملائشیا ایک لاکھ 36 ہزار 6 سو 80 مربع کلومیٹر اور مشرقی ملائشیا 2 لاکھ 2 ہزار 20 مربع کلومیٹر پر مشتمل ہے۔

1511ء میں پرتگالیوں اور 1642ء میں ولندیزیوں کے قبضے کی وجہ سے یہاں پر مغربی اثرات دیکھنے کو ملتے ہیں۔ جبکہ 1786ء میں پینانگ (Penang)، 1819 میں سنگاپور (Singapore)، 1824ء میں ملاکا (Malacca) میں تجارتی نوآبادیوں کے قیام کے ذریعے جزیرہ نما ملائشیا پر برطانیہ کا قبضہ ہو گیا۔

1955ء میں ملایا (Malaya) نے اپنی حکومت قائم کر لی جبکہ 1957ء میں مکمل آزادی حاصل کرتے ہوئے منتخب حکومت کے ساتھ آئینی بادشاہت کے نظام کو اپنایا، 1963ء میں ملائشیا (Malaysia)، صباح (Sabah) اور سراواک (Sarawak) پر مشتمل مرکزیت قائم ہو گئی۔ ٹن انڈسٹری (Tin Industry) کے فروغ کی وجہ سے بڑی تعداد میں چینی یہاں پہنچے، جبکہ ربڑ انڈسٹری کی وجہ سے بھارتیوں نے بھی اس طرف رجوع کیا۔ اس وجہ سے ملائشیا میں 3 بڑے نسلی گروہ نظر آتے ہیں، جن میں ملائشین، چینی اور بھارتی شامل ہیں۔ 1980ء میں ملائشیا کی آبادی ایک کروڑ 43 لاکھ تھی جس میں سالانہ 2.8 فیصد اضافہ ہو رہا تھا۔ یہاں کی زیادہ تر آبادی زراعت کے پیشے کے ساتھ منسلک ہے۔

ملائشیا میں ایک منتخب آئینی بادشاہت ہے، وفاقی حکومت کو خارجہ، دفاع، داخلی سکیورٹی، عدلیہ، وفاقی شہریت، خزانہ، صنعت، ابلاغ، تعلیم اور دیگر متعلقہ شعبوں کے امور کا مکمل اختیار حاصل ہو چکا ہے۔

2- تعلیمی نظام اور نصاب (Educational System and Curriculum):

ملائشیا میں روایتی تعلیم کا آغاز پرائمری سکول میں 6 سال کی عمر سے ہوتا ہے۔ یہاں پر پرائمری، سیکنڈری (لوئر اینڈ اپر) اور پوسٹ سیکنڈری سسٹم رائج ہے جو کہ 2+2+2+3+6 سال پر مشتمل ہوتا ہے۔

پرائمری درجے میں تین زبانوں میں تعلیم رائج ہے ان میں ملائشیا، چینی اور تامل زبان شامل ہے۔ ہر سکول میں اور تعلیم کی ہر سطح پر انگریزی کو لازمی زبان کے طور پر پڑھایا جاتا ہے۔ پرائمری اور لوئر سیکنڈری سطح پر اگلی کلاس میں ترقی خودکار سسٹم کے تحت ہوتی ہے۔ 1980ء میں 20 لاکھ 6 ہزار 7 سو 48 بچے پرائمری میں زیر تعلیم تھے۔ یہ تعداد 6 سے 11 سال کے کل بچوں کا قریباً 93 فیصد بنتی ہے۔ توقع تھی کہ ان میں 90 فیصد لوئر سیکنڈری کی کلاس ون (Form one) تک پہنچے گی۔

ذریعہ تعلیم کوئی بھی ہو تمام پرائمری سکولوں میں سلیبس (Syllabus) مشترک ہی ہے تاکہ ملک کے تمام بچے ایک ملائشیا کے حوالے سے ایک ہی نقطہ نظر کا حامل کورس پڑھ سکیں۔ ہر مدرسہ اپنے طلبہ کا خود جائزہ لیتا ہے اور ٹیسٹ چاہے ہفتہ وار، ماہوار یا سالانہ ہوں ان کا انتظام باقاعدگی کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ ان کے علاوہ ہر سال پانچویں جماعت کے طلبہ کا قومی سطح کا امتحان (Centralizd Assessments) بھی ہوتا ہے۔ اس قومی امتحان (National Assessment) میں طالبعلم کی کامیابی کی صلاحیت کا پتہ چلتا ہے اور سیکنڈری سکول میں داخلے سے قبل ضروری معالجاتی سرگرمیوں کا تعین بھی کیا جاتا ہے۔

لوئر سیکنڈری سطح (کلاس 1 تا 3) پر طلبہ کو اگلی جماعت میں جانے کے لئے کوئی ٹیسٹ پاس کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی اور تین سال تک ان کی اگلی جماعت میں ترقی خودکار انداز میں ہوتی رہتی ہے۔

اس طرح متعلم کی سکول کی تعلیم کم از کم 9 سال پر محیط ہوتی ہے۔ چینی اور تامل زبان کے سکولوں کے بچوں کو سیکنڈری سکول کی کلاس اول میں داخلے کے لئے "Remove Class" میں مزید ایک سال لگانا پڑتا ہے۔ اس کلاس سے توقع ہوتی ہے کہ طلبہ کی بھاشا میں ضروری مہارت حاصل کر لیں گے۔

لوئر سیکنڈری سطح پر انتہائی جامع نوعیت کی تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ اس میں علمی مضامین کے علاوہ پیشہ ورانہ نوعیت کی تعلیم بھی شامل ہوتی ہے اس سلسلے میں صنعتی فنون (Industrial Arts)، گھریلو علوم (Homes Sciences)، زرعی علوم (Agricultural Sciences) اور کمرشل سٹڈیز (Commercial Studies) جیسے مضامین پیش کئے جاتے ہیں۔ ہر طالبعلم کے لے ان مضامین میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا لازمی ہوتا ہے۔ اس کا [illegible] مقصد طلبہ کو عملی فنون کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا ہوتا ہے۔ جماعت سوئم مکمل ہونے پر طلبہ لوئر سرٹیفکیٹ آف ایجوکیشن (Lower Certificate of Education) کے امتحان میں شرکت کرتے ہیں۔ اس امتحان کے نتائج کی بنیاد پر [illegible] اپر سیکنڈری تعلیم کیلئے کیا جاتا ہے اور انہیں مختلف شعبہ جات مثلاً آرٹس، سائنس، ٹیکنیکل اور ووکیشنل [illegible] کیا جاتا [illegible]

[illegible] سیکنڈری سطح [illegible] 4-5) پر آرٹس یا سائنس کی تعلیم یا پھر ٹیکنیکل اور پیشہ ورانہ تربیت دی جاتی ہے۔ دوسرے سال [illegible] طلبہ ملائشین سرٹیفکیٹ آف ایجوکیشن (Malaysian Certificate of Education) اور یا پھر "Sijil Pelajaran Malaysian" امتحان میں شمولیت اختیار کرتے ہیں۔ اول الذکر امتحان انگریزی جبکہ ثانی الذکر ملائشین بھاشا میں ہوتا ہے۔ جبکہ ووکیشنل تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ ملائشین ووکیشنل سرٹیفکیٹ آف ایجوکیشن (Malaysian Vocational Certificate of Education) میں شریک ہوتے ہیں۔ ان امتحانات کے نتائج کی بنیاد پر طلبہ کو سرکاری و نجی ملازمتوں [illegible] فراہم کئے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ انہی نتائج کی بنیاد پر پوسٹ سیکنڈری تعلیم کے لئے داخلے بھی ملتے ہیں۔

Elmas Ali

پری یونیورسٹی لیول (Pre university Level) یعنی فارم 6 [illegible] اینڈ اپر کی تعلیم بھی سائنس اور آرٹس دو شعبوں کی حامل ہوتی ہے۔ طالبعلم نے کس شعبے کی تعلیم حاصل [illegible] کا انتخاب [illegible] حاصل کردہ کامیابی پر ہوتا ہے۔ دوسرے سال کے اختتام پر طلبہ ہائر سکول سرٹیفکیٹ (Higher School Certificate) یا "Sijil Tinggi Persekolahan" کا امتحان دیتے ہیں۔ اول الذکر انگریزی جبکہ ثانی الذکر ملائشین بھاشا (Bhasa Malaysia) میں ہوتا ہے۔ اس امتحان کی بنیاد پر طلبہ کو مقامی اور بین الاقوامی یونیورسٹیوں میں داخلہ دیا جاتا ہے۔ سرکاری اور نجی شعبوں میں بعض آسامیوں پر اس سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر بھی تقرریاں کی جاتی ہیں۔

سکول کے باہر تعلیم و تربیت کی ذمہ داری نبھانے والے اداروں میں بورڈ آف نیشنل یونٹی آف [illegible] سٹرز ڈیپارٹمنٹ، ایگریکلچر اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈویژن، ویٹرنری اینڈ سٹریز ڈیپارٹمنٹ، مین پاور ڈیپارٹمنٹ وغیرہ شامل ہیں۔ ان اداروں کی جانب سے پیش کردہ پروگرامز میں زیادہ تر ٹیکنیکل مہارتیں سکھائی جاتی ہیں، جبکہ محکمہ تعلیم کے افسران اور اساتذہ کو بھی ان پروگرامز میں شریک کرتے ہوئے محکمہ تعلیم کے ساتھ تعلق قائم کیا جاتا ہے۔ یہ افسران اور اساتذہ

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

نصاب کی تیاری اور تربیتی پروگرامز کے مخصوص حصول کے حوالے سے مدد مہیا کرتے ہیں۔

دیہی آبادی کو زیادہ سے زیادہ تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے لئے مالے اینڈ رورل ڈویلپمنٹ ایجنسی (Malay and Rural Development Agency, MARA) اور وزارت زراعت کے کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈویژن نے دیہی نوجوانوں کے لئے خصوصی پروگرامز شروع کئے ہیں۔ جنوری 1973ء سے قبل نصاب سازی ایجوکیشن پلاننگ اینڈ ریسرچ ڈویژن کے نصاب کے انتخاب کے ذریعے ہم آہنگ تھی۔ نصاب سازی بنیادی طور پر ان مضامین پر مشتمل ہوتی تھی جس میں مضمون کا سلیبس، ٹیچرز گائیڈز کی تیاری، اساتذہ کے تربیتی پروگرامز اور درسی کتب کی نگرانی [illegible] سرفہرست تھی۔

1973ء میں کریکولم ڈویلپمنٹ سنٹر کا قیام عمل میں آیا جس کو عوامی توقعات کے عین مطابق تعلیم کے معیار کو [illegible] بنانے میں مدد فراہم کرنے کی ذمہ داری تفویض کی گئی۔ اس سنٹر نے قومی نصاب تیار کرنے میں انتہائی اہم کردار [illegible] ہے۔ یہ نصابوں کا تواتر کے ساتھ جائزہ لیتا رہتا ہے اور نصاب سے متعلق نمونے تیار کرتا ہے نیز دوران ملازمت تربیت کے ذریعے اساتذہ کو نصاب سے متعلق ضروری معلومات بھی فراہم کرتا ہے۔

- 1979ء میں کابینہ کمیٹی کی رپورٹ نے سکول سسٹم کے لئے دو اہم اقدامات تجویز کئے۔

i- بنیادی مضامین پر توجہ دیتے ہوئے پرائمری سکول کے نصاب پر نظر ثانی

ii- سیکنڈری سطح کے لئے عام تعلیم پروگرام

پرائمری سکول کا نیا نصاب مرحلہ وار پروگرام کے تحت رائج کیا گیا، 1982ء میں 302 پرائمری سکولوں نے پہلے سٹینڈرڈ (Standard) میں نیا نصاب متعارف کروایا، 1983ء میں اسے تمام سکولوں تک پہنچایا گیا جبکہ 1988ء میں نیا نصاب تمام سکولوں میں تمام مدارج کے لئے نافذ کر دیا گیا۔

☆☆☆☆☆

سوال 9۔ سعودی عرب کے تعلیمی نظام اور نصاب سازی پر اظہار خیال کریں؟

جواب: سعودی عرب میں نصاب سازی (Curriculum Development in Saudi Arabia):

1- تعارف (Introduction):

سعودی عرب جزیرہ نمائے عرب کے مغربی کنارے کے وسیع رقبے پر پھیلا ہوا ہے جو کہ ایشیا کا جنوب مشرقی کنارہ بنتا ہے۔ جزیرہ نمائے عرب کا کل رقبہ 30 لاکھ مربع کلومیٹر ہے جبکہ سعودی عرب 22 لاکھ مربع کلومیٹر پر محیط ہے یوں یہ جزیرہ نمائے عرب کا سب سے بڑا ملک ہے۔ سعودی عرب کی سرحدیں خلیج فارس، قطر، متحدہ عرب امارات، اومان، یمن، بحیرہ احمر، اردن، عراق اور کویت سے ملی ہوئی ہیں۔

تاریخی طور پر یہاں کا سخت ماحول ہونے کی وجہ سے یہاں کی آبادی کم گنجان آباد ہے۔ 1930ء میں یہاں آبادی 15 سے 20 لاکھ کے لگ بھگ تھی۔ 1960ء اور 1970ء کی دہائی کے دوران تیل کی آمدن میں اضافہ ہونے سے فی کس آمدنی میں بہتری، صحت اور غذائیت کی بہتر سہولیات دستیاب ہوئیں جس کی وجہ سے شیر خوار بچوں کی شرح اموات میں کمی واقع ہوئی، زیادہ عمر کی توقعات بڑھیں اور نقل مکانی کا سلسلہ ختم ہو گیا۔ اب سعودی عرب کی کل آبادی تقریباً 3 کروڑ کے قریب ہے۔ یہاں پر شرح پیدائش 49 فی ہزار اور شرح اموات 19 فی ہزار ہے۔ جبکہ 45 فیصد آبادی 15 سال سے کم عمر افراد پر مشتمل ہے۔ تیل کی صنعت کے فروغ، ترقیاتی کاموں اور مختلف پروجیکٹس کی وجہ سے یہاں کے خانہ بدوشوں

اور کاشتکاروں نے بڑی تیزی سے شہری طرز زندگی اختیارات کرنا شروع کر دیا ہے۔ 1970ء میں 20 فیصد کے قریب آبادی شہری علاقوں میں آباد تھی۔ جبکہ 20 فیصد آبادی چھوٹے قصبوں اور 60 فیصد آبادی دیہات میں آباد تھی۔ 1980ء میں یہ اعداد و شمار 42، 12 اور 46 فیصد تھے۔ یہی وجہ ہے کہ سعودی عرب میں بدوی مسلسل کم ہو رہے ہیں۔ اب یہ مقامی آبادی کا صرف 3 سے 6 فیصد تھے۔ سعودی عرب کی تیل سے حاصل ہونے والی آمدن کافی بڑھ چکی ہے۔ اس اضافے کی وجہ سے یہاں پر کافی بنیادی، آبادیاتی، سماجی اور معاشی تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں، جبکہ تیل پر دارومدار بڑھنے کی وجہ سے روایتی پیداواری صورتیں جیسا کہ زراعت، گلہ بانی، مچھلی کا شکار وغیرہ کی قدر کم ہوئی ہے۔ جبکہ قومی ترقی کے لئے حکومت کا مثالی کردار ابھر کر سامنے آیا ہے۔ پہلا پانچ سالہ ترقیاتی منصوبہ 1970ء میں شروع ہوا، دوسرا 1975ء اور تیسرا 1980ء میں شروع ہوا۔ جبکہ اس کے بعد والے منصوبوں میں جو اہداف متعین کئے گئے تھے ان میں

1- زراعت، کان کنی اور صنعت کے شعبے کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے معاشی ذرائع کو بہتر بنانا،

2- عوام کو صحت، تعلیم اور دیگر سماجی خدمات کی کافی سہولیات مہیا کرنا،

3- سعودی عرب کی محنت کی قوت یعنی مزدوروں اور محنت کشوں کو مختلف فنی مہارتیں سکھانا،

4- قومی ترقی کے لئے کی جانے والی کوششوں کے ساتھ تعلیمی نظام کی بہتری کیلئے اقدامات کئے گئے جن کے [illegible] ہیں تھے

Elmas Ali

1- تمام [illegible] تعلیم کی فراہمی کو ممکن بنانا۔

2- طلبہ کو [illegible] بدلتی ہوئی معاشی ضروریات کے تناظر میں سیکھنا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔

3- طلبہ کو اسلامی عقائد [illegible] اور [illegible] اقدار سے روشناس کروانا۔

2- تعلیمی نظام اور نصاب (Education System and Curriculum):

سعودی عرب میں تعلیمی کاوشوں کو مربوط کرنے میں سپریم کونسل آف ایجوکیشن (Supereme Council of Education) کا انتہائی اہم کردار ہوتا ہے۔ اس کے تحت چار مختلف قسم کے تعلیمی ادارے خود مختارانہ انداز میں کام کر رہے ہیں۔

پہلی قسم کے وہ ادارے ہیں جو کہ وزارت تعلیم کے [illegible] چل رہے ہیں، وزارت تعلیم کا قیام 1954ء میں عمل میں آیا تھا جو کہ 1926ء سے قائم ڈائریکٹر جنرل آف ایجوکیشن (متبادل تھا۔ [illegible]ء سے قبل تعلیمی کاوشیں زیادہ تر قرآنی سکولوں تک محدود تھیں جو کہ اسلامی عقائد، ادب اور ریاضی کی تعلیم دیتے تھے۔ [illegible] مہارتیں [illegible] شپ کے ذریعے سکھائی جاتی تھیں۔ سکالرشپ بھی خصوصی طور پر مذہبی نوعیت کے تھے، طلبہ عربی شریعت کے قوانین میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرتے تھے۔

انیسویں صدی کی آخری دہائی میں کوئی سیکولر موضوعات بھی متعارف کرانے کی کوشش کی گئی۔ سعودی عرب کے مغربی صوبے الحجاز میں بعض جزوی لادینی سکول بھی قائم ہوئے۔ 1926ء میں جب ڈائریکٹر جنرل آف [illegible] قائم ہوا تب سعودی عرب میں ایسے 12 سکول تھے جہاں 709 طلبہ زیر تعلیم تھے۔

قریباً 25 سال کے بعد 51-1950ء میں سرکاری سکولوں کی تعداد 325 تک پہنچی جبکہ اس وقت 40 [illegible] سکول بھی تعلیمی خدمات انجام دے رہے تھے۔ ان سب سکولوں میں داخل طلبہ کی تعداد 42 ہزار کے قریب تھی۔

سکول اور طلبہ کی تعداد میں یہ اضافہ بدلتے معاشی و سماجی حالات کی بھرپور عکاسی کرتا ہے، یہ تبدیلیاں تیزی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کے ساتھ مسلسل جاری رہیں، یہی وجہ ہے کہ 79-1978ء میں یعنی وزارت تعلیم کے قیام سے قریباً 25 سال بعد وزارت تعلیم کے تحت 6 ہزار 5 سو 60 سکول چل رہے تھے اور وہاں لڑکیوں کی انرولمنٹ 7 لاکھ 58 ہزار 6 سو 14 تک پہنچ گئی تھی۔ جو کہ پورے ملک میں موجود طلبا کا 57 فیصد تھے۔

اس کے علاوہ ایک اور ادارہ جنرل ایڈمنسٹریشن آف گرلز ایجوکیشن کے نام سے 1960ء میں قائم کیا گیا۔ بچیوں کے حوالے سے فکر مند والدین اور علماء کی طرف سے اعتراض اٹھایا گیا تھا کہ جدید سکول لڑکیوں پر برے اثرات مرتب کریں گے، اسی وجہ سے حکومت نے لڑکیوں کے سکولوں کا معاملہ تاخیر کے عمل میں ڈال دیا تھا۔ [illegible] کار 1960ء میں لڑکیوں کے سکول علماء کی ذاتی نگرانی میں قائم کر دیئے گئے، وزارت تعلیم کو ان میں مداخلت کا کوئی [illegible] تھا۔ پہلے سال جنرل ایڈمنسٹریشن آف گرلز ایجوکیشن (GAGE) نے 16 سکول قائم کئے۔ اور پھر 20 سال سے بھی کم عرصہ میں یہ تعداد 1979ء میں ان سکولوں کی تعداد 2 ہزار 6 سو 44 تک آ پہنچی۔ ان میں زیادہ تر ایلیمنٹری، انٹرمیڈیٹ [illegible] سکول تھے جہاں 4 لاکھ 25 ہزار طالبات زیر تعلیم تھیں جو کہ ملک کے کل طلبہ کا 32 فیصد بنتا ہے۔

سعودی عرب میں مندرجہ بالا کے علاوہ تیسری نوعیت کے بھی تعلیمی ادارے کام کر رہے ہیں۔ 80-1979ء میں 5 فیصد طلباء ایسے ہی اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے تھے جو کہ وزارت تعلیم اور جنرل ایڈمنسٹریشن آف گرلز ایجوکیشن دونوں کے اختیار میں نہیں آتے تھے۔ ان اداروں کا کنٹرول وزارت اعلیٰ تعلیم (Ministry of Higher Education) یا دفاع، صحت، سماجی بہبود وغیرہ کی وزارتوں کے ذمہ تھا۔

چوتھی نوعیت کے سکول سعودی عرب میں سب سے زیادہ پرانے ہیں، یہ وہ نجی سکول ہیں جو تب بھی قائم تھے جب سرکاری سکولوں کا وجود نہیں تھا، متمول خاندان اپنے بچوں کو اچھی تعلیم دلوانے کے لئے انہی سکولوں میں بھیجا کرتے تھے۔ ان میں سے بعض سعودی عرب کے اندر اور بعض باہر یعنی ہمسایہ ممالک میں قائم تھے۔ 51-1950ء میں سعودی عرب میں 11 فیصد سکول پرائیویٹ تھے، یعنی 365 سکولوں کے مقابلے میں ان کی تعداد صرف 40 تھی۔ 80-1979ء میں نجی سرکاری سکول کل سکولوں کی تعداد کا 4.3 فیصد تھے یعنی 10 ہزار 18 سکولوں میں سے 433 سکول پرائیویٹ تھے تناسب میں کمی کی وجہ سکولوں کی تعداد میں بڑی تیزی سے ہونے والا اضافہ ہے۔ تاہم سرکاری کے علاوہ نجی شعبے میں بھی 393 سکولوں کی کا اضافہ سماجی و معاشی حالات میں تبدیلی کی واضح دلیل ہے۔ ایک طرف سعودی معاشرے میں کام کرنے والی خواتین کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے جس کی وجہ سے وہ اپنے بچوں کو ڈے کیئر سنٹرز یا کنڈرگارٹن بھیجتی ہیں جو کہ زیادہ تر نجی شعبے میں قائم ہیں۔ دوسری جانب بعض خاندان ایسے بھی ہیں جو کہ بہتر معیار تعلیم کی وجہ سے نجی سکولوں کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں۔ 80-1979ء میں نجی سکولوں میں 65 ہزار 6 سو 35 افراد زیر تعلیم تھے۔ حالانکہ روایتی تعلیمی انتظام چلانے والے چاروں ادارے خود مختار حیثیت میں کام کر رہے ہیں تاہم ان سب کا بنیادی پلان ایک جیسا ہی ہے۔ یہاں پر ایلیمنٹری سکولوں میں 6 سال تک تعلیم دی جاتی ہے، جبکہ 6 سال کے بچوں کو ان سکولوں میں داخلہ ملتا ہے۔ پھر اس کے بعد انٹرمیڈیٹ یا مڈل کا درجہ شروع ہوتا ہے۔ جو کہ 3 سال کی تعلیم پر محیط ہوتا ہے۔ جبکہ تیسرا مرحلہ سیکنڈری ایجوکیشن کا ہوتا ہے۔ یہاں بھی تین سال تک تعلیم دی جاتی ہے۔ اس کے بعد جو طلبہ کالج جاتے ہیں انہیں سماجی علوم میں چار سال کی تعلیم کے بعد بیچلرز کی ڈگری ملتی ہے۔ جبکہ جو طلبہ علوم سائنس (Exact Science) کے کورسز میں داخلہ لیتے ہیں انہیں بیچلرز ڈگری حاصل کرنے کے لئے اوسطاً 5 سال لگانے پڑتے ہیں۔

3- نصاب تعلیم:

جدید تعلیم میں مہارت سے قبل سعودی عرب میں مصر سے مستعار لیا گیا نصاب رائج تھا، جس میں زیادہ ترجیح مذہبی مضامین کو دی گئی تھی۔ لڑکوں اور لڑکیوں کے سکولوں کا نصاب بھی قریباً ایک جیسا تھا، البتہ لڑکیوں کے سکولوں میں خانہ داری کے امور کھانا پکانا، کپڑوں کی سلائی وغیرہ کی تعلیم بھی دی جاتی تھی جن سے لڑکوں کے سکولوں کا کوئی تعلق نہیں تھا۔ لڑکوں کے سکولوں میں زیادہ زور جسمانی تعلیم پر خصوصی توجہ دی جاتی تھی۔ نجی سکول کی نگرانی وزارت تعلیم یا جنرل ایڈمنسٹریشن آف گرلز ایجوکیشن کرتی ہے، یہاں پر بھی بنیادی نصاب سرکاری سکولوں جیسا ہی ہوتا ہے۔

وزارت تعلیم اور جنرل ایڈمنسٹریشن آف گرلز ایجوکیشن دونوں کے تعلیمی پروگرامز میں شروع سے ہی تھوڑا سا فرق پایا جاتا ہے، دونوں ہی ادارے درسی کتب کے لئے مصنفین کی خدمات مستعار لیتے ہیں، کتب چھپواتے اور تقسیم کرتے ہیں، لیکن پھر بھی پورے ملک میں قریباً ایک جیسا ہی نصاب رائج ہوتا ہے۔ نصاب کی عمومی ترکیب سے پتہ چلتا ہے کہ پہلے گریڈ میں مذہبی مضامین کا نصاب میں حصہ زیادہ ہے، جوں جوں طلبا اگلی کلاسز میں جاتے ہیں مذہبی مضامین کا حجم آہستہ آہستہ کم ہوتا جاتا ہے۔ [illegible] برعکس ابتدائی مدارج میں انگریزی نہیں پڑھائی جاتی البتہ بڑی کلاسز میں اس پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

[illegible] طریقوں سے نصاب پر عملدرآمد کیا جاتا ہے اس سلسلے میں پرنسپل کا انتخابی اہم کردار ہوتا ہے، جبکہ ڈسٹرکٹ [illegible] بھی سکولوں کا دورہ کرتے ہیں، اس کے علاوہ سالانہ امتحان کا نظام رائج ہے جس کے لئے طے شدہ نصاب ضروری [illegible] پر مشتمل ہوتا ہے۔ مختلف مضامین کے حوالے سے تدریس کے مختلف طریقے اختیار کئے گئے ہیں۔ مذہبی مضامین [illegible] ربر کرایا جاتا ہے، اس سلسلے میں اساتذہ ماسوائے بلیک بورڈ کم ہی کوئی اعانت استعمال کرتے ہیں۔ سائنس کے اساتذہ سکول میں لیبارٹری دستیاب ہونے پر اس کا استعمال کرتے ہیں۔ بیشتر سکولوں کو لیبارٹریوں کے حوالے سے مسائل کا سامنا ہے، کہیں سامان دستیاب نہیں اور کہیں تربیت یافتہ عملہ موجود نہیں ہوتا۔ بعض ایلیٹ سکولوں میں انگریزی زبان سکھانے کے لئے لینگویج لیبارٹریز بھی موجود ہوتی ہیں۔ ایلیمنٹری، انٹرمیڈیٹ، سیکنڈری ہر سطح پر عربی کو ذریعہ تعلیم بنایا گیا ہے۔ البتہ کالج کی سطح پر [illegible] مضامین، بزنس اور سماجی علوم کو تدریس کے لئے عربی جبکہ انجینئرنگ اور میڈیسن [illegible] انگریزی کو ذریعہ تعلیم اختیار کیا گیا ہے۔ ایسے کالجز انسٹرکٹرز جنہیں عربی استعمال کرنا پڑتی ہے وہ اردو خود نوٹس تیار کرتے ہیں۔

پہلی سے بارہویں [illegible] جماعت کو 2,2 سمسٹرز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ یعنی [illegible] جماعت کے نصاب کو نصف کر کے 2 حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ ہر سمسٹر کے اختتام پر امتحان لیا جاتا ہے، جبکہ [illegible] کے اختتام پر طالبعلم کی کارکردگی کو ظاہر کرنے کے لئے دونوں امتحانات کے نمبرز اکٹھے کئے جاتے ہیں۔ اگر [illegible] ہوں تو طالبعلم کو اس مضمون میں فیل قرار دیا جاتا ہے۔ طالبعلم کے لئے ہر [illegible] 50 فیصد نمبر حاصل کرنا لازمی ہے۔ اگر پہلے سمسٹر میں 50 فیصد نمبر حاصل نہ ہو سکیں تو طالبعلم کو دوبارہ امتحان دینا ہوتا ہے۔ لیکن اگر دوبارہ بھی کامیاب نہ ہو سکے تو اسے اگلی جماعت میں ترقی نہیں ملتی اور اسے مزید ایک سال اسی جماعت میں پڑھنا پڑتا ہے۔ یعنی امتحان میں کامیابی کے لئے

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کسی صورت اگلی جماعت منتقلی ممکن نہیں ہوتی ہے۔ کالجز میں بھی سمسٹرز کا نظام رائج ہے لیکن کئی یونیورسٹیاں ایسی بھی ہیں جہاں کریڈٹ یونٹ سسٹم (Credit-Unit System) اختیار کیا گیا ہے۔ وہاں اگر طالبعلم کسی ایک مضمون میں ناکام ہو جاتا ہے تو اسے سال یا سمسٹر دہرانا نہیں پڑتا، بلکہ وہ صرف اسی مخصوص مضمون کا دوبارہ امتحان دے سکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 10۔ پاکستان میں تعلیمی نظام اور نصاب سازی پر نوٹ لکھیں، اس میں بہتری پیدا کرنے کیلئے اُٹھائے جانے والے اقدامات اور تجاویز کی بھی وضاحت کیجئے؟

جواب: پاکستان میں نصاب سازی (Curriculum Development in Pakistan):

1- تعارف (Introduction):

پاکستان کو ورثے میں وہ تعلیمی نظام ملا ہے جو کہ انگریز حکمرانوں نے برصغیر پر تسلط قائم رکھنے اور نچلی سطح پر حکومتی اور معاشی نظام چلانے کے لئے مددگار افرادی قوت کے حصول کی خاطر تشکیل دیا تھا۔ اس وقت تعلیم کی سہولت صرف اعلیٰ افراد اور طبقات کے لئے تھی جو کہ عوام کو سہولت دینے کی بجائے ان پر حکومت کرنے میں انگریز حکمرانوں کو مدد فراہم کر سکیں۔ اس لئے مؤثر انتظامی طبقہ تشکیل دینے کے لئے زیادہ ترجیح آرٹس کو دی گئی تھی جبکہ سائنس اور پیشہ ورانہ تعلیم کو محدود کر دیا گیا تھا۔

پاکستان جب معرض وجود میں آیا تو یہاں کی 90 فیصد آبادی ناخواندہ اور تعلیمی اداروں کی تعداد انتہائی کم تھی۔ برصغیر میں قائم 21 یونیورسٹیوں میں صرف 2 یونیورسٹیاں پاکستان کے علاقے میں موجود تھیں۔ 1947ء سے 1955ء تک پاکستان میں تعلیمی انتظام مقامی حکومتوں کے ذمے رہا، جب ون یونٹ سکیم متعارف کرائی گئی تب تعلیم صوبوں کی ذمہ داری بن گئی۔ جبکہ عمومی تعلیمی پالیسی کا تعین قومی حکومت کا اختیار رہا جس کے لئے وزارت تعلیم قائم کی گئی تھی۔ جنرل ایجوکیشن کے 6 جبکہ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے 2 ڈائریکٹوریٹ بنائے گئے تھے۔ جبکہ انٹرمیڈیٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن کو 4 بورڈ کنٹرول کرتے تھے۔ بڑے خاندان جو کہ بچوں کو مہنگی تعلیم دلانے کی استطاعت رکھتے تھے وہ معیاری تعلیم کے لئے بچوں کو نجی سکولوں میں بھیجتے تھے۔ ان نجی سکولوں میں کئی ایسے تھے جو کہ مشنری اداروں کے تحت چل رہے تھے جو کہ برطانوی تسلط کی یادگار تھے۔ پاکستان کی پہلی تعلیمی کانفرنس نومبر 1947ء میں ہوئی جس میں پاکستان کے تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے، اور اسے ملکی ضروریات اور عوامی خواہشات کے مطابق کرنے کیلئے کئی تجاویز پیش کی گئیں۔ ان تجاویز میں اردو کو سرکاری زبان بنانے، نصاب پر نظر ثانی کرنے، مختلف قسم کے کورسز کی فراہمی کو یقینی بنانے، مذہبی تعلیم کو لازمی قرار دینے اور انتظامی مشینری تشکیل دینے کا کہا گیا تھا۔ لیکن اس کے سماجی سیاسی اور معاشی حالات کی وجہ سے ان تجاویز پر بہت کم عمل درآمد دیکھنے میں آیا۔

1958ء تک تعلیمی نظام میں جامع اصلاح کی کوئی سنجیدہ کوشش نہیں ہوئی۔ البتہ اس دوران پرائمری اور لوئر سیکنڈری سطح پر نصابی معاملات میں چند غیر مربوط تبدیلیاں ضرور متعارف کرائی گئی تھیں۔ جبکہ ہائر ایجوکیشن کو بہت ہی کم توجہ دی گئی تھی۔ چھٹی سے دسویں جماعت کے لئے بعض ٹیکنیکل کورسز متعارف کرائے گئے۔ جبکہ بعض پولی ٹیکنیک اور ہوم اکنامکس کورسز بھی تشکیل دیئے گئے تھے۔ چھٹے پانچ سالہ منصوبہ (1952-58) کی تیاری کے لئے وزارت تعلیم نے ملک میں رائج تعلیم کا تفصیلی اور جامع تجزیہ کیا۔ تاہم اس تجزیہ کی روشنی میں پیش کی گئی سفارشات پر وسائل کی کمی کے باعث

عملدرآمد نہیں ہو سکا۔ حالانکہ پہلے پانچ سالہ منصوبے اور چھٹے پانچ سالہ منصوبے کے مقاصد اور اہداف کو پوری طرح سے حاصل نہیں کیا جا سکا لیکن ان منصوبوں میں پیش کئے جانے والے اقدامات بعد کی اصلاحات کا حصہ ضرور بنے۔ 1959ء میں قومی تعلیم پر بننے والے کمیشن نے افرادی قوت کی ترقی اور قومی تشخص کو اجاگر کرنے کے لئے فلسفہ تعلیم کی از سر نو تشکیل کی سفارش کی اس کے علاوہ تدریسی اداروں کی نئی اقسام، اور سپیشلائزڈ سنٹرز بنانے کی بھی تجویز پیش کی گئی۔ کمیشن کے مطابق تعلیم کے درجات میں نصاب کو ایک معیاری اور جامع نصاب بنانے اور ٹیکنیکل ایجوکیشن اور تحقیق کو فروغ دینے کی ضرورت تھی۔ کمیشن نے پیشہ ورانہ کالجز کے انتظامی کنٹرول کو تبدیل کرنے، سینٹرز آف ایکسیلینس میں پیش کئے جانے والے کورسز کی مدت بڑھانے اور ذہین طلبہ کے لئے سائنس کے شعبوں میں خصوصی مراکز قائم کرنے کی بھی تجویز دی۔

دوسرے پانچ سالہ منصوبہ (1960-65ء) میں بھی نئی ہدایات دی گئی تھیں جن میں حقائق کو جمع کرنے اور تحقیق کے لئے بیورو آف ایجوکیشن، کثیر المقاصد مضامین پر مشتمل نصاب کے ساتھ پائلٹ سیکنڈری سکولز، ایجوکیشنل ایکسٹینشن سنٹرز، ایگریکلچرل اینڈ انجینئرنگ یونیورسٹیاں، انسٹیٹیوٹس آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، ٹیکسٹ بک بورڈز اور بورڈز آف ٹیکنیکل ایجوکیشن قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ پلان میں یہ کوشش بھی کی گئی کہ ہائر سیکنڈری بورڈ کے ذریعے یونیورسٹیوں کی [illegible] کم کی جائیں تاکہ وہ صرف ہائر ایجوکیشن پر توجہ مرکوز رکھ سکیں۔

[illegible] 19[illegible]ء کی نئی تعلیمی پالیسی اور 1972ء کی تعلیمی اصلاحات میں انتہائی بنیادی نوعیت کی تجاویز دی گئی تھیں۔ جن [illegible] اداروں کو چلانے میں طالب علموں اور اساتذہ کی شرکت پر زور دیا گیا تھا۔ اس میں قومی اور مقامی زبانوں کی [illegible] کو بھی [illegible] گیا تھا جب [illegible] یونیورسٹی کمیشن کے قیام، یونیورسٹی آرڈیننس میں تبدیلی کی سفارش اور نجی اداروں کے قیام کے حوالے سے بھی تجاویز دی گئی تھیں۔ اس کے علاوہ اسی پلان میں نیشنل لٹریسی کور (National Literacy Corps) کے قیام کا بھی [illegible] کیا گیا تھا۔ 1972ء کی نئی پالیسی کا مقصد اوپر سے نیچے تک تعلیمی ڈھانچے کی از سر نو تشکیل تھی۔ تاہم کئی وجوہات کے سبب ان تجاویز پر صحیح طریقے سے عملدرآمد نہ ہو سکا۔ سکولوں اور کالجوں کو قومیانے سے حکومت کا تعلیمی بجٹ بڑی تیزی سے بڑھا جبکہ ان [illegible] میں [illegible] معیار اتنی ہی تیزی سے گرنے لگا۔

2- نصاب سازی کے قومی ادارے کا قیام:

[illegible] کمیٹیوں کی سفارشات پر فروری 1967ء میں وزارت تعلیم کے تحت قومی ادارہ برائے سلیبس اور نیشنل ٹیکسٹ بک بورڈ قائم کئے گئے تھے۔ ابتدائی طور پر [illegible] کئے گئے تھے۔

1- تمام صوبوں میں یکساں تعلیمی نصاب کو یقینی بنانا کہ [illegible] صوبے میں گریجوایٹ کرنے والے طالبعلم کی تعلیمی قابلیت ایک جیسی ہو اور سب طلبہ یکساں قومی اہداف کو حاصل کرنے کے لئے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں۔
2- مشترکہ نصاب اور سلیبس کی تیاری کے لئے صوبوں کے درمیان مطابقت [illegible]۔
3- نصاب کا تقابلی جائزہ لینا۔
4- مسائل اور ایسے شعبوں کی نشاندہی کرنا جہاں تحقیق کی ضرورت ہو، اس کے علاوہ [illegible] لئے ترجیحات کا تعین اور ریسرچ پروجیکٹ کو ترتیب دینا۔
5- نفس مضمون کے ماہرین، اساتذہ اور دیگر متعلقہ افراد کے ساتھ مشاورت کو یقینی بنانا۔
6- سیمینارز اور اجلاس کا اہتمام کرنا۔ 7- رپورٹس اور دیگر دستاویزات تیار کرنا۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

نیشنل ٹیکسٹ بک بورڈ کو درج ذیل ذمہ داریاں تفویض کی گئی تھیں۔

1- درسی کتب کی تیاری اور فراہمی کے لئے جامع قومی پالیسی تشکیل دینا۔

2- وقتاً فوقتاً درسی کتب پر نظر ثانی کرنا تاکہ پتہ چل سکے کہ کتابیں بدلتے حالات سے مطابقت رکھتی ہیں یا نہیں۔

3- اس بات کو یقینی بنانا کہ تعلیمی موضوعات ایک جیسے ہوں البتہ مختلف تعلیمی مدارج جیسا کہ پرائمری، سیکنڈری وغیرہ پر ان موضوعات کو بتدریج وسعت دی گئی ہو۔

4- پری یونیورسٹی درجے تک ماڈل ٹیکسٹ بک کی تیاری کو یقینی بنانا۔

5- منتخب کئے گئے مضامین جیسا کہ اسلامی نظریہ، معاشیات اور شہریت وغیرہ کے لئے جامع اور معیاری کتب تیار کرنا۔

1973ء کے آئین کا اپنانے سے قبل نیشنل بیورو آف نصاب اینڈ ٹیکسٹ بک (National Bureau of Curriculum and Textbooks) مکمل طور پر ایک صوبائی معاملہ تھا، جبکہ 1973ء کے آئین کے تحت منصوبہ بندی، پالیسی، سینٹر آف ایکسیلنس، تعلیم کا معیار اور اسلامی تعلیم جیسے معاملات کو قانون سازی کی کنکرنٹ لسٹ (Concurrent legislative list) میں شامل کر دیا گیا۔ بعد ازاں وفاق اور صوبوں کی باہمی رضامندی سے نیشنل بیورو آف نصاب اینڈ ٹیکسٹ بک (National Bureau of Curriculum and Textbooks) کے جو فرائض متعین کئے گئے وہ درج ذیل ہیں:۔

1- نصاب سازی و جائزہ اور درسی کتب کی تیاری کے حوالے سے قومی پالیسی تیار کرنے اور اس پر عملدرآمد کے لئے حکومت کو معاونت فراہم کرنا۔

2- نصاب اور درسی کتب کی تیاری میں ہم آہنگی پیدا کرنا، اور صوبائی بیورو اور بورڈ بنانا۔

3- نصاب اور درسی کتب کی تیاری کے لئے قیادت فراہم کرنا، اور ایسے صوبوں میں فعال کردار ادا کرنا جہاں اس سلسلے میں وسائل کی کمیابی ہے۔

4- نصاب سازی کے لئے پہلی جماعت سے بارہویں جماعت تک نصاب کی تجدید کے مختلف پہلوؤں پر تحقیق کا اہتمام کرنا۔ کریکولم بلیٹن (Curriculum Bulletin) اور ہینڈ بکس شائع کرنا۔

5- نصاب سازی اور درسی کتب کی تیاری کے حوالے سے معلومات اور ڈیٹا اکٹھا کرنا، اعداد و شمار جمع کرنا، پھر تحقیق کی روشنی میں نصاب سازی اور کتب کی تیاری کا جائزہ لینے کے بعد اسے صوبائی اداروں تک پہنچانا۔

6- درسی کتب، ورک بک، ابتدائی قاعدے اور دیگر مطالعاتی کتب کی تیاری کے لئے ٹیکسٹ بک بورڈز اور مصنفین کو رہنمائی اور حوالہ جاتی مواد فراہم کرنا۔

7- تمام مدارج کی درسی کتب کا قومی اہداف اور مقاصد کے حوالے سے از سر نو جائزہ لینا۔

8- مخصوص تعلیمی ضروریات اور سماجی ترقی پروجیکٹ کے حوالے سے مشاورت فراہم کرنا۔

9- پاکستانی تعلیمی اداروں اور تعلیمی ماہرین، بین الاقوامی اداروں مثلاً یونیسکو (UNESCO)، آئی بی ای

(IBE)، یونیسف (UNICEF)، آئی ایل او (ILO) اور غیر ممالک کے نصابی اداروں کے ساتھ روابط رکھنا اور مل کر کام کرنا۔

Elmas Ali

3- صوبائی ادارۂ نصاب سازی:

پروونشل بیورو (Provencial Bureau) پر مندرجہ ذیل ذمہ داریاں عائد کی گئی تھیں۔

1- پروونشل بیورو آف کریکولم (Provincial Bureau of Curriculum) متعلقہ نیشنل کمیٹی کو پیش کرنے کے لئے دیئے گئے مضامین کے نصاب کا ابتدائی ڈرافٹ تیار کرے گا نیز نصاب کے حتمی ڈرافٹ کی مائیکرو ٹیسٹنگ (Micro Testing) بھی کرے گا۔

2- متفقہ قومی نصاب کی روشنی میں درسی کتب کے مسودے تیار کرنے میں پروونشل بیورو (Provincial Bureau) صوبائی ٹیکسٹ بک بورڈز کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔

3- متفقہ نصاب کو نافذ کرنے کیلئے پروونشل بیورو مختلف بورڈز، ایجوکیشن ایکسٹینشن سنٹرز، اساتذہ کے تربیتی اداروں، اور ایجوکیشن ایکوپمنٹ سنٹرز (Education Equipment Centers) کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔

1979ء کی تعلیمی پالیسی میں مذہبی تعلیم اور مطالعہ پاکستان کو زیادہ ترجیح دی گئی تھی۔ نیز اس میں مذہبی اداروں کو قومی تعلیمی اداروں میں شامل کرنے کی بھی کوشش کی گئی تھی۔ ہر ایک کے لئے پرائمری تک کی لازمی تعلیم کی فراہمی کے لئے مساجد کے ساتھ قائم مدارس اور مکاتب فکر کے احیاء کے لئے اقدامات کی سفارشات بھی پیش کی گئی تھیں۔ جبکہ خواتین کی تعلیم [illegible] دینے کے لئے ملک میں خواتین کی یونیورسٹی قائم کرنے کی تجویز بھی دی گئی تھی۔

4- نصاب سازی و نظر ثانی اور اصلاحات:

(Curriculum Development and Revision and Reforms):

1959ء کے ایجوکیشنل کمیشن نے نصاب سازی کا جائزہ لینے کے بعد جو رپورٹ اور اصلاحات پیش کیں، اس کے اہم نکات درج ذیل تھے۔

1- تیزی سے ترقی کرتے ہوئے [illegible] خوشحالی [illegible] گزارنے کے لئے ہر بچے کو ضروری مضامین میں خاطر خواہ علم فراہم کیا جائے گا۔ اور ان مضامین کو نصاب میں لازمی اور بنیادی حیثیت دی جائے گی۔ نیز نصاب میں کچھ ایسے اضافی مضامین بھی شامل کئے جائیں گے جو کہ کسی مخصوص پیشے یا کیریئر کے حوالے سے طالبعلم کی پیشہ ورانہ تربیت کر سکیں۔

2- بدلتے ہوئے سماجی اور انفرادی رجحانات، رویوں اور ضروریات کی روشنی میں نصاب سازی اور اس پر نظر ثانی کے عمل کو مسلسل جاری رکھا جائے گا۔

3- 5 سے 10 سال کی عمر کے بچوں کے لئے نصاب تیار کرتے ہوئے ایسی ذہنی صلاحیتوں اہلیتوں اور استعداد پر زیادہ توجہ دی جائے گی جن کا روزمرہ کے معاملات کے ساتھ گہرا تعلق رہتا ہے۔ اس لئے طلبہ کی بنیادی مہارتوں جیسا کہ لکھنا، پڑھنا، حساب کتاب کرنا وغیرہ کو نصاب میں خصوصی اہمیت دی جائے گی نیز بچوں میں حب

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

اخلاقی کے جذبات کو ابھارا جائے۔ اس سطح پر تدریس کے لئے ایکٹیویٹی (Activity) یا پروجیکٹ (Project) طریقہ اختیار کیا جانا چاہیے۔ جبکہ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ تدریس میں مقامی آلات اور اعانات کے استعمال میں پہل کریں۔

4- مذہبی تعلیم کو پرائمری سطح کی تمام کلاسوں کے نصاب کا لازمی حصہ بنایا جائے۔

5- قومی زبانوں کی تدریس پر بھی خصوصی توجہ دی جائے۔

اس کے علاوہ درسی کتب کے حوالے سے کمیشن کی رپورٹ کے مطابق وزارت تعلیم کے تحت ٹیکسٹ بک بورڈ قائم کیا گیا تھا، اس بورڈ کے لئے قرار پایا تھا کہ یہ چھوٹا اور خودمختار ہوگا جس میں تمام صوبوں کی نمائندگی ہوگی، یہ ادارہ مختلف ٹیکسٹ بک کمپنیوں کے ذریعے ذمہ داریاں انجام دے گا۔

ٹیکسٹ بک بورڈ کے مندرجہ ذیل فرائض متعین کئے گئے تھے۔

i- رپورٹ میں پیش کی جانے والی سفارشات کی روشنی میں سلیبس تشکیل دینا۔

ii- درسی کتب کی تیاری، اشاعت، اور تقسیم کے حوالے سے پالیسی متعین کرنا۔

5- نصاب سازی کا عمل (Process of Curriculum Development):

پاکستان میں نصاب سازی کے لئے عام طور پر جو طریقہ اختیار کیا گیا ہے وہ مندرجہ ذیل مراحل پر مشتمل ہے۔

i- تعلیم کے مقاصد اور اہداف کا تعین:

(Determining the Aims and Goals of Education):

نصاب سازی کے عمل کا پہلا مرحلہ تعلیمی مقاصد اور اہداف کے تعین کا ہے اس سلسلے میں نصاب سازوں کو متعلقہ تعلیمی پالیسی، کابینہ کے فیصلوں اور صدر وزیراعظم یا وفاقی وزیر تعلیم کے پالیسی بیان کے بارے میں رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔

ii- کریکولم ونگ کی جانب سے مختلف کمیٹیوں کی تشکیل:

(Formulation of Various Committees by the Curriculum wing):

پالیسی بیان یا رہنما اصولوں کے تحت وزارت تعلیم کا کریکولم ونگ (Curriculum wing) قومی سطح پر دو قسم کی کمیٹیاں تشکیل دے گا۔ پہلی قسم میں پرائمری اور سیکنڈری ایجوکیشن کے لئے قائم قومی کمیٹیاں ہیں جبکہ دوسری قسم میں پرائمری اور سیکنڈری تعلیم کے لئے بنائی جانے والی سبجیکٹ کمیٹیاں ہیں۔ ان کمیٹیوں میں اساتذہ، ماہرین مضامین اور منتظمین کو نمائندگی دی جاتی ہے۔ یہ کمیٹیاں تعلیمی مقاصد کی مزید وضاحت بھی کرتی ہیں۔

مذکورہ بالا کمیٹیوں کی تشکیل کے علاوہ کریکولم ونگ تعلیم کے مقاصد و اہداف اور رہنما اصولوں پر صوبائی سطح پر قائم کریکولم ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سنٹرز (Curriculum Research and Development Centers) کے ساتھ بھی گفت وشنید کرتا ہے، تاکہ نصاب سازی کے حوالے سے موزوں ترین اقدامات کا تعین ہو سکے۔

iii- سی آر ڈی سی اور کریکولم بیورو کی سفارشات:

(Propsals by CRDC's and Curriculum Bureau):

صوبوں کی سطح پر قائم کریکولم ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سنٹرز (Curriculum Research and Development Centers, CRDC's) اور بیورو آف کریکولم نصاب سازی کی ابتدا کرتے ہیں، اس سلسلے میں وہ تعلیم کے مجموعی مقاصد اور اہداف اور مقامی ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے سفارشات کو حتمی شکل دیتے ہیں، پھر انہیں نیشنل کمیٹی آن سیکنڈری اینڈ پرائمری ایجوکیشن کو بھیج دیا جاتا ہے۔ جس کے بعد نصاب سازی کا اگلا مرحلہ شروع ہوتا ہے۔

iv- قومی کمیٹیوں میں نصاب سازی کا عمل:

(Processing in the National Committees):

صوبائی سی آر ڈی سیز (CRDC's) اور بی سیز (BC's) سے موصول ہونے والی سفارشات کا متعلقہ کمیٹی یعنی پرائمری یا سیکنڈری سطح کے لئے قائم قومی کمیٹی تجزیہ کرتی ہے۔ ان کمیٹیوں کی تمام تر توجہ مجوزہ نصاب اور تعلیمی مقاصد و اہداف کے درمیان موزونیت کو جانچنے پر ہوتی ہے۔ [illegible] عمل مکمل ہونے کے بعد سفارشات کو متعلقہ سبجیکٹ کمیٹی کو بھیج دیا جاتا ہے۔ متعلقہ سبجیکٹ کمیٹی موصول ہونے والی سفارشات کا انتہائی باریک بینی سے جائزہ لیتی ہے اور تمام جزئیات کے تجزیہ کے [illegible] یا سیکنڈری سطح کی قومی کمیٹی کو بھیجتی ہے یہ کمیٹی ابتدائی سفارشات اور سبجیکٹ کمیٹی کی مجوزہ سفارشات کا دوبارہ جائزہ لیتی ہے اور موزوں ترین نصاب کی حتمی منظوری دے دیتی ہے۔

6- کتب (Textbooks):

تعلیمی سرگرمیوں میں درسی کتب انتہائی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ان کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے 1974ء میں بیورو آف کریکولم میں درسی کتب کا الگ [illegible] مکمل شعبہ قائم کیا گیا ہے۔ اس کے اہم مقاصد درج ذیل ہیں۔

1- چاروں صوبوں میں [illegible] ٹیکسٹ بک بورڈز کے درمیان تعاون اور ربط قائم کرنا۔

2- بورڈز کی جانب سے شائع کی جانے والی درسی کتب کی قیمتوں پر نظر رکھنا۔

3- اس بات کو یقینی بنانا کہ صوبوں کی جانب سے تیار کی جانے والی درسی کتب قومی مقاصد اور اہداف کو پورا کرتی ہوں۔

4- مواد، زبان، اشاعت دونوں حوالوں سے درسی کتب کے معیار کو برقرار رکھنا۔

5- ماڈل ٹیکسٹ بکس کے ذریعے بورڈ کی رہنمائی کرنا۔

7- درسی کتب کی تیاری (Production of Textbooks):

پاکستان میں درسی کتب کی تیاری کا عمل صوبوں میں قائم ٹیکسٹ بک بورڈز کی ذمہ داری ہے۔ یہ بورڈز صوبائی محکمہ تعلیم کے تحت خودمختار انداز میں کام کرتے ہیں، پہلی سے بارہویں جماعت تک درسی کتب کی تیاری کا عمل وفاقی وزارت تعلیم سے شروع ہوتا ہے۔ وفاقی وزارت تعلیم کا [illegible] تشکیل دیتی ہے اور سکیم آف سٹڈیز (Scheme of Studies) تجویز کرتی ہے۔ یہاں سے فائنل ہونے والا نصاب [illegible] ارڈی سیز (CRDC's) اور بورڈز کو بھجوایا جاتا ہے تاکہ اس کے مطابق درسی کتب تیار کی جا سکیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8603 Helping Key Book (Curriculum Development (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

Elmas Ali

درسی کتب کے مسودے کی تیاری کے لئے 2 طریقے رائج ہیں۔بعض بورڈز درسی کتاب تیار کرنے کے لئے مصنفین کا ایک پینل تعینات کرتے ہیں اور پھر ہر مصنف کو مختلف ابواب تیار کرنے کو کہا جاتا ہے، جبکہ باقی بورڈز کھلے مقابلے کے تحت لکھے لکھائے مسودے طلب کر لیتے ہیں، پھر بورڈ کے ماہرین پر مشتمل کمیٹی ان مسودوں کا جائزہ لیتی ہے جو کہ سب سے بہترین مسودے کی اشاعت کی سفارش کرتی ہے۔لیکن جب کوئی بھی مسودہ مطلوبہ معیار پر پورا نہیں اترتا تو پھر مختلف مسودوں سے بہترین ابواب کا چناؤ کرکے بورڈ اپنے طور پر درسی کتاب تیار کرتا ہے۔حتمی طور پر منتخب یا اختیار کردہ مسودے منظوری کے لئے وفاقی وزارت تعلیم کو بھجوائے جاتے ہیں۔

وفاقی وزارت تعلیم صوبائی محکمہ تعلیم کی رضامندی کے حوالے سے نیشنل ریویو کمیٹی (National Review Committee) تشکیل دیتی ہے۔قومی کمیٹی کے اراکین کی نامزدگی صوبے کرتے ہیں، جو کہ ماہرین مضامین، نصابی منصوبہ ساز، اور اساتذہ وغیرہ پر مشتمل ہوتے ہیں۔یہ کمیٹی مختلف مضامین کی درسی کتب کے مسودوں کا جائزہ لیتی ہے اور دیکھتی ہے کہ کیا ان میں قومی نصاب کی بھرپور عکاسی کی گئی ہے یا نہیں؟ کمیٹی مختلف گریڈز کے حوالے سے اس بات کا بھی جائزہ لیتی ہے کہ آیا کتاب کا مواد طلبہ کی ذہنی قابلیت اور استعداد سے مطابقت رکھتا ہے یا نہیں؟ اور اس میں ضرورت سے زیادہ یا کم مواد تو نہیں؟ جو طلبہ کے لئے بوجھ بن جائے۔اس کے علاوہ کمیٹی کتاب کی قیمت بھی مناسب رکھنے کی کوشش کرتی ہے۔کمیٹی میں مسودے کے جائزے کے بعد اسے اشاعت کے لئے دوبارہ بورڈ کو بھیج دیا جاتا ہے۔کتاب کی اشاعت کے لئے کنٹریکٹ کی بنیاد پر نجی پرنٹرز اور پبلشرز کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں۔جبکہ کتب کی تقسیم کا کام بھی نجی اداروں سے لیا جاتا ہے۔پبلشرز کے ہیڈ آفس عام طور پر کراچی، لاہور، پشاور، حیدرآباد، کوئٹہ جیسے بڑے شہروں میں ہوتے ہیں جبکہ چھوٹے شہروں، قصبات میں کتب چھوٹے دکانداروں یعنی پرچون فروشوں (Retailers) کے ذریعے پہنچائی جاتی ہیں۔چونکہ درسی کتب کی قیمت انتہائی مناسب رکھنا مقصود ہوتا ہے اس لئے ان پر زیادہ منافع لینے کی اجازت نہیں ہوتی عموماً درسی کتب کی قیمت اور ریٹلرز کو دیئے جانے والے کمیشن کا تعین ٹیکسٹ بک بورڈ ہی کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com